باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لیے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں
ماہنامہ
عبقری
لاہور
161
نومبر 2019ء ربیع الاول 1441ء ہجری
گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل
سربراہ شعبہ دماغ و نفسیات کا آزمودہ وظیفہ
دم شدہ پانی میں شفاء کیسے آتی ہے؟
سائنسی تحقیق
قیمت فی شمارہ 50 روپے
قدیم عملیات کے نایاب دفینے
حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی
شوہر کے دل میں محبت! 1000 کا تعویذ خریدا
گورنمنٹ ملازم ہیں تو ٹرانسفر کروائیں یا رکوائیں
خواتین کیلئے سردی سے بچنا نہایت آسان
ریٹھا کو معمولی نہ سمجھئے! ہر ضدی بیماری کا معالج
آدھی رات کو یہ اسم تین بار پڑھیں! مراد پوری
ربیع الاول کی ایک شب کا عمل! حاجات پوری
ذائقے کیلئے مچھلی کی غذائیت قربان نہ کریں
ایک بڑی الائچی دس بڑی بیماریاں ایک ٹوٹکے سے ختم
نزلہ زکام بھگانے کے آزمودہ 21 طریقے
عبقری روحانی سالانہ اجتماع
عبقری 3 روزہ روحانی چلہ اور دعا
2019
28 نومبر بروز جمعرات
تا
یکم دسمبر بروز اتوار
عبقری روحانی سالانہ اجتماع
عبقری روحانی چلہ اور دعا تسبیح خانہ
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور میں منعقد ہوگا
تفصیلات کیلئے صفحہ نمبر
63 اور 64
ملاحظہ فرمائیں!

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿٧٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٧٧﴾ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)، حضرت علامہ لاہوتی پراسراری دامت برکاتہم العالیہ

شمارہ نمبر 5 | جلد نمبر 14 | نومبر 2019 ربیع الاول 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، محمد محسن انصاری، میاں محمد طارق، امتیاز حمید اعوان، محمد راشد شمسی، میاں عرفان علی

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر

تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائد اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: الفاظ کی اتنی نہیں جتنی قدر و قیمت افعال کی ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جب پاکستان کے دفاع اور قوم کی سلامتی اور حفاظت کیلئے آپ کو بلایا جائے گا تو آپ اپنے اسلاف کی روایات کے مطابق شاندار کارناموں کا مظاہرہ کریں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ پاکستان کے ہلالی پرچم کو سربلند رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی عظیم قوم کی عزت و وقار کو برقرار رکھیں گے۔
(پنجاب مشین گن رجمنٹ، پشاور سے خطاب 15 اپریل 1948ء)

صدقِ خلیل بھی ہے عشق، صبر حسینؓ بھی ہے عشق	معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق
خاموش اے دل بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا	ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہا سال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چینیاں بلٹی کرادیں شکریہ! رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534

عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی، سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں، سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل، ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن
عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

E mail:contact@ubqari.org | 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس

چار چیزیں اور دنیا و آخرت کی ہر خیر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’چار چیزیں ایسی ہیں جس کو وہ مل گئیں اس کو دنیا و آخرت کی ہر خیر مل گئی۔ شکر کرنے والا دل‘ ذکر کرنے والی زبان‘ مشقتوں پر صبر کرنے والا بدن اور ایسی بیوی جو نہ اپنے نفس میں خیانت کرے یعنی پاک دامن رہے اور نہ شوہر کے مال میں خیانت کرے۔ (طبرانی، مجمع الزوائد)

تمام اعمال میں سب سے بہتر عمل نہ بتاؤں

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تم کو ایسا عمل نہ بتاؤں جو تمہارے اعمال میں سب سے بہتر ہو‘ تمہارے مالک کے نزدیک سب سے زیادہ پاکیزہ‘ تمہارے درجوں کو بہت زیادہ بلند کرنے والا‘ سونے چاندی کو اللہ تعالیٰ کے راستے میں خرچ کرنے سے بھی بہتر اور جہاد میں تم دشمنوں کو قتل کرو وہ تم کو قتل کریں اس سے بھی بڑھا ہوا ہو؟ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین نے عرض کیا ضرور بتائیں! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ’’وہ عمل اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے۔‘‘ (ترمذی)

حالِ دل

(ایڈیٹر کے قلم سے)

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

لہجے اور رویوں کا صحت پر اثر

سخت لہجہ برداشت نہیں ہوتا

انسان کی زندگی میں الفاظ سے زیادہ لہجے کا اثر ہوتا ہے‘ سخت الفاظ شاید برداشت ہوجائیں لیکن سخت لہجہ برداشت نہیں ہوتا اور یہ سخت لہجہ انسانی زندگی کو کتنا سخت یا تلخ بنا دیتا ہے یہ اس سے پوچھیں جس کے دل اور جگر پر گزری ہے۔ ایک چھوٹا سا بچہ بھی ماں کے لہجے کو سمجھتا ہے اور لفظوں کے اتار چڑھاؤ کو محسوس کرتا ہے۔ مثلاً! ماں دیکھتی ہے کہ بچہ شرارت کررہا ہے اور ماں ایک خاص لہجے سے کہتی ہے کہ ’’میں آرہی ہوں‘‘ بچہ اس آنے کو سمجھتا ہے کہ آنے کے بعد کیا ہوگا؟ یقیناً سزا ملے گی‘ وہی بچہ اگر رو رہا اسے مدد کی ضرورت ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے تو ماں ایک خاص لہجے سے کہتی ہے کہ ’’میں آرہی ہوں‘‘۔ بچہ اس ’’میں‘‘ کو سمجھتا ہے یہ وہ ’’میں‘‘ ہے جو مدد اور تعاون کی ہے۔

لہجوں کا اتار چڑھاؤ گھروں کو توڑ رہا ہے

ہمارے معاشرے میں چیخنا، چلانا سختی تلخی اور الفاظ کا اتار چڑھاؤ گھروں کو توڑ رہا ہے‘ زندگیوں کو تلخ کررہا ہے اور معاشرے کو زوال کی طرف لے جارہا ہے‘ ہمیں اپنے رویے اور لہجے میں محتاط ہونا پڑے گا۔ یہ سبق پہلے میرے لیے ہے میں ہر پل اس کا بہت زیادہ محتاج ہوں‘ وہ لہجہ‘ رویہ اولاد کے ساتھ ہو‘ بیوی‘ ماں باپ‘ پڑوسی یا معاشرے کے ساتھ ہمیں بہت زیادہ احتیاط سے چلنا ہوگا اور یہ احتیاط ایک دن کی چیز نہیں یہ مسلسل احتیاط کریں گے ورنہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان کا لہجہ ایک وقت آتا ہے پختہ ہوجاتا ہے پھر وہ نرمی سے بولنا چاہے تو نہیں بول سکتا۔ وہ نرم رویہ اختیار کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا پھر خود کہتا ہے کہ میں بے بس ہوں حالانکہ وہ بے بس بنا ہے‘ تھا نہیں۔ وہ سختی کی طرف مائل ہوا کس وجہ سے تھا؟ کسی صحبت کی وجہ سے‘ کسی شخص کی نگرانی کی وجہ سے؟ مثلاً ایک شخص مجھے کہنے لگے مجھے تسبیح خانہ آکر احساس ہوا کہ میرا لہجہ بہت سخت ہے‘ میں نے پوچھا: اس کی وجہ کیا ہے؟ کہا: ساری عمر چھوٹی سی غلطی پر میرے والد نے بہت زیادہ ڈانٹ پلائی اور پھر بہت مارا‘ میں نے ساری عمر اپنی ماں‘ خود کو‘ بہن بھائیوں کو مار کھاتے دیکھا غلیظ اور گندی گالیاں سنی ہیں۔

معاشرہ اس رویے اور انداز کو سخت ناپسند کرتا ہے

میں محسوس کرتا ہوں کہ اس کا اثر میرے اوپر ہے‘ بہت زیادہ محنت‘ مشقت اور توجہ کررہا ہوں کہ کسی طرح مجھ سے وہ اثر ختم ہوجائے کیونکہ مجھے احساس ہوتا ہے کہ معاشرہ اس رویے اس لہجے اور اس انداز کو ناپسند کرتا ہے اور اگر اس انداز کو ناپسند کرتا ہے تو مجھے کیسے پسند کرتا ہوگا ظاہراً وہ میرے ساتھ اچھا بولتے‘ سنتے اور سہتے ہوں گے لیکن اصل میں وہ مجھ سے اکتائے ہوئے ہوں گے‘ اگر مجھ سے طاقتور ہیں تو وہ انتقام کا جذبہ لیے ہوئے ہوں گے اگر میرے برابر ہیں تو وہ مجھ سے دور رہنے کی کوشش کریں گے اگر مجھ سے کمتر یا کمزور ہیں تو مجھ سے وہ کنارہ کش اور گھبرائے ہوئے ہوں گے۔

آئیں! اپنے رویوں اور لہجوں پر نظر رکھیں

کہنے لگے: میں اپنے اس لہجے اور رویے سے خود اکتا گیا ہوں‘ مزید بولے: میں نے ایک تحقیق پڑھی تھی کہ رویوں اور لہجوں کی سختی دل‘ پھیپھڑے اور یادداشت کو ختم کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ انسان دل کا مریض بن جاتا ہے اور لاعلاج روگوں میں مبتلا ہوجاتا ہے حالانکہ وہ تو دوسروں کیلئے سختی اور تلخی کررہا ہے لیکن یہ دوسروں کیلئے سختی اور تلخی اسے خود متاثر اور پریشان کررہی ہے اور مستقل بے تاب کررہی ہے۔ آئیں ہم اپنے رویوں اور لہجے پر نظر رکھیں اپنے مزاجوں لفظوں میں اور اتار چڑھاؤ میں نرمی پیدا کریں۔ سختی سے نکلیں کیونکہ سختی انسان کو معاشرہ سے دور اور خود رب سے دور لے جاتی ہے حتیٰ کہ اپنی ذات سے دور لے جاتی ہے کہ وہ اپنی ذات کے قابل نہیں رہتا۔

ہفتہ وار درس سے اقتباس

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

درس روحانیت و امن

مرشد سے عشق کرکے تو دیکھ!

ابھی تو آپ نے برکات دیکھی ہی نہیں!

ابھی تو ہم اپنے جسم کو تھوڑا سا اللہ کی محبت کی طرف لائے ہیں اپنی زبان سے ہلکا پھلکا ذکر شروع کیا ہے تو برکات ملنا شروع ہوگئی ہیں۔لوگ کہتے ہیں کہ ذکر کرنے سے فلاں برکت ہوگئی، فلاں مشکل ٹل گئی، فلاں پریشانی دور ہوگئی، فلاں مسئلہ حل ہوگیا، میں کہتا ہوں ابھی تو تھوڑا سا آئے ہو زیادہ آکر دیکھو تو سہی پھر کیا ہوتا ہے۔ایک صاحب کہنے لگے کہ آپ نے فلاں وظیفہ بتایا تھا اُس کی اتنی زیادہ برکات ہیں !اتنی زیادہ!اتنی زیادہ! بتاتے، بتاتے ان کی سانس پھول گئی، میں نے کہا کہ ابھی تو آپ نے برکات نہیں دیکھیں! آپ نے جتنی دیکھی ہیں آپ وہ بتا رہے ہیں مگر اندیکھی کتنی ہونگی؟ میں نے ان سے عرض کیا: میں نے کہا ایسا ہوگا کہ قیامت کے دن، بندے کو اللہ پاک جنت عطا فرمائے گا،اب بھاگم بھاگ وہ جنت میں جائے گا، جنت کے دروازے کو دیکھے گا تو وہیں ساکت ہوجائے گا اور دیکھتا ہی رہ جائے گا،اور دیکھتا ہی جائے گا۔وہ سمجھے گا شاید یہ جنت ہے۔ 40 سال یا70 سال تک اسی کو دیکھتا رہے گا، دیکھتا رہے گا،اور جنت کے غلام کہیں گے آقا چلیں؟ کہے گا کہاں؟ غلام کہیں گے کہ جنت میں' یہ تو ابھی دروازہ ہے۔میں نے ان صاحب سے کہا تو ابھی جنت کے دروازے پر پہنچا ہے جنت میں نہیں پہنچا۔کلام الٰہی کی تو نے پوری تاثیر ابھی دیکھی ہی نہیں ہے تجھے کیا خبر؟ اللہ کتنا بڑا ہے اس کی عطا کتنی زیادہ ہے۔

آمر کی عظمت سے امر میں عظمت پیدا ہوتی ہے

اس لفظ کو سوچیے گا یہ میں ایک لفظ کہہ گیا ہوں کہ آمر کی عظمت سے امر میں عظمت پیدا ہوتی ہے۔دنیا کے ناموں میں آمر ڈکٹیٹر کو کہتے ہیں۔اصل میں آمر کا مفہوم وسیع ہے کہ آمر اور ساری کائنات پر حکومت کرنے والا اللہ ہے۔اگر آمر کی عظمت ہوگی تو امر میں عظمت ہوگی۔کیوں کہتے ہیں کہ اپنے رہبر سے ،اپنے مرشد سے عشق سے بڑھ کر محبت کریں۔ جب محبت ہوگی تو عظمت پیدا ہوگی پھر وہ جو حکم دے دیگا تو اسکا ماننا ایسے ہوگا کہ سعادت سمجھے گا۔اگر عظمت نہیں ہوگی تو حکم دے گا تو ماننا ایسا ہوگا کہ جیسے زہر کا کڑوا پن۔

یہ جو فقیر ہیں یہ اللہ کریم کا تعارف کرواتے ہیں۔جب اللہ جل شانہٗ کا تعارف ہوگا تو اللہ کی عظمت دل میں ہوگی اور جب عظمت دل میں ہوگی تو اللہ کے امر کی عظمت ہوگی ۔جو اللہ نے حکم دے دیا تو اس کی بھی عظمت ہوگی۔آمر کی عظمت سے امر میں عظمت پیدا ہوتی ہے کہ امر کو قبول کرنا آسان ہوجاتا ہے۔اصل میں ہمیں اللہ کا تعارف نہیں ہے۔ اس لیے اللہ جل شانہٗ کے اوامر کے اندر عظمت نہیں ہے۔اللہ کی عظمت تعارف سے پیدا ہوتی ہے۔جیسے کسی اللہ والے کے بارے میں، کسی نے کہا کہ جی میں نے تو انکی بڑی کرامات دیکھی ہیں، فلاں دیکھا! پھر کہا! مجھے تو پتہ ہی نہیں تھا میں تو ان کو ایسے عام سا بندہ سمجھتا رہا۔

رزق روحانی ہو یا جسمانی! قدر سے بڑھتا ہے

میں اپنے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں 1984 میں گیا،اور ان سے بیعت ہوا تو یہ دراصل کسی اللہ والے کی تربیت میں اللہ کی طرف سے رجوع تھا میرا مقدر مقسوم وہاں لکھا ہوا تھا جس طرح رزق جسمانی مقسوم ہوتا ہے اس طرح رزق روحانی بھی مقسوم ہوتا ہے۔ اگلی بات پھر غور سے سنو بات پھر مکمل ہوگی جس طرح رزق جسمانی کی قدردانی ہو تو اللہ پاک اس رزق کو بڑھا دیتے ہیں اور اگر بے قدری کریں تو اللہ تعالیٰ اسے رزق سے محروم کردیتے ہیں اسی طرح رزق روحانی بھی ہے اگر انسان قدر کرے تو اللہ پاک رزق روحانی بڑھا دیتے ہیں اور انسان اگر رزق روحانی جہاں سے مل رہا ہے جو بھی مل رہا ہے اس کی بے قدری کرے تو اللہ اسے رزق سے محروم کردیتے ہیں۔

میں حضرت ہجویری رحمۃ اللہ علیہ سے جب بیعت ہوا تو بہت عرصہ مجھے ان کی عظمت کے بارے میں پتہ ہی نہ چلا پھر میں نے سوچا کہ موتی جتنا قیمتی ہوتا ہے وہ اتنا گہرائی میں ہوتا ہے تُو تو ڈوبا ہی نہیں تو تجھے پتہ کیسے چلے گا؟ تو پھر میں نے ان سے اپنے تعلق کو اور قریب کیا، وہ ہجویری شہزادے تھے، پھر بعد میں پتہ چلا کہ انکی عظمت تو عجیب وغریب ہے۔میں نے اپنے آپ سے عرض کیا ان کی ظاہری سادگی کے دھوکے میں نہ آنا تو، ظاہر میں جو کچھ دیکھ رہا وہ نہیں انہوں نے تو اپنے کمال کو ایسے چھپایا ہوا ہے جیسے کوئی اپنے گناہوں کو چھپاتا ہے تجھے تو ڈوبنا پڑے گا اور ڈوب کے وہ کمال حاصل کرنا پڑے گا۔اپنی بات پر واپس لوٹتا ہوں کہ میں نے اُن صاحب سے عرض کیا کہ ابھی تو تُو نے اس ذکر کے تھوڑے سے فائدے دیکھے ہیں تجھے پتہ ہی نہیں اسکے کمالات کتنے ہیں۔ اسی طرح گزشتہ جمعرات بھی درس کے بعد میں نے احباب سے پوچھا کہ ہاں بھئی !اپنے تجربے بتائیں تو ایک صاحب نے بتایا ابھی بھی بیٹھے ہیں کہنے لگے مجھے رزق میں بہت پریشانی تھی مشکلات تھیں بہت زیادہ، معاشی مشکلات تھیں۔سات آٹھ مہینے پہلے میں آپ کے پاس آیا تھا آپ نے سورۃ الکوثر کا عمل بتایا تھا، اب عالم یہ ہوتا ہے کہ 40-50 ہزار میرے پاس ہوتے ہیں۔ ماشاءاللہ۔(جاری ہے)

21 جمعراتیں' سورۂ اخلاص کا عمل اور بیوی تندرست

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری خوش قسمتی تھی کہ میری آپ تک رسائی ہوئی۔میں مالک کا جتنا شکر ادا کروں کم ہے کیونکہ میں خود محسوس کرتا ہوں کہ میرے اندر تبدیلی واقع ہورہی ہے۔میں درس میں آتا ہوں تو بہت پریشان ہوتا ہوں لیکن درس سنتے ہوئے میری پریشانیاں راحت میں تبدیل ہوجاتی ہیں میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ تسبیح خانے پر اللہ تعالیٰ کی ہر وقت رحمتیں برستی رہتی ہیں' اُس کا یہاں خاص دھیان ہے کہ دکھی لوگ آتے ہیں اور سکھی ہو کر جاتے ہیں۔میری بیوی پر سخت کالا جادو تھا' تسبیح خانہ میں سورۂ اخلاص والا عمل شروع ہوا' میں نے 21 درس میں شرکت کی اور سورۂ اخلاص کا عمل مکمل کیا۔میں حیران رہ گیا ابھی عمل مکمل بھی نہ ہوا تھا کہ میری بیوی تندرست ہونا شروع ہوگئی اور آج میری بیوی مکمل صحت یاب ہے۔(کاشف سہیل' لاہور)

سورۂ اخلاص کا آئندہ عمل: 14 نومبر 2019 سے 23 جنوری 2020ء تک سورۂ اخلاص کا یہ عمل تسبیح خانہ میں ہر جمعرات کو ہوگا۔

ربیع الاول کے حوالے سے خصوصی مضمون | انتخاب: ابولبیب شاذلی

تین خلفائے راشدینؓ کے دور گزر گئے، کپی سے گھی ختم نہ ہوا

آپ ﷺ نے اس بکری کو پکڑا اور اس کے پیر میں عقال ڈالی اور دوہنا شروع کیا اور فرمایا: تمہارے پاس جو سب میں بڑا برتن ہو اسے میرے پاس لے آؤ۔ میں گئی اور مجھے سوائے اس برتن کے کچھ نہ ملا جس میں آٹا گوندھا جاتا تھا۔ میں اسی کو لے آئی۔

دودھ اور گھی میں برکت

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میری ماں کے پاس ایک بکری تھی انہوں نے اس کے گھی کو ایک کپّی میں جمع کیا جب وہ کپّی بھر گئی تو اس کو اپنی پرورش کردہ لڑکی کے ہاتھ بھیجا اور کہا اسے رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچا دے تاکہ آپ ﷺ اس سے سالن بنالیا کریں۔ وہ لڑکی اس کو لیکر چلی اور آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا یارسول اللہ یہ گھی کی کپّی ہے اس کو آپ کے لیے حضرت اُمّ سلیمؓ نے بھیجا ہے آپ ﷺ نے فرمایا جاس کی کپّی کو اسے خالی کرکے دیدو، چنانچہ وہ کپّی خالی کی گئی اور اس لڑکی کو دیدی گئی اور وہ لڑکی اسے لیکر چلی گئی وہ لڑکی آئی اور حضرت اُم سلیمؓ گھر میں نہیں تھیں تو اس لڑکی نے وہ کپّی کھونٹی پر لٹکا دی۔ جب اُم سلیمؓ آئیں تو کپّی کو بھرا ہوا دیکھا کہ وہ گھی سے ٹپک رہی تھی تو انہوں نے کہا اے بچی! کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ اسے حضور ﷺ کے پاس لے جا؟ اس نے کہا کہ میں لے گئی تھی اور اگر آپ میری تصدیق نہیں کرتی ہیں تو جاکر حضور ﷺ سے پوچھ لیجئے، حضرت اُم سلیمؓ چلیں اور ان کے ساتھ ان کی وہ پروردہ بچی تھی، اور عرض کیا یارسول اللہ! میں نے اس کے ہاتھ آپ ﷺ کے پاس ایک کپّی بھیجی تھی جس میں گھی تھا۔ حضورؐ نے فرمایا یہ آئی تھی اور دے گئی تھی، حضرت اُم سلیمؓ نے عرض کیا کہ قسم اس ذات کی جس نے آپ ﷺ کو حق اور دین حق دیکر بھیجا ہے وہ بھری ہوئی ہے اس میں سے گھی ٹپک رہا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان سے کہا اے اُم سلیمؓ! کیا تو اس بات سے تعجب کرتی ہے کہ اللہ نے تجھ کو رزق دیا جیسا کہ تو نے اس کے نبی (ﷺ) کو کھانے کو دیا ہے، کھا اور کھلا۔ حضرت اُم سلیمؓ کہتی ہیں کہ میں گھر آئی اور اپنے قریبی رشتہ داروں میں اسے تقسیم کیا اور اس میں جو باقی رہا اس سے ہم ایک ماہ یا دو ماہ تک سالن کا کام لیتے رہے۔

اُمّ اوس بہزیہؓ سے روایت ہے کہ یہ اسلام لائیں اور ان کے پاس گھی تھا اس کو ایک کپّی میں رکھا پھر اسے حضور ﷺ کے لیے ہدیہ بھیجا آپ ﷺ نے اس کو قبول فرمالیا اور جو کچھ اس میں تھا اسے لے لیا اور ان کے لیے برکت کی دعا کی اور وہ کپّی ان کی طرف واپس کردی انہوں نے اسے گھی سے بھرا ہوا دیکھا تو انہیں یہ گمان ہوا کہ حضور ﷺ نے ان کا ہدیہ قبول نہیں کیا ہے یہ آواز کے ساتھ روتی ہوئی آئیں تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ انہیں اس بات کی اطلاع دیدو تو یہ اُم اوسؓ اس کپّی سے حضور ﷺ کی باقی عمر میں اور حضرت ابوبکرؓ کی پوری خلافت میں اور حضرت عمرؓ کی پوری خلافت میں اور حضرت عثمانؓ کی پوری خلافت کے زمانہ میں اس کپّی میں سے کھاتی رہیں۔

اگر مشکیزے کا منہ بند نہ کرتا تو پوری وادی گھی سے بھر جاتی

حمزہ بن عمروؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کا کھانا نوبت بنوبت، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے یہاں ہوتا تھا، ایک رات سب کا کھانا ان کے یہاں اور دوسری رات کسی دوسرے کے یہاں ہوتا تھا، حمزہؓ کہتے ہیں ایک رات نمبر میرے یہاں کا آیا، میں نے صحابہ کرامؓ کے لیے کھانا پکایا اور میں نے گھی کے مشکیزہ کو کھلا چھوڑ دیا اور میں نے اس کا تسمہ نہیں باندھا تھا اور میں کھانے کو آپ ﷺ کی طرف لے چلا چلنے میں جو حرکت ہوئی، جو کچھ اس مشکیزہ میں تھا گر گیا، میں نے اپنے جی میں کہا کہ میرے ہی ہاتھ سے حضور ﷺ کے کھانے کا گرنا تھا، حضور ﷺ نے فرمایا: قریب ہو یعنی کھا میں نے کہا یارسول اللہ ﷺ گنجائش نہیں، میں اپنی جگہ لوٹ آیا، پس اچانک گھی والا مشکیزہ گپ گپ کررہا تھا میں نے کہا کیا ہے؟ شاید اس کا کچھ بچا ہوا حصہ اس میں گرا ہوگا میں آیا کہ اسے دیکھوں تو اس نے اس مشکیزہ کو پایا کہ وہ اپنی دونوں چھاتیوں تک بھر گیا میں نے اسے لیا اور حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو اسے چھوڑے رکھتا تو یہ منہ تک بھر جاتا اس کے بعد آپ ﷺ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو اسے چھوڑے رکھتا تو یہ منہ تک بھر جاتا اس کے بعد آپ ﷺ نے اس پر تسمہ باندھ دیا اور اس ایک روایت میں ہے اگر تو اسے چھوڑے رکھتا تو تمام وادی گھی سے بھر کر بہتی۔ (حیاۃ الصحابہؓ حصہ دہم، صفحہ نمبر 723)

نبی کریم ﷺ کے دست مبارک کی برکات

حضرت خبابؓ بن ارت کی صاحبزادی بیان کرتی ہیں کہ میرے باپ کسی غزوہ میں چلے گئے اور ہمارے لیے صرف ایک بکری چھوڑ گئے اور فرما گئے جب تم اس بکری کا دودھ نکالنے کا ارادہ کرنا تو اس کو اصحاب صفہ کے پاس لے جانا۔ صاحبزادی کہتی ہیں کہ میں اس بکری کو لے کر گئی تو حضور ﷺ وہاں تشریف فرما تھے۔ آپ ﷺ نے اس بکری کو پکڑا اور اس کے پیر میں عقال ڈالی اور دوہنا شروع کیا اور فرمایا: تمہارے پاس جو سب میں بڑا برتن ہو اسے میرے پاس لے آؤ۔ میں گئی اور مجھے سوائے اس برتن کے کچھ نہ ملا جس میں آٹا گوندھا جاتا تھا۔ میں اسی کو لے آئی۔ آپ ﷺ نے دودھ دوہا اور وہ برتن بھر گیا اور آپ ﷺ نے فرمایا اس کو لے جاؤ اور پیو اور اپنے پڑوسیوں کو پلاؤ اور جب تمہارا بکری دوہنے کا ارادہ ہو تو اسے میرے پاس لے آنا، تو میں صبح و شام آپ ﷺ کے پاس لے جاتی تھی ہم تو بڑے خوش عیشی میں ہوگئے یہاں تک کہ میرے والد واپس آئے اور اس بکری کو لیا اور اس کو دوہا، وہ اپنے پہلے سے دودھ پر لوٹ آئی تو میری ماں نے باپ سے کہا: تم نے ہمارے لیے ہماری بکری خراب کردی، والد نے پوچھا کیا بات ہے؟ ماں نے کہا یہ بکری تو تغار بھر کر دودھ دیتی تھی۔ حضرت خبابؓ نے پوچھا کون دوہا کرتا تھا؟ میری ماں نے کہا: رسول اللہ ﷺ، تو میرے باپ نے فرمایا: کیا تم مجھے آپ ﷺ کے برابر کررہی ہو؟ آپ ﷺ کا مبارک ہاتھ خدا کی قسم! میرے ہاتھ سے کہیں زیادہ برکت والا ہے۔ (حیاۃ الصحابہؓ حصہ دہم، صفحہ نمبر 724)

آئیوڈیکس سے دیمک کا خاتمہ

ایک ٹوٹکہ عبقری قارئین کیلئے لکھ رہی ہوں، آئیوڈیکس جو کہ چوٹ کیلئے استعمال ہوتی ہے، اگر کہیں دیمک لگ جائے، فرنیچر، دروازہ وغیرہ میں تو وہاں آئیوڈیکس بھردیں، میرا آزمایا ہوا ہے، میرے فرنیچر کو دیمک لگ گئی تھی، میں نے یہی طریقہ آزمایا، آج تک دوبارہ ضرورت محسوس نہیں ہوئی۔ (مسز معظم، فیصل آباد)

معمولی سی غفلت! بچے کو موت کے منہ میں لے جا سکتی ہے!

ڈاکٹر امبرین زہرا، لاہور

اگر چھوٹی عمر کے لڑکوں کے خصیوں میں ورم ہو جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ انہیں ہرنیا کی شکایت ہے۔ اس قسم کی صورتحال میں دیر کرنا بھی بچے کو کسی بڑی مصیبت میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ بچے کو فوری طور پر معالج کے پاس لے جائیں اور اس کا باقاعدہ علاج کروائیں۔

یہ ایک ٹھوس حقیقت ہے کہ اس کائنات پر بسنے والے تمام جانداروں میں انسان کا بچہ سب سے زیادہ توجہ' محبت' محنت اور احتیاط کا متقاضی ہوتا ہے۔ اسے طویل عرصہ تک مکمل طور پر والدین کے رحم و کرم پر زندگی گزارنا پڑتی ہے۔ باشعور' سمجھدار اور پڑھے لکھے ماں باپ' بچے کے ان بنیادی تقاضوں سے اچھی طرح آگاہ ہوتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کے بچے کو کب' کس چیز کی ضرورت ہے؟ وہ اس بات سے بھی واقف ہوتے ہیں کہ بچوں کی مثال آنگن میں مہکتے پھولوں کی سی ہے جن کی خوشبو سے پورا گھر معطر اور شاداب رہتا ہے۔ ان کے نازک وجود ذرا سی تکلیف میں مرجھا جاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ سمجھدار والدین اپنے بچوں کی صحت' تعلیم و تربیت اور پرورش کے دیگر تقاضوں اور ضروریات کے بارے میں بہت حساس ہوتے ہیں اور بلاشبہ انہیں حساس ہونا بھی چاہیے' اس لیے کہ بچے بڑوں کی طرح اپنی بیماری یا تکلیف کے بارے میں دوسروں کو آگاہ نہیں کر سکتے۔ اس طرح ان کی تکلیف زیادہ تشویشناک ہوتی ہے۔ حساس والدین بچے کو بہت معمولی سی تکلیف میں بھی نہیں دیکھ سکتے اور اسے فوری طور پر معالج کے پاس لے جاتے ہیں لیکن یہاں ایسے والدین کی بھی کمی نہیں جو بچوں کے معاملات سے بے پرواہ وہ غافل ہوتے ہیں۔ انہیں بچوں کی نازک اور تشویشناک صورتحال کا اندازہ نہیں ہو پاتا۔ انہیں اس بات کا احساس نہیں ہوتا کہ ان کی یہ غفلت اور لاپرواہی ان کے بچے کی جان بھی لے سکتی ہے۔ آیئے! ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ وہ کون سے حالات ہیں جن میں بچے کو ہسپتال لے جانا انتہائی ضروری ہو جاتا ہے ورنہ غفلت کی صورت میں بچے کی زندگی داؤ پر بھی لگ سکتی ہے۔

کسی چیز کا سانس کی نالی میں پھنس جانا

بعض اوقات بچے کے منہ سے غذا یا کوئی اور چیز پھسل کر سانس کی کی نالی میں چلی جاتی ہے اور بچے کو سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ صورتحال بچے کیلئے انتہائی تشویشناک ہوتی ہے۔ اب سوال یہ والدین کو کیسے اندازہ ہو کہ بچے کی سانس کی نالی میں کوئی چیز پھنس گئی ہے۔ سانس کی نالی میں کسی چیز کے پھنس جانے کی علامت یہ ہے کہ بچے کا سانس گھٹنے لگتا ہے۔ وقتی طور پر اس کی سانس رک جاتی ہے اور اسے مسلسل کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔ اگر غذا کا کوئی معمولی ٹکڑا سانس کی نالی میں پھنس جاتا ہے تو وہ عموماً کھانسی کے دوران ہی باہر آجاتا ہے لیکن اگر کھانسی سے کوئی چیز باہر نہ آئے اور بچے کی سانس میں خرخراہٹ پیدا ہو جائے یا اسے بخار ہو جائے تو اس بات کے زیادہ امکانات ہیں کہ سانس کی نالی میں پھنسی چیز پھیپھڑوں تک پہنچ گئی ہے۔ ان حالات میں والدین پر لازمی ہو جاتا ہے کہ وہ کسی قسم کی تاخیر کیے بغیر بچے کو ہسپتال لے جائیں۔ تفصیلی معائنے اور ایکسرے وغیرہ سے اس بات کی توثیق ہو جاتی ہے کہ کوئی چیز پھیپھڑوں میں گئی ہے یا سانس کی نالی میں اٹکی ہوئی ہے۔ ایسی صورت میں بچے کو بے ہوش کر کے اس کی سانس کی نالی کا ''برونکس اسکوپ'' معائنہ کیا جاتا ہے۔ ایک آلہ جسے ''برونکس کوپ'' کہا جاتا ہے بچے کے منہ کے ذریعے سانس کی نالی میں ڈالا جاتا ہے اور پھنسی ہوئی چیز کو باہر نکال لیا جاتا ہے اور اس طرح بچہ موت کے منہ میں جانے سے بچ جاتا ہے۔

ہمارے ہاں چھالیہ کا استعمال اس کا استعمال اس قسم کے واقعات کا اکثر سبب بنتا ہے' ایمرجنسی روم میں متعدد بچے لائے جاتے ہیں جن کے پھیپھڑوں یا سانس کی نالی میں چھالیہ پھنسی ہوتی ہے جبکہ ایسے بچے بھی دیکھے گئے ہیں جو ہسپتال لانے سے قبل ہی دم توڑ دیتے ہیں۔ عموماً ان بچوں کی عمریں دو سے پانچ سال کے درمیان ہوتی ہیں۔ دراصل چھالیہ سانس کی نالی میں پہنچنے کے بعد بہت عرصہ تک اپنی اصل شکل میں برقرار رکھتی ہے اور نمونیا یا پھیپھڑوں کی تباہی کا باعث بنتی ہے۔ لہٰذا کوشش کریں کہ کمسن بچوں کو چھالیہ یا اس قسم کی چیزیں استعمال کرنے سے دور رکھا جائے۔

زہریلی اشیاء کھالینا

بچوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جو بھی چیز ان کے ہاتھ میں آئے وہ منہ میں ڈال لیتے ہیں اس طرح ممکن ہے کہ وہ کوئی ایسی دوا یا چیز کھالیں جو زہریلی قسم کی ہو۔ اس سے ان کی غذائی نالی زخمی ہونے کے علاوہ معدہ میں بھی زہریلے اثرات پھیل سکتے ہیں۔ بعض والدین ایسے موقع پر بچوں کو دودھ وغیرہ پلا کر زہریلی چیز کے اثرات کم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ طریقہ قطعی غلط ہے۔ والدین کو چاہیے کہ اس قسم کی صورتحال میں بچے کو فوری طور پر ہسپتال لے جائیں۔ ادویات اور زنگ آلود چیزیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔

پیٹ کا شدید درد

بچوں کے پیٹ میں چھوٹا موٹا درد ہونا معمول کی بات ہے جو گھریلو ادویات اور دیسی ٹوٹکوں سے ہی دور ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض صورتوں میں چار سے چودہ سال کے بچوں کو آنت میں سوزش اور ورم کی شکایت ہو جاتی ہے۔ اس قسم کے درد کو کسی طور پر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ عموماً والدین اس درد کو بھی معمول کا درد سمجھنے لگتے ہیں جو آگے چل کر پیچیدگی کا باعث بن جاتا ہے۔ لہٰذا ایسے دوران والدین کو چاہیے کہ بچے کو فوری طور پر معالج کے پاس لے جائیں' تاخیر کی صورت میں انفیکشن پھیلنے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

ہرنیا کی تکلیف

اگر چھوٹی عمر کے لڑکوں کے خصیوں میں ورم ہو جائے تو سمجھ لینا چاہیے کہ انہیں ہرنیا کی شکایت ہے۔ اس قسم کی صورتحال میں دیر کرنا بھی بچے کو کسی بڑی مصیبت میں دھکیلنے کے مترادف ہے۔ بچے کو فوری طور پر معالج کے پاس لے جائیں اور اس کا باقاعدہ علاج کروائیں۔

ہیضہ کی شکایت

ہمارے ہاں بچوں میں ہیضے کا مرض بہت عام ہے۔ اس کا بڑا سبب غذا اور پانی میں جراثیم کی شمولیت ہوتی ہے۔ اگر ہیضے کے دوران الٹیاں بھی آرہی ہوں تو جسم میں پانی کی شدید کمی ہو جاتی ہے۔ ان حالات میں بچہ پیشاب بہت کم کرتا ہے اور اس کا رنگ بھی زرد پڑ جاتا ہے۔ آنکھیں اندر کو دھنس جاتی ہیں۔ شدید نقاہت اور کمزوری بچے کو گھیر لیتی ہے۔ ان حالات میں اسے گھر پر رکھنا انتہائی خطرناک ہوتا ہے کیونکہ اکثر بچے ہیضہ سے ہلاک بھی ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں بچے کو ایک لمحے کی تاخیر کے بغیر معالج کے پاس لے جائیں۔

جل جانا

بچے گھروں میں گرم دودھ' چائے یا پانی وغیرہ سے اکثر چھوٹے موٹے جلتے رہتے ہیں (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

گورنمنٹ ملازم ہیں تو ٹرانسفر کروائیں یا رکوائیں

عبقری میں سورۂ الم نشرح کے فضائل پڑھے‘ ٹیسٹ والے دن سورۂ الم نشرح باوضو مسلسل پڑھتی رہی۔ میں حیران رہ گئی کہ ناصرف ٹیسٹ میں پاس ہوگئی بلکہ انٹرویو بھی کلیئر ہوگیا۔ چنددن میں اپوئنٹمنٹ لیٹر بھی گھر پر آگیا اب آفر لیٹر ملنے والا ہے۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت کے کرم اور آپ کی دعاؤں سے ہم تمام گھر والے خیریت سے ہیں اور آپ کی صحت وتندرستی اور لمبی زندگی کے لیے دعا گو ہیں۔ درس میں آپ نے جو سورۂ فاتحہ کا عمل بتایا تھا میں نے اپنے کچھ پریشان شاگردوں اور ساتھیوں کو دیا ان کو بہت فائدہ ہوا۔ میری ایک شاگرد کے ابو کی آنکھ کا آپریشن ہوا لیکن آپریشن کے باوجود ڈاکٹر نے معذرت کرلی اور کہا کہ آنکھ اب کبھی ٹھیک نہیں ہوگی نہ ہی بینائی لوٹے گی۔ وہ بچی بہت پریشان تھی میں نے اسے سورۂ الفاتحہ کا عمل بتایا (جمعرات کو 70 مرتبہ سے شروع کرکے روزانہ 10 کم کرتے جائیں اور اگلی جمعرات سے پھر 70 بار پڑھیں، اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ) اس کے ساتھ اسے بتایا کہ والد جب بھی وضو کریں وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پئیں اور چوتھا گھونٹ پینے کے بجائے اپنی آنکھ پر لگائیں۔ کچھ دنوں بعد وہ بچی خاص طور پر مجھ سے ملنے اور یہ کہنے آئی کہ ہم یہ عمل باقاعدگی سے کر رہے تھے ابوجی نے وضو کیا اور جو آنکھ درست تھی اس میں پانی چلا گیا تو انہوں نے آنکھ کو مسلا انہوں نے محسوس کیا کہ آپریشن والی آنکھ سے دھندلا دھندلا نظر آنے لگا ہے۔ ان کی خوشی کی انتہا نہیں رہی انہوں نے فوراً ڈاکٹر کو جا کر دکھایا۔ اس نے کہا کہ آنکھ ٹھیک ہو رہی ہے اور آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائے گی اس بچی نے آپ کو اور مجھے بہت دعائیں دیں۔ (روحانہ کاشف، اسلام آباد)

پائیں 17 گریڈ کی گورنمنٹ ملازمت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کروڑوں دعائیں آپ کیلئے‘ ہم تمام گھر والے ماہنامہ عبقری ہر ماہ ضرور پڑھتے ہیں۔ اس میں موجود وظائف اور ٹوٹکوں سے مستفید ہوتے ہیں۔ آپ نے ہمیں وظیفے کے طور پر دو انمول خزانہ پڑھنے کی تاکید ہوئی ہے جو ہم اب تک تقریباً 30 لاکھ مرتبہ پڑھ چکے ہیں۔ اس کے علاوہ عبقری میں موجود وظائف اکثر مواقع پر پڑھتے رہتے ہیں۔ آج بھی میں ایک حیرت انگیز واقعہ لیکر قارئین کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں۔ میں نے 2015ء میں گورنمنٹ جاب کیلئے اپلائی کیا جس کی ٹرمز اینڈ کنڈیشنز کی بنا پر میں اس جاب کیلئے اہل نہ تھی کیونکہ میں گریڈ 9 کی گورنمنٹ جاب کر رہی تھی مگر پھر بھی میں نے اپلائی کر دیا اور دل ہی دل میں دعا کرتی رہی۔ عبقری میں سورۂ الم نشرح کے فضائل پڑھے‘ ٹیسٹ والے دن سورۂ الم نشرح باوضو مسلسل پڑھتی رہی۔ میں حیران رہ گئی کہ ناصرف میرا ٹیسٹ بلکہ انٹرویو بھی کلیئر ہوگیا۔ چند دن بعد اپائنٹمنٹ لیٹر بھی گھر پر آگیا اب آفر لیٹر ملنے والا ہے۔ یہ سب سورۂ الم نشرح اور دو انمول خزانہ کی برکت کی وجہ سے ہوا۔ سب سے بڑی خبر یہ کہ گورنمنٹ ملازمین کو اب سرکاری طور پر اجازت بھی مل گئی کہ وہ اپنے ڈیپارٹمنٹ سے کاغذات جمع کرواسکتے ہیں۔

شاپنگ پر جائیں اور پائیں من چاہی چیز

جمعہ بازار میں ایک سوٹ مجھے پسند آیا مگر پیسے کم نہ کرنے کی وجہ سے میں نے وہ سوٹ چھوڑ دیا۔ پورا جمعہ بازار گھوما مگر وہ سوٹ نہ مل سکا‘ پھر دل میں ملال ہونے لگا‘ میں دوبارہ اسی دکاندار کے پاس گئی تو وہ کہنے لگا: باجی وہ سوٹ تو سب بک گئے‘ میں اس کے پاس بیٹھی تھی اور دو انمول خزانہ کا ورد کرنا شروع کر دیا۔ اچانک ایک عورت آئی اور چار سوٹ واپس کرکے چلی گئی۔ وہ سارے وہی سوٹ تھے جو مجھے پسند تھے‘ میں نے فوراً دکاندار سے وہ پورا شاپر لیا اور پیسے دیکر چلتی بنی‘ یہ سب دو انمول خزانہ کی برکت سے ہوا۔

گورنمنٹ ملازم ہیں تو ٹرانسفر کروائیں یا رکوائیں

مجھے گورنمنٹ جاب میں اکثر ٹرانسفر کی شکایت رہتی تھی اس بار دوبارہ میرا ٹرانسفر کر دیا گیا میں نے بھی سوچ لیا تھا کہ میں اب ٹرانسفر رکوانے کیلئے کسی کو نہیں کہوں گی میں نے چپ چاپ سکول جوائن کر لیا۔ سکول جوائن کرنے کے چار دن بعد آفس سے لیٹر آیا کہ آپ کا ٹرانسفر روک دیا گیا ہے اب آپ اپنے گھر کے نزدیک ہی سکول کو جوائن کرلیں۔ میں نے کسی سے کچھ نہیں کہا بس خاموشی سے سورۂ قریش اور دو انمول خزانہ کا ورد کرتی رہی۔ (فائزہ علی‘ کراچی)

اسلام اور رواداری

ابن زیب بھکاری

قسط نمبر 139

پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

حضورﷺ نے ابوجہل سے ایک اجنبی مسافر کا حق دلوایا

ایک مرتبہ قبیلہ اَراش کا ایک شخص عمرو بن غوث اپنا ایک اُونٹ لیکر مکہ آیا، جس سے ابوجہل نے وہ اُونٹ خریدا۔ لیکن قیمت کی ادائیگی کو ٹالتا رہا۔ تنگ آکر وہ شخص قریش کی ایک محفل میں آکر کھڑا ہوا۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ مسجد (مسجد الحرام) کے ایک گوشہ میں تشریف رکھتے تھے۔ پس اس شخص نے یوں کہنا شروع کیا: ”اے جماعت قریش! تم میں سے کون ہے جو ابوالحکم بن ہشام سے میرا حق دلوادے؟ کہ میں ایک اجنبی مسافر ہوں اور ابوحکم نے میرا حق غصب کرلیا ہے“ پس اہل مجلس نے اس سے کہا۔ کیا تو اس بیٹھے ہوئے شخص کو دیکھ رہا ہے؟ ان کی مراد اُس سے رسول اللہ ﷺ تھے۔ دراصل اس طرح وہ آپ ﷺ کا مذاق اُڑا رہے تھے۔ کیونکہ وہ آپ کے اور ابوجہل کے درمیان مخالفت سے واقف تھے۔ پھر اس سے کہا کہ اس شخص کے پاس جا۔ وہ اس (ابوحکم) سے تیرا حق دلوادے گا۔ یہ سن کر وہ اَراشی آنحضرت ﷺ کے پاس آکر کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ اے عبداللہ! ابوالحکم بن ہشام نے میرا حق غصب کرلیا ہے جسے پہلے اس نے تسلیم کرلیا تھا۔ اور میں ایک اجنبی مسافر ہوں۔ میں نے اس جماعت سے کسی ایسی ہستی کو پوچھا جو اس سے میرا حق دلواسکے۔ انہوں نے آپ کو بتایا ہے۔ پس آپ اس سے میرا حق دلوادیں، اللہ آپ پر مہربانی فرمائے۔“ آپ ﷺ نے فرمایا ”اس کے پاس چلو“ اور خود اسکے ہمراہ چلنے کو کھڑے ہوگئے۔ جب کفار نے آپ ﷺ کو اس کے ساتھ کھڑے ہوئے دیکھا تو اپنے ایک آدمی سے کہا کہ تو بھی ان کے پیچھے جا اور جا کر دیکھ (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

خود کو سپر مین سمجھنے والے افراد کے نفسیاتی مسائل کا حل

محمد زبیر، اسلام آباد

ماہرین کے خیال میں ناخوشگوار بچپن، والدین کا توجہ نہ دینا اور مختلف قسم کی نا آسودگی وغیرہ اس قسم کی شخصیات تشکیل دینے والے اہم ترین عوامل ہیں۔ ان افراد میں سے اکثر و بیشتر مظلوم اور ستائے ہوتے ہیں۔ خواہ وہ خود اس کا اعتراف کریں یا نہ کریں۔

اپنی ذات کے خول میں بند لوگ

ماہرین نفسیات کے خیال میں سنکی افراد کو قریب سے دیکھا جائے تو اندازہ ہوگا کہ یہ اندرونی طور پر تنہائی کا شکار، معاشرے سے دور اور دوسروں سے لاتعلق رہتے ہیں۔ اپنی ذات کے خول میں بند رہنے والے۔ لوگ ان کے منہ پر کچھ کہیں یا نہ کہیں لیکن ان کے پیچھے انہیں "خود غرض، خود پسند، سنکی، سٹھیایا ہوا، مینٹل" اور اسی قسم کے نہ جانے کتنے الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔ ایسے آدم بیزار لوگوں میں مرد اور عورتیں دونوں شامل ہیں۔ ماہرین کے خیال میں یہ لوگ عام افراد کے مقابلے میں کہیں زیادہ خود غرض واقع ہوتے ہیں۔ خود کو بے مثال اور کوئی الگ شے سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کا اپنے قرب و جوار کے لوگوں سے رویہ بھی اکثر و بیشتر خراب ہی رہتا ہے۔ ان کی ذات میں تعاون، ہمدردی اور خلوص جیسی چیزوں کا انتہائی فقدان ہوتا ہے۔ جب لوگ ان کے بارے میں جان جاتے ہیں تو لازمی سی بات ہے کہ یا تو وہ ان کے کھلے مخالف ہو جاتے ہیں یا انہیں قطعی طور پر نظر انداز کرنے لگتے ہیں۔ بالآخر ان کی حیثیت ایک سماجی اچھوت یا سنکی کی سی ہو جاتی ہے جنہیں لوگ دیکھتے ہی کنی کترانے لگتے ہیں۔ ماہرین نفسیات ایسے کئی لوگوں کا قریب سے مشاہدہ کرنے کے بعد اسی نتیجے پر پہنچے ہیں کہ ان کے اس طرز عمل کے پیچھے ان کی زندگی کی دائمی نامرادیاں، تلخیاں اور ناکامیاں ہوتی ہیں خواہ وہ بظاہر کتنے ہی بڑے کاروباری، دولت مند یا اعلیٰ عہدے پر فائز کیوں نہ ہوں؟

میرے باپ نے بھی مجھے بہت پیٹا تھا

آپ یقین کریں یا نہ کریں لیکن یہ بالکل سچ ہے کہ جب ایک اچھے خاصے کامیاب کاروباری اور قدرے سنکی شخص سے پوچھا گیا کہ "وہ اپنی اولاد کو اتنی بے دردی سے کیوں پیٹتا ہے؟ جبکہ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ اسی مار کٹائی کی وجہ سے اس کا ایک بیٹا کسی حد تک ذہنی معذور ہو چکا ہے؟" تو اس کا کہنا تھا کہ "میرے باپ نے بھی مجھے بہت پیٹا تھا۔ یہاں تک کہ میں نے تیرہ سال کی عمر ہی میں گھر چھوڑ دیا۔ شاید یہ درست ہے کہ میں اپنی اولاد سے اپنا انتقام لے رہا ہوں"

خلاف فطرت زندگی

اس قسم کے سنکی افراد کی شخصیت میں عجلت پسندی، بے صبرا پن، عداوت، بغض، جنگ جوئی، مقابلہ بازی اور رشک و شبہ جیسی خصوصیات بہت نمایاں ہوتی ہیں۔ تاہم ضروری نہیں کہ ایسے مردوں یا عورتوں میں یہ تمام چیزیں ایک ساتھ موجود ہوں۔ بعض میں خود پسندی، کچھ میں جلد بازی اور بعض میں لاتعلقی اور رشک و شبہ وغیرہ کا عنصر زیادہ نمایاں ہوتا ہے۔ ایک عام خیال یہ ہے کہ وہ خواتین یا مرد جو شادی نہیں کرتے یا جن کی ازدواجی زندگی سخت قسم کے بحران کا شکار ہوتی ہے۔ اپنی عمر کے کسی نہ کسی حصے میں اس طرح کی منفی عادات کا شکار ہو جاتے ہیں تاہم ایسے افراد جو بہت نیچے سے بہت اوپر آ چکے ہیں یا پھر بہت حد تک خلاف فطرت زندگی گزارتے ہیں ان میں بھی غصہ، چڑچڑاپن، خود غرضی، خود پسندی وغیرہ جیسی کیفیات کے پیدا ہونے کے امکانات عام افراد کے مقابلے میں کئی گناہ زیادہ ہوتے ہیں۔

اپنا رویہ نرم رکھیں!

اس قسم کے اکثر افراد اگرچہ اپنی واضح منزل یا اہداف کا تعین کرنے میں ابہام کا شکار رہتے ہیں لیکن ان میں آگے بڑھنے اور خود کو منوانے کی خواہش شدید ترین ہوتی ہے اور اپنی اس کوشش میں بعض اوقات وہ کامیاب بھی ہو جاتے ہیں لیکن اس کامیابی میں دوسروں کی شرکت گوارا نہیں کرتے۔ تنگ نظری انہیں ہر وقت گھیرے رکھتی ہے۔ ممکن ہے کہ کبھی کبھار کچھ عرصے کے لیے یہ اپنا رویہ نرم بھی کر لیں یا پیار سے بات کر لیں لیکن یاد رکھیں کہ انہیں واپس اپنی سطح تک آنے میں دیر نہیں لگتی۔ اگر یہ کسی چیز کا علم حاصل کر لیں یا کسی فن میں ماہر ہو جائیں تو کسی دوسرے کو اپنی ذہانت، علمیت، دولت و شہرت میں حصہ لینے کی اجازت کم ہی دیتے ہیں۔ ان لوگوں کی چونکہ تمام تر توجہ کا مرکز ان کی اپنی ذات ہوتی ہے، اسی لیے ان کی ہر بات کی تان "میں" پر آ کر ٹوٹتی ہے۔ اگر آپ ان کی گفتگو کو غور سے سنیں تو اس میں "میرا، میں، مجھے" وغیرہ جیسے الفاظ کثرت سے اور بار بار آئیں گے۔ یہاں تک کہ اگر ان کا تعلق لکھنے لکھانے سے ہو تو ان کی تحریر بھی اس قسم کے الفاظ سے بھری ہوتی ہے۔

یہ طبی اعتبار سے خطرے کی زد میں ہیں

اگر ایک حالیہ رپورٹ کو دیکھا جائے تو طبی اعتبار سے بھی یہ لوگ خطرے کی زد میں رہتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق انجیوگرافی کے لیے آنے والے مریضوں کی گفتگو کا مطالعہ کیا گیا تو ان کی اکثریت "میں، میرا، مجھے" کے الفاظ زیادہ استعمال کرتی تھی۔ ڈاکٹروں کے خیال میں ایسے افراد کو عام لوگوں کے مقابلے میں ہارٹ اٹیک، دباؤ، ڈیپریشن، بلڈ پریشر یہاں تک کہ ذیابیطس کا خطرہ کئی گنا زیادہ ہوتا ہے۔

ماہرین کے خیال میں ناخوشگوار بچپن، والدین کا توجہ نہ دینا اور مختلف قسم کی نا آسودگی وغیرہ اس قسم کی شخصیات تشکیل دینے والے اہم ترین عوامل ہیں۔ ان افراد میں سے اکثر و بیشتر مظلوم اور ستائے ہوتے ہیں۔ خواہ وہ خود اس کا اعتراف کریں یا نہ کریں۔ بعض اپنی محرومیوں کو مہنگے کپڑوں، دنیوی ترقیوں، دولت، مرتبہ، اقتدار، نام و نمود، شہرت، خوبصورتی، اور ازدواجی حیثیت میں برتری سے دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں مگر اکثر اوقات یہ کوشش آگ کو پٹرول سے بجھانے کے مترادف ہوتی ہے۔

یہ لوگ ناقابل اصلاح بھی ہیں

ماہرین نفسیات کی رائے میں اگر آپ بھی کسی ایسے ہی شخص کی زد میں ہیں تو یہ بات یقین سے کہی جا سکتی ہے کہ اکثر و بیشتر کا رویہ آپ کے لیے تکلیف اور دباؤ کا باعث بنتا ہوگا۔ اگر آپ انہیں یکسر نظر انداز کرنے یا جواب دینے کی پوزیشن میں نہ ہوں تو جلنے کڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ سمجھ لیا کریں کہ یہ لوگ ناقابل اصلاح بھی ہیں اور ہاں آخری بات جو انتہائی ضروری ہے اور وہ یہ کہ اپنے رویوں پر بھی غور کریں خدانخواستہ کہیں اس طرح کی علامات آپ میں بھی تو نہیں ہیں؟

مالا مال ہونے کیلئے میری دوست کا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری دوست نے مجھے بتایا کہ تہجد کے وقت گیارہ تسبیح یَارَزَّاقُ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنے سے رزق میں برکت ہو جاتی ہے۔ اس نے مزید بتایا کہ یہ اس کا آزمودہ عمل ہے۔ اس عمل کی برکت سے کبھی دولت کی کمی نہ ہوئی۔ (ف۔ر، لاہور)

زہر کا پیالہ پی لیں مگر برائلر نہ کھائیے!

عدنان سعید، مظفر گڑھ

یہ لوگوں کی خام خیالی ہے کہ پرانے زمانے میں لوگ بہت زیادہ کھاتے تھے۔ حالانکہ پرانے دور میں بزرگ بتاتے ہیں کہ پیاز اور چٹنی سے گزارہ کی حد تک کھاتے تھے لیکن وہ لوگ اوسط ایک دن میں 25 سے 30 کلومیٹر پیدل چلا کرتے تھے

ہمارا منہ ہمارا ڈاکٹر

چینی زبان میں ایک معقولہ ہے کہ ''ہمارا منہ ہمارا ڈاکٹر ہے'' اس کا معنی یہ ہے کہ انسان جو کچھ کھاتا ہے وہی اس کی صحت پر اثر انداز ہوتا ہے۔ کھانے کا سنت میں طریقہ یہ ہے کہ پیٹ کے تین حصے کر لیے جائیں۔ ایک حصہ کھانے کیلئے، دوسرا حصہ پانی کیلئے اور تیسرا حصہ ہوا کے آنے جانے کیلئے لیکن ہماری ستم ظریفی یہ ہے کہ ہم تینوں حصے خوراک سے بھر لیتے ہیں اور اس طرح ٹھونس کے کھاتے ہیں کہ پیٹ میں الائچی کی بھی گنجائش نہیں رہ جاتی اگر ہم اس طرح کھا لیتے ہیں تو اس کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ انسان اس کے ہضم کرنے کیلئے پیدل چلے اور جسمانی کام کرے تاکہ وہ دل پر بوجھ نہ بنے لیکن ہم الٹا زیادہ کھالینے کے بعد چلنے کی بجائے ہم یہ سوچ کر سو جاتے ہیں کہ اب اچھی نیند آئے گی جو کہ ہمارے جسم پر یہ چیز جلتی پر تیل کا کام کرتی ہے۔ یہ لوگوں کی خام خیالی ہے کہ پرانے زمانے میں لوگ بہت زیادہ کھاتے تھے۔ حالانکہ پرانے دور میں بزرگ بتاتے ہیں کہ پیاز اور چٹنی سے گزارہ کی حد تک کھاتے تھے لیکن وہ لوگ اوسط ایک دن میں 25 سے 30 کلومیٹر پیدل چلا کرتے تھے لیکن اس کے برعکس ہماری حالت یہ ہے کہ پانچ روپے کی ماچس لینی ہو تو ہم موٹر سائیکل کا دس روپے کا پٹرول ضائع کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہم مسلسل بیماریوں کے دلدل میں جکڑتے چلے جا رہے ہیں۔

بچوں کا وقت سے پہلے جوان ہونا! وجہ جانیے!

ایک اندازے کے مطابق ایک عدد خشک روٹی سے انسان دو سے تین کلومیٹر چل سکتا ہے لیکن ہم دن میں آٹھ سے نو پراٹھے اور روٹیاں کھانے کے باوجود ایک کلومیٹر بھی نہیں چلتے۔ اب اسی برائلر مرغی کو ہی دیکھ لیجئے سائنس دانوں کی تحقیق کے مطابق انسان زہر کا پیالہ پی لے لیکن یہ مرغی نہ کھائے لیکن عالم یہ ہے کہ روزانہ ہزاروں ٹن میں یہ بکتی ہے۔ میں اکثر سوچتا ہوں کہ جو چیز اپنا وزن نہیں اٹھا سکتی اس سے دو قدم چلا نہیں جاتا، وہی چیز جب ہم کھاتے ہیں تو وہ کیا کیا بربادیاں نہ لاتی ہوگی؟ نجانے کیسی کیسی خوراک کھلا کر ان کو دنوں میں بڑا کیا جاتا ہے اور پھر وہی آگ ہمارے جسم میں جاتی ہے تو طرح طرح کی بیماریاں پھیلاتی ہے۔ میں نے حضرت حکیم صاحب کا ایک کالم بھی پڑھا تھا جس میں آپ بتا رہے تھے کہ بچوں اور بچیوں کا وقت سے پہلے جوان ہونے میں برائلر مرغی کا بہت بڑا ہاتھ ہے، بڑھتے جنسی مسائل اور جنسی بیماریوں کا تعلق ہماری خوراک سے ہے، اپنی نسلوں کو اس آگ (برائلر) سے بچائیں۔ خاص طور پر نوجوان بچوں اور بچیوں کو برائیلر ہرگز نہ کھانے کیلئے دیں۔ یہ جسم میں جا کر آگ لگا دیتا ہے، جنسی خواہش کو بڑھکاتا ہے جس کی وجہ سے معاشرہ بربادی کے دہانے پر کھڑا ہے۔

آئیے اپنی نسلوں کو صحت مند بنائیں

آئیے اپنی نسلوں کو صحت مند بنائیں اور سادہ خوراک پر واپس آئیں۔ ہم نے اپنے بڑوں کی دیسی خوراک کو چھوڑ کر برائیلر کو اپنی خوراک بنا لیا، پیزے، برگر، شوارما اور نجانے کیسی کیسی خوراکیں جنک فوڈ کے نام پر کھا رہے ہیں۔ آپ خود ہی اندازہ لگا لیں اس وقت معاشرے میں سب سے زیادہ امراض بلڈ پریشر، شوگر اور دل کے ہیں اس کے بعد جنسی ادویات سب سے زیادہ بک رہی ہیں۔ خدارا اپنی نسلوں کو جنک فوڈز سے بچائیں، یہ صرف بیماری ہے۔ سادہ غذائیں اپنائیں، گھر کا کھانا کھائیں۔ سبزیاں، موسمی پھل آپ کی صحت کے ضامن ہیں۔ انہیں اپنائیں، ان سے محبت کریں اور پھر دیکھیں نسلیں کیسے سرخ و سپید ہوتی ہیں۔ پنج وقتہ نماز ادا کریں، صبح کی سیر کو اپنا معمول بنا لیں۔

گھریلو خواتین کیلئے سردی سے بچنا نہایت آسان

سردیوں میں اس چیز کا پرہیز لازم کریں

صحت کو برقرار رکھنے کیلئے یوں تو ہر موسم میں مختلف اقدامات کرنے کی ضرورت ہوتی ہے مگر ہمارے پیش نظر چونکہ موسم سرما ہے اس لئے دیکھنا یہ ہے کہ خواتین کن اصولوں کو اپنا کر اپنی صحت بحال رکھ سکتی ہیں۔ بعض خواتین میں یہ خیال پایا جاتا ہے کہ موسم سرما میں گرم تاثیر والی خوراک کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے یہ بات کسی حد تک تو درست ہو سکتی ہے مگر ہر چیز کو اعتدال میں ہی رکھ کر استعمال کرنا صحت کیلئے مفید ہے۔ سردیوں میں اچار سے خاص طور پر پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ اچار اور کھٹی چیزیں گلے کی رگوں کو پکڑ لیتی ہیں اور بیمار ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ سبزیوں اور دالوں میں حیاتین کی مقدار کافی ہوتی ہے، اس کا زیادہ استعمال صحت کیلئے مفید ہے۔ بعض خواتین اپنے بچوں کو نہلانے اور خود بھی نہانے سے گھبراتی ہیں اور تین چار دن کے بعد صرف سر دھو کر کام چلا لیتی ہیں یہ طریقہ بھی صحت کیلئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ سر تو گیلا ہو جاتا ہے جب کہ جسم کا باقی حصہ نم آلود نہیں ہوتا اس تفریق سے جسم کی حرارت یکساں نہیں رہتی۔ صفائی ستھرائی تو ہر موسم میں صحت کیلئے مفید ہے کہ سر دھونے کی بجائے ہفتے میں کم از کم دو تین بار ضرور نہا لیا جائے۔ حالانکہ ماہرین سردیوں میں بھی روزانہ دوپہر کے وقت نہانے کو صحت کی علامت قرار دیتے ہیں۔ بعض خواتین مختلف بیماریوں خصوصاً درد وغیرہ اور نزلہ زکام کا علاج گھر پر ہی کر لیتی ہیں۔

یہ طریقہ بھی مناسب نہیں

سر درد، بخار، نزلہ، زکام میں عام فروخت ہونے والی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ طریقہ بھی مناسب نہیں ہے۔ نمونیہ یا اس جیسے دوسرے امراض جو سردی کے موسم میں وباء کی صورت میں پھوٹ سکتے ہیں، سے بچنے کیلئے حیاتین (وٹامن) کا استعمال کرتے رہنا مفید ہے۔ تاہم بیماری کی شدت کی صورت میں اپنے معالج کے مشورے کے بغیر کوئی بھی دوائی استعمال کرنا نقصان دہ ہو سکتا ہے کیونکہ بعض اوقات گھریلو علاج بیماریوں میں طوالت پیدا کر سکتے ہیں۔ اگر گھر پر علاج ضروری کرنا ہے تو نزلہ زکام کیلئے عبقری کا ''جوش جوشاندہ'' ہر لحاظ سے فائدہ پہنچاتا ہے اور اس کے کوئی مابعد اثرات بھی نہیں ہیں۔ اس کے علاوہ زیتون بہت محفوظ اور صحت بخش غذا ہے، بعض لوگ سردیوں میں انڈوں کا استعمال بڑھا دیتے ہیں یا بعض انڈے کا استعمال بالکل نہیں کرتے۔ زیادہ سبزیاں یا (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

ربیع الاول کی ایک شب کا عمل! حاجات پوری

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ربیع الاول اسلامی سال کا تیسرا مہینہ ہے۔ یہ بڑا فضیلت و برکت والا مہینہ ہے۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ اسی ماہ میں ہوئی تھی۔ **پہلی شب:** جو کوئی اس مہینہ کی پہلی شب اور پہلے دن 2 رکعت نفل نماز رات کے وقت اور دو رکعت نفل نماز دن کے وقت اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 7 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس شخص کو 7 سو برس کی عبادت کا اجر عطا فرمائیں گے۔ **زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:** جو کوئی ربیع الاول کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد سولہ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب تمام نوافل ادا کرے تو نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ایک ہزار مرتبہ یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ پڑھنے کے بعد باوضو حالت میں ہی پاک صاف بستر پر بغیر کسی سے کوئی کلام کیے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔

دوسری شب: ربیع الاول کی دوسری شب نماز مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 3,3 بار سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد 11 بار یہ درود پاک پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ پھر بارگاہِ الٰہی میں اپنے مقصد و مطلب کے حصول کیلئے دعا مانگے جو بھی جائز دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔ **تیسری شب:** اس ماہ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہیے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور تین تین بار سورۂ طٰہٰ وسورۂ یٰسین پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ان نوافل کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں تحفتاً و ہدیۃً پیش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی حاجات پوری ہوں گی۔ **بارہ ربیع الاول کے نوافل:** بعض روایت کے مطابق اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی، اس روز دو رکعت نماز مستحب ہے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے یہی وہ دن ہے جس میں بوقت ہجرت رسول اللہ وارد مدینہ ہوئے۔ اس کے علاوہ بارہ ربیع الاول کو نماز ظہر کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز پڑھنے کے بعد اس کا ثواب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ اقدس میں ہدیہ کے طور پر پیش کرے۔ اولیاء کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ان نوافل پر مداومت اور ہمیشگی رکھی ہے۔ ان نوافل کی مداومت رکھنے والے کو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نصیب ہوتی ہے اور پروردگار عالم جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرماتا ہے۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوتی ہے۔

اکیس ربیع الاول: جو کوئی ربیع الاول کی اکیس تاریخ کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ مزمل پڑھے اور سلام پھیرتے ہی سجدہ ریز ہو جائے اور تین مرتبہ یہ دعا نہایت توجہ و خلوص سے پڑھے: یَاغَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْغُفْرِ وَ الْغُفْرُ فِیْ غُفْرِکَ یَاغَفُوْرُ اس کے بعد جو بھی جائز دعا صدق دل سے مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 نومبر بروز اتوار صبح 10 بجے سے لیکر 11 بج کر 27 منٹ تک ۔19 نومبر بروز منگل عصر تا مغرب۔ 30 نومبر بروز ہفتہ رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 21 منٹ تک۔ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

بے سکون افراد سکون' عزت اور پریشانیوں سے نجات چاہتے تو روحانی محفل کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً چھ ماہ سے آپ کے رسالہ عبقری کی قاری ہوں آپ کے عبقری میں چھپے ہوئے وظائف پڑھنے سے بہت فائدہ ہوا ہے آپ کی تحریروں کو پڑھنے کے بعد دل کو ایک عجیب سا سکون اور راحت ملتی ہے' جیسے زندگی میں قرار سا آگیا ہے۔ عبقری رسالہ کے تمام سلسلے ہی بہت اچھے ہیں۔ میں عبقری رسالہ میں آنے والی ماہانہ روحانی محفل ضرور کرتی ہوں۔ جب میں نے تیسری مرتبہ روحانی محفل اپنے گھر میں کی تو مجھے بہت سرور ملا۔ ذہنی وجسمانی طور پر میں بالکل تازہ دم ہوگئی' ایسا لگا جیسے دماغ اور کندھوں سے بہت بڑا بوجھ اتر گیا ہو۔ میں ہر وقت بے سکون رہتی تھی' ساری ساری رات جاگ کر گزارتی' اکثر گولی کھا کر گزارہ کرتی' مگر جب سے روحانی محفل اپنے گھر میں بتائی گئی ترکیب سے کرنا شروع کی ہے' پرسکون ہوگئی ہوں۔ جس پریشانی کا تصور کرکے چند ہفتے یا مہینے روحانی محفل کرتی ہوں وہ پریشانی رب کریم دور فرما دیتے ہیں۔ گھر' خاندان اور معاشرے میں عزت بڑھی ہے' لوگ اب اکرام کرتے ہیں۔ (ج، خیبر پختونخوا)

حضرت پیر رحمت الٰہی صابری لاہوری رحؒ کے روحانی وظائف

اگر کسی کے شوہر، باپ، بھائی کے کسی کے ساتھ ناجائز تعلقات ہوں اور اس کو ختم کرنا مطلوب سورۂ عبس کی آیت 34 تا 37 دونوں کا نام لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیے میں رکھ دیں۔ ان شاء اللہ' ان کے ناجائز تعلق میں تفریق پیدا ہوجائے گی

برائے امداد غیبی و حل مشکلات

ہر طرف سے مشکلات نے گھیر رکھا ہو' ہر طرف ناامیدی ہو تو سورۂ فتح کا یہ عمل ضرور آزمایئے' انتہائی تیر بہدف عمل ہے۔ یقین توجہ اور دھیان کے ساتھ کرنے سے قدرت ربی کی طرف سے امداد غیبی ہوتی ہے اور مشکلات حل ہوجاتی ہیں۔ اپنی مشکل و مقصد کا سخت تصور کرتے ہوئے سورۂ الفتح کی آیت نمبر 7، کسی بھی وقت ایک جگہ بیٹھ کر دن میں 95 بار پڑھیں۔ اوّل و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ غیبی امداد ہوگی اور مشکلات حل ہوں گی۔ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿فتح﴾

برائے حفاظت عداوت دشمن

سورۂ عصر دن میں 21 مرتبہ پڑھنے سے تمام دشمن اور بدخواہ ذلیل و خوار ہوں گے اور ان سے ہمیشہ حفاظت رہے گی۔ انتہائی آسان اور کامیاب عمل ہے۔

پیپر زمیں میں کامیابی کے لیے

دوران امتحان درج ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ خاص طور پر جس پیپر میں بھرپور تیاری کے باوجود کامیابی نہ ملتی ہو اس کیلئے درج ذیل عمل بہت لاجواب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَ اَبْدَانِنَا وَ السَّلَامَةَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِنَا وَ دُنْيَانَا وَ كُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا وَ خَلِيْفَةً فِيْ اَهْلِنَا۔

حب منشاء شادی کرنے کا عمل

فجر، ظہر، عصر اور مغرب کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ اور عشاء کے بعد تین سو تینتیس 333 مرتبہ "اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ" (سورۂ یوسف، آیت: ۸۶، پارہ ۱۳) اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

پتھری کے لیے

پتھری گردے میں ہو یا پتہ میں لکھی گئی ترکیب سے یہ عمل کریں ان شاء اللہ 21 یا 40 دن میں مرض سے شفاء نصیب ہوتی ہے۔ عمل یہ ہے:۔ سورۂ ھود آیت 44 پلیٹ پر لکھ کر پلائیں 21 دن یا 40 دن انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

برائے عادات بد

جو شخص شراب فسق و فجور وغیرہ میں مبتلا ہو وہ شخص یہ عمل کرے "یَاوَدُوْدُ" 960 مرتبہ اوّل و آخر 53 مرتبہ مذکورہ آیات پڑھے۔ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ

برائے اداء قرض

قرض کے بوجھ تلے دبے ہوں' مگر کوئی حل نہ نکل رہا ہو تو درج ذیل عمل کرنے سے قرض ادا کرنے کی صورت نکل آتی ہے۔ سورۂ الم نشرح 71 اور اوّل و آخر میں درود شریف 11 مرتبہ مقررہ وقت میں پڑھیں۔

برائے حصول خیر و برکات

سورۂ قریش' 41 مرتبہ صبح و شام' سورۂ واقعہ اور سورۂ طارق صبح و شام ایک ایک مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھیں، ان شاء اللہ ہر قسم کی خیر و برکت سے مستفید ہوں گے۔

برائے حصول عزت و قوت حافظہ

سورۂ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) چینی کے برتن پر لکھ کر آب زمزم سے دھو کر پئیں' لوگوں میں عزت بڑھے گی' آپ کی بات مانی جائے گی اور اہمیت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ حافظہ قوی ہوگا اور ہر بات یاد رہے گی۔

پریشان حالی ختم ہونے کا عمل

شخص ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ سورۂ فاتحہ پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے وہ انسان کبھی پریشان حال نہیں رہتا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہر دفعہ پڑھیں۔

ہر طرف سے مدد اور نصرت

تنہائی میں 300 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں ان شاء اللہ' اللہ کی طرف سے مدد اور نصرت آئے گی' نیز دشمن پر غلبہ حاصل ہو۔

ناجائز تعلق میں تفریق کے لیے

اگر کسی کے شوہر، باپ، بھائی کے کسی کے ساتھ ناجائز تعلقات ہوں اور اس کو ختم کرنا مطلوب سورۂ عبس کی آیت 34 تا 37 دونوں کا نام لکھ کر دونوں میں سے ایک کے تکیے میں رکھ دیں۔ ان شاء اللہ ان کے ناجائز تعلق میں تفریق پیدا ہوجائے گی' اگر کوئی عورت بھٹک گئی ہے تو اس کیلئے بھی یہی عمل ہے۔ نوٹ: یہ عمل ناجائز ہرگز نہ کیجئے' سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔

سات دنوں میں موکے ختم

محترم جناب حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیروں خوشیاں اور عزتیں عطا فرمائیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو لاکھوں کروڑوں لوگوں کی زندگیاں بدلنے کا ذریعہ بنایا ہے۔ میری طرف سے ایک ٹوٹکہ حاضر خدمت ہے جو میں نے آزمایا اور بہت جلد فائدہ اٹھایا۔ میری عمر 22 سال ہے میرے دونوں ہاتھوں پر بہت زیادہ موکے نکل آئے تھے جن کا ڈاکٹروں کے پاس کوئی علاج نہیں تھا میں نے پان کی دکان سے دس روپے کا چونا لیا اور سات دن صبح و شام ہاتھوں پر لگاتا رہا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور آپ کی دعاؤں سے آہستہ آہستہ سب موکے ختم ہوگئے اور دوبارہ نہ ہوئے۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو تاقیامت آباد رکھے اور اسی طرح خیر کا ذریعہ بنائے۔ (منیب احمد فاروقی، فتومنڈ گوجرانوالہ)

بھائیوں میں نااتفاقی وغیرہ ختم کرنے کے لیے

رات کو عشاء کی نماز کے بعد اوّل و آخر درود شریف ابراہیمی 11 مرتبہ درمیان میں 101 مرتبہ "اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ وَجَنِّبْنَا الْاِثْمَ وَالْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ" اگر یہ نہ ہوسکے تو ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ اتفاق و اتحاد کی دولت سے مالا مال ہوں گے دین اور دنیا کی درستگی کے سامان اور اسباب مہیا ہوں گے۔

انناس کا رس چہرہ دلکش و شاداب

اریبہ صمد، کراچی

جلد کو چمکدار بنانے کے لیے انناس کے رس کے ساتھ ادرک اور لیموں کا رس بھی شامل کریں۔ انناس میں تین لیموں اور ایک انچ موٹا ادرک کا ٹکڑا ملا کر جوس نکال کر پیئیں۔ انناس، کھیرا چقندر اور پارسلے کا جوس بھی استعمال کیا جاسکتا ہے

خون کو پتلا کرنے والی ادویات کھانے والے

انناس وٹامنز اور منرلز سے بھرپور انوکھا پھل ہے۔ انناس میں وٹامن سی وافر مقدار میں موجود ہے اس کے علاوہ وٹامن بی سکس، فولیٹ، تھایامین، رائبوفلیون اور نیاسن شامل ہے۔ انناس میں روزانہ ضرورت کا ایک فیصد وٹامن K موجود ہے اس لیے یہ جوس ان لوگوں کے لیے نقصان دہ نہیں ہے جو خون کو پتلا کرنے والی دوائیں لیتے ہیں۔

جلد کے لیے مفید ہے

روزانہ انناس کا رس پینے سے سب سے زیادہ فائدہ جلد کو پہنچتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس میں وٹامن سی کی موجودگی ہے۔ وٹامن سی حساس جلد، جلد کی سوزش اور ایکنی میں بہت مفید ہے۔ انناس میں موجود وٹامن اے جلد کی سوزش کو کم کرتا ہے اور قدرتی طور پر اینٹی فنگل اور اینٹی بیکٹیریل کا کام دیتا ہے۔ ایکنی والی جلد کے لیے اینٹی اوکسیڈنٹ کا استعمال بے حد ضروری ہے جو انناس میں وافر مقدار میں موجود ہے۔ یہ اینٹی اوکسیڈنٹ جلد کو ہموار کرتا ہے اور بیکٹیریل انفیکشن سے بچاتا ہے۔ وٹامن اے اور وٹامن سی جلد کی جھریوں، سورج کے نقصانات اور جلد کو ناہموار ہونے سے بچاتا ہے۔ انناس کا رس ایکنی کے مریضوں کے لیے بہت مفید ہے۔

انناس کے رس کا نقصان

انناس میں شکر وافر مقدار میں موجود ہے اس لیے اس میں بہت زیادہ کیلوریز ہوتی ہیں۔ ۸ اونس انناس کے رس میں ۱۶۰ کیلوریز ہوتی ہیں جو کاربوہائیڈریٹ کی روزانہ ضرورت کا ۵۱ فیصد ہوتا ہے۔ لیکن جب یہ پتہ چلتا ہے کہ انناس میں روزانہ ضرورت کا 120 فیصد وٹامن سی اور 10 فیصد وٹامن اے موجود ہے تو کیلوریز کی یہ مقدار اس کے آگے اہمیت نہیں رکھتی۔

انناس کا خالص رس استعمال کریں

اکثر لوگ ڈبوں میں پیک انناس کا رس استعمال کرتے ہیں کیونکہ انناس کا تازہ جوس ہر جگہ نہیں ملتا لیکن اگر آپ کو انناس باآسانی مل جائے تو اس سے پوری طرح فائدہ اٹھانے کے لیے گھر پر اس کا جوس نکال کر روزانہ پئیں۔

اچھی جلد کے لیے انناس کا رس استعمال کریں

اپنے روزمرہ غذا میں انناس کا رس شامل کریں اور جلد کو حیرت انگیز حد تک خوبصورت بنائیں۔ انناس کو دوسرے پھلوں اور سبزیوں کے ساتھ ملا کر اور بھی موثر بنایا جاسکتا ہے۔

چمکدار جلد کے لیے

جلد کو چمکدار بنانے کے لیے انناس کے رس کے ساتھ ادرک اور لیموں کا رس بھی شامل کریں۔ انناس میں تین لیموں اور ایک انچ موٹا ادرک کا ٹکڑا ملا کر جوس نکال کر پیئیں۔ انناس، کھیرا چقندر اور پارسلے کا جوس بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جس کے لیے ایک انناس، دو کھیرے، دو چقندر اور ایک گڈی پارسلے ملا کر جوس نکالیں۔

اچھی جلد کے لیے

صحت مند اور تروتازہ جلد کے لیے انناس اور کھیرا کا جوس ملا کر پئیں۔ اس کے لیے آدھا انناس ایک سیب اور ایک کھیرا استعمال کریں۔ یہ مزیدار اور مفید پھل نا صرف آپ کی جلد کے لیے بلکہ آپ کے پورے جسم کے لیے انتہائی فائدہ مند ہے اس لیے انناس کا رس روزانہ پئیں اور صحت مند رہیں۔

موٹاپا کم کرنے کا میرا آزمودہ قہوہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری میں ایک ٹوٹکہ موٹاپے کو کم کرنے کا پڑھا۔ آزمایا تو واقعی اس سے بہت جلد فرق پڑا۔ میرا موٹاپا ایسے کم ہوا کہ میں خود بھی حیران رہ گئی۔ سادہ سا ٹوٹکہ قارئین کی نذر: پودینہ کی گٹھی سے ایک یا دو لڑیاں نکال لیں اور ایک چمچ سونف ڈال کر ایک گلاس پانی میں ابالیں جب ایک کپ رہ جائے تو پی لیں۔ چندن، چند ہفتے استعمال کریں۔

روحانی بیڈ ٹی سے انوکھا سکون: فجر کی نماز کے لیے اٹھتے وقت روحانی بیڈ ٹی (گیارہ مرتبہ تعویذ اور تسمیہ بستر سے نکلنے سے پہلے پڑھیں) سے سارا دن شیطان سے حفاظت اور انوکھا سکون رہتا ہے۔ (خ۔پ، نوشہرہ)

مراقبے سے علاج

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلاتعداد یَاحَلِیۡمُ یَاعَلِیۡمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیۡمُ پڑھیں۔ اول وآخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

جب بستر پر دراز ہوں تو یہ ضرور سوچ لیں!

جب بستر پر دراز ہوں تو اپنی دن بھر کی کارکردگی کی فلم ضرور دیکھیں کہ آپ نے سارا دن میں اپنے احباب واقرباء کے ساتھ تفریحی اوقات کیسے گزارے؟ کس قدر تجارتی کمائی کی، پھر غور کریں کہ کیا کسی فاقہ کش کی شکم سیری کی، کسی جاں بلب مریض کو دوالے کر دی، کسی کو زادراہ دیا، کسی بے لباس کی تن پوشی کی، کسی تنگدست خاندان کی چپکے سے مدد کی، کسی مقروض کے قرض کی ادائیگی میں معاونت کی یا کوئی اور نیکی کا کام کیا؟ اگر ان میں سے کوئی ایک بھی عمل انجام فرمایا تو آپ سرخرو ہوگئے؟ دنیا میں بھی کامرانی اور آخرت کا توشہ بھی آپ کا مقدر لکھا گیا ہے۔ اگر آپ ان میں سے کوئی ایک کام بھی اس دن نہیں کیا تو آپ ناکام ہیں۔ (ف۔خ، لاہور)

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام، موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

عاملوں نے والدکو لاعلاج قرار دے دیا بھائی کی حالت بھی غیر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! والدہ کو مختلف عاملوں نے لاعلاج بولنا شروع کر دیا ہے ۔ میری والدہ پندرہ سال کی عمر سے بیمار ہیں آج ان کی عمر 46 سال ہے۔ بھائی ایک سال کی عمر سے بیمار ہے اور آج اسکی عمر 25 سال ہے۔ جب کبھی بھائی کو امی یا ابو ڈانٹتے ہیں تو اس کے ہونٹ کپکپاتے ہیں اور پیشاب نکل جاتا ہے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوجاتے ہیں اور گرجاتا ہے جس کی وجہ سے بہت نقصان ہوتا ہے۔ (م۔ا، کراچی)

جواب: جادو، جنات، بندشوں اور لاعلاج امراض کیلئے یہ عمل بارہا کا آزمودہ ہے۔ بس یقین توجہ اور دھیان سے کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کیجئے ۔ چند دن کر کے چھوڑ نہ دیجئے۔ ان شاء اللہ آپ کو لاعلاج امراض سے چھٹکارا ملے گا۔ آپ تمام گھر والے سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر والدہ، والد اور بھائی کے پہلے دائیں پھر بائیں کندھے پر دم کریں۔ تصور کر کے بھی دم کر سکتے ہیں۔ والدہ، والد اور بھائی بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔ درج بالا عمل پڑھ کر اپنے کندھوں پر دم کریں۔ یہ عمل ہر گھنٹے یا آدھے گھنٹے کے بعد کریں، ہر نماز کے بعد بھی کر سکتے ہیں اور صرف صبح وشام بھی کر سکتے ہیں۔ وضو بے وضو کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ اپنے بھائی کو عبقری دواخانہ کی معجون ''شفاء یابی'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔

کسی نے دھوکہ دہی سے پیسے ہتھیا لیے ہوں تو یہ وظیفہ کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ ناچیز کو مالی مشکلات کا سامنا ہے کسی نے کاروبار کا جھانسہ دے کر مجھ سے تین لاکھ روپے لے لیے ہیں، میری زندگی بھر کی جمع پونجی تھی، میرا گھر بھی اپنا نہیں، جن کے پیسے دینے ہیں وہ میرے پیچھے پڑے ہیں جبکہ جس نے مجھ سے پیسے ہتھیالیے وہ اب واپس نہیں کر رہا ہے۔ خدارا مجھے کوئی ایسا عمل یا وظیفہ بتائیے کہ جس سے کرنے سے اللہ اس شخص کے دل میں رحم ڈال دے اور وہ میرے پیسے واپس کردے۔ (محمد اکرم، کمالیہ)

جواب: آپ اور تمام گھر والے سارا دن وضو بے وضو، اٹھتے بیٹھے کھلا یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں۔ جتنا یقین، توجہ اور دھیان ہوگا اتنی جلد آپ کی پریشانی دور ہوگی۔ چند دن کر کے چھوڑ نہ دیجئے۔ مستقل مزاجی سے کچھ عرصہ ضرور پڑھیں۔

شادی شدہ بیٹی اپنے سسرال سکھی رہے! وظیفہ آزمائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کے لیے کوئی وظیفہ بتائیں کہ اس کے گھر کے حالات بہتر ہو جائیں، اس کا شوہر اس کے حق میں بہتر ہو جائے اور اس کے بیٹے کو اللہ تعالیٰ زندگی صحت دے اور مزید اللہ تعالیٰ صحت مند، نیک اور صالح اولاد سے بھی نوازے۔ قسمت نصیب اللہ بہتر کرے۔ (والدہ (ج)، پشاور)

جواب: سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار، اول وآخر 3 بار درود شریف اور سورۂ کے ہر ''ک'' پر 9 بار یا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ، جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کر سکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9،9 دن کا عمل کرتے رہیں۔

سکالرشپ کے متلاشی اسٹوڈنٹس ادھر آئیں!

میں نہم کلاس کی سٹوڈنٹ ہوں میری پڑھائی کا کچھ مسئلہ ہے وہ آپ سے پوچھنا چاہتی ہوں آپ کوئی وظیفہ بتائیں جس سے مسئلہ حل ہوجائے، میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں جو کچھ بھی یاد کرتی ہوں جب پیپر یا ٹیسٹ سامنے آتا ہے بھول جاتا ہے میں بہت اچھا پڑھنا چاہتی ہوں اور پڑھ کر کچھ بننا چاہتی ہوں۔ میں اتنا اچھا پڑھنا چاہتی ہو کہ مجھے سکالرشپ ملے۔ مجھے عبقری پر پورا یقین ہے مجھے امید ہے کہ آپ میرے خط کا جواب ضرور دیں گے۔ (سدرہ، کھوئیاں)

جواب: جن طلبا وطالبات کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد پوری توجہ کے ساتھ یَاحَافِظُ یَاعَلِیْمُ یَاقَادِرُ یَاشَافِیُ سات مرتبہ عصر کی نماز کے بعد اَللّٰھُمَّ اَفْرِغْ عَلٰی قَلْبِیْ حُبَّ الْعِلْمِ گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ اسم الرحمٰن پڑھا کریں اگر سبق بھول جانے کی شکایت ہو تو روزانہ دس مرتبہ اَلْمُعِیْدُ پڑھا کریں۔ فرسٹ پوزیشن اور سکالرشپ کیلئے عمل: 1۔ سورۃ القلم ایک بار پڑھ کر سیاہی کی دوات پر پھونک ماریں اور وہی سیاہی پین میں بھر لیں پھر دو بار پڑھ کر قلم کی نوک پر پھونک ماردیں اسی قلم سے پرچہ حل کریں انشاء اللہ جواب چھپے ہوئے آنکھوں کے سامنے آجائیں گے۔ انشاء اللہ اگر پڑھائی کے ساتھ درج بالا اعمال کیے جائیں تو فرسٹ پوزیشن یقینی ہے۔

کچھ بتائیے! میرے بچے بُرے دوستوں سے دور ہوجائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں اور اس پر یقین بھی رکھتی ہوں۔ میرا مسئلہ ہے کہ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ ہمارے بچے اپنے دوستوں سے دور ہوجائیں اللہ تعالیٰ ان کو بری سوسائٹی سے بچائے اور اپنی پڑھائی پر توجہ دیں۔ اور گھر پر توجہ دیں۔ بچوں کے رشتوں کیلئے کوئی وظیفہ بتائیں جہاں میں چاہتی ہوں وہاں بچوں کا رشتہ ہوجائے۔ (بیگم واحد بیگ، پشاور)

جواب: اَحْدَرْ سَصْطَعْ کَلْمُوْہ صبح وشام 313 مرتبہ اول وآخر درود شریف 7 مرتبہ وضو بے وضو سارا گھر پڑھے۔ جتنے زیادہ افراد پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر مسئلہ بہت مشکل ہو تو ہزاروں، لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں کئی سوالاکھ پڑھیں۔ یقین توجہ دھیان سے پڑھیں۔

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا تو جہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

شرم وحیاء ڈاکٹر کے پاس جانے نہیں دیتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں بہت امید لیکر آپ کو خط لکھ رہی ہوں' براہ مہربانی میرا مسئلہ حل کر دیں' اللہ تعالیٰ آپ کو جزا دے گا۔ میں شرم وحیاء کے باعث ڈاکٹر کے پاس جانا نہیں چاہتی' سارا مسئلہ تین سال پہلے شروع ہوا جب میں دسویں جماعت میں تھی' پہلے میرے گھٹنوں میں درد شروع ہوا' جو کہ کچھ وقت کیلئے ہوتا تھا۔ نماز پڑھنا اور جھکنا بہت مشکل ہوتا تھا۔ سردیوں کی راتوں میں درد شدت اختیار کرجاتا ہے۔ رات کو پڑھتی ہوں تو بہت مشکل ہوتی ہے۔ مجھے پیدائشی ٹانسلز ہیں' دو سال پہلے ایک ڈاکٹر کو چیک کروایا تو انہوں نے کہا کہ تمہاری ہڈیوں میں ٹانسلز کی وجہ سے خرابی ہورہی ہے۔ تم 18،19 انجکشن لگواؤ' تم ٹھیک ہوجاؤ گی۔ میں نے وہ کورس بھی کیا۔ مگر میرا گھٹنوں کا درد کم نہ ہوا۔ گرمیوں میں یہ درد اچانک ختم ہوجاتا ہے۔ انجکشنز کے کورس کے بعد میرا ماہواری کا نظام خراب ہوگیا۔ دو دن تو ٹھیک ماہواری آتی ہے تیسرے دن بہت کم بلکہ نا ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ پہلے سے موٹی ہوگئی ہوں' چہرے پر دانے اور داغ دھبے بھی نکل آئے ہیں۔ براہ مہربانی میرے سارے مسائل کا حل بتادیں۔ (ز۔ ھ، ملتان)

مشورہ: محترمہ آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''کراماتی آئل'' اور ''معجون شفاء یابی'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ ماہواری کے خراب نظام کو ٹھیک کرنے کیلئے عبقری دواخانہ سے ''ہارمونز شفاء'' منگوالیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ اس دوا سے آپ کا ماہواری نظام بھی ٹھیک ہوجائے گا اور چہرے کے داغ دھبے اور موٹاپے کا بھی یہی علاج ہے۔ چند دن استعمال کر کے چھوڑ نہ دیجئے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے ضرور استعمال کریں۔ مرچ مصالحہ' بازاری' بیکری اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ سادہ غذا کھائیں' فجر کے بعد سیر ضرور کیجئے۔

آپریشن کی وجہ سے پیٹ بڑھ گیا ہے! کچھ تو بتائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پانچ سالہ پہلے میرا رسولی کا آپریشن ہوا میری ٹیوب بند ہیں' شادی کو تقریباً 12 سال ہوگئے ہیں بچے نہیں ہیں اور بہت علاج کروائے۔ اکثر بچہ دانی میں سوجن زیادہ ہوتی ہے۔ برائے مہربانی اگر آپ مجھے کوئی وظیفہ دیں یا دوائی بتا دیں۔ اس بار ماہواری ایک مہینہ چلی ہے۔ کچھ اینٹی بائیوٹک دوائیاں استعمال کیں تو بند ہوگئی۔ ہڈیوں میں گھٹنوں میں درد رہتا ہے۔ آپریشن کی وجہ سے پیٹ بہت بڑھ گیا ہے میری عمر 35 سال ہے۔ (بختاور' گوجرانوالہ)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ''پوشیدہ کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' اور ''ستر شفائیں'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ چند ہفتے ضرور استعمال کریں۔

پہلی بیوی سے آٹھ بیٹیاں! بیٹے کیلئے کوئی نسخہ بتائیے دوسری بیوی کی فریاد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو دو سال ہوگئے ہیں میرے بچے نہیں ہیں میرے شوہر کی پہلی بیوی سے آٹھ بیٹیاں ہے میں اسکی دوسری بیوی ہوں میں چاہتی ہوں کہ اللہ مجھے بیٹا دے اور میں ہر وقت بیمار رہتی ہو میرا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے میری عمر 30 سال ہے۔ مجھے بیٹے کیلئے کوئی وظیفہ بتادیں۔ (شہناز، بنوں)

مشورہ: بلڈ پریشر سے نجات کیلئے یہ قہوہ دن میں چند مرتبہ چند ہفتے استعمال کریں۔ ھوالشافی: گیارہ دانے عناب' گیارہ دانے سپستان اور ایک بڑا چمچ بہی دانہ، ہلکا کوٹ کر ایک لٹر گرم پانی میں رات کو بھگولیں' صبح اچھی طرح مل چھان حسب ذائقہ میٹھا ملا کر پی لیں۔ سردی ہو تو نیم گرم دن میں وقفے وقفے سے استعمال کریں۔ روزانہ نئی دوائی اور نیا پانی۔ اپنے شوہر کو عبقری دواخانہ کی دوائی ''معجون مراد'' اور ''قوتی'' کھلائیں۔ سورۂ کوثر باوضو کثرت سے پڑھتی رہا کریں۔

کثرت پیشاب' بادی بواسیر سے نجات پائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی خدمت خلق کا جذبہ اور خلوص قبول فرمائے۔ جناب عالی میں عبقری رسالہ 2011ء سے باقاعدہ مطالعہ کر رہا ہوں۔ مجھے کثرت پیشاب کی تکلیف ہے۔ پیشاب زیادہ آتا ہے۔ رات کو تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ بعد حاجت ہوتی ہے۔ بادی بواسیر بھی ہے مقعد کے پاس پھوڑا ہے وہ بھی بیٹھنے سے درد کرتا ہے۔ ساتھ ہی دو تین مو کے بھی ہیں براہ مہربانی اولین فرصت میں میرے لیے مجرب نسخہ وظیفہ تجویز فرمائیں۔ (عبدالقیوم، چارسدہ)

جواب: آپ عبقری دواخانہ کا ''بستر پیشاب شفاء'' اور ''بواسیر کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ پھوڑے پر عبقری دواخانہ کی مرہم ''آگ شفاء'' لکھی گئی ترکیب سے لگائیں۔

میری نظر بچپن سے کمزور تھی مگر اب جالا آگیا ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری نظر بچپن سے کمزور ہے 2005 میں ایک دم آنکھوں میں جالا آگیا رفتہ رفتہ جو کہ دونوں آنکھوں میں پھیل گیا جو کبھی نظر کے سامنے آجائے تو نظر دھندلا جائے۔ کبھی جالا ہٹ جائے تو نظر صاف ہوجائے مقصد یہ ہے جالا آنکھوں میں گھومتا رہتا ہے۔ (خواجہ ضمیر احمد، حیدرآباد)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ''آنکھ شفاء'' اور ''روشن دماغ'' گولیاں کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ قرآن پاک کی یہ آیت فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ ﴿ق ٢٢﴾ سات بار درود شریف' سات بار مندرجہ بالا آیت اور پھر سات بار درود شریف پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے دونوں انگوٹھوں پر پھونکیں پھر دونوں انگوٹھوں کو دونوں آنکھوں پر پھیرلیں۔ انشاء اللہ نور بصر اور زوال نظر کیلئے فائدہ مند ہوگا۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

ڈھونڈنے عشق نکلی تھی! عبقری ملا، سب بدل گیا

قارئین! حضرت جی کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کردیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم کا میری زندگی پر بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے مجھے آپ سے ملا دیا۔ تسبیح خانہ سے جڑنے اور ماہنامہ عبقری ملنے کے بعد میری زندگی بدل گئی۔ میری زندگی کیسے بدلی؟ میں قارئین سے ضرور شیئر کرنا چاہوں گی۔ میں نے جب ہوش سنبھالا تو ہمیں دین کا صرف اتنا پتہ تھا کہ جب کبھی کوئی مشکل آگئی تو ڈوپٹہ لیا اور اللہ سے دعا مانگ لی' یا مدرسہ سے بچے بلوا کر گھر میں قرآن پڑھوایا اور لوگوں میں کھانا تقسیم کردیا۔ سارا دن بس اپنی پڑھائی کی' کھایا پیا' رات کو ٹی وی دیکھا باقی وقت کمرے میں موبائل کو دیا اور سو گئے' صبح پھر وہی روٹین۔ نہ نماز' نہ روزے' نہ ذکر' نہ اذکار' ان چیزوں کا نہ کسی نے بتایا' نہ سیکھنے کی جستجو تھی۔

والد طبیعت کے انتہائی سخت تھے

ان سب کے باوجود گھر میں بڑوں کا ڈر اور ادب تھا۔ ابو جان کے آتے ہی سب سلام لیکر ادب سے بیٹھ جاتے' کسی کی جرأت نہ ہوتی کہ وہ ابو کے سامنے زبان کھول سکے۔ ہمارے متعلق جو بھی بات ہوتی وہ والدہ ہی کرتیں' ہماری فیس' جیب خرچ' کبھی خود ابو جان سے نہ مانگے بلکہ والدہ نے ہی لے کر دیئے۔ تہواروں کا خرچ بھی والدہ ہی ابو جان سے لیتی ہماری جرأت کبھی نہ ہوئی۔ الحمدللہ! ابو جان طبیعت کے انتہائی سخت ہونے کے باوجود انہوں نے کبھی ہماری کوئی جائز خواہش کو رد نہیں کیا بلکہ ہمیں اچھے سے اچھا کھلایا' پلایا اور پہنایا۔ ایسے ماحول میں پل کر جب میں کالج لائف میں پہنچی تو وہاں بھی رنگین دنیا تھی۔

میری زندگی کا نیا دور

بس وہیں میری زندگی کا ایک نیا دور شروع ہوا۔ ایک لڑکے سے دوستی ہوئی' پہلے ہم صرف ایک دوسرے کو نوٹس دکھاتے' صرف تعلیم کے لحاظ سے گفتگو کرتے۔ پھر آہستہ آہستہ اپنی باتیں ایک دوسرے سے شیئر کرنا شروع ہوئے اور یوں ہوتے ہوتے نجانے کب ہم دونوں گھر والوں کی باتیں کرنا شروع ہوگئے۔ میری ایک دوست نے مجھے سمجھایا بھی کہ ''ن'' کو اتنا وقت نہ دیا کرو' بس سلام دعا رکھو وہ بھی اگر کبھی کوئی ضرورت ہو تو (یعنی نوٹس وغیرہ کی یا کوئی بات سمجھنی ہو تو) بس اس کے علاوہ زیادہ بات نہ کیا کرو۔ مگر میں کہتی نہیں وہ ایسا نہیں ہے۔ نہ ہی میری سوچ ایسی ہے۔ مگر وہ کہتی تم نہ سمجھو گی ایسا نہ ہو کہ بعد میں پچھتاؤ۔ خیر میں اس کی بات سنی ان سنی کردیتی۔ آہستہ آہستہ میں نے محسوس کیا جس دن وہ نہیں آتا مجھے بے چینی لگی رہتی' اس کو فون کرکے اس کے کالج نہ آنے کی وجہ پوچھتی۔ اس نے بھی مجھے کال کرنا شروع کردی اور یوں ہمارا کالج کے علاوہ موبائل فون پر باتوں کا سلسلہ طویل ہوتا گیا۔

میری شادی غیر برادری میں نہیں ہوسکتی

ہم نے تقریباً 8 ماہ فون پر بات کی' روزانہ کالج میں ملتے لیکن کبھی بھی ایسی گفتگو نہیں کی کہ جس سے لگے ہم ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔ بس ادھر ادھر کی باتیں کرکے فون رکھ دیتے۔ جس دن بات نہ ہوتی رات کو صحیح طرح نیند نہ آتی۔ چند دن کے بعد ''ن'' نے اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا اور کہا کہ میں تم سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔ میں نے نجانے کیوں اسے کہا کہ میں بھی آپ کو پسند کرتی ہوں اور آپ سے ہی شادی کرنا چاہتی ہوں۔ گھر کے ماحول سے واقف تھی' ابو کبھی بھی نہ چاہیں گے کہ میری شادی کسی غیر برادری میں ہو' ایف ایس سی مکمل ہوئی۔ لڑکے نے بھی کالج چھوڑ دیا اور میرے والد نے بھی مجھے گھر بٹھالیا۔ میری کبھی تنہائی میں ''ن'' سے ملاقات نہ ہوئی اور نہ ہی کبھی ''ن'' نے مجھے کہا۔

سوچ لو! تم غلط کر رہی ہو!

میں نے تمام قصہ اپنی ایک دوست کو سنایا' اس نے مجھے کہا کر تو تم غلط رہی ہو' پھر اگر تم شادی اسی کے ساتھ کرنا چاہتی ہو تو کوئی وظیفہ پڑھ لو۔ وظیفے کا نام سن کر میں چونک گئی' وظیفہ کیسے کرتے ہیں؟ میں نے اس سے پوچھا۔ اس کا کہنا تھا: انٹرنیٹ پر ''پسند کی شادی کیلئے وظیفہ'' لکھ کر تلاش کرو' کوئی قرآن کی آیت یا اسم الٰہی بتائی گئی ترکیب سے کرنا۔ میں زندگی میں پہلی مرتبہ کوئی وظیفہ کرنے لگی تھی' وظیفے کیلئے انٹرنیٹ پر لکھا تو عبقری کی ویب سائٹ کھل گئی' جب ویب سائٹ میں جاکر سرچ کیا تو مجھے سورۂ کوثر کا وظیفہ ملا جو میں نے کرنا شروع کردیا۔ سارا دن باوضو سورۂ کوثر پڑھتی' سر پر ڈوپٹہ اوڑھے رکھتی۔ عبقری کی ویب سائٹ سے ہی عبقری رسالہ کا پتہ چلا۔ بھائی کو بھیج کر عبقری منگوایا۔ پڑھا تو بہت سکون ملا۔ سارے گھر والے عبقری کے شیدائی ہوگئے' ہر ماہ آنا شروع ہوا۔ عبقری ویب سائٹ سے شیخ الوظائف کے درس سننا شروع کیے اور زندگی بدلنا شروع ہوگئی۔

گھر میں برکت کے دروازے کھل گئے

چھوٹے چھوٹے اعمال اور ان کے فوائد سن کر تمام گھر والے اعمال کرنا شروع ہوگئے۔ پہلے جس گھر میں خواتین کے گلے میں بھی ڈوپٹہ نہ ہوتا تھا اب ماشاء اللہ سروں پر ہر وقت ڈوپٹے رہتے ہیں' نماز پڑھنا شروع ہوگئی ہیں اور تو اور میری والدہ' تمام بہنیں صبح کو قرآن پاک کی تلاوت لازمی کرنا شروع ہوگئی ہیں۔ گھر میں برکت کے دروازے کھل گئے ہیں' ابو جان یہ تبدیلی دیکھ کر والدہ سے پوچھنے پر مجبور ہوگئے آخر تم لوگوں میں یہ تبدیلی کیسے آگئی؟ تو والدہ نے میرے ابو کے ہاتھ میں ماہنامہ عبقری رکھ دیا۔ اب تو ابو جان بھی ہر جمعرات گھر جلدی آجاتے ہیں اور آن لائن لائیو درس سنتے ہیں۔ ''ن'' کون تھا؟ کہاں سے آیا؟ کہاں چلا گیا؟ مجھے اب کچھ خبر نہیں! باقی اس کا اتنا احسان ساری زندگی رہے گا کہ اس نے مجھے عبقری سے جوڑ دیا۔

جو بڑوں کا فیصلہ ہوگا مجھے قبول ہے

اب عبایا پہن کر باہر نکلتی ہوں' پانچ وقت نماز' ذکر اذکار' تسبیح اور مصلیٰ مل گیا ہے۔ ٹی وی تو اب بھی ہے مگر چلتا نہیں' نجانے کیوں کسی کا دل ہی نہیں کرتا ٹی وی لگانے کو۔ ابو جان اکثر خبریں لگالیتے ہیں وہ بھی کبھی کبھار۔ موبائل فون استعمال تو ہوتا ہے مگر صرف درس سننے کیلئے یا کال وغیرہ کیلئے۔ گھر میں سکون آگیا ہے' ابھی گزشتہ دنوں میرا رشتہ آیا' ابو جان اور امی جان نے آپس میں مشورہ کیا' امی میرے پاس آئیں میری مرضی پوچھی' میں نے کہا جو بڑوں کا فیصلہ' مجھے قبول' میری بات سن کر ابو اتنے خوش ہوئے کہ انہوں نے میری ہوش میں پہلی مرتبہ خوشی سے میرا ماتھا چوما اور مجھے تھپکی دے کر کہا ''ویل ڈن''۔ مجھے تم پر فخر ہے۔ میں بتا نہیں سکتی کہ میں اس دن کتنا خوش تھی اس سب کے پیچھے عبقری ہی ہے۔ بے شک عبقری ہمارے گھرانے میں انقلاب لایا ہے۔ ڈھونڈنے ذلت نکلی تھی مگر عبقری کی وجہ سے عزتوں کی اونچائی پر ہوں۔

شوہر کی موت! تہجد سجدہ اور ہچکیاں! کرم ہوگیا

رابعہ عبدالحمید، کراچی

اس خاندان کی بہوئیں بدنصیب ہیں دو تو پہلے ہی بیوہ تھیں اور (خدانخواستہ) یہ تیسری بھی ایسی ہوگئی چھوٹی بچیاں ہیں اب کیا کرے گی میں یہ سن کر تیزی سے تڑپ کر نیچے آئی میں نے دیکھا کہ میرے میاں سامنے بے حس وحرکت آنکھیں بند کئے لیٹے ہیں

مضطرب دل کی دعا سیدھا عرش پر جاتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے چند ماہ قبل ہی تعارف ہوا یہ رسالہ ہر دکھی انسان کے لیے محبت، سکون اور عافیت کا پیغام ہے۔ میں نے آج دعا کی قبولیت پر قلم اٹھایا ہے۔ انسان کی زندگی میں کئی بار ایسے موڑ آتے ہیں جب اسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ بند گلی میں کھڑا ہے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ایسی صورت میں بندہ کیا کرے؟ دعا اور صرف دعا خلوص دل کے ساتھ پورے یقین کے ساتھ کہ ایک ذات وحدہ لاشریک کی ایسی ہے جو ہر پکارنے والے کی پکار ضرور سنتی ہے دل مضطرب کی پکار آسمانوں کا سینہ چیر کر سیدھی عرش الٰہی پر جاتی ہے۔ جب انسانی رابطے ساتھ نہ دیں' بندہ اپنے مسائل کے بھنور میں گھرا ہوا تو یہی خلوص دل اور تڑپ کر مانگی گئی دعا آپ کو بھنور سے نکال لیتی ہے اور غیبی مدد آجاتی ہے۔

جادوٹونہ' جناتی سحر' سفلی علم اور حسد کا شکار رہی

میری شادی 1989ء میں ہوئی اس وقت سے آج تک ہم نے جادوٹونہ جناتی سحر، سفلی اور حسد سمیت بے پناہ مسائل اور آزمائشیں جھیلیں اور اپنے والد صاحب کی دو نصیحتوں پر ساری زندگی عمل کرتی رہی۔ ایک یہ کہ نیت صاف منزل آسان اور دوسری یہ کہ کر بھلا ہو بھلا۔ ان دو سنہری باتوں پر ہمیشہ عمل پیرا رہی' حاسدین نے طرح طرح سے ستایا مگر میں نے ہمت نہ ہاری اور اپنے مسائل کے حل کیلئے کبھی غیر شرعی راستہ اختیار نہیں کیا۔ میرے ساتھ شروع سے اللہ کے فضل سے مستقبل میں پیش آنے والے خطرات اور لوگوں کی اچھی بری نیتیں بھانپ لینے کی صلاحیت تھی۔ میری چھٹی حس بہت تیز تھی جس کی وجہ سے کبھی انجانی سی پریشانی لاحق ہوتی ایسا لگتا کہ کوئی انجانا خطرہ سر پر منڈلا رہا ہے تو اور تڑپ کر اپنے اللہ ہی سے فریاد کرتی یَامُغِیۡثُ اَغِثۡنِیۡ کا ورد کرتی۔ خصوصاً وہ اوقات جو دعاؤں کی قبولیت کے احادیث مبارکہ ﷺ سے ثابت ہیں خصوصاً بارش کے وقت جو کہ اللہ کی رحمت ہے صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر تہجد کے وقت' رمضان میں خصوصاً افطار کے وقت جبکہ دریا کی مچھلیاں بھی روزہ داروں کے لیے دعائیں کرتی ہیں۔

شوہر کی جان کو خطرہ! چھٹی حس کا الارم

خیر یہ تقریباً دس سال قبل کی بات ہے مجھے اپنے شوہر کے لیے جان کے خطرے کے مستقل خواب آنے لگے اور میں بہت ڈری ہوئی تھی کیونکہ میرے سسرال میں گزشتہ سالوں میں میرے دو جیٹھ' ایک دیور اور ساس سسر وفات پاچکے ہیں۔ اچانک ہارٹ اٹیک اور اچانک ایکسیڈنٹ کی وجہ سے میں پریشانی کے عالم میں ان کا صدقہ دیتی رہی دعائیں کرتی رہی مگر دل پر چھائی بے چینی اور اضطراب میں کوئی کمی نہیں ہورہی تھی' میرے میاں بہت نیک قابل اور خداترس انسان ہیں۔ کئی بار ایسے خواب دیکھے کہ کوئی میری ناک کی لونگ کھینچ رہا ہے کوئی میری ہاتھوں کی چوڑیاں توڑ رہا ہے کبھی دیکھا کچھ خطرناک لوگ میرے شوہر کے پیچھے بھاگ رہے ہیں اور ان میں بھاگنے کی سکت نہیں میں بھاگتی ہوئی آتی ہوں اور ان کو اٹھا کر اپنے کندھے پر ڈال کر بہت تیز بھاگتی ہوں۔ ہماری چھ بیٹیاں ہیں بیٹے کی عظیم نعمت سے محروم ہیں ہمارا واحد سہارا اللہ کے بعد میرا شوہر ہے۔ میں ان پر باہر آتے جاتے آیۃ الکرسی اور سات بار یَاحَفِیۡظُ یَارَقِیۡبُ پڑھ کر حصار کرتی ہوں ان سے فکرمند اور پوچھتی آپ ٹھیک ہیں' ناں میرے زیادہ پوچھنے سے یہ چڑ جاتے کہ تم کیوں اتنی وہمی ہوگئی ہو؟ یہ بظاہر تو نارمل تھے مگر میری چھٹی حس مجھے کسی بڑے خطرے کا احساس دلا رہی تھی۔

تہجد کے وقت تڑپ اٹھی! سجدہ تھا اور ہچکیاں

مجھے آج تک اس خطرناک دن کی کیفیت یاد ہے کہ میں رات کو سونے لیٹی تو کسی پل چین نہ آئے بستر پر جیسے کانٹے اُگ آئے ہوں آخر میں تڑپ کر اٹھی دو نفل تہجد کے ادا کئے اور پھر سجدے میں جا کے خوب ہچکیوں سے رو رو کر اللہ کریم سے اپنے میاں کی زندگی میں برکت اور عافیت وسلامتی کی بھیک مانگتی رہی کہ اگر ان کیلئے کوئی پریشانی کی بات ہے تو میری دعاؤں کے صدقے وہی پریشانی دور کردے اور میرے دل کی جو شدید بے چینی ہے' یارب اسے دور کرے اور میری بچیوں کے سرپر ان کے (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

اچھا معاشرہ اور ہم

مولانا وحیدالدین خاں

مادی دنیا کا نظام محکم نظام ہے اور انسانی دنیا کا نظام منتشر نظام۔ مادی دنیا میں ہر طرف بناؤ ہے اور انسانی دنیا میں ہر طرف بگاڑ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مادہ اپنے قوانین کا پابند ہے اور انسان اپنے قوانین کا پابند نہیں۔ کوئی طاقتور نظام یا ایک اچھا معاشرہ اس وقت بنتا ہے جب کہ اس کے انسان حقیقی معنوں میں انسان ثابت ہوں۔ جہاں پختگی کی ضرورت ہے وہاں وہ لوہے کی طرح پختہ بن جائیں۔ جہاں نرمی کی ضرورت ہے وہاں وہ چشمہ کی طرح نرم ثابت ہوں' جہاں چپ رہنے کی ضرورت ہے وہاں وہ پتھر کی طرح خاموش ہوجائیں۔ جہاں ٹھہرنے کی ضرورت ہے وہاں وہ پہاڑ کی طرح جم کر کھڑے ہوجائیں۔ جہاں اقدام کی ضرورت ہے وہاں وہ سیلاب کی طرح رواں بن جائیں۔ وہ ہر موقع پر وہی بولیں جو انہیں بولنا چاہیے اور ہر موقع پر وہی ثابت ہوں جو انہیں ثابت ہونا چاہیے۔ ایسے انسان اجتماعی زندگی کے لیے اسی طرح اہم ہیں جس طرح لوہا اور پٹرول تمدنی زندگی کے لیے۔ لوہا اور پٹرول کے بغیر کوئی تمدن نہیں۔ اسی طرح پختہ کردار آدمیوں کے بغیر کوئی اجتماعی زندگی نہیں۔

ایک انسان کو جہاں وعدہ پورا کرنا چاہیے وہاں وہ وعدہ خلافی کرے' جہاں اس کو شرافت کا طریقہ اختیار کرنا چاہیے وہاں وہ کمینہ پن کا طریقہ اختیار کرے جہاں اس کو فیاضی دکھانا چاہیے وہاں وہ تنگ ظرفی کا ثبوت دے جہاں اس کو بڑا پن کا مظاہرہ کرنا چاہیے وہاں وہ چھوٹا پن دکھائے جہاں اس کو معاف کردینا چاہیے وہاں وہ انتقام لینے لگے جہاں اس کو اطاعت کرنا چاہیے وہاں وہ سرکشی کرنے لگے۔ جہاں اس کو اعتراف کرلینا چاہیے وہاں وہ ہٹ دھرمی دکھانے لگے۔ جہاں اس کو اپنے بھائی کی پردہ پوشی کرنا چاہیے وہاں وہ اس کی پردہ داری کرنے پر تل جائے جہاں اس کو ایثار سے کام لینا چاہیے وہاں وہ خودغرضی سے کام لینے لگے۔

اگر ایسا ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان نے اپنا انسانی کردار کھودیا ہے۔ وہ اس امید کو پورا نہیں کررہا ہے جو اجتماعی نظام کا ایک جز ہونے کے اعتبار سے اس سے قائم کی گئی تھی۔ جس اجتماعی معاشرہ کا یہ حال ہو کہ اس کے افراد اپنا انسانی کردار کھودیں وہاں صرف انتشار کا راج ہوگا وہاں کوئی مستحکم اجتماعی نظام نہیں بن سکتا۔

پڑوسی سے بدسلوکی کے معاشرے پر بھیانک اثرات

امیر افضل اعوان، راولپنڈی

اے اللہ کے رسولؐ! پڑوسی کا حق کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ تجھ سے مدد مانگے تو اسے مدد مہیا کر اگر ضرورت مند ہو تو اسے عطا کر، اگر بیمار ہو تو اس کی تیمارداری کر، اگر فوت ہو جائے تو اس کے جنازے کے پیچھے جا اگر اسے کوئی خیر پہنچے تو تجھے خوشی ہو۔

غیر مسلم ہمسایہ کی اہمیت

دین اسلام میں ہر تعلق، رشتے اور انسان سے وابستہ ہر فرد کی اہمیت، احترام اور مقام کی بہت وضاحت کے ساتھ تفصیل بیان کی گئی ہے بلاشبہ دین اسلام وہ دین ہے کہ جس میں غیر مسلموں کو بھی ان کے بنیادی حقوق سے سرفراز کیا گیا، یہ وہ آفاقی مذہب ہے کہ جس میں گھر کے افراد کے ساتھ ساتھ غلام اور لونڈی کے حقوق کے تحفظ کا حکم دیا گیا اور یہ ہی وہ دین حق ہے کہ جس میں جانوروں تک کے بنیادی حقوق بڑی ہی وضاحت کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں۔ اسلام میں جہاں رشتہ داری کی اہمیت بیان کی گئی ہے وہیں رشتہ داروں کے علاوہ ان افراد کی جن کے ساتھ کوئی بھی مومن میل جول رکھتا ہے۔ ان کے حقوق کا بیان موجود ہے۔ بلکہ ہمسایہ کی اہمیت تو اس کے غیر مسلم ہونے کے باوجود مسلمہ ہے۔ اس حوالہ سے ہمسایوں کو تین درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے پہلا وہ جو غیر مسلم ہو اس کا حق ایک درجہ ہے دوسرا جو مسلمان ہو مگر رشتہ دار نہ ہو اس کا حق دو درجے ہے یعنی وہ پڑوسی بھی ہے اور مومن بھی اسی طرح تیسرا وہ جو ہمسایہ بھی ہے رشتہ دار ہے اور مومن بھی اسی طرح تیسرا وہ جو ہمسایہ بھی ہے رشتہ دار ہے اور مومن بھی تو اسلام میں اس کا تفصیلی ذکر موجود ہے تا کہ ایک مستحسن معاشرہ قائم ہو سکے۔

ایسے پڑوسی سے حسن سلوک! جس سے قرابت نہ ہو

قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے کہ ’’اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ سلوک و احسان کرو اور رشتہ داروں سے اور یتیموں سے اور مسکینوں سے اور قرابت دار ہمسایہ سے اور اجنبی ہمسائے سے اور پہلو کے ساتھی سے اور راہ کے مسافر سے اور ان سے جن کے مالک تمہارے ہاتھ ہیں (غلام، کنیز) یقیناً اللہ تعالیٰ تکبر کرنے والے اور شیخی خوروں کو پسند نہیں فرماتا‘‘ سورۃ النساء آیت ۳۶، اس آیت مبارکہ میں قرابت دار پڑوسی کے حوالہ سے استعمال ہوا ہے، جس کے معنی ایسا پڑوسی جس سے قرابت داری نہ ہو، مطلب یہ ہے کہ پڑوسی سے بہ حیثیت پڑوسی کے حسن وسلوک کیا جائے رشتہ دار ہو یا غیر رشتہ دار احادیث مبارکہ میں بھی اس کی بڑی تاکید کی گئی ہے۔ یہاں پہلو کے ساتھ سے مراد رفیق سفر، شریک کار، بیوی اور وہ شخص ہے جو فائدے کی امید پر کسی کی قربت و ہم نشینی اختیار کرے بلکہ اس کی تعریف میں وہ لوگ بھی آ سکتے ہیں جنہیں تحصیل علم یا کوئی کام سیکھنے کے لیے یا کسی کاروباری سلسلہ میں آپ کے پاس بیٹھنے کا موقع ہے، راہ کے مسافر گھر، دکان اور کارخانوں، ملوں کے ملازم اور نوکر چاکر بھی آ جاتے ہیں۔

سب سے زیادہ حق دار رشتہ دار ہمسائے ہیں

سورۃ النساء کی اس آیت مبارکہ میں تین قسم کے ہمسایوں کا ذکر ہے ایک وہ جو ہمسائے بھی ہوں اور رشتہ دار بھی ہوں دوسرے وہ جو تمہارے پہلو میں یا تمہارے مکان کے پاس تو رہتے ہوں مگر تمہارے رشتہ دار نہ ہوں تیسرے وہ جو تمہاری سوسائٹی سے متعلق ہوں مثلاً وہ دوست احباب جو ایک جگہ مل بیٹھتے ہوں یا کسی دفتر میں یا دوسری جگہ اکٹھے کام کرتے ہوں اور اکثر میل ملاقات رہتی ہو، حسن سلوک تو ان سب سے کرنا چاہیے، تاہم اسی ترتیب سے ان کا خیال ضرور رکھا جائے سب سے زیادہ حقدار رشتہ دار ہمسائے ہیں پھر ان کے بعد اپنے گھر کے آس پاس رہنے والے ہمسائے اور ایک روایت کے مطابق ایسے ہمسایوں کی حد چالیس گھروں تک ہے پھر ان کے بعد ان ہمسایوں کی باری آتی ہے جو اپنے ہم نشین، ہم جماعت یا ساتھ کام کرنے والے ہوں۔

پڑوسیوں سے حسن سلوک نہ کرنے والی جہنمی قرار پائی

اسلام نے مختلف وسعت پذیر دائروں میں مسلم معاشرے کی زندگی منظم کرنے کی طرف سب سے زیادہ توجہ دی ہے تا کہ پورا معاشرہ منظم ہو جائے، اس سلسلے میں والدین اور رشتہ داروں کے حقوق سے شروع ہو کر یہ سلسلہ پڑوسیوں، دوستوں اور آشناؤں سے ہوتا ہوا غریبوں اور غیر مسلموں تک جاتا ہے۔ اہل علم کہتے ہیں کہ پڑوس کے دائرے کو جس قدر ممکن ہو وسعت دی جائے۔ دین اسلام میں ایک جانب یہ بتایا جا رہا ہے کہ جو پڑوسی کا خیال نہ رکھے تو اللہ پاک اس سے ناراض ہو جائے گا یہ کہ بھی کہ جو اپنے ہمسائے کو ستائے وہ مومن ہی نہیں تو ایک جانب یہ بھی وضاحت کی جا رہی ہے کہ ایسے شخص کی عبادات بھی قبول نہیں اور وہ جہنم میں جائے گا اس سلسلہ میں ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ ’’ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نے بارگاہ نبوت میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ فلاں عورت کثرت سے نماز، روزہ اور صدقہ کرنے میں مشہور ہے لیکن وہ اپنی زبان سے اپنے پڑوسیوں کو ستاتی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا وہ جہنمی ہے پھر اس نے کہا یا رسول اللہ ﷺ فلاں عورت نماز، روزہ، اور صدقہ کی کمی میں مشہور ہے وہ صرف پنیر کے چند ٹکڑے صدقہ کرتی ہے۔

پڑوسی کا حق کیا ہے؟ حدیث نبویؐ پڑھ لیں!

حقوق ہمسائیگی کا اسلام میں اس قدر بیان ہے کہ ایسا محسوس ہونے لگا گویا کہ پڑوسی آپ کے گھر یا خاندان کا ہی ایک شخص ہو اس بارے میں ایک حدیث مبارکہ میں بیان ہے ’’ایک انصاری صحابیؓ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضری کے ارادے سے اپنے گھر سے نکلا وہاں پہنچا تو دیکھا کہ نبی کریم ﷺ کھڑے ہیں اور نبی کریم ﷺ کے ساتھ ایک اور آدمی بھی ہے جس کا چہرہ نبی کریم ﷺ کی طرف ہے میں سمجھا کہ شاید یہ دونوں کوئی ضروری بات کر رہے ہیں بخدا! نبی کریم ﷺ اتنی دیر کھڑے رہے کہ مجھے نبی کریم ﷺ پر ترس آنے لگا جب وہ آدمی چلا گیا تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! یہ آدمی آپ کو اتنی دیر لے کر کھڑا رہا کہ مجھے آپ ﷺ پر ترس آنے لگا نبی کریم ﷺ نے فرمایا کیا تم نے اسے دیکھا تھا؟ میں نے عرض کیا جی ہاں! نبی کریم ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ وہ کون تھا؟ میں نے عرض کیا نہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا وہ جبرائیلؑ تھے جو مجھے مسلسل پڑوسی کے متعلق وصیت کر رہے تھے حتیٰ کہ مجھے اندیشہ ہونے لگا کہ وہ اسے وراثت میں بھی حصہ دار قرار دے دیں گے پھر فرمایا اگر تم انہیں سلام کرتے تو وہ تمہیں جواب ضرور دیتے‘‘ (مسند احمد) پڑوسیوں کے حقوق کے حوالے سے معاذ بن جبلؓ سے منقولہ ہے کہ ہم نے کہا اے اللہ کے رسولؐ! پڑوسی کا حق کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر وہ تجھ سے مدد مانگے تو اسے مدد مہیا کر اگر ضرورت مند ہو تو اسے عطا کر، اگر بیمار ہو تو اس کی تیمارداری کر، اگر فوت ہو جائے تو اس کے جنازے کے پیچھے جا اگر اسے کوئی خیر پہنچے تو تجھے خوشی ہو۔

روکھے سوکھے الجھے بے حال بال اور خواتین کے جتن!

حنا پرویز رانا، لاہور

بالوں کو اچھی طرح صاف نہ کرنا، بالوں میں ٹھیک طرح سے کنگھی نہ کرنا، بالوں میں تیل نہ لگانا، صابن ہیئر ڈرائیر کا متواتر استعمال کرنا، بار بار پرمنگ کرانا وغیرہ۔ اس کے علاوہ دوسروں کی کنگھی، ٹاول، تکیہ ہیئر بینڈ وغیرہ استعمال کرنے سے بھی ڈینڈرف کی پریشانی پیدا ہوجاتی ہے

خوبصورت اور صحت مند بال خواتین کی دلکشی کا اہم ترین جزو قرار دیئے جاتے ہیں۔ خواتین اپنے بالوں کو صحت منداور سدابہار رکھنے کے لیے سینکڑوں جتن کرتی ہیں۔ قیمتی شیمپو، کنڈیشنز اور تیل کے استعمال کے بعد بھی اگر بال گرتے رہیں۔ ان میں خشکی اور سکری موجود رہے اور بالوں کے سرے درختوں کی شاخوں کی طرح پھیلتے رہیں تو سمجھ لیجئے کہ آپ کے سر کے بالوں کا مسئلہ خصوصی توجہ کا متقاضی ہے۔

خراب بال! ماہرین کیا کہتے ہیں!

ماہرین کا کہنا ہے کہ غذائیت میں کمی اور بے احتیاطی اور ذہنی بے سکونی دراصل وہ بنیادی مسائل ہیں جو ہمارے معاشرے میں خواتین کی اکثریت کو درپیش رہتے ہیں اور خواتین کے ایسے ہی مسائل سے خواتین کی جلد اور بال شدید متاثر ہوتے ہیں۔ ذہنی اور جسمانی مشقت کرنے والی خواتین کو عام افراد کی نسبت زیادہ غذائیت کی ضرورت ہوتی ہے بالوں کی صحیح نگہداشت نہ کی جائے تو بال اپنی خوبصورتی اور دلکشی کھونے لگتے ہیں۔ غیر معیاری اور ناقص غذائیت، سردھونے کے لیے صابن کا استعمال یا شیمپو بدلنے کے تجربات، دھوپ اور گردوغبار میں بالوں کو کھلا رکھنا بالوں کے لیے شدید نقصانات کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے۔ عمر سے پہلے بال جھڑنے لگتے ہیں۔ سر میں خشکی اور سر کی بالوں میں قبل از وقت سفیدی لانے کی وجہ بنتی ہے اور پریشان حال خواتین قیمتی کاسمیٹکس کی طرف رجوع کرنے لگتی ہیں۔ ڈینڈرف یعنی سکری یا خشکی بالوں میں ہونے والی عام پریشانی کا باعث ہے۔ خاص طور پر موسم سرما میں تو یہ مسئلہ شدت اختیار کرجاتا ہے۔ اگر بال سیاہ اور گھنے ہوں لیکن ان میں ڈینڈرف کا مسئلہ ہو تو بالوں کی ساری کشش ختم ہوجاتی ہے۔ ڈینڈرف کی وجہ سے بالوں میں کئی طرح کے مسائل جیسے بالوں کا پتلا ہونا، بالوں کا قبل از وقت مفید ہونا بالوں کا جھڑنا، بالوں کی قدرتی چمک ختم ہو جانا وغیرہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ بالوں میں خشکی ہونے کی وجوہات پر غور کریں مندرجہ ذیل معاملات خشکی کا باعث بن سکتے ہیں۔ بالوں کو اچھی طرح صاف نہ کرنا، بالوں میں ٹھیک طرح سے کنگھی نہ کرنا، بالوں میں تیل نہ لگانا، صابن ہیئر ڈرائیر کا متواتر استعمال کرنا، بار بار پرمنگ کرانا وغیرہ۔ اس کے علاوہ دوسروں کی کنگھی، ٹاول، تکیہ ہیئر بینڈ وغیرہ استعمال کرنے سے بھی ڈینڈرف کی پریشانی پیدا ہو جاتی ہے جسم میں وٹامن اے، ڈی کی کمی ہونا، ذیابیطس میں مبتلا ہونا، ذہنی تناؤ، زیادہ دکھی یا مایوس ہونا، تکان، غلط رہن سہن ہر وقت ٹوپی یا ہیٹ پہنے رہنا اور بالوں کو رنگنے کے لیے کیمیائی خضاب کا استعمال کرنا وغیرہ بھی ڈینڈرف کا سبب بن سکتا ہے۔ بالوں کے مسئلہ پر خصوصی توجہ دیں۔ بالوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے بالوں میں جمی پپڑی کی وجہ سے بالوں کو مطلوبہ مقدار میں آکسیجن اور مناسب غذائیت فراہم نہیں ہو پاتی جس کی وجہ سے بال جھڑنے یا سفید ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور ڈینڈرف وغیرہ کے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔

بالوں کے مسائل سے بچنے کیلئے تدابیر

بالوں کے مسائل سے بچنے کے لیے مندرجہ ذیل تدابیر اختیار کریں۔ صابن، گھٹیا شیمپو کا استعمال نہ کریں۔ بالوں میں زیادہ ڈائی، بلیچنگ یا پرم نہ کرائیں۔ کسی دوسرے شخص کی کنگھی، تولئے، تکیہ، ہیئر بینڈ وغیرہ استعمال نہ کریں اس سے خشکی کی انفیکشن ایک دوسرے میں پھیل جاتی ہے۔ ذہنی تناؤ سے بچیں، پریشانیوں سے آزاد رہیں۔ رات دیر تک نہ جاگیں، صبح جلد بیدار ہوں، بھرپور نیند لیں، نیند میں کمی نہ کریں۔ چائے، کافی، کولڈ ڈرنکس، سگریٹ وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔ تیل، مصالحے دار چیزیں، میدہ سے تیار چیزیں اور کھٹی چیزوں کا زیادہ استعمال نہ کریں۔

گیلے بالوں کو فوراً باندھنے کا نقصان

روزانہ سر دھونے کی بجائے ہفتے میں دو سے تین مرتبہ سردھونے کو معمول بنائیں اگر ماحول میں گردوغبار زیادہ ہے تو اسی مناسب سے ہفتے میں چار مرتبہ بھی سردھویا جاسکتا ہے۔ صابن اور شدید گرم پانی سے پرہیز کریں۔ رات کو سونے سے پہلے کنگھی اور برش کی مدد سے بالوں کو سلجھا کر دو ڈھیلی سی چوٹیاں بنالیں۔ ہفتے میں دو سے تین مرتبہ بالوں کو کھلا چھوڑ کر سر کی کھال کو دھوپ اور ہوا لگنے کا مواقع فراہم کریں۔ قابل برداشت گرم پانی میں بھیگے ہوئے تولئے کو سر پر تین سے چار منٹ لپیٹ کر رکھنے کے بعد ٹھنڈے پانی میں بھیگے اور نچوڑے ہوئے تولئے کو اسی طرح سر پر لپیٹ لیں، ہفتے میں تین سے چار مرتبہ یہ عمل کرنے سے بالوں کے جھڑنے میں کمی آجاتی ہے۔ گیلے بالوں کو فوری طور پر باندھنے یا تیل لگانے سے بھی بال خراب ہوجاتے ہیں۔ تیل لگانے سے قبل بالوں کو خشک ہونے دیں۔ بالوں کو زیادہ تراشنے یا کاٹنے سے بھی بال سخت اور کھردرے ہوجاتے ہیں بالوں کی تراش خراش میں مناسب وقفہ بہت ضروری ہے خشکی سے بچاؤ کے لیے سر کی جلد میں دہی اور تیل لگائیں اور تھوڑی دیر لگانے کے بعد نیم گرم پانی سے سردھولیں۔

بالوں کی صفائی نہ ہونے کی وجہ سے بالوں میں جمی پپڑی کی وجہ سے بالوں کو مطلوبہ مقدار میں آکسیجن اور مناسب غذائیت فراہم نہیں ہو پاتی جس کی وجہ سے بال جھڑنے یا سفید ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور ڈینڈرف وغیرہ کے مسائل بھی پیدا ہوتے ہیں۔

ایک مہینے میں فالج کا نام ونشان ختم

محترم جناب حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تقریباً دو سال سے عبقری رسالہ کا قاری ہوں اس سے پہلے جو وقت عبقری کے پڑھے بغیر گزرا اس پر ندامت ہوتی ہے کہ پہلے عبقری کیوں نہیں پڑھتا تھا عبقری رسالہ میں الحمدللہ مجھے بے شمار فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ عبقری ملک کے کونے کونے پر اسٹالوں پر نمایاں نظر آتا ہے۔ اللہ مزید مقبولیت عطا فرمائے آمین۔ میں نے اپنے محسن استاد اہلحدیث سے دوران درس فالج بارے ایک نسخہ سنا ہے یہ نسخہ جس کو بھی دیا اس کو فائدہ ہی ہوا۔ سرخ کیکڑے (جو ساحل سمندر والے علاقہ میں پایا جاتا ہے) کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر تین دن رات تک مسلسل ہلکی آنچ پر پکائے جائیں پھر اس تیل کو متاثر حصہ پر مالش کریں ایک مہینے تک یہی عمل کریں فالج کا نام ونشان ختم ہوجائے گا۔ (دلاور خان، عمرکوٹ)

یہ تحریر ہزاروں گھروں کو تباہی سے بچا سکتی ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گھریلو جھگڑے آج گھر گھر میں ہیں میرا اور میرے چند دوستوں کا گھران مسائل کی وجہ سے جہنم بنا ہوا ہے یہ تحریر لکھنے کا مقصد ہزاروں گھروں کو تباہی سے بچانا ہے۔ اگر تمام بہنیں چاہتی ہیں کہ ان کی زندگی خوش وخرم طریقے سے گزرے تو اس کا سب سے بنیادی پہلو یہ ہے کہ آپ اپنے خاوند کو خوش رکھیں۔ خاوند خوش رہے گا تو آپ کی زندگی میں بھی لازمی خوشحالی آئے گی اور آپ کی صحت آپ کے بچوں اور خاوند کی صحت وتندرستی برقرار رہے گی' خاوند کی حیثیت ٹرین میں انجن جیسی ہوتی ہے اگر انجن خراب ہوجائے تو بوگیاں بھی بے کار ہوجاتی ہیں۔ خاوند اگر انجن ہے تو بیوی بچے بوگیاں ہیں تو اس لیے آپ کو ایسے اعمال کرنے ہوں گے تاکہ گاڑی چلتی رہے۔ گھر کی ٹرین کے انجن کا سٹیئرنگ عورت کے ہاتھ میں ہوتا ہے اب یہ عورت پر منحصر ہے کہ وہ گاڑی کو کیسے چلاتی ہے؟

خاوند کو خوش رکھنے کے چند رہنما اصول

(۱) خاوند کی پسند کی غذا کا خیال رکھیں جو وہ کھانے میں پسند کرتا ہے اسے بنا کر دیں مثلاً سبزیاں، دالیں، چاول، گوشت اگر آپ وہ چیزیں پسند نہیں کرتیں جو خاوند خوش ہوکر کھاتا ہو اس کے لیے بنانے سے ہچکچائیں مت بلکہ آپ بھی خاوند کی پسند کی چیزیں کھائیں تو وہ زیادہ خوش ہوگا۔ یاد رکھیں خاوند آپ کا خیر خواہ دوست ہے آپ کا دشمن نہیں ہے۔ (۲) اپنے سسرالی رشتہ داروں کی خوب آؤ بھگت کریں خوشدلی اور حسن سلوک سے پیش آئیں جس طرح آپ (سب نہیں مگر اکثریت) اپنے ماں باپ بہن بھائیوں اور ان کے تعلق سے آنے والے مہمانوں سے آتی ہیں۔ اگر آپ کو پہلے سے یہ معلوم ہو کہ میرا کوئی اپنا آرہا ہے تو دو دن پہلے سے ہی تیاری شروع کردیتی ہیں اور اگر کوئی خاوند کے رشتہ داروں میں سے آجائے تو بیمار پڑجاتی ہیں ان کو خود پر بوجھ سمجھتی ہیں ان کی آؤ بھگت نہیں بلکہ ان مہمانوں کے سامنے اپنے بچوں اور شوہر کو جھڑکنا اور برا بھلا کہنا شروع کردیتیں ہیں اگر خاوند اپنے رشتہ دار مہمانوں کے لیے کچھ پکانے کیلئے لے آتا ہے تو آپ سردرد یا بیماری کا بہانہ کرکے اسے پکاتی نہیں یا پھر ٹھیک طرح سے نہیں پکاتی بلکہ اکثر (سب نہیں) خواتین تو ایسی بیمار پڑتی ہیں کہ جو سسرالی رشتہ دار تفریح طبع کیلئے آئے ہوتے ہیں وہ خاتون خانہ کے تیاردار بن جاتے ہیں اس کے برعکس جب خاتون (سب نہیں اکثریت) کے رشتہ دار آتے ہیں تو اگر وہ بیمار بھی ہے تو بھلی چنگی ہوجاتی ہے اپنے رشتہ داروں کے بچوں کے منہ میں نوالے بھی ڈالتی ہے ان کا گند بھی صاف کرتی ہے' ان کے نازنخرے بھی برداشت کرتی ہے لیکن وہ اس بات سے بے خبر ہوتی ہے کہ خاوند ایک ایک بات اور مختلف رویوں کو نوٹ کررہا ہوتا ہے مگر گھر کے امن کی خاطر خاموشی سے یہ ظلم برداشت کرتا رہتا ہے لیکن کبھی نہ کبھی لاوا اُبل پڑتا ہے جب یہ لاوا اُبلتا ہے تو پھر گھر تباہ و برباد ہوجاتے ہیں اس وقت بہت دیر ہوچکی ہوتی ہے۔

خاوند اپنے رشتہ داروں کی عزت چاہتا ہے

یاد رکھیں! رشتہ دار آپ کے ہوں یا خاوند کے خرچہ سارا خاوند ہی برداشت کرتا ہے اس لیے وہ اپنے عزیزوں کیلئے سپیشل عزت چاہتا ہے۔ (۳) خاوند کی بیماری میں اس کی خلوص دل سے تیمارداری کریں خاوند کے کاروبار کیلئے خصوصی دعا کرتی رہے کہ اس کا کاروبار ترقی کرے اگر اس کا کاروبار ٹھیک ہوگا تو آپ کی خوشحالی کا ضامن ہوگا۔ (۴) خاوند کی ازدواجی ضروریات کا خاص خیال رکھیں یہ سب سے اہم مسئلہ ہے جو خواتین کو ان کے خاوند سے دور کرتا ہے۔ خاوند کی خوشی میں آپ کی خوشی ہے ورنہ تباہی ہے لڑائی ہے دنگا فساد ہے بربادی ہے۔ (عبدالجبار، سیالکوٹ)

یقین مانیے! معاشرے میں ایسے شوہر بھی ہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں عبقری رسالہ پڑھنے کا رواج کچھ زیادہ پرانا نہیں ہے ہم نئے نئے پڑھنے والے ہیں میرے ہاتھ ماہ اگست کا عبقری رسالہ لگا اور ورق گردانی کرتے ہوئے ایک کالم پر میری نظر پڑی اور پڑھنے کا اتفاق ہوا تو مجھے بھی قلم اٹھانے اور کچھ لکھنے کا شوق پیدا ہوا۔ پیشے کے اعتبار سے میں ایک پرائمری سکول ٹیچر ہوں۔ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہمیں ایسے رائٹرز ملے جو صرف ایک رخ کی بات کرتے ہیں دوسرے رخ پر پردہ پڑا رہنے دیتے ہیں۔

مردوں کو بھی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم ہے!

جیسا کہ پردے کی جب بھی بات آئے گی قرآنی آیات کا حوالہ صرف اس بات پر دیتے ہیں کہ ''قرآن پاک میں ہے کہ بے پردہ عورتوں پر بہت عذاب ہوگا'' سخت وعید ہے، ناپسندیدہ عمل ہے وغیرہ وغیرہ حالانکہ پوری بات یہ ہے کہ پہلے مردوں کو اپنی نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم ہے پھر عورتوں کو اپنے جسم کو ڈھانپنے کا حکم ہے اگر کوئی عورت بے پردہ ہے تو آپ یقین جانیے کہ اس میں کہیں نہ کہیں مردوں کا قصور ملے گا اس کے باپ کی تربیت کی کمی' اس کے شوہر کی بے غیرتی کا ہاتھ، اس کے بھائی کی لاپرواہی اور آوارگی کا اور اس کے بیٹے کی اپنی ذمہ داریوں کا احساس نہ ہونے کا بہت بڑا ہاتھ ہوگا۔ لکھنے والے نے لکھا ''اگر شوہر بیوی کے قریب آنا چاہے اور اگر بیوی اپنے شوہر کو انکار کرے تو اس کی بیوی پر لعنت ہوتی ہے'' اور اگر بیوی کے ہوتے ہوئے شوہر بے راہ روی کا شکار ہو تو کیا اس شوہر پر رحمت ہوگی؟

کیا ایسے شوہر جنتی شہزادے ہیں؟ خدارا معاشرہ سنبھالیے

اپنی بیوی کی بہن اور اس کی رشتہ دار' سہیلیوں پر بری نظر رکھنے والے شوہر کیا جنتی شہزادے ہیں؟ بیہودہ گفتگو کرے' گالی گلوچ کرے' اپنی بیوی کو کنیز سے زیادہ اہمیت نہ دے کیا ان تمام باتوں کو بھول کر کوئی بیوی اپنے شوہر کی خواہش کا احترام کرے گی۔ منہ سے گٹکے کے بھبکے، تمباکو کی بدبو، سگریٹ کی بدبو اور منہ پر غلیظ گالیاں کیا عورت کا دل اس کی طرف مائل کرسکتی ہیں؟ (۱) ہمارے محلے میں ایک لڑکی نے شادی کے دو سال بعد اپنے شوہر سے طلاق لے لی وجہ معلوم کرنے پر اس کے الفاظ کچھ یہ تھے کہ پہلے تو میرے شوہر میری چھوٹی بڑی بہنوں پر میری سہیلیوں پر بری نظر رکھتے' ان کے بارے میں واہیات گفتگو کرتے مجھے بہت شرمندگی ہوتی تھی مگر جب انہوں نے میری سگی امی کے متعلق بکواس کرنی شروع کردی تو یہ مجھ سے برداشت نہ ہوسکا کیا اس کا شوہر جنتی ہے؟ (۴) بچوں کی جائز خواہشات کا گلہ گھوٹنے والے شوہر کی طرف سے اس کی بیوی کا دل کیسے صاف ہوسکتا ہے' ماں تو اپنے خدا سے بھی اپنے بچوں کیلئے لڑجاتی ہے تو کیا ایسی بیوی اپنے شوہر کی خواہش کا احترام کرے گی۔

حکیم فاروق چڑھوئے والا سنانواں

آدھی رات کو یہ اسم تین بار پڑھیں! مراد پوری

جب آپ بیمار ہوں تو دو رکعت نماز حاجت برائے صحت پڑھیں اور اس طرح دعا کریں۔ سب سے پہلے اللہ کی تعریف بیان کریں اس کے لیے سورۂ فاتحہ بہترین ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجیں اسکے بعد جو آپکی دعائیں ہوں عربی میں یا اپنی زبان میں مانگیں

دعا صحت مانگنے کا طریقہ: اللہ کے رسول ﷺ نے ابوہریرہؓ سے (جب وہ بیمار تھے) فرمایا ''اٹھو اور نماز پڑھو کیونکہ نماز میں شفاء ہے'' (ابن ماجہ)۔

جب آپ بیمار ہوں تو دو رکعت نماز حاجت برائے صحت پڑھیں اور اس طرح دعا کریں۔ سب سے پہلے اللہ کی تعریف بیان کریں اس کے لیے سورۂ فاتحہ بہترین ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجیں اسکے بعد جو آپکی دعائیں ہوں عربی میں یا اپنی زبان میں مانگیں مثلاً ''اے اللہ میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں غرق ہونے سے، آگ میں جل جانے سے، کسی گرنے والی عمارت کے نیچے آنے سے، اچانک موت سے، برص، کوڑھ غرض یہ کہ ہر اذیت دینے والی اور تکلیف دہ بیماریوں سے۔ اے اللہ! مجھے عافیت دے میرے پورے جسم میں ہر (روحانی وجسمانی) بیماری سے۔

(آخر میں بھی درود ابراہیمی پڑھیں)

سر کا درد اور آدھے سر کا درد

سر کے درد اور حافظہ کی کمزوری کے لیے روزانہ سات دانے بادام اور اکیس دانے کشمش رات کو پانی میں بھگو دیں اور صبح دودھ کیساتھ کم از کم چالیس دن تک کھائیں بادام دانتوں سے باریک پیس کر کھائیں۔ (۲) سات بار سورۂ فاتحہ بمعہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر سر پر دم کریں اور پانی پر بھی پانی پینا بھی ہے اور لگانا بھی ہے یہ علاج کم از کم اکیس دن ہر نماز کے بعد کریں۔ یا اکتالیس دن کریں۔

(۳) اکیس مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر پانی پر دم کریں پانی مریض کو پلائیں بھی اور لگائیں بھی یہ بھی بہترین علاج ہے۔

(۴) لَا یُصَدَّعُوۡنَ عَنۡہَا وَ لَا یُنۡزِفُوۡنَ (الواقعہ) جس کے سر میں درد ہو اس پر تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

(۵) قیصر روم نے حضرت عمرؓ کی خدمت میں شکایت درد سر کی عرض کی۔ آپؓ نے ایک ٹوپی سلوا کر بھیج دی جب تک وہ ٹوپی سر پر رہتی درد سر کو سکون رہتا اور جب اس کو اتارتا پھر درد ہونے لگتا اس کو تعجب ہوا اور کھول کر ٹوپی کو دیکھا تو اس میں فقط ''بسم اللہ الرحمن الرحیم'' لکھی تھی۔

(۶) جس کے سر میں درد ہو اس کے ماتھے پر سات مرتبہ یَا جَبَّارُ یَا سَلَامُ سات سات دفعہ پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا اگر آدھے سر کا درد ہے تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے بہت جلد شفاء ہوگی۔

کمر' پسلی یا سینہ میں درد کیلئے

اگر کسی کو پسلی یا سینہ یا کمر میں یا سر میں درد ہو تو دوسرا شخص باوضو ہو کر درد کی جگہ سات مرتبہ ''یا اللہ'' انگلی سے خالی بلا سیاہی وغیرہ لکھے اور دن میں سات دفعہ اس عمل کو کرے انشاء اللہ درد جاتا رہے گا۔

جو بھی حکیم ڈاکٹر یہ عمل کرے گا مقبول ہو جائیگا

جو بھی طبیب یَا بَارِئُ کا وظیفہ پڑھے گا۔ جس مریض کا علاج کرے گا موافق پڑے گا۔ تمام مخلوق میں اس کی عزت و وجاہت بہت ہوگئی۔

صرف تین بار یہ اسم پڑھیں' مراد پوری

جو شخص آدھی رات کے وقت کھڑے ہو کر تین ہزار مرتبہ یَا مُنۡتَقِمُ پڑھے گا جس مراد کیلئے پڑھے گا وہ مراد پوری ہوگی۔

آنکھ میں تکلیف سے نجات بالکل مفت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں ایک مرتبہ باسی لعاب کے فوائد پڑھے۔ جیسے جیسے میں وہ کالم پڑھتا گیا چونکتا گیا۔ واقعی ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ میں نے جب خود آزمایا تو خوشی اور حیرانی کا ملا جلا احساس تھا۔ میری آنکھ میں شدید تکلیف ہوئی' میں نے صبح اٹھ کر باسی لعاب انگلی کی مدد سے صبح صبح آنکھ میں لگانا شروع کر دیا۔ چند بار کرنے سے ہی میری آنکھ بالکل ٹھیک ہوگئی' بلکہ جس کو بتایا اس کا مسئلہ بھی حل ہوگیا۔ (رئیس انصاری، ممبئی)

دو تلی مچھلیاں اور نماز

صریح ابن یونس فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ جمعہ کی نماز پڑھنے جارہا تھا کہ ایک دکان پر دو تلی ہوئی مچھلیاں رکھی دیکھیں۔ ان کو دیکھ کر بچوں کیلئے خریدنے کا شوق پیدا ہوا مگر میں نے کچھ نہیں کیا۔ سیدھا نماز پڑھنے چلا گیا۔ نماز پڑھ کر گھر واپس ہی آیا تھا کہ دروازے پر کسی نے دستک دی۔ دیکھا تو ایک شخص کھڑا ہوا ہے اور اس کے سر پر ایک طباق ہے جس میں تلی ہوئی مچھلیاں، سرکہ اور کچھ پکی ہوئی کھجوریں تھیں۔ اس نے طباق دیکر کہا کہ اے ابوالحرث یہ لو اور بچوں کیساتھ بیٹھ کر کھاؤ۔ عبداللہ بن امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ میں نے صریح بن یونس کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رب العزت کو خواب میں دیکھا۔ رب تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا کہ اے صریح اپنی حاجت مجھ سے بیان کر۔ میں نے عرض کیا کہ اے میرے رب، سر بسر، مولف فرماتے ہیں کہ سر بسر عجمی لفظ ہے جس کے معنی راس براس کے ہیں۔ تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ صریح بن یونس ابو العباس امام الفقہاء کے دادا تھے۔

مچھلی کے کان پر اللہ' محمد کا نام واضح لکھا ہوا

علامہ قزوینیؒ نے عجائب المخلوقات میں تحریر کیا ہے کہ عبدالرحمن بن ہارون المغربی نے بیان کیا ہے کہ میں ایک مرتبہ بحر مغرب میں کشتی پر سوار ہوا۔ ہمارے ساتھ صقلیہ مقام کا رہنے والا ایک لڑکا تھا۔ اس کے پاس مچھلی پکڑنے کا ڈور اور کانٹا تھا۔ جب ہماری کشتی موضع برطون میں پہنچی تو اس لڑکے نے اپنی ڈور دریا میں پھینکی۔ اس میں بالشت بھر مچھلی پھنسی۔ لڑکے نے اس کو نکال لیا۔ جب ہم اس مچھلی کو دیکھنے لگے تو معلوم ہوا کہ اس کے داہنے کان پر اوپر کی جانب کلمہ طیبہ اور نیچے جانب محمد ﷺ اور اس کے بائیں کان کے نیچے رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

کافر دیوتا کا نام پکارتا' جال پھینکتا' مچھلیوں سے بھر جاتا

امام احمد بن حنبلؒ نے کتاب الزہد میں نوف بکالی سے روایت کی ہے کہ دو شخص ایک مومن اور ایک کافر مل کر مچھلی کا شکار کرنے گئے۔ کافر نے اپنے دیوتا کا اور مومن نے اپنے رب کا نام لیکر اپنا اپنا جال پھینکا۔ کافر ماہی گیر جتنی مرتبہ اپنا جال نکالتا مچھلیوں سے بھرا ہوا نکلتا اور جب مومن اپنا جال نکالتا تو وہ بالکل خالی آتا۔ (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

عمار ندیم' لاہور۔ ندیم اقبال لاہور۔ مہوش ارم' ملتان۔ سعدیہ صبا سلطان' قاضی پور۔ سمیرا نسیم' کراچی۔ شبنم وقار' پشاور۔ عاصمہ سلیم' لاہور۔ زیب النساء' بھیرہ۔ ذکیہ' لاہور۔ سیدہ بی بی' مظفر گڑھ۔ سیدہ فائزہ نوازش' لاہور۔ سیدہ تسلیم شہزادی' لاہور۔ سیدہ عنبرین سفیر' لاہور۔ مرید حسین' چو آسیدن شاہ۔ عابدہ' لاہور۔ اللہ دتہ' اوچھالی۔ علی احمد خان' چترال۔ عبدالصبور' جہلم۔ محمد تبریز' پلندری۔ شبانہ' کراچی۔ آسیہ' چک 14 گل آباد۔ سعدیہ عنبرین' جہلم۔ روبینہ انجم' جھنگ۔ رخسانہ پروین' تلہ گنگ۔ یاسمین محمود اعوان' نوشہرہ۔ عصمہ انور' پبی نوشہرہ۔ شازیہ عارف' نگری ٹوٹیال۔ راحیلہ خورشید انور' کراچی۔ صوفیہ خورشید انور' کراچی۔ ماریہ' ملتان۔ ساجدہ نسرین' گوجرہ۔ عبداللہ لیاقت' گوجرانوالہ۔ رابعہ' گوجرانوالہ۔ سہیل ضیاء' راولپنڈی۔ شگفتہ شاہین' ڈیرہ اسماعیل خان۔ عروج میاں ظہیر بابر' لاہور۔ نادیہ طیب' راولپنڈی۔ نوشیلہ اسلم' لاہور۔ زین العابدین' اسلام آباد۔ روبینہ کوثر' سنجرپور۔ عالیہ سہیل' لاہور۔ روحی ناز' کراچی۔ محمد حسین' ڈیرہ غازی خان۔ صغریٰ زاہد' لاہور۔ رخسانہ عبدالرحمٰن' لاہور۔ منور سلطانہ' گوجرانوالہ۔ سید وقار حسن' لاہور۔ حلیمہ' سکھر۔ رابعہ' لاہور۔ فرخندہ جبیں' گجرات۔ عفرا حبیب' لاہور۔ شمائلہ شہباز' بچیکی۔ مصباح شہباز شیخ' ملتان۔ فرزانہ کوثر' بہاولپور۔ شہربانو' منڈی احمد آباد۔ محمد خالد انصاری' کراچی۔ نسرین اجمل' فیصل آباد۔ سردار محمد افتخار' واہ کینٹ۔ سائرہ ناصر' بھکر۔ سید محمد عمران' راولپنڈی۔ شائستہ صدیقی' کراچی۔ عبدالوہاب ساجد' گاڈ پنڈ۔ شازمینہ' راولپنڈی۔ محمد شہزاد' تلہ گنگ۔ محمد عثمان غوری' راولپنڈی۔ شگفتہ یاسمین' لودھراں۔ محمد اخلاق احمد' حیدرآباد۔ زرینہ بی بی' ہارون آباد۔ محمد بنارس' چکوال۔ محمد عثمان خان' ساہیوال۔ سید محمد عمران' واہ کینٹ۔ نصرت الطاف' راجن پور۔ عائشہ عامر' لاہور۔ محمد انیس' فتح پور نکیال۔ پرویز اختر' گوجرخان۔ فرزانہ عقیل' ملتان۔ فردوس کوثر' فیصل آباد۔ وسیم احمد' لاہور۔ مسز عرفان' لاہور۔ حفاظت محمد' منگ محلہ ٹمپ آزاد کشمیر۔ آصف رشید' راولپنڈی۔ فریحہ ہمایوں' لاہور۔ بشیراں بی بی' خانپور۔ عاصمہ حامد' لاہور۔ احسن ضیاء' فیصل آباد۔ سکینہ بی بی' فیصل آباد۔ عبدالشکور' پشاور۔ محمد اختیار' اٹک۔ روح افزا' بھکر۔ شازیہ سہیل' راولپنڈی۔ عظمیٰ عبدالخالق' ایبٹ آباد۔ زینب النساء' کراچی۔ نورین' ملتان۔ پروین اختر' سرگودھا۔ فرزانہ نعیم' شہداد پور۔ شازیہ شگفتہ' پاکپتن۔ روبینہ نبیل اقبال' لاہور۔ نبیل احمد' لاہور۔ شائستہ عمران' راولاکوٹ۔ ضمیر احمد سولنگی' دادو۔ فائزہ طارق' لالہ موسیٰ۔ غلام مرتضیٰ' لیہ۔ کرن نعیم' کراچی۔ خرم شہزاد' ککڑ ہٹہ۔ صائمہ توصیف شاہ' ملتان۔ امان اللہ خان' صوابی۔ رخسانہ پروین' چکوال۔ فرحت جبیں' منڈی بہاؤالدین۔ قربان علی' گھوٹکی۔ سعد' شبانہ' گھوٹکی۔

آپ تمام درج ذیل عمل کریں۔

ایک وقت مقرر کرلیں چاہے آپ پہلے تھوڑا تھوڑا وقت دینا شروع کردیں تو پھر بیٹھ کر اس کو بغیر تسبیح اٹھائے وجدان کے ساتھ دل ہی دل میں یَااَلطِیۡفُ' یَاعَلِیۡمُ' یَاخَبِیۡرُ اس کو پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ پڑھتے رہیں' باوضو بیٹھیں قبلہ رخ بیٹھیں اس کو پڑھنا شروع کر دیں۔ اگر کبھی وقت جو مقرر ہے اور جو جگہ مقرر ہے اس میں کمی بیشی ہو جائے تو بھی کوئی حرج نہیں وقت بدل بھی سکتا ہے جگہ بدل بھی سکتی ہے لیکن اس کو پڑھنا نہ چھوڑیں اور پڑھتے رہیں پڑھتے رہیں۔ **چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

فلورین کہکشاں' پشاور۔ فرح بانو' حیدرآباد۔ سید عمران حسین قادری' کراچی۔ شیربانو' کراچی۔ صدیق' لاہور۔ عبدالجبار چغتائی' ملتان۔ شاہدہ' کراچی۔ ملک اورنگزیب' ایبٹ آباد۔ ثناء' لاہور۔ ثمر اقبال' اٹک۔ غلام اکبر' سیالکوٹ۔ محمد اشرف گوجرانوالہ محمد اقبال' ڈڈیال۔ محمد الیاس' مظفر گڑھ۔ مہرین اسرار' منڈی بہاؤالدین۔ محمد جنید' تاندلیانوالہ۔ صبیحہ بی بی' لاہور زمان کالونی۔ محمد عرفان' ملتان۔ حمیرا مقصود' بھکر۔ ہما خانم' کراچی۔ فوزیہ خانم' راولپنڈی۔ سلمان' لاہور۔ سدرہ شکیل' نوشہرہ۔ ڈاکٹر شوکت زمان' کراچی۔ فرزانہ صدیق شیخ' گوجرانوالہ۔ مہوش عمران' شادباغ۔ عبیدہ انور' کہوٹہ۔ ناہید اختر' راولپنڈی۔ محمد ہاشم بھٹی' راولپنڈی۔ مسز طاہرہ کوثر' اسلام آباد۔ کرن نصیر' لاہور۔ محمد فیضان' ملتان۔ فرحت' ملتان۔ بشریٰ بتول' کراچی۔ علیشاہ شوکت' لورہ روپڑ۔ روبینہ شاہین' لاہور۔ بشیر احمد زاہد' ٹبہ سلطان پور۔ خالدہ لیاقت' گوجرانوالہ۔ عمران' ملتان۔ ساجدہ' ساہیوال' عبدالغفار' ہارون آباد۔ قرۃ العین' گوجرخان۔ زرینہ بی بی' ہارون آباد۔ محمد ضیاء الدین' جوہرآباد۔ معین الدین' میانوالی۔ شبانہ کوثر' خانیوال۔ زین العابدین' سکرنڈ۔ جمال بٹ' گوجرانوالہ۔ مسرت عامر' راولپنڈی۔ عبدالحفیظ' وہاڑی۔ اشفاق الرحمن' کراچی۔ رضیہ سومرو' کراچی۔ فیصل' گوجرانوالہ۔ جبیں بتول' ملتان۔ نادیہ مخدوم' مرزاپور۔ حرا محبوب' ملتان۔ میمونہ سرور' چشتیاں۔ فضل الرحمٰن' اسلام آباد۔ آسیہ' ضلع خیرپور۔ انعم یاسر' لاہور۔ فرحان احمد خان' کراچی۔ تنویر علی شاہ' لاہور۔ ناظم زاہد' کھٹاڑ۔ محمد علی' ہری پور۔ سدرہ' ماموں کانجن۔ محمد عثمان حیدر' سادھوکی۔ ش' ماموں کانجن۔ خان بیگ' چکوال۔ سعیدہ مصباح' راولپنڈی۔ عمر فاروق' گوجرانوالہ۔ بزم جمیل' گوجرانوالہ۔ حفیظ الرحمٰن' بالاکوٹ۔ عبدالرحمید' راولپنڈی۔ مومنہ حنیف' گجرات۔ عدیل ہاشم' اٹک۔ سمیرا انجم' جہانیاں۔ ام حبیبہ' کراچی۔ سعیدہ جبیں' جھنگ۔ نازیہ' گوجرانوالہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

اِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ o وَ اِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ o وَ اِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ o وَ اِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ o (التکویر 1 تا 4) یہ آیات طاق اعداد میں پڑھ سکتے ہیں تین دفعہ' سات دفعہ' گیارہ دفعہ جتنا زیادہ پڑھیں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور پڑھیں۔

باغبان حضرات کیلئے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں!

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت ذوق شوق سے پڑھتے ہیں۔ ہمارا تعلق چونکہ دیہاتی علاقہ سے ہے اور کھیتی باڑی' جانور بھی پال رکھے ہیں اس لیے عبقری کے جہاں دیگر سلسلے بہت انہماک سے پڑھتے ہیں وہیں ''کسان دوست'' سلسلہ لازمی پڑھتے ہیں اور اس میں سے بڑے بڑے کام کی باتیں مل جاتی ہیں جو ہمارے بڑوں کے بڑے کام آتی ہیں۔

آج میں اپنا ایک مشاہدہ لیکر حاضر ہوئی ہوں' میرا یہ مشاہدہ خاص طور پر ان حضرات کیلئے بہت کارآمد ہے جو کھیتی باڑی کرتے ہیں یا جن کے باغات ہیں یا جنہوں گھر میں ہی کوئی پودا یا درخت لگا رکھا ہے۔ لیجئے قارئین آپ بھی پڑھیے!

میری ایک ہومیوپیتھک ڈاکٹر سہیلی ہے' اکثر ان کے گھر آنا جانا لگا رہتا ہے' کافی سال پہلے ان کے گھر میں ایک ہرا بھرا ''شریفے'' کا درخت تھا' اس پر پھل خوب لگتا تھا' میں کھاتی تھی' بہت لذیذ تھا۔

دو سال پہلے کی بات ہے کہ میں ان کے گھر گئی' الحمدللہ! میری یہ سہیلی کافی دین دار خاتون ہیں' ذکر اذکار' نماز' تہجد باقاعدہ سے ادا کرتی ہیں۔ میں نے دیکھا کہ شریفے کا درخت بالکل سوکھ چکا ہے' ایک پتہ بھی اس کے اوپر باقی نہیں' ایسے لگ رہا تھا کہ جیسے اب کبھی اس پر دوبارہ بہار نہ آئے گی' میں نے اپنی سہیلی سے کہا: آپ لوگوں کا علاج کرتی ہیں' مگر آپ کے گھر کا ایک 'فرد' (یعنی درخت) اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے' آپ نے اس کی بالکل بھی فکر نہ کی۔ میری بات سن کر درخت کی طرف دیکھتے ہوئے بولیں! نہیں مجھے اس کی اپنے گھر کے فرد جتنی ہی فکر ہے۔ پھر انھیں درخت کے تنے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے گویا ہوئیں: میں نے اس کا علاج تو شروع کردیا ہے جب فائدہ ہوگا تب تمہیں بتاؤں گی۔ خیر میں نے بات پلٹی اور حال احوال کے بعد مزید باتیں ہوئیں اور کچھ وقت گزار کر میں واپس اپنے گھر لوٹ آئی۔

پھر کافی عرصہ بیت گیا میری فون پر بات تو ہوجاتی مگر اس درخت کے بارے پوچھنا بھول جاتی۔ ایک دن اچانک ادھر سے گزر رہا تو سوچا اپنی سہیلی سے ملتی جاؤں۔ میں جب ان کے گھر گئی تو دیکھ کر حیران رہ گئی کہ چند ماہ پہلے جس درخت کا صرف تنا باقی بچا تھا اور ایسا لگ رہا تھا کہ اب کبھی اس پر بہار نہ آئے گی وہ ہرا بھرا اور پھل سے لدا ہوا تھا۔ میں سہیلی سے سلام دعا لینا ہی بھول گئی اور درخت کی ہریالی کے سحر میں کھوگئی۔ میری دوست نے مجھے پیچھے سے تھپکی دی اور کہا کیا ہوا؟ کدھر کھوگئی ہو؟ میں نے پہلی بات یہی کی تم نے اس کا کیا علاج کیا؟ یہ ماشاءاللہ بالکل تندرست اور جوان ہوگیا ہے۔ سہیلی نے کہا پہلے سلام تو لے لو پھر اندر چلو بیٹھ کر بات کرتے ہیں۔ میں نے کہا نہیں مجھے ابھی بتاؤ تم نے اس درخت کا کیا علاج کیا' یہ تو بالکل سوکھ چکا تھا۔ میری دوست بولی اچھا تو پھر سنو: میں مستقل دن میں کئی کئی بار ایک تسبیح اول وآخر تین بار درود شریف کے ساتھ قرآن پاک کی آیت اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ (النور 35) پڑھ کر پانی پر دم کرکے درخت کو وہی پانی دیتی اور سپرے والی بوتل سے اس کی سوکھی ٹہنیوں پر سپرے کرتی۔ اللہ تعالیٰ نے کرم فرمایا اور درخت آہستہ آہستہ ہرا ہونا شروع ہوگیا اور آج دیکھو تمہارے سامنے ہے۔ میں نے خود پھل توڑ کر کھایا' پہلے سے بھی میٹھا' لذیذ اور گودے سے بھرپور تھا۔ قارئین یہ میرا مشاہدہ اور آنکھوں دیکھا سچا واقعہ ہے۔ میری کسان بھائیوں اور باغبان حضرات سے گزارش ہے کہ آپ بھی اپنی فصلوں' درختوں اور باغات میں جب بھی پانی دیں قرآن پاک کی اس آیت کی تسبیحات پڑھ کر دم کرتے رہا کریں۔ (ج۔ش)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں' فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

عبقری حویلی! تین دن' ہر مشکل' پریشانی' بیماری ختم

(قسط نمبر 10)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق ملتان سے ہے' چند ماہ پہلے بچپن کے ایک دوست سے ملاقات ہوئی' کافی دیر گپ شپ ہوتی رہی' ابھی بات چیت جاری تھی کہ دوست نے اپنی گھڑی دیکھی اور مجھے کہنے لگا: اچھا میں چلتا ہوں صبح مجھے احمد پور شرقیہ جانا ہے' میں نے پوچھا خیر تو ہے وہاں کس لیے جارہے ہو؟ اس نے کہا: وہاں ''عبقری حویلی'' ہے' اس جگہ ہر ماہ چاند کی 13، 14، 15 تین روزے رکھتا ہوں' ساری رات کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر سورۂ فاتحہ پڑھتا ہوں' دن کو روزہ رکھتا ہوں' نیند پوری کرتا ہوں اور باقی وقت قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہوں' جو نیت لے کر جاتا ہوں اسی ماہ میرا مقصد پورا ہوجاتا ہے۔ میں یہ بات پہلی مرتبہ سن رہا تھا اور حیران بھی ہورہا تھا' نجانے میرے دل میں کیا آیا' میں نے کہا چل میں بھی تیرے ساتھ چلتا ہوں' میرے دوست نے پوچھا تو ملازم پیشہ شخص ہے' چھٹی کیسے لے گا؟ میں نے کہا: بھائی گورنمنٹ ملازم ہوں' میری سالانہ کافی چھٹیاں ابھی پڑی ہیں' صبح کال کرکے دفتر بتادوں گا' چھٹیوں کا کوئی مسئلہ نہیں۔ مسئلہ میری بیماری کا ہے جو کسی بھی ڈاکٹر' حکیم سے ٹھیک نہیں ہورہی' میں بھی اپنی بیماری کی نیت کرکے تین روزے ''عبقری حویلی'' میں رکھوں گا۔ اگلی شام ہم ''عبقری حویلی'' احمد پور شرقیہ میں موجود تھے۔ ایک وسیع وعریض باغ' خوبصورت حویلی' نورانی ماحول' وہاں موجود ساتھیوں نے انتہائی سادگی اور خوشدلی سے ہمارا استقبال کیا' ہمیں سادہ مگر کشادہ اور لذیذ کھانا دیا گیا۔ تین دن ہم دونوں نے وہاں خوب عبادات کیں' دعائیں مانگیں' تین روزے رکھے۔ آیا تھا تو حالت کچھ اور مگر جب جانے کا وقت قریب آیا تو دل مچل اٹھا اور اندر سے آواز کہ یہیں رک جا' اتنا سکون ملا' روحانیت ملی' طبیعت ایسی تازہ دم کہ پہلے کبھی نہ ہوئی۔ آج مجھے تین ماہ ہوگئے مسلسل ''عبقری حویلی'' جارہا ہوں' میں بیمار کب تھا مجھے یاد نہیں' آج میں سو فیصد صحت مند خوشحال زندگی گزار رہا ہوں' جو مسئلہ' پریشانی' مشکل آئے عبقری حویلی میں تین روزے رکھتا ہوں۔ اسی ماہ رب کریم غیبی مدد فرماتے ہیں اور میرا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (عبدالرشید' ملتان)

نامور جراح کی کچی اور پکی مرہم کا نسخہ! ہر زخم اور جلدی امراض کا علاج

تایا جی جراحی میں زیادہ تر دو اقسام کی مرہم استعمال کیا کرتے تھے ایک مرہم پکی تھی اس کا رنگ کالا تھا یعنی کالی مرہم دوسری مرہم کچی تھی اس کے علاوہ وہ ایک تیل بھی بنا کر استعمال کیا کرتے تھے۔ یہ ایک راز ہے جو میں صرف عبقری قارئین کیلئے افشاں کررہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر یہ ادا کریں کم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھی مخلوق کا مسیحا بنا کر بھیجا ہے۔ اللہ آپ کو ہمارے سروں پر سدا سلامت رکھے۔ (آمین) حضرت جی میرے تایا جی نے مجھے جراحی کا علم دیا اور مجھے اس کی اجازت بھی دے دی تھی لیکن بندہ کی روزی اللہ نے محکمہ تعلیم میں رکھی تھی لہٰذا اللہ تعالیٰ نے محکمہ تعلیم کو بندہ کی روزی روٹی کا ذریعہ بنایا۔ بندہ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہے۔ تایا جی جراحی میں زیادہ تر دو اقسام کی مرہم استعمال کیا کرتے تھے ایک مرہم پکی تھی اس کا رنگ کالا تھا یعنی کالی مرہم دوسری مرہم کچی تھی اس کے علاوہ وہ ایک تیل بھی بنا کر استعمال کیا کرتے تھے۔ یہ ایک راز ہے جو میں صرف عبقری قارئین کیلئے افشاں کررہا ہوں' قارئین اس نسخہ کو عام نہ سمجھئے گا' یہ بہت لاجواب اور فوری اثر ہے۔ ضرور بنایئے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

پکی مرہم تیار کرنے کی ترکیب

ھوالشافی: سندھور ایک تولہ، تِل کا تیل ایک چھٹانک' نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ ترکیب: تِل کا تیل لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب تیل کو ابال آجائے تو اس میں سندھور ڈال دیں پھر نیلا تھوتھا ڈال دیں' اس کا رنگ کالا ہو جائے تو اس کو آگ سے اتار کر رکھ لیں اور ٹھنڈا ہونے پر ڈبہ میں ڈال لیں' کچھ دیر میں مرہم جم جائے گی۔

استعمال کا طریقہ: کپڑے کا چھوٹا ٹکڑا لیکر زخم کے مطابق گول کاٹ لیں اس ٹکڑے پر مرہم لگائیں اور زخم پر رکھ کر پٹی باندھ دیں' مرہم زخم پر جم جائے گی ایک دوبار لگانے سے زخم ٹھیک ہوجائیں گے۔ پرانے زخموں کیلئے چند دن مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

کچی مرہم بنانے کی ترکیب

رال سفید ایک تولہ، سرسوں کا تیل پانچ تولہ، زنک آکسائیڈ پاؤڈر یا سلفانہ مائیڈ پاؤڈر ایک تولہ۔ ترکیب: رال کو باریک پیس کر اس کو سرسوں کے تیل میں ڈال دیں اس کے بعد پاؤڈر بھی اس میں مکس کرلیں' جب پاؤڈر اچھی طرح رال کا حصہ بن جائے تو پھر رال کے مرکب کو پانی سے بار بار دھوئیں یعنی پانی بار بار تبدیل کیا جائے تقریباً 20 سے 25 مرتبہ پانی تبدیل کیا جائے یعنی مرہم کو دھویا جائے۔

استعمال: یہ مرہم اس زخم پر استعمال کی جاتی ہے جو گہرا ہو' اس کو بھرنے کیلئے کچھ وقت درکا ہوتا ہے۔ گہرے زخم کو اندر سے بھرنے کیلئے ایک تیل بنایا جاتا ہے جس میں نئے کپڑے کی بتی بنا کر بتی کو تیل میں تر کرکے زخم کے اندر رکھا جائے اور پھر زخم پر رال کی پٹی بنا کر باندھ دی جائے جس سے تیل کی بتی اندر سے زخم کو بھرتی ہے اور باہر رال کی پٹی زخم کو ٹھیک کرتی ہے۔

زخم کو اندر سے بھرنے والے تیل کا نسخہ

سرسوں کا تیل دس حصہ، کاربالک ایسڈ ایک حصہ۔ ترکیب: دونوں کو آپس میں ملا کر یک جان کر کے ایک بوتل میں رکھ لیں اگر زخم گہرا ہو تو دو وقت یعنی صبح وشام پٹی کی جائے' زخم کو صاف کرنے کیلئے پوٹاشیم پرمیگنیٹ استعمال کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ ہائیڈروجن پرآکسائیڈ دوائی بھی ملتی ہے مائع حالت میں ہوتی ہے اس کو اگر زخم میں ڈالا جائے تو زخم میں ابالا آتا ہے زخم صاف ہوجاتا ہے جب ابالا ختم ہوجائے تو زخم کو کاٹن سے صاف کرکے کچی مرہم اور بتی کا استعمال کیا جائے۔

حکیم صاحب! میرے والد صاحب بھی مریضوں کو ایک پاؤڈر استعمال کرواتے تھے جو جسم درد اور بخار میں مفید ثابت ہوتا تھا جس کو A.P.C کے نام سے یاد کیا جاتا تھا بازار سے A.P.C کے نام سے گولیاں بھی ملتی تھیں A اسپرین، P فیناسٹین، C کیفرین مریض کو چھ یا نو پڑیاں بنا کر دیتے تھے صبح، دوپہر شام چائے کے استعمال کرواتے تھے مریض صحت یاب ہوجاتا تھا۔ (عبدالرزق، بہاولنگر)

لکڑ ہضم پتھر ہضم! اس پھکی نے یہ سچ کر دکھایا! ضرور بنائیے!

نامراد جلدی مرض سورائسز کا آزمودہ علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عرصہ دراز سے جلدی بیماری جسکا نام سورائسز ہے میں مبتلا تھا اس بیماری کی نوعیت کچھ یوں ہے کہ جسم کے مختلف حصوں پر گول شکل میں سپاٹ بنتے ہیں اور آہستہ آہستہ پھیلتے ہیں کافی ادویات استعمال کیں لیکن فرق نہیں پڑا۔ آپ کے رسالہ عبقری کا ایک دن میں مطالعہ کررہا تھا جس میں ایک نسخہ پڑھا جو کہ یہ تھا زیتون کے تیل میں مہندی کے پتے جلا کر تیل متاثرہ حصے پر لگانا تھا میں نے نسخہ تیار کیا اور آزمایا مجھے بہت فائدہ ہوا اس کے ساتھ عبقری کا خون صفاء کا استعمال بھی کیا۔ (محمد طاہر، لاہور)

پتھر ہضم والی کہانی اس پھکی نے سچ ثابت کردی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے آپ خیریت سے ہوں گے میں نے عبقری میں ایک نسخہ "لکڑ ہضم پتھر ہضم" کے عنوان سے پڑھا اور اس کو تیار کیا خود بھی آزمایا اور کافی مریضوں کو بھی اس نسخہ کے تحت پھکی تیار کرکے دی جس سے ان کو بھی فائدہ پہنچا میں یہ ہاضم پھکی غریبوں کو مفت دیتا ہوں اور جس بہن نے یہ نسخہ عبقری میں لکھا اس کو دعا دیتا ہوں جس کے نسخے سے میں خدمت خلق کررہا ہوں۔ نسخہ یہ ہے: ھوالشافی: نوشادر' انار دانہ' مرچ سیاہ' اجوائن دیسی' سونف' گل سرخ' زیرہ سفید' پودینہ' الائچی کلاں' نمک خوردنی' الائچی خورد' نمک سیاہ تمام چیزیں دو تولہ اور ست لیموں ایک تولہ لے کر ان تمام اشیاء کو باریک پیس لیں۔ پودینہ اور گل سرخ آپ گھر میں بھی سکھا سکتے ہیں۔ کھانے کے بعد چائے کا ایک چمچ ہمراہ پانی کھائیں ہمیشہ کیلئے معدے کی تکلیف سے محفوظ رہیں۔ اس انمول تحفہ سے فائدہ ضرور اٹھائیں۔ جس قاریہ نے یہ نسخہ چند سال پہلے عبقری میں دیا' ان کے مطابق 1977ء میں رینالہ خورد کے ایک ضعیف حکیم صاحب نے ان کے والد کو یہ نسخہ دیا تھا' اب وہ حکیم صاحب اور ان کے والد دونوں دنیا میں موجود نہیں اور اب خود بھی وہ عمر ضعیف ہوچکی ہیں لہٰذا اس نسخہ کو قبر میں لے جانے سے بہتر ہے کہ عبقری کے ذریعے لاکھوں لوگوں تک پہنچا کر اپنے لیے صدقہ جاریہ بنالوں۔ واقعی ان کے اس نسخہ کو عبقری میں چھپنے کے بعد بے شمار نے آزما کر انہیں ڈھیروں دعاؤں سے نوازا۔ (ریاض محمود، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

ایک بڑی الائچی دس بڑی بیماریاں ایک ٹوٹکہ سے ختم

گندم کی الرجی بس

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

چھینکوں کا طوفان اور الرجی کا انفیکشن

ہمارے ایک مخلص اپنا تجربہ بتارہے تھے کہنے لگے کہ میں نے بارہا یہ بات آزمائی ہے اور بے شمار لوگوں کو یہ تجربہ دیا ہے کہ جن کو چھینکوں کا طوفان یعنی ہر پل چھینکیں آتی ہیں' کبھی موسم بدلنے سے' کبھی پولن الرجی سے' کبھی الماری کھولنے سے' کبھی صندوق کا ڈھکن اٹھانے سے یا کبھی کوئی خوشبو یا پرفیوم کے استعمال سے' الغرض کسی طرح بھی کوئی شخص چھینکوں کے طوفان کا ہر وقت منتظر رہتا ہے اور وہ اسے کسی طرح بھی نہیں روک پاتا تو اس کا بہترین حل بڑی الائچی ہے جو ہم سالن میں اور پلاؤ میں ڈالتے ہیں۔ چھلکے سمیت منہ میں رکھیں اور چباتے رہیں۔ ہلکا ہلکا چبائیں اتنا کہ چند گھنٹے منہ میں رہے اور اس کا لعاب نگلتے رہیں' یقین جانیے! یہ ایک چھوٹا سا ٹوٹکہ لیکن بہت حیرت انگیز فوائد' انسانی صحت' تندرستی اور شفاء یابی کا ایک بہترین راز ہے جس کو بھی دیا' بہت ہی مفید اور فائدہ مند پایا اور صحت مندی کا لاجواب ٹوٹکہ ہے۔ میں نے بے شمار لوگوں کو دیا۔ ایک صاحب تو ایسے تھے کہ انہیں چھینکتے چھینکتے آخر ناک سے خون نکلنا شروع ہوجاتا تھا' بہت ادویات اور چیزیں کھائیں' الرجی کے انفیکشن کا پورا کورس کیا' ملک کے بڑے بڑے شہروں سے اس کا تدارک کروایا' پیسہ خرچ کیا' ہر وقت اپنی ناک پر ماسک لگا کر رکھتے تھے۔ کہنے لگے: میرے قریبی دوست کہتے ہیں کیا تجھے لوگوں سے گھن آتی ہے کہ تو ماسک لگا کر رکھتا ہے مزید اس جیسی باتیں مجھے سننے کو ملتیں' میں باتیں سنتا بھی تھا اور اندر ہی اندر روتا اور کڑھتا بھی تھا کہ انہیں میرے درد' دکھ' تکلیف اور پریشانی کا احساس نہیں کہ میں کس مصیبت' کس دکھ اور پریشانی میں مبتلا ہوں۔

نہایت سستا مگر صحت مند ٹوٹکہ

مگر جب سے میں نے منہ میں بڑی الائچی رکھ کر ہلکا ہلکا چوسنا شروع کیا تو اس دن سے میری چھینکیں اور مسائل بہت زیادہ حل ہونا شروع ہوئے اور میں صحت یابی کی طرف جانا شروع ہوا۔ اگر پہلے مجھے دن میں بارہ پندرہ بار چھینکوں کا دورہ پڑتا تھا تو اب صرف دن میں ایک یا دو بار وہ بھی صرف دو تین چھینکیں آتی ہیں۔ مجھے بڑی الائچی کا چھوٹا سا ٹوٹکہ وہ فائدہ دے گیا اور صحت مندی کا وہ راز بتا گیا کہ جو میں چاہتا ہوں کہ سب کو بتاؤں' نہایت سستا ٹوٹکہ لیکن نہایت صحت مند ٹوٹکہ اور اس سستے اور صحت مند ٹوٹکہ کو عام کریں تو معلوم ہوا کہ سب سے پہلے یہ صحت مند ٹوٹکہ چھینکوں کے لیے بہت زیادہ مفید ہے۔

ناک سے بہتا پانی اور صرف ایک الائچی

دوسرا فائدہ: ناک سے پانی بہتا ہو اور مسلسل بہتا ہو اور رکتا نہ ہو حتیٰ کہ بعض لوگ ناک میں مسلسل ٹشو یا روئی ٹھونس کر رکھتے تھے جب انہوں نے بڑی الائچی منہ میں رکھی' کسی نے پانچ' کسی نے دس' کسی نے پندرہ دن تک' دن میں استعمال کی' وقفے وقفے سے گھنٹے دو یا تین گھنٹے کے بعد وہ منہ میں رکھتے تھے اور اسے چوستے تھے' اس کا بہت فائدہ اور نفع ملا۔ چند دنوں میں ہی حیرت انگیز شفاء یابی ملی۔

کان کھجاتے افراد کیلئے لاجواب چیز

تیسرا فائدہ: وہ لوگ جو مسلسل کان کو کھجاتے رہتے ہیں اور کوئی نہ کوئی چیز کان میں ڈالے رکھتے ہیں تب جا کر انہیں سکون ملتا تھا' بڑی الائچی کا چوسنا ان کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

کمزور نظر اور آنکھوں کے سامنے جالا آنا

چوتھا فائدہ: جن کی آنکھوں سے پانی بہتا ہے' نظر کمزور' جالا آ گیا' چند ہفتے بڑی الائچی کا چوسنا بہت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

دماغی کمزوری اور یادداشت کی کمی کیلئے

پانچواں فائدہ: دماغی کمزوری یادداشت کی کمی کیلئے یہ چیز بہت مفید ہے۔ کئی لوگ صرف اس کے چوسنے کی وجہ سے صحت مند ہوئے' ان کی یادداشت واپس آئی' ان کو بھولی ہوئی باتیں یاد آئیں حالانکہ وہ اس ٹوٹکہ کو کچھ نہیں سمجھتے تھے۔ مجھے بعض اوقات حیرت ہوتی ہے کہ کھانا کھاتے ہوئے بعض لوگ پلاؤ یا سالن میں بڑی الائچی ہو تو اس کو ایک طرف رکھ دیتے ہیں' میں اٹھا کر کھا لیتا ہوں' انہیں پتہ ہی نہیں بڑی الائچی کیا ہے؟ حالانکہ سالن میں دار چینی اور لونگ بھی ایک طرف رکھ دیتے ہیں جبکہ وہی چیز اس سالن کی اصلاح کرتی ہے اور اس کی تکلیف سے بچاتی ہے۔

مسوڑھوں کے امراض اور منہ کی بدبو کیلئے

چھٹا فائدہ: منہ کی بدبو' مسوڑھوں کی خرابی' خون آنا' مسوڑھوں کا گل جانا' منہ کی کسی بھی تکلیف کیلئے بہت فائدہ مند ہے اور اس کا بہت تجربہ کیا ہے۔ بے شمار لوگ ڈاکٹروں سے دانتوں کا علاج کروا کروا کر تھک چکے تھے لیکن جب انہیں بڑی الائچی چوسنے کو دی اور استعمال کرنے کو دی تو اس کا ان کو بہت زیادہ فائدہ ہوا' آج وہ مطمئن زندگی گزار رہے ہیں۔

گندم کی الرجی بس ایک ٹوٹکہ سے ختم

ساتواں فائدہ: ایسے لوگ جو فوڈ پوائزنگ یا گندم کی الرجی میں مبتلا ہوں' ان کے بچے یا وہ بڑے' چاہیں تو منہ میں رکھ کر چوسیں اگر بچے ہیں تو انہیں چھلکا سمیت بڑی الائچی کوٹ کر چٹکی چٹکی دن میں دس بیس مرتبہ دیں' گندم کی الرجی کا آخری اور بہترین علاج ہے' جو شخص آزمانا چاہے تسلی سے آزمائے' اس کا بہت فائدہ ہے کہ گندم کی الرجی ہمیشہ کیلئے ختم ہوجاتی ہے اور انسان صحت مند اور شفا یاب ہوتا ہے' اس کے بہت زبردست رزلٹ ہیں' کتنے لوگ ایسے ہیں کہ جنہوں نے سالہا سال سے گندم کھائی نہیں' چکھی نہیں حتیٰ کہ گندم کا نام آتے ہی انہیں تکلیف شروع ہوجاتی' اس ٹوٹکہ کے استعمال سے صحت مند زندگی گزار رہے ہیں۔

سرخ الرجی اور خارش جب جوبن پر ہو تو

آٹھواں فائدہ: جسم پر دھپڑ پڑ جائیں' سرخ الرجی پورے جوبن پر ہو' خارش ہوجائے' کھجاتے کھجاتے انسان پاگل ہوجائے' ایسی الرجی کیلئے بڑی الائچی بہت فائدہ مند ہے۔

کسی ملک یا شہر کا پانی موافق نہ ہو تو

نواں فائدہ: آپ کسی ملک شہر میں جائیں' پانی موافق نہ ہو اور اس پانی کی وجہ سے طرح طرح کی تکالیف ہوں بس منہ میں بڑی الائچی چوستے رہیں کسی بھی قسم کی تکلیف نہیں ہوگی۔

حاملہ کی قے کا بہترین علاج

دسواں فائدہ: حاملہ کی قے کا بہترین علاج ہے' جن لوگوں کو گیس' بادی' تبخیر ہوتی ہو اور گیس بادی تبخیر سے وہ لوگ متاثر ہوں وہ کھانے کے بعد یا کھانے سے پہلے دن میں چند بار بڑی الائچی کا چوسنا شروع کردیں اس سے بہت فائدہ اور رزلٹ ملتا ہے۔

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

بیوی کہتی ہے آپ نفسیاتی مریض ہیں؟

آج کل لوگوں سے میرے جھگڑے زیادہ ہورہے ہیں ہر شخص سیاست پر بولتا ہے اور کسی کو کچھ پتا نہیں ہوتا۔ بات سے بات نکلتی ہے تو میں بھی گفتگو میں شامل ہو جاتا ہوں۔ میری عمر 45 سال ہے کل کے لڑکے خود کو بہت کچھ سمجھتے ہیں۔ کسی نے مجھے بتایا کہ جب میں بات کرتا ہوں تو لوگ ہنستے ہیں۔ یہ سن کر غصہ آیا اور اب لوگوں میں بیٹھتا ہوں تو غور سے سب کی شکلیں دیکھتا ہوں۔ بیوی کہتی ہے آپ کے ساتھ کوئی نفسیاتی مسئلہ ہے، پریشان ہیں؟ میں نہ صرف پریشان ہوں بلکہ غصہ بھی آتا ہے اور غصہ غلط نہیں آتا، نفسیاتی مسئلہ نہ ہو اور کوئی کہہ دے تب بہت برا لگتا ہے۔ (عمر فاروق، لاہور)

مشورہ: عجیب حقیقت ہے لوگ دل کی بیماری ہونے پر ناراض نہیں ہوتے، یہ بیماری نہ ہو تب بھی اس کا شکار ہونے کا ذکر کرنے میں کوئی برائی محسوس نہیں کی جاتی لیکن ذہنی بیماری اور نفسیاتی مرض ہو بھی تو قبول کرنے کا رجحان بالکل نہیں حالانکہ جس طرح دل جسم کا اہم حصہ ہے اسی طرح دماغ بھی جسم کا حصہ ہے یہ بھی بیمار ہوسکتا ہے عموماً غصہ کرنے والے یہی کہتے ہیں کہ ان کو غصہ غلط نہیں آتا۔ غصہ صحیح بات پر آئے تب بھی اس کو اتنا نہ بڑھنے دیں۔ کہ بلڈ پریشر ہائی ہونے لگے، دل کی دھڑکن قابو میں نہ رہے، سانس پھول جائے لوگوں سے تعلقات بگڑنے لگیں۔ اچھی گفتگو ضرور کریں لیکن بات سے بات نکال کر الجھنے سے گریز ضروری ہے۔

لوگ میرے آنے جانے پر نگاہ رکھتے ہیں

میں سرکاری دفتر میں ملازمت کرتا ہوں۔ حال ہی میں میرا تبادلہ ہوا۔ یہاں لوگ میرے آنے جانے پر نگاہ رکھتے ہیں۔ اپنے کام پر مجھے عبور ہے وہ یہ نہیں دیکھتے کہ میں کتنی جلد کام پورا کرلیتا ہوں بس الٹی سیدھی شکایتیں لگا دیتے ہیں جس سے میرا تاثر خراب ہورہا ہے۔ اب میں گھر پر ہوں یا دفتر میں لوگوں کے حوالے سے سوچتا رہتا ہوں۔ سکول کے زمانے سے دیر سے اٹھنے کی عادت ہے دوپہر کے سکول میں پڑھنا پڑا۔ اسی طرح شام کے اوقات میں کالج پڑھا دوست مشورہ دیتے ہیں کہ اپنا کاروبار کرلو کچھ نہیں تو دکان ہی کھول لو اتنا بڑا فیصلہ لگتا ہے کہ گھر والے بھی اس پر راضی نہیں۔ (ج، فیصل آباد)

مشورہ: ملازمت کی جائے یا کاروبار وقت کی پابندی ہر حال میں کرنی ہوتی ہے۔ آپ کا تاثر لوگوں کی باتوں سے نہیں بلکہ اپنی کوتاہیوں سے خراب ہورہا ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لیے لوگوں کے بارے میں نہیں اپنے حوالے سے سوچیں اور اصلاح بھی کریں۔ عادتوں میں بہتری عمر کے ہر دور میں لائی جاسکتی ہے۔

لوگ نہیں جانتے میرا شوہر سے اختلاف ہے!

میری شادی کو آٹھ سال ہوگئے دو بچے ہیں لوگوں کو نہیں معلوم میرا شوہر سے اختلاف رہتا ہے۔ وہ کبھی وقت پر گھر نہیں آتے۔ عرصہ گزر گیا ہم نے ساتھ کھانا نہیں کھایا بچوں کو سلا کر میں کھانے پر ان کا انتظار کرتی رہتی ہوں اور جب وہ آتے ہیں تو ہم دونوں میں چیخ و پکار ہوتی ہے، بچے بھی سوتے سے اٹھ کر رونے لگتے ہیں۔ بچوں کی چھٹیوں میں دو ماہ اپنے بھائی کے گھر جا کر رہی۔ وہ میری زندگی کے خوشگوار دن تھے۔ دل چاہتا ہے گھر اور بچوں دونوں کو چھوڑ کر چلی جاؤں۔ ان کو اندازہ ہی نہیں کہ میں کس قدر مشکل میں ہوں۔ سر میں ایسا درد ہوتا ہے کہ کبھی دیوار پر کبھی میز پر سر مارتی ہوں جب چوٹ میں درد ہونے لگتا ہے تو سر درد بھول جاتی ہوں کوئی اس وقت میری حالت دیکھے تو مجھے پاگل سمجھے۔ میں اپنی زندگی سے تنگ آچکی ہوں' موت کی دعائیں مانگتی ہوں' بچوں کو دیکھ کر ترس آتا ہے کہ ان کا کیا قصور ہے؟ یہ کیوں پریشان زندگی گزار رہے' خدارا مجھے کوئی مشورہ دیں میں کیا کروں؟ (آسیہ شمریز' راولپنڈی)

مشورہ: آپ کے دو اہم مسائل ہیں ایک شوہر کا دیر سے آنا اور دوسرا ذہنی صحت کا ٹھیک نہ ہونا۔ ان کے دیر سے آنے کی وجہ معقول ہے، تب اس پر سمجھوتہ کرنا چاہئے کیونکہ والدین میں ہونے والی چیخ و پکار کا بچے بہت زیادہ برا اثر لیتے ہیں پھر وہ خود بھی لڑنے جھگڑنے والے بننے کے ساتھ اپنی نظروں میں بڑوں کی عزت اور قدر کھو بیٹھتے ہیں لہٰذا خود کو منفی رویئے سے روکیں۔ اس کیلئے سر درد کا علاج کروانا اہم ہے تاکہ خود کو اذیت دینے والی مریضانہ حالت سے نجات مل سکے۔ خدانہ کرے جو کبھی کوئی آپ کو پاگل سمجھے۔

منگنی کر کے پچھتا رہا ہوں!

میری منگنی اتنی دھوم دھام کے ساتھ ہوئی کہ کسی کی شادی بھی نہ ہوگی' کم از کم اپنے خاندان اور دوستوں میں تو منگنی پر اس قدر اخراجات نہیں دیکھے۔ بہر حال اب بہت مشکل میں ہوں۔ لڑکی کا کردار ٹھیک نہیں۔ یہ بات خود اس کے کزن نے مجھے بتائی لڑکی فون پر بات نہیں کرتی۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ پہلے اس لڑکے کو وہ پسند کرتی تھی اس کے ساتھ تصویریں ہیں میری سمجھ میں نہیں آرہا کیا کروں؟ ساری خوشی ختم ہوگئی ہے گھر والے میری ذہنی کیفیت سے بے خبر ہیں۔ (آیان، لاہور)

مشورہ: کسی کے کردار کو خراب کہنا اچھے لوگوں کا طریقہ نہیں۔ دراصل یہ ان کے دل میں چھپی انتقام کی آگ بھی ہوسکتی ہے۔ لڑکی کا کزن آپ کے ساتھ مخلص نہیں، ورنہ وہ اس طرح کی باتیں نہ کرتا۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ انہی خامیوں کے سبب لڑکی نے اس شخص سے کنارہ کشی اختیار کرلی اب وہ اسے بلیک میل کررہا ہے۔ اپنی خوشیوں کو دوسروں کے اختیار میں نہ دیں یہ ہی عقلمندی ہے۔ خود کو با اعتماد بنائیں اور مثبت سوچ اپنا کر نئی زندگی شروع کریں۔

میں اُسے کیسے چھوڑ دوں؟ میرے جذبات کوئی نہ سمجھے گا

کالج میں آخری سال ہے چند ماہ سے ایک لڑکی مجھے بہت اچھی لگنے لگی۔ ہم ساتھ بیٹھتے ہیں، باتیں کرتے ہیں میری اور اس کی دلچسپیاں ایک ہیں۔ میری والدہ کا کینسر کی بیماری میں انتقال ہوا اور اس کی بڑی بہن بھی اس مرض کا شکار ہے۔ مجھ سے جو ہوسکتا ہے میں اس کے لیے کرتا ہوں۔ رشتے داروں سے رقم جمع کر کے دی۔ اب نوکری کی تلاش میں ہوں والد کہتے ہیں یونیورسٹی میں داخلہ لینا ہے مگر اس لڑکی کی مالی حیثیت ٹھیک نہیں وہ پڑھنا چھوڑ رہی ہے۔ میرے اور اس کے درمیان درد کا رشتہ ہے میں اسے کیسے چھوڑ دوں میرے جذبات کو کوئی نہ سمجھے گا دوستوں کو بھی چھوڑ دیا ہے۔ ہر وقت دماغ پر رنج و غم کی کیفیت طاری رہتی ہے۔ (س۔ساہیوال)

مشورہ: ذہنی کیفیت میں انسان کے طرز زندگی کو بہت دخل ہوتا ہے۔ آپ جس طرح وقت گزاریں گے جیسے لوگوں سے ملیں گے جس طرح کے ارادے رکھیں گے ان سب کا تاثر بھی قبول کرتے رہیں گے لوگوں سے ایک حد تک ہمدردی کرنا چاہیے اتنی نہیں کہ اپنی خوشیاں اپنا سکون ہی ختم ہوجائے۔ حقیقت کی دنیا میں آئیں آپ کے اور لڑکی کے درمیان کوئی رشتہ نہیں۔ اس کی جتنی مدد ہوسکتی تھی کردی اب اپنی زندگی کو بہتر بنانے کی جدوجہد جاری رکھنی ہوگی۔

امریکہ سے لاعلاج ہوکر لوٹا کینسر کا مریض! چند دن میں صحت یاب

بشیر احمد ناز، ملتان

میری اہلیہ کی ایک سہیلی نے بتایا اس کے والد فوت ہوگئے تھے اور کینسر میں مبتلا تھے اور اس کو 1995 میں تمام ڈاکٹروں نے لاعلاج کردیا تھا اور جب بندہ خدا کا وظیفہ اس کو دیا تو تیسرے دن جب اس کا ٹیسٹ کلیئر آیا یہ واقعہ اخباروں میں بھی آیا تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ کافی عرصہ سے پڑھ رہے ہیں، بہت ہی لاجواب رسالہ ہے۔ میں محکمہ ریلوے سے بطور سپرنٹنڈنٹ ریٹائرمنٹ کے بعد پاکستان ہیومن رائٹس کمیشن کے ایک ادنیٰ سے کارکن کی حیثیت سے کام کررہا ہوں میرے کچھ طبی تجربات اور آزمودہ وظائف ہے جو میں آپ کی نظر کرنا چاہتا ہوں:۔

رزق میں برکات یوں نازل ہوتی ہیں

(۱) یَا اَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ ہر وقت کھلا پڑھنے سے رزق میں برکات نازل ہوتی ہیں۔ میرا آزمودہ ہے۔

ہزاروں مشکلات کیلئے صرف ایک وظیفہ

(۲) یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنے سے میری ہزاروں مشکلیں آسان ہورہی ہیں۔

شوگر کبھی نہ ہوگی! میرا آزمودہ، آپ بھی آزمائیے

(۳) روزانہ کم از کم تین کلومیٹر پیدل چلنے سے مجھے 65 سال کی عمر کے باوجود شوگر سے خداوند عالم نے بچا رکھا ہے۔

دن بھر کے کام بہترین ہوں گے، پریشانی نہ ہوگی

(۴) صبح کی نماز میں سنتوں اور فرض کے درمیان 41 دفعہ یَاعَزِیْزُ اور سورۂ یٰسین کی تلاوت سے دن بھر کے کاموں کا اللہ کریم ذمہ اٹھالیتا ہے اور جو کام فائدہ میں نہیں ہوتا وہ نہیں ہوتا۔

جوڑوں کا درد کبھی نہ ہوگا

(۵) پارہ پندرہ سورۂ بنی اسرائیل کی آیت نمبر ۱۰۵ ہر نماز کے بعد خصوصاً فجر، عصر اور عشاء کے بعد اوّل آخر تین مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے جسم کے جوڑوں پر پھیرلیں جوڑوں کا درد کبھی نہیں ہوگا۔

لاعلاج مریض! ایک بوتل پانی سے صحت پالیں

ایک سچا واقعہ جو کہ غالباً 1994ء میں میں نے دیکھا لکھ رہا ہوں ہمارے محکمہ ریلوے کے سمہ سٹہ اسٹیشن میں غالب حسین سمہ سٹہ پر ہوتے تھے جو کہ کینسر کا دم کرتے تھے اور ملک و بیرون ملک سے مریض آکر شفایاب ہوتے تھے۔ پی ٹی وی کے آفیسر کو کینسر ہوگیا امریکہ سے لاعلاج کرکے بھیجا اور وہ ان کے پاس آیا تو شفایاب ہوگیا اور پھر امریکہ سے ایک ٹیم پہلے لاہور اور پھر ملتان آئی کہ وہ ایک بوتل سے پانی دم کرکے امریکہ لے گئے وہ تحقیق کرنا چاہتے تھے اس میں کیا شامل کیا جاتا ہے۔

صرف تین دن میں لاعلاج کینسر ختم! آزمودہ عمل

میری اہلیہ کی ایک سہیلی نے بتایا اس کے والد فوت ہوگئے تھے اور کینسر میں مبتلا تھے اور اس کو 1995 میں تمام ڈاکٹروں نے لاعلاج کردیا تھا اور جب بندہ خدا کا وظیفہ اس کو دیا تو تیسرے دن جب اس کا ٹیسٹ کلیئر آیا یہ واقعہ اخباروں میں بھی آیا تھا۔

وظیفہ یہ ہے کہ مریض کے پاس ایک آدمی یا کئی آدمی مل کر پانی کا برتن جگ یا چھوٹی بالٹی بھر کر رکھ لیں اور ایک آدمی مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر اوّل و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر یَااَللّٰہُ یَاسَلَامُ کا سب ورد کریں اور جب سر پر ہاتھ رکھنے والا آدمی تھک جائے تو دوسرا آدمی ہاتھ رکھ دے اس طرح ایک ہی نشست میں اگر عصر سے مغرب یا مغرب سے عشاء یا عشاء کے بعد یہ وظیفہ سوا لاکھ مرتبہ یعنی 1,25000 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض پر سب لوگ پھونکیں ماریں اور وہی پانی مریض کو پلائیں تو ان شاء اللہ العزیز تیسرے دن اس کا ٹیسٹ کرانے پر نتیجہ صفر یعنی کینسر ختم ہوگا ان شاء اللہ۔ یقین اور محبت ومحنت لازمی شرط ہے۔

گھریلو مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

گردہ کی تکلیف کیلئے گارنٹی شدہ نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اس نسخہ کے استعمال سے گردہ کی تکلیف بھی رفع ہوجاتی ہے اور پتھری بھی ریت بن کر نکل جاتی ہے، پتھری چاہے جیسی بھی ہو۔

ھوالشافی: سنگ دانہ مرغ 25 گرام، خوردنی نمک 50 گرام۔ دونوں اشیاء کو پیس کر رکھ لیں اور فل سائز کے کیپسول بھرلیں۔ ایک کیپسول صبح، ایک دوپہر اور ایک شام کو مکئی کے بال کے پانی سے کھانا ہے۔ **مکئی کے بالوں کا پانی بنانے کا طریقہ:** 10 عدد مکئی کی چھلی (بھٹے) کے بال لیں اور ان کو دو کلو پانی میں ڈال کر ابالیں جب پانی ایک کلو رہ جائے تو اس پانی کو چھان کر بوتل میں بھرلیں۔ آدھا کپ پانی اور ایک کیپسول لینا۔ یہ پانی تین دن میں صبح، دوپہر، شام پینا ہے اور تین دن میں ختم کرنا ہے، کیپسول بھی صرف تین کھانے ہیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ کے بعد پھر تین کیپسول اور ایک بوتل پانی استعمال کرنی ہے۔ چار ہفتہ تک استعمال کرنا ہے۔ 12 کیپسول اور چار بوتل پانی کی پینی ہے۔ اگر ہائی بلڈ پریشر کا مریض ہو تو اس کو صرف سنگ دانہ مرغ اکیلا دینا ہے اس میں نمک استعمال نہیں کرنا۔

ہر حاجت اور جادو کے توڑ کیلئے

سات مرتبہ درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ یونس کی آیت 81،82، سات مرتبہ آیۃ الکرسی، سات مرتبہ سورۂ طارق، سات مرتبہ سورۂ اخلاص، سات مرتبہ سورۂ فلق، سات مرتبہ سورۂ ناس، ایک مرتبہ سورۂ بقرہ مکمل اور آخر میں سات مرتبہ درود شریف۔ **طریقہ عمل:** یہ عمل سات جمعۃ المبارک تک کرنا ہے۔ عصر سے مغرب تک ایک ہی جگہ بیٹھ کر پڑھنا ہے جب پڑھائی مکمل ہوجائے تو اس جگہ کی صفائی کریں جو مٹی آئے اسے دور پانی میں بہادیں۔ یہ عمل ہر حاجت کیلئے ہے اور خاص کر جادو کے اثرات بھی ختم ہوجاتے ہیں۔ (بحوالہ عبقری جلد 9)

بچوں کا صفحہ

تاجر نے حکیم بن کر حاکم وقت کا علاج کیسے کیا؟

''بھائیو! کیا تمہارا اُونٹ کھو گیا ہے۔ سوداگر خوش ہوئے اور بولے تم نے دیکھا ہے کیا؟ فقیر نے کہا'' کانا تو نہیں تھا اور دائیں پاؤں سے لنگڑا تو نہیں تھا'' ان سوداگروں کو یقین ہوگیا کہ اس نے اونٹ دیکھا ہے' وہ کہنے لگے'' بھائی یہ حقیقت ہے کہ وہ کانا اور لنگڑا تھا۔ مگر وہ گیا کہاں۔

اللہ کے واسطے بتادو میرا اونٹ کدھر ہے؟

ایک مرتبہ ایک فقیر کسی میدان سے گزر رہا تھا اسے سوداگر نظر آئے جو کوئی چیز تلاش کررہے تھے۔ اس نے سوداگروں سے پوچھا'' بھائیو! کیا تمہارا اُونٹ کھو گیا ہے۔ سوداگر خوش ہوئے اور بولے تم نے دیکھا ہے کیا؟ فقیر نے کہا'' کانا تو نہیں تھا اور دائیں پاؤں سے لنگڑا تو نہیں تھا'' ان سوداگروں کو یقین ہوگیا کہ اس نے اونٹ دیکھا ہے' وہ کہنے لگے'' بھائی یہ حقیقت ہے کہ وہ کانا اور لنگڑا تھا۔ مگر وہ گیا کہاں۔ فقیر نے اسی لہجے میں کہا '' آگے والا دانت ٹوٹا ہوا تو نہیں تھا؟ سوداگر جلدی سے بولے '' یہی جناب یہی۔ اللہ کے واسطے بتادو۔ کہاں دیکھا تھا؟ فقیر نے ایک مرتبہ پھر اسی انداز میں کہا ایک طرف شہد کے ڈبے اور دوسری طرف گندم کی بوری لدی ہوئی تھی۔ اب دونوں کو یقین ہوگیا۔ کہنے لگے فقیر بابا! آپ جلدی سے ہمیں چل کر بتائیے کہ اونٹ کہاں ہے؟ فقیر نے کہا'' بھائی اگر سچ پوچھو تو میں نے تمہارے اونٹ کو نہ تو دیکھا ہے اور نہ اسکے بارے میں سنا ہے۔ میں ابھی تم دونوں سے سن رہا ہوں کہ تمہارا اونٹ کھو گیا ہے'' سوداگر حیران ہوگئے اور سمجھے کہ وہ دھوکہ دے رہا ہے دھمکی دے کر کہنے لگے! اسی اونٹ پر دوسرے سامان کے ساتھ ہمارے جواہرات بھی رکھے ہوئے ہیں اگر نہیں بتاؤ گے تو تمہیں قید کرادیں گے۔

فقیر نے جواب دیا بھئی مجھے دھمکی نہ دو میں نے تمہارا اونٹ نہیں دیکھا اس پر سوداگر فقیر کو پکڑ کر قاضی کے پاس لے گئے۔ قاضی کو بھی فقیر نے وہی بات بتائی جب تم نے اونٹ دیکھا ہی نہیں تو اس کے بارے میں اتنی صحیح باتیں کیوں بتا رہے ہو۔ قاضی نے پوچھا۔ فقیر نے مسکرا کر کہا قاضی صاحب! میری بات سن کر آپ ضرور شک میں مبتلا ہوں گے۔ لیکن میں اب آپ کو حقیقت بتاتا ہوں جب میں گھر سے نکلتا ہوں تو آنکھیں کھلی رکھتا ہوں۔ آج صبح میں ایک جگہ سے گزر رہا تو میں نے دیکھا تو ایک اونٹ کے پیروں کے نشان تو موجود ہیں لیکن کسی آدمی کے پیروں کے نشان نہیں ہیں جس سے میں سمجھا گیا یہ اونٹ رسی تڑوا کر بھاگا ہے۔ پھر دیکھا تو ایک پاؤں کے نشان تھے ہی نہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہ لنگڑا ہے پھر کیا دیکھا کہ راستے کے ایک طرف گھاس چرنے کے نشان ہیں جس سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ کانا ہے۔ دانت کے ٹوٹا ہونے کے علم اس طرح ہوا کہ اس نے جس پودے کو کھانے کی کوشش کی اس کے کچھ پتے باقی رہ گئے تھے اور سامان کا پتا اس طرح چلا کہ ایک طرف چیونٹیوں کی آمدورفت تھی جس سے معلوم ہوا کہ ایک طرف اناج ہے اور دوسری طرف شہد کی مکھیاں تھیں جس سے معلوم ہوا کہ وہاں شہد ضرور ہوگا'' قاضی یہ بات سن کے دنگ رہ گیا اور فقیر کو شاباشی دی۔ سوداگر بھی فقیر کے بتائے ہوئے راستے پر گئے اور اپنا کھویا ہوا اُونٹ پالیا۔ (قاسم مجید' لاہور)

ایک کہاوت ''نیم حکیم خطرہ جان''

کسی علاقے میں ایک تاجر کپڑے کا کاروبار کرتا تھا۔ وہ دور دراز کے شہروں میں جاکر اپنا کپڑا بیچتا اور واپسی میں طرح طرح کی نئی چیزیں خرید لاتا تھا جنہیں وہ اپنے علاقے میں لاکر فروخت کردیتا۔ اس طرح اسے دور دراز علاقوں میں بھی جانا پڑتا۔ ایک بار وہ کسی علاقے میں مال بیچنے گیا۔ اس نے ایک درخت کے ساتھ اپنا اونٹ باندھا۔ اور اس کے آگے خربوزے ڈال دیئے اور خود بھی کھانا کھانے لگا اچانک اونٹ کے گلے سے عجیب و غریب گھٹی کی آوازیں آنے لگیں اونٹ کے گلے میں خربوزہ پھنس گیا تھا۔ تاجر نے دیکھا تو رو رو کے دہائی دینے لگا میرے اونٹ کو بچالو لوگ دوڑے اور گاؤں کے ایک سیانے حکیم صاحب کو لے آئے انہوں نے اونٹ کو زمین پر لٹایا اور ایک اینٹ اسکی گردن کے نیچے رکھی اور دوسری اینٹ اسکی گردن کے اوپر رکھ کر آہستگی سے ماری جس سے خربوزہ ٹوٹ گیا اور اونٹ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

اگلے سال شدید بارشیں ہوئیں تاجر کو اپنے شہر سے نکلنا دشوار ہوگیا۔ اس کے پاس جو جمع پونجی تھی وہ خرچ ہوگئی اس کے پاس کوئی ہنر بھی نہ تھا' بہت سوچ بچار کے بعد اس نے حکیم بننے کا فیصلہ کیا۔ اس نے ایک دوکان بنائی اور چند جڑی بوٹیاں رکھ لیں اور لگا لوگوں کو اونٹ پٹانگ دوائیں دینے ان ہی دنوں شہر کا حاکم بیمار ہوگیا۔ اسے گلہڑ کا مرض لاحق تھا اس مرض میں گلا پھول جاتا ہے اس وقت یہ مرض لاعلاج سمجھا جاتا تھا لہٰذا شہر میں ڈھنڈورا پٹوادیا کہ جو کوئی بھی اس کا علاج کرے گا اسے بھاری انعام دیا جائے گا۔ جب نیم حکیم یعنی تاجر نے یہ اعلان سنا تو اسے اپنے اونٹ کے ساتھ پیش آنے والا پچھلے برس والا واقعہ یاد آگیا اس نے اعلان کیا وہ حاکم شہر کا علاج کرے گا۔ لوگ حیران رہ گئے پورے شہر میں صرف اسی کے پاس یہ علاج تھا۔ آخر وہ حاکم کے گھر حاضر ہوا وہاں اور بھی لوگ بیٹھے تھے۔ نیم حکیم نے حاکم شہر کو لٹایا۔ ایک اینٹ اس کی گردن کے نیچے رکھی اور دوسری اینٹ اوپر سے دے ماری۔ اس کے بعد پھر کیا ہوا آپ سمجھ سکتے ہیں ظاہر ہے حاکم شہر جان سے گئے۔ مجمع میں سے کسی نے بلند آواز سے کہا'' نیم حکیم خطرہ جان'' اسکے بعد نیم حکیم کے ساتھ جو ہوا سو ہوا مگر یہ کہاوت مشہور ہوگئی اب جب بھی کوئی اناڑی مہارت کا کام کرنے لگے تو یہی کہاوت کہی جاتی ہے۔ (مہر النساء' حیدرآباد)

> جب نیم حکیم یعنی تاجر نے یہ اعلان سنا تو اسے اپنے اونٹ کے ساتھ پیش آنے والا پچھلے برس والا واقعہ یاد آگیا اس نے اعلان کیا وہ حاکم شہر کا علاج کرے گا۔ لوگ حیران رہ گئے پورے شہر میں صرف اسی کے پاس یہ علاج تھا۔

رزق کھاتے شرم آتی ہے!

ایک دفعہ ایک بزرگ آدمی کی آنکھوں کا آپریشن ہوا۔ ڈاکٹر نے احتیاط اور پرہیز بتائے اور ساتھ میں یہ بھی کہ اگلے معائنے تک نماز میں جھکنے سے پرہیز کریں یا پھر اشارے سے نماز پڑھ لیں۔ گھر آجانے کے بعد اس بزرگ نے کھانا پینا کم کردیا اسکے گھر والوں کو پریشانی ہونے لگی انہوں نے دوبارہ ڈاکٹر سے رجوع کیا تو اس نے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ روٹی یا کھانا چباتے وقت آنکھوں میں درد ہوتا ہو اس لیے اس نے نرم چیزیں کھلانا کو کہا۔ ایک دو دن تک گھر والوں نے دیکھا مگر بزرگ نے کھانے میں کوئی تبدیلی نہ کی کچھ دنوں بعد انہوں نے بزرگ سے پوچھ لیا کہ آپ کھانا کیوں نہیں کھا رہے ڈاکٹر نے تو سجدہ کرنے سے منع کیا تھا نہ کہ کھانا کھانے سے تو بزرگ نے جواب دیا کہ'' جس کو سجدہ نہیں کرسکتا اس کا رزق کھاتے ہوئے مجھے شرم آتی ہے''۔ (ج، ب)

کشمیر کے جنگلات سے ملی جننی نے گھر سنبھال لیا

زاہدہ بانو، شیخوپورہ

وہ لڑکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہنے لگی: ساتھ لے کر جاؤ گے تو اچھا ہے نہیں تو بہت ہی بُرا ہوگا' میں آپ کے گھر آپ کی نوکرانی بن کر رہنا چاہتی ہوں' آپ کے گھر کے سارے کام کروں گی' آپ کے بچوں کا خیال رکھوں گی۔

سالہا سال کے اٹکے کام حل ہو گئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں 2010ء سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں' اس سے مجھے بہت کچھ ملا ہے' پانچ وقت نماز پڑھتی ہوں' صبح نماز پڑھ کر ہر نماز کے بعد اللہ اکبر 34 بار' سبحان اللہ اور الحمدللہ 33،33 مرتبہ پڑھتی ہوں۔ یا قہار کی گیارہ تسبیحات صبح اور گیارہ تسبیحات رات کو اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھتی ہوں۔ اس کے علاوہ سورۂ والضحیٰ کی آیت نمبر 5 وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى صبح و شام ایک تسبیح پڑھتی ہوں' اس کے علاوہ صبح شام سورۂ یٰسین' سورۂ مزمل' منزل' سورۂ رحمٰن ضرور پڑھتی ہوں' درود شریف سارا دن چلتی پھرتی پڑھتی ہوں' میرے بہت سارے کام جو سالہا سال سے اٹکے ہوئے تھے درج بالا اعمال جو مجھے عبقری رسالہ سے ہی ملے ہیں ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ میں آپ کو عبقری رسالہ نکالنے پر بہت زیادہ دعائیں دیتی ہوں اور آپ سے ہر ماہ کا اسم اعظم کا روحانی دم بھی کرواتی ہوں۔ اس رسالے کے میرے اوپر بہت احسانات ہیں' یہی وجہ ہے کہ میں پہلی مرتبہ کسی شمارے کیلئے لکھ رہی ہوں۔ یہ واقعہ بالکل سچا ہے اور میرے ابا جی بتایا کرتے تھے' لیجئے انہی کی زبانی پڑھیے:۔

دادا کشمیر کے جنگلات میں شکار کھیلتے تھے

میرے دادا بہت خوبصورت تھے' ان کو شکار کھیلنے کا بہت شوق تھا' وہ جموں کشمیر کے جنگلات میں شکار کھیلا کرتے تھے' یہ آج سے اسی سال پرانی بات ہے' ایک مرتبہ میرے دادا جی رات کے دو بجے گھر سے نکل گئے' وہ شکار کھیلنے ہمیشہ گھوڑے پر جاتے تھے' جب جنگل میں پہنچے تو ایک جگہ جا کر گھوڑے نے چلنا بند کر دیا' لاکھ کوشش کے باوجود گھوڑا ایک قدم بھی نہ بڑھا رہا تھا' دادا کہنے لگے: کچھ دیر تو میں کھڑا رہا' بعد میں میں نے کہا جو کوئی بھی ہو' میرے سامنے آ جاؤ' جب میں نے یہ کہا تو ایک انتہائی نوجوان خوبصورت لڑکی میرے سامنے آ گئی' وہ بہت خوبصورت تھی' انتہائی قیمتی کپڑے زیب تن کیے ہوئے تھے' میں نے کہا: کیا چاہتی ہو؟ کہنے لگی: تم بہت خوبصورت ہو' مجھے بڑے اچھے لگتے ہو' میں تمہارے ساتھ جانا چاہتی ہوں! میں نے کہا میں تم کو کیسے لے جاؤں؟ میں تو شادی شدہ ہوں! میری بیوی اور تین بچے ہیں' میں کیسے ایک انجان جوان لڑکی کو اپنے گھر لے جاؤں۔

گھر لے جاؤ گے تو اچھا ورنہ بہت بُرا ہوگا

وہ لڑکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہنے لگی: ساتھ لے کر جاؤ گے تو اچھا ہے نہیں تو بہت ہی بُرا ہوگا' میں آپ کے گھر آپ کی نوکرانی بن کر رہنا چاہتی ہوں' آپ کے گھر کے سارے کام کروں گی' آپ کے بچوں کا خیال رکھوں گی۔ میرے دادا کہنے لگے: میں کچھ دیر تو سوچتا رہا' پھر اچانک کہا کہ چلو میرے ساتھ میرے گھر چلو' اس دن میں شکار پر نہیں گیا' جب گھر پہنچا تو بیوی کہنے لگی: یہ کس کو لے آئے ہو؟ میں نے کہا آپ کیلئے' بچوں کیلئے نوکرانی لے کر آیا ہوں' یہ سارے گھر کے کام کرے گی' جوان لڑکی دیکھ کر پہلے تو بیوی ناراض ہوئی' بعد میں میں نے اسے سمجھایا اور جب اس نے تمام گھر کے کام کرنا شروع کیے تو بیوی خوش ہو گئی۔ ایک خاص بات جو لڑکی نے کہی کہ میں گھر کے سارے کام کروں گی مگر "مجھے کبھی کوڑا پھینکنے کیلئے مت کہنا" میں نے کہا ٹھیک ہے' بیوی کو بھی سمجھا دیا۔ بچے چھوٹے تھے' بیوی بھی راضی ہو گئی۔

اسے گھر سے نکالو یہ ہمیں ڈرا رہی ہے

ایک دن ہم سب گھر والے ایک کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ باہر کا دروازہ بند تھا' کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا تو میری بیوی نے اس سے کہا کہ جاؤ دروازہ کھولو تو اس نے بیٹھے بیٹھے ہاتھ لمبا کر کے دروازہ کھول دیا' میں' بچے اور بیوی دیکھ رہے تھے' وہ بہت زیادہ ڈر گئے۔ بیوی کہنے لگی: اس کو گھر سے نکالو یہ تو ہمیں ڈرا رہی ہے۔ میں نے اس کے ساتھ اس گھر میں نہیں رہنا۔ میں یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا' مجھے اس پر بہت غصہ آیا' میں نے اس کو کہا: جھاڑو لگاؤ' وہ ادب سے اٹھی اور جھاڑو دینا شروع کر دیا' (باقی صفحہ نمبر 60 پر)

کھوٹے سکے

یا باری تعالیٰ! تیری مخلوق کھوٹے سکے لے کر آتی رہی اور میں قبول کرتا رہا۔ اب میرا آخری وقت ہے

حضرت بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ اپنے مریدین کو ایک بزرگ کا واقعہ سنایا۔ شہر ہرات میں ایک بزرگ رہتے تھے جن کا کاروبار سالن بنا کر فروخت کرنا تھا۔ حسب معمول وہ سالن کی دیگ پکا کر گاہکوں کے انتظار میں بیٹھے تھے کہ ایک عورت آئی اور سالن طلب کیا۔ بابا نے اسے دے دیا۔ عورت نے جو سکہ انہیں بطور قیمت دیا تھا وہ کھوٹا تھا لیکن بزرگ نے رکھ لیا اور ظاہر نہ ہونے دیا کہ میں کھوٹے اور کھرے کی پہچان رکھتا ہوں۔ اس عورت نے یہ بات پھیلا دی کہ فلاں دکان کے بابا جی کھرے کھوٹے سکے کی پہچان نہیں رکھتے۔ چنانچہ لوگ کھوٹے سکے چلانے کے لیے ان کی دکان پر آنے لگے ایک دن وہ بزرگ انتہائی بیمار ہو گئے اور زندگی کی کوئی امید باقی نہ رہی۔ وہ بزرگ مصلیٰ بچھا کر بیٹھ گئے اور سارے کھوٹے سکوں کی تھیلیاں بھی سامنے رکھ لیں اب انہوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور بولے۔ یا باری تعالیٰ! تیری مخلوق کھوٹے سکے لے کر آتی رہی اور میں قبول کرتا رہا۔ اب میرا آخری وقت ہے اور میری کھوٹی نمازیں، روزے اور سجدے قبول فرما وہ دعا فرما رہے تھے تو ان کی در و دیوار عشق الٰہی سے لرز رہے تھے اور غیب سے یہ ندا آ رہی تھی کہ میرے بندے میں نے یہ سب قبول کیا اور تیسرا حساب درگزر کیا اور جنت میں تیرے لیے اللہ کے نبیوں اور صدیقین کا پڑوس منتخب کیا۔ (ج، سرگودھا)

ظلم کی تین قسمیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کیلئے چھوٹا سا تحفہ لائی ہوں' قبول فرمائیں:۔ ظلم کی تین قسمیں: ظلم کی ایک قسم وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ ہرگز نہ بخشیں گے۔ دوسری قسم وہ ہے جس کی مغفرت ہو سکے گی اور تیسری وہ ہے کہ جس کا بدلہ اللہ تعالیٰ لیے بغیر نہ چھوڑیں گے۔ پہلی قسم کا ظلم شرک ہے۔ دوسری قسم کا ظلم حقوق اللہ میں کوتاہی ہے اور تیسری قسم کا ظلم حقوق العباد کی خلاف ورزی ہے۔ (ابن کثیر بحوالہ مسند بزار) (مصباح اسلم، لاہور)

جادوگر نے کہا زندہ بیل زمین میں دفن کردو! مقصد پورا ہوگا

روبینہ اجمل، لاہور

یہ ساری داستان میری آنکھوں کی دیکھی ہوئی ہے' ان بچیوں جن پر ظلم ہوتا ان کی چیخیں اب بھی سنائی دیتی ہیں' وہ زندہ بیل جس کو دفن کیا گیا اس کا تڑپنا اور بے بسی مجھے نہیں بھولتی۔ جن کی زمینوں پر قبضے کرتا تھا ان بے بسوں کی بے بسی تڑپا دیتی ہے۔

اچھائی یا برائی کا نسلوں پر اثر

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے دس سال ہوگئے ہیں تسبیح خانہ سے جڑے ہوئے جب سے آپ سے تعلق بنا ہے' میں نے بہت کچھ پایا ہے۔ میں نے دیکھا ہے اچھائی ہو یا برائی اس کا اثر نسلوں پر ضرور پڑتا ہے میرے ملنے والے تھے جب پاکستان بنا تو وہ آدمی ایک نیکر پہن کر پاکستان آیا پھر وہ پنجاب کے ایک چھوٹے سے شہر میں آباد ہوگیا۔ ہوتے ہوتے وہ پٹواری بن گیا پٹواری بن کے وہ گاؤں کا باپ بن گیا' اس نے زمینوں پر قبضے شروع کردیئے' اس کے چار بیٹے اور ایک بیٹی تھی' سارے جوان تھے اس کی بیوی بہت ہی نیک عورت تھی' وقت گزرتا گیا ایک دن اس کے پاس ایک کیس آیا کوئی عورت جس کی ایک بیٹی تھی وہ اپنے خاوند سے طلاق لینا چاہتی ہے۔ اس شخص نے اس عورت کی طلاق کروا کے اس سے خود شادی کرلی۔ اس شخص کی پہلی عورت بوڑھی تھی وہ اپنے ایک بیٹے کے پاس چلی گئی اور اپنے خاوند سے پردہ کرنے لگی' دوسری بیوی کے گھر دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہوئی ان بچوں کو میں نے اپنے ہاتھوں سے پالا ہے۔ وہ بچے میرے ساتھ بہت پیار کرتے تھے۔

سلائی مشین الٹی چلاتی اور کچھ پڑھتی

اس شہر کے باہر بائی پاس کے قریب اس شخص کی بہت بڑی اور بہت ہی خوبصورت حویلی تھی۔ اس کے نام سے یہ حویلی بہت مشہور ہے۔ اس کی دوسری بیوی کا بھی میرے ساتھ بہت اچھا اخلاق تھا' اس کی بیوی غریبوں کی مدد بھی کرتی تھی وہ اصل میں پیچھے سے بہت غریب گھر سے تعلق رکھتی تھی۔ آہستہ آہستہ اس میں لالچ بڑھتا گیا اور وہ اپنے شوہر کی جائیداد اپنے قبضے میں کرنے لگی اس کی بیٹی جوان ہوگئی تو اس شخص نے اس کی شادی قریب کے ایک گاؤں کے بہت بڑے زمیندار سے کردی' وہ دشمن دار لوگ تھے۔ آخر وہ آدمی ایک بیٹا اور ایک بیٹی کو چھوڑ کر قتل ہوگیا۔ بیٹی بچوں سمیت گھر آگئی۔ اس شخص کی بیوی نے بیٹی کی اس کے دیور کے ساتھ شادی کیلئے کہا تو وہ نہ مانا' اس نے جادو کرنا شروع کردیا۔ میری آنکھوں دیکھی بات ہے کہ کپڑے سینے والی مشین الٹی چلاتی تھی اور نجانے کیا منہ ہی منہ میں پڑھتی تھی' کچھ ہی دنوں کے بعد اس کی بیٹی کا دیور گھر آگیا' اس نے بیٹی کا نکاح اس سے کردیا' وہ چاہتی تھی جائیداد ساری میرے پاس رہے میری اولاد کو بھی نہ ملے۔

جادوگر سے رابطہ اور زندہ بیل دفن

اس نے بھی کسی جادوگر سے رابطہ کیا اس نے اس کو کہا ایک زندہ بیل لو اور اس کو زندہ زمین میں دفن کردو' قارئین! یہ میرے سامنے ہوا ہے' اس نے ملازموں کی مدد سے ایک بیل لیا اس کو اپنے گھر کے صحن میں زمین کھود کر زندہ دفن کروادیا اس بیل نے اتنا شور مچایا سارا گاؤں اس کی آوازیں سن رہا تھا۔ اس کا شوہر اپنی جوان ملازم لڑکیوں سے زیادتی کرتا' حویلی میں ظلم کی انتہاء شروع ہوگئی۔ پھر اللہ کی پکڑ شروع ہوئی' سب سے پہلے اس شخص کا جوان بیٹا جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے کھلایا تھا اس کی شادی ہوئی 20 سال کی عمر میں اس کا ایک بیٹا ہوا پھر بیٹی ہوئی بیٹی اس نے دیکھی بھی نہیں' لاہور میں اچانک شیخ زید ہسپتال کے قریب گھر میں مردہ پایا گیا۔ سنا ہے کہ شراب کا نشہ زیادہ کرلیا تھا پھر اس شخص کی بیٹی کی شادی ہوئی تو اسکے چار بیٹے ہیں اسکے خاوند کو کسی نے اغواء برائے تاوان میں بڑی بری طرح قتل کردیا۔ چھوٹی بیٹی کی چار دفعہ طلاق ہوئی۔ ایسی ہوا چلی کہ یہ مشہور حویلی نیلام ہوگئی۔

رئیس کا بیٹا آج فاقے کاٹ رہا

مشہور تاجر نے وہ حویلی خریدی اور خریدتے ہی اس پر بلڈوزر چلادیئے کیونکہ وہ حویلی اس شخص کے نام سے مشہور تھی' نہ حویلی رہے گی نہ اس شخص کا نام لینے والا کوئی رہے گا۔ اس شخص کا چھوٹا بیٹا (ش)' اس کے دو بیٹے تھے' بیوی نے طلاق لے لی' منہ میں سونے کا چمچ لینے والا بچہ' اسے میں نے اپنے ہاتھوں سے کھانا کھلایا تھا' آج فاقے کاٹ رہا ہے اور اس شہر کی سبزی منڈی میں کام کرتا ہے یہ بالکل سچی کہانی ہے میں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ آپ سچ فرماتے ہیں ''جیسی کرنی ویسی بھرنی'' اس شہر میں وہ بندہ (پٹواری) بہت مشہور تھا مگر حرام مال اور حرام کام کی وجہ سے تباہ و برباد ہوگیا۔ حتیٰ کہ اس کے جس جس ملازم نے اس کے مال پر عیاشی کی وہ تمام ایک ایک کرکے میرے سامنے بری طرح تباہ و برباد ہوئے۔ اس کا ایک نوکر (ع) تھا اس کی تمام اولاد اپاہج پیدا ہوئی۔ ایک ڈرائیور آج تک بے اولاد ہے اور مانگ تانگ کر گزارہ کررہا ہے۔

بیل کا تڑپنا اور بے بسی نہیں بھولتی

میں جب بھی اس گھر کی کہانی دیکھتی ہوں تو میرا جسم کانپنا شروع ہوجاتا ہے۔ یہ ساری داستان میری اپنی آنکھوں کی دیکھی ہوئی ہے وہ بچیاں جن پر ظلم ہوتا ان کی چیخیں اب بھی سنائی دیتی ہیں' اس زندہ بیل جس کو دفن کیا گیا اس کا تڑپنا اور بے بسی مجھے نہیں بھولتی۔ جن کی زمینوں پر قبضے کرتا تھا ان بے بسوں کی بے بسی تڑپا دیتی ہے۔ میں ہر وقت استغفار پڑھتی رہتی ہوں۔

گھر کیسے برباد ہوتے ہیں؟ میں نے دیکھا ہے

آپ سے میں نے انسانیت سے محبت سیکھی ہے آپ کو اللہ جزائے خیر دے۔ میں آپ کا ہر درس سنتی ہوں لوگوں کو بتاتی ہوں' آپ نے نبی کریم ﷺ سے عشق کرنا سکھا دیا ہے' اللہ تعالیٰ سے مانگنا آگیا ہے۔ گھر کیسے تباہ ہوتے ہیں میں نے دیکھا ہے۔

میری امی کو نظر بد بہت لگتی تھی! یہ عمل کمال ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں' میں نے اس رسالہ سے بہت فیض پایا ہے۔ آج اپنا ایک مشاہدہ لیکر حاضر ہوا ہوں۔ میری امی کو نظر بد بہت جلد لگ جاتی تھی' جس کی وجہ سے وہ اکثر کسی نہ کسی بیماری میں مبتلا ہوجاتی تھیں' میں نے عبقری رسالہ میں اَحَدَّ سَصْطَعْ کَلَمُوْہ کا وظیفہ پڑھا۔ میں نے صرف تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی امی پر دم کیا' میری والدہ کچھ ہی دیر میں بالکل نارمل ہوگئیں' اور تمام تکلیف ختم ہوگئی۔ اسی طرح میری بہن کا گلہ خراب تھا اس پر بھی میں نے یہی دم کیا' میری بہن بھی ٹھیک ہوگئی۔ اس کے علاوہ بہن کی شادی کیلئے 70 ہزار پہلا کلمہ پڑھا' الحمدللہ ادھر ستر ہزار کلمہ مکمل ہوا ادھر بہن کی بہت اچھی جگہ منگنی ہوگئی۔ (محمد اعجاز الحق' کراچی)

بچی کی شادی کیلئے عمل	بیروزگار بیٹا برسرروزگار	گھٹنوں کے مسائل ختم
6 بیٹیوں کے بعد بیٹا؟	وزن کم کرنے کا نسخہ بتائیے!	میرا حسن واپس دلا دیجئے!

قارئین! زیرنظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ، تجربہ، کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے، کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

اکتوبر کے جوابات

1۔ شادی کیلئے سورۂ آل عمران کی پہلی تین آیات 329 مرتبہ روزانہ اول و آخر 7 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل چالیس دن تک مستقل مزاجی سے پڑھیں۔ لڑکی خود بھی پڑھ سکتی ہے اگر لڑکی خود نہ پڑھ سکے تو دوسرے بھی اس کی نیت کر کے پڑھ سکتے ہیں۔ میری بہن کی شادی نہیں ہو رہی تھی، عبقری رسالہ سے یہ عمل پڑھ کر کیا، الحمدللہ! بہن کی شادی کے اسباب بھی پیدا ہو گئے، رشتہ بھی بہترین جگہ ہو گیا اور بہن کی شادی بغیر کسی پریشانی سے انجام پائی۔ میرا آپ کو بھی یہی مشورہ ہے۔ یقین توجہ اور دھیان سے صرف یہی عمل کریں۔ (عالیہ کامران، پاکپتن شریف)

2۔ بہن آپ نے لکھا کہ آپ کا بیٹا پانچ سال سے بیروزگار ہے، کوئی نوکری نہیں ملتی اگر مل جائے تو کرتا نہیں۔ یہ عمل یقین توجہ اور دھیان سے کیجئے سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار، اول و آخر تین بار درود شریف اور سورۂ کے ہر ''ک'' پر 9 بار یَا کَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح وشام ایک ایک بار کریں۔ اگر فجر سے پہلے کر لیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں، جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کر سکیں کر سکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں، تو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9،9 دن کا عمل کرتے ہیں۔ (قاسم پرویز، کراچی)

3۔ گھٹنوں کے مسائل کیلئے آپ عبقری دواخانہ کا ''کمر جوڑوں کا درد کورس'' اور ''کراماتی تیل'' کا استعمال لکھی گئی ترکیب سے کریں، میرے والد محترم انہی ادویات سے آج صحت یاب ہیں۔ (میمونہ، خوشاب)

4۔ محترمہ آپ کی خواہش ہے کہ چھ بیٹیوں کے بعد اللہ کریم بیٹے سے نوازے تو اس کیلئے جیسے ہی حمل ٹھہرے سورۂ بقرہ ہر چاند کی پہلی جمعرات کو پڑھنا شروع کر دیں۔ 9 ماہ یہ عمل مستقل مزاجی سے کیجئے۔ ان شاء اللہ اس سورۂ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔ (شہریار بٹ، گوجرانوالہ)

نومبر کے سوالات

محترم قارئین السلام علیکم! عبقری رسالہ کی جتنی تعریف کروں کم ہوگی، اس کو پڑھ کر بہت سکون ملتا ہے، وظائف سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ عرض یہ ہے کہ ایسا کوئی وظیفہ بتائیے کہ نماز میں باقاعدگی آجائے اور ذوق شوق پیدا ہو جائے، چاہنے کے باوجود وقت پر نماز ادا نہیں کر پاتی۔ روزانہ رات کو ارادہ کرتی ہوں کہ صبح ضرور پڑھوں گی اور صبح سوچتی ہوں کہ رات تک تمام نمازیں پڑھ لوں گی مگر ناکام ہو جاتی ہوں۔ اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ (جویریہ، اسلام آباد)

2۔ محترم قارئین السلام علیکم! میں بہت پریشانی کے عالم میں آپ کو خط لکھ رہی ہوں، میں اپنے موٹاپے کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہوں، زندگی سے مایوس ہوتی جا رہی ہوں، خدارا اگر کسی بہن یا بھائی کے پاس وزن کم کرنے کا کوئی نسخہ، ورزش یا ٹوٹکہ ہے تو مجھے ضرور بتائیے۔ (ش، اٹک سٹی)

3۔ قارئین! میری شادی کو پندرہ سال گزر گئے، 14 سال بلیڈنگ کی تکلیف برداشت کی، پھر تنگ آکر آپریشن کروایا، اب ڈیڑھ سال سے اذیت ناک زندگی گزار رہی ہوں، نہ موشن کنٹرول ہوتے ہیں نہ نیند آتی ہے، پورے جسم میں آگ لگی ہوئی ہے، دماغ میں جلن رہتی ہے، گیس سے بے حال ہو جاتی ہوں۔ خدارا مجھے کچھ بتائیے۔ (پوشیدہ، گجرات)

4۔ قارئین! ہم نے عبقری میں چھپی قارئین کی تحریروں سے بہت فائدہ اٹھایا۔ میری عمر 27 سال ہے، جب میں 9th کلاس میں پڑھتی تھی تو میں الحمدللہ بہت خوبصورت تھی، ہر کوئی میری تعریفیں کرتا تھا، کزن کی شادی پر بال کٹوائے، بس اس کے بعد میرے سر میں درد رہنا شروع ہو گیا، آہستہ آہستہ بال اترنا شروع ہوئے، اب حال یہ ہے کہ میرے پیچھے والے بال تین لٹوں میں رہ گئے ہیں اور ماتھے پر جیسے کسی نے کاٹ کر پف بنا دیا ہو۔ عجیب صورتحال ہے۔ میرا رنگ آہستہ آہستہ سیاہ ہونا شروع ہو گیا، چہرے پر چھائیاں، خدارا مجھے کچھ بتائیے، یہ نظر بد ہے، جادو ہے کیا ہے، میرا حسن کیسے واپس آئے گا؟ (ب، ق)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! قریش جب آپس میں ملتے ہیں تو حسین مسکراتے چہروں سے ملتے ہیں اور جب ہم سے ملتے ہیں تو ایسے چہروں سے ملتے ہیں جنہیں ہم نہیں جانتے (یعنی جذبات سے عاری چہروں کے ساتھ) حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ فرماتے ہیں: حضور نبی اکرم ﷺ یہ سن کر شدید جلال میں آگئے اور فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کسی بھی شخص کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہوسکتا جب تک اللہ تعالیٰ اس کے رسول ﷺ اور میری قرابت کی خاطر تم سے محبت نہ کرے۔ (احمد، نسائی، حاکم، بزار)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ستارے اہل زمین کو غرق ہونے سے بچانے والے ہیں اور میرے اہل بیت میری امت کو اختلاف سے بچانے والے ہیں اور جب کوئی قبیلہ ان کی مخالفت کرتا ہے تو اس میں اختلاف پڑ جاتا ہے یہاں تک کہ وہ شیطان کی جماعت میں سے ہو جاتا ہے۔ (امام حاکم)

نیپی ریش سے نجات کا لاجواب ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سردیوں کی آمد آمد ہے اور اس موسم میں پیمپرز کا استعمال بہت بڑھ جاتا ہے، زیادہ دیر پیمپر لگنے کی وجہ سے اکثر چھوٹے بچوں کو نیپی ریش ہو جاتی ہے اگر ساتھ موشن لگے ہوں تو جلد لال ہو جاتی ہے۔ اس کے حل کیلئے میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے اس کے لیے سرسوں کا تیل ایک پیالی میں اور اس میں پانی ڈال کے اس کو ایسے پھینٹیں جیسے انڈا پھینٹتے ہیں اس کی رنگت انڈے کی زردی جیسی ہو جائے گی پھر اس کو فریزر میں رکھ دیں جب بہت ٹھنڈا ہو جائے تو ایک دفعہ پھر پھینٹ لیں اور بچے کو لگا کر تھوڑی دیر کے لیے کھلا چھوڑ دیں تو فوراً آرام آجاتا ہے۔ اس کو بڑے بھی لگا سکتے ہیں اکثر موٹے لوگوں کو ایسی شکایت ہو جاتی ہے۔ (ع-م۔ بہاولپور)

ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!

سانس کا مریض چند ہفتوں میں صحت یاب	مائیگرین کی مریضہ آج صحت مند ہے
عبقری دواخانہ سے شفاء کا سچا پیغام لائی	ماہنامہ عبقری اورستر شفائیں! زندگی لوٹا دی
جما ہوا ریشہ دنوں میں ختم	معدہ و جگر دونوں خراب! عبقری نے بچالیا

سانس کا مریض چند ہفتوں میں صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بھائی کو سانس کا مسئلہ تھا کافی ادویات استعمال کروائیں مگر فرق نہیں پڑا کسی نے عبقری دواخانہ کے بارے میں بتایا۔ہم نے عبقری دواخانہ فون کیا' انہوں نے بھائی کا مسئلہ توجہ سے سنا اور بھائی کو عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''شفائے حیرت سیرپ'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ہم نے بذریعہ وی پی ''شفائے حیرت سیرپ'' لاہور سے منگوایا اور اس کا استعمال شروع کردیا اب الحمدللہ اسے بہت افاقہ ہے۔مزید علاج ابھی جاری ہے۔(سدرہ، کھوئیاں حلہ گنگ)

مائیگرین کی مریضہ جوہر شفاء مدینہ سے شفاء یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی نسلوں کو ہمیشہ آباد رکھے اور ان کو قیامت تک کی خوشیاں دے(آمین) میں رات کو سوتے وقت ''یاباعث، یانور'' گیارہ بار پڑھتی ہوں چین سے نیند آتی ہے۔بارش کے وقت روتے ہوئے امت رسول ﷺ کے لیے دعا کرتی ہوں۔ پرندوں کو ہدیہ کرتی ہوں۔عبقری ادویات کے استعمال سے میری پرانی بیماریاں ختم ہوگئیں۔میں مائیگرین کی مریضہ تھی' بے شمار جگہ سے علاج کروایا' طرح طرح کی ادویات کا استعمال کیا مگر آرام نہ آیا۔ کسی عزیز کے ذریعے عبقری دواخانہ کی ''جوہر شفاء مدینہ'' پاکستان سے منگوائی۔اس دوا کے مسلسل استعمال سے میرا اندر جما ہوا ریشہ نکل گیا' چند ماہ میں ہی سالہا سال پرانی بیماری ختم ہوگئی۔الحمدللہ اب بالکل سکون ہے۔میرے کچھ روحانی مشاہدات ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں۔**سورۂ اخلاص کا عمل:** ہر نماز کے بعد چالیس دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنے سے شیطان سے حفاظت رہتی ہے اور میوزک، ٹی وی سے نفرت ہوجاتی ہے۔روحانیت کے لیے: عصر کی نماز کے بعد لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ (الاعراف 187) کے ورد سے روحانیت آجاتی ہے۔**یاحی یاقیوم کا عمل:** فجر کی نماز کے بعد یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ 40 بار پڑھنے سے اندر سے کینہ دور ہوا' اللہ کی محبت مل گئی۔(خالدہ پروین، ناروے)

عبقری دواخانہ سے شفاء کا سچا پیغام لائی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی دنوں سے موشن آرہے تھے اور ادویات کے استعمال سے بھی رک نہیں رہے تھے جس کی وجہ سے کمزوری محسوس ہورہی تھی۔ پھر عبقری رسالہ سے ایک نسخہ پڑھا کاسنی اور کلونجی کے بیجوں والا۔نسخہ یہ تھا کاسنی اور کلونجی کے بیج ہموزن لے لیں صبح و شام آدھا یا چوتھائی چمچ کھانا ہے۔جگر اور معدہ کے ہر مرض کا علاج ہے۔ میں نے چند بار استعمال کیا تو میرے موشن رک گئے' میں نے جب رسالہ میں چھپے ایک چھوٹے سے ٹوٹکہ سے اتنا فیض پایا تو اپنے سالہا سال پرانے مرض کے علاج کیلئے عبقری دواخانہ کا رخ کیا۔میرا معدہ گزشتہ کئی سالوں سے خراب تھا ساتھ جگر میں بھی خرابی تھی۔ پھر میں عبقری دواخانہ گئی اور اسسٹنٹ حکیم سے ملاقات ہوئی۔انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''اصلاح معدہ و جگر پیکیج'' کے ساتھ سونف، انجبار اور سیاہ ہرڑ کے سفوف کے استعمال کا مشورہ دیا جو میں نے استعمال کیا جس سے مجھے بہت جلد فرق محسوس ہونا شروع ہوگیا۔۔(مسز کاشف، لاہور)

ماہنامہ عبقری اور ستر شفائیں! زندگی لوٹا دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ اپنے رحمت کا نور آپ پر بارش کی طرح برسائے اور بہت سی برکات سے نوازے۔آمین!۔ مجھے سانس کا مسئلہ تھا' ساری ساری رات جاگ کر گزارتا' بے شمار جگہ سے علاج کروائے مگر اس نامراد مرض سے جان نہ چھوٹتی تھی۔ یہ جمعۃ المبارک کا دن تھا' مجھے کسی نے ماہنامہ عبقری ہدیہ کیا۔ میں نے گھر آکر عشاء کی نماز کے بعد ماہنامہ عبقری پڑھنا شروع کیا' عبقری پڑھنا شروع کیا تو پڑھتا ہی چلا گیا' تقریباً رات ایک بجے تک پڑھتا رہا' اس کے بعد میں پرسکون ہوکر سوگیا' یہاں پر حیرت انگیز یہ بات ہے کہ میں کافی عرصہ کے بعد سکون کی نیند سویا۔نماز فجر کے وقت نیند سے بیدار ہوا تو میں اپنے آپ کو بہت فریش محسوس کررہا تھا کافی دنوں کے بعد مجھے نماز فجر ادا کرنی نصیب ہوئی اور تلاوت قرآن پاک کی۔ میں اپنے آپ کو سوفیصد تندرست محسوس کررہا تھا۔جس پر مجھے خوشگوار حیرت ہورہی تھی' جسم میرا ساتھ دے رہا تھا۔یہ ہفتہ کا دن تھا تقریباً 11 بجے کا وقت تھا' میں نے سوچا کہ کیوں نہ میں اس مہینے کا ماہنامہ عبقری لے آؤں' (کیونکہ رات کو جو عبقری میں نے پڑھا وہ گزشتہ ماہ کا تھا) اس رسالہ میں میں نے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ ایک دوائی ''ستر شفائیں'' کے متعلق پڑھا' مجھے لگا یہ میرے تمام طبی مسائل کا حل ہے' لہٰذا میں اپنے گھر سے اڈے پر گیا اور پھر وہاں سے راجہ بازار چوک فوارہ جاکر چنگ چی سے اتر کر بوہڑ بازار چوک، عبقری دواخانہ کی ایجنسی پر پہنچا' وہاں سے ''ستر شفائیں'' اور ماہنامہ عبقری لے کر اپنے بیٹے کی دکان بازار تلواڑاں میں جب پہنچا تو بیٹا دیکھ کر حیرانگی سے بولا کہ ابو مجھے فون کرلیتے میں آپ کو لے آتا۔ میں نے کہا بیٹا: الحمدللہ میں بالکل ٹھیک ہوں آپ فکر نہ کرو۔ پھر میں نے اس کو سارا واقعہ بتایا تو وہ سن کر حیران رہ گیا کیونکہ مجھے چند قدم چلنے کے بعد رکنا پڑتا تھا یہ کافی مہینوں کے بعد پہلا دن تھا کہ بغیر کسی تکلیف اتنا سفر کیا۔میرے بیٹے نے عبقری ویب سائٹ پر موجود آپ کے درس سنے' جس کا اس پر بہت اثر ہوا۔ اب وہ پکا نمازی بن چکا ہے جبکہ اس کا کاروبار بھی بہتر ہوگیا ہے اور ہاں آپ کے دواخانہ کی تیار کردہ ''ستر شفائیں بہت مفید دوائی ہے اس سے میری باقی ادویات سے جان چھوٹ گئی ہے۔(محمد غنی، راولپنڈی)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

دماغ روشن سفید بال کالے اور جسم طاقتور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 48 سال ہے میں پرائمری سکول میں استاد ہوں میرے سر اور ڈاڑھی کے بال خضاب لگانے سے جو کالے تھے وہ بھی سفید ہو گئے۔ پھر میں نے عبقری دواخانہ سے اکسیر البدن، روشن دماغ دوائی منگوائی اور چھ ماہ کے استعمال سے میرے سفید بال کالے ہونا شروع ہو گئے سارے دوست حیران ہو گئے کہ استاد جی آپ تو لگتا ہے دوبارہ جوان ہو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ستر شفائیں، سکون افزاء، بلڈ پریشر شفا بھی استعمال کرتا ہوں کیونکہ مجھے ٹینشن کا بھی مسئلہ تھا جو کہ بڑی حد تک قابو میں آ گیا ہے۔ (ماسٹر محمد اختر، ٹنیاری سندھ)

الرجی کورس سے الرجی کا خاتمہ ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! نزلہ کافی عرصہ سے گرتا رہا اور مجھے پتہ بھی نہ چلا جو الرجی کی صورت اختیار کر گیا۔ انگریزی ادویات کا استعمال کیا اس کا وقتی طور پر اثر ہوتا لیکن پھر وہی حالت ہو جاتی۔ پھر میں نے عبقری ادویات کی ایجنسی سے "الرجی کورس" منگوایا اور شروع کیا ایک کورس سے ہی نزلہ ختم ہو گیا۔ اس کے علاوہ عبقری کی روشن دماغ، ستر شفائیں اور مشروب عبقری بھی استعمال کر رہی ہوں۔ اللہ کا شکر ہے پہلے سے بہت بہتر ہوں۔ (سمعیہ عثمان، راولپنڈی)

اصلاح معدہ و جگر کورس

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں معدہ کے امراض میں مبتلا تھا کافی ادویات استعمال کیں فرق نہیں پڑا پھر میں نے عبقری دواخانہ سے "اصلاح معدہ و جگر کورس" خریدا اور استعمال کیا تین کورس کے استعمال سے مجھے معدہ کے امراض سے مستقل چھٹکارا مل گیا۔ (تنویر احمد، لاہور)

سکون افزاء سیرپ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سکون افزاء سیرپ کے بروشر پر درج فوائد کے علاوہ بھی بہت سے فوائد حاصل ہوتے ہیں اس کے استعمال سے اجابت نہ آ رہی ہو تو آ جاتی ہے میرا آزمودہ ہے۔ (پوشیدہ، لاہور)

کراماتی تیل واقعی کراماتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کمر درد، کندھوں کا درد، گردن میں کھچاؤ اور سر درد رہتا تھا میں نے کراماتی تیل استعمال کرنا شروع کیا۔ روزانہ رات کو سوتے ہوئے کراماتی تیل سے کندھوں، کمر اور گردن کی مالش کرتی دس دن کے استعمال سے مجھے دردوں سے چھٹکارا مل گیا اور جب بھی سر درد ہو تو میں کراماتی تیل سر پر لگاتی ہوں جس سے سر درد فوراً غائب ہو جاتا ہے۔ (ثوبیہ تبسم، چشتیاں)

عبقری کی ادویات میں شفاء

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے تایا کو کولیسٹرول کا مسئلہ تھا میں نے انہیں عبقری دواخانہ سے شفاء مدینہ منگوانے کا مشورہ دیا اور انہوں نے بذریعہ ڈاک منگوائی اور دوائی کا استعمال کیا چند ماہ میں ان کا مسئلہ حل ہو گیا۔ اس کے علاوہ میری بڑی بہن کو ماہواری کا مسئلہ تھا اس کے لیے میں نے شفائے مدینہ، پوشیدہ کورس اور اکسیر البدن منگوائی اس نے ایک ماہ استعمال کی اس کا بھی مسئلہ حل ہو گیا۔ عبقری کی تمام ادویات میں ہی شفاء ہے۔ (طاہرہ، چارسدہ)

اکسیر البدن کل جسمانی بیماریوں کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ ایک سال سے میں جسمانی بیماریوں میں مبتلا تھی رنگ سیاہ ہو گیا تھا ڈاکٹرز سے مشورہ کیا تو انہوں نے بتایا کہ آپ کو معدہ کا مسئلہ لگتا ہے پر میں نہ مانی کیونکہ میرا معدہ ٹھیک تھا پھر میں عبقری کی اکسیر البدن دوائی کا استعمال کیا دو ماہ مسلسل استعمال سے میرے چہرے کی رنگت سفید ہو گئی اور جسمانی بیماریوں سے بھی چھٹکارا مل گیا۔ (مسز غزالہ غلام رسول، سرگودھا)

عبقری ادویات کے فوائد ہی فوائد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے دواخانے سے ہم سچا منجن، مرہم سکون، بنفشی قہوہ، طب نبوی ہیئر آئل، شہد، ہیپاٹائٹس نجات سیرپ، عبقری افزاء شربت ان تمام چیزوں کی میں اپنے لفظوں میں تعریف بیان نہیں کر سکتی انکے فوائد بے شمار ہیں۔ ہمیں اب ڈاکٹرز کے پاس جانے کی ضرورت نہیں پڑتی کیونکہ عبقری ہمارا ڈاکٹر ہے۔ (زوجہ محمد ذوالفقار، کینٹ لاہور)

ستر شفائیں اور سکون افزاء سے سکون مل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی بیماریوں کا شکار تھی انگریزی ادویات کے استعمال سے بلڈ پریشر ہائی رہنا معمول بن گیا اس کے علاوہ معدہ بھی خراب رہنے لگا میں نے عبقری دواخانہ کی ستر شفائیں اور سکون افزاء سیرپ استعمال کرنا شروع کیا ایک ماہ کے استعمال سے ہی میں کافی بہتر ہو گئی۔ (مسز روبینہ سعید، لاہور)

چند دنوں میں بلغم اور تیزابیت سے چھٹکارا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بلغم، تیزابیت بہت زیادہ تھی عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے گھر میں ہر ماہ باقاعدگی سے آتا ہے۔ واقعی ہی اس میں کوئی شک نہیں ہر روحانی اور جسمانی الجھن اور بیماری کیلئے یہ رسالہ کسی نعمت سے کم نہیں۔ میں نے عبقری رسالہ میں سے دیکھ کر عبقری دواخانہ سے "ستر شفائیں" کی ڈبی خریدی۔ صرف چند دن لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کی۔ مجھے بلغم اور تیزابیت سے ایسے چھٹکارا ملا جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ واقعی اس دوائی میں ستر امراض سے شفاء ہے۔ جبھی تو اس کا نام آپ نے "ستر شفائیں" رکھا ہے۔ (عالیہ جبین، لاہور)

پتہ پتھری شفاء کے استعمال سے پتھری ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کے پتہ میں پتھری تھی عبقری رسالہ سے نمبر دیکھ کر عبقری دواخانہ میں فون کیا اسسٹنٹ صاحب سے تفصیلی بات ہوئی انہوں نے بہن کیلئے "پتہ پتھری شفاء" کے نام سے دوائی تجویز کی۔ ہم نے عبقری دواخانہ سے بذریعہ پارسل یہ دوائی منگوائی اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق اپنی بہن کو استعمال کروائی۔ میں انتہائی خوشی سے یہ تحریر لکھ رہی ہوں کہ میری بہن کے پتہ سے صرف چند دنوں میں پتھری ختم ہو گئی۔ وہ بہت خوش ہے اور آپ کو ڈھیروں دعائیں دیتی ہے کیونکہ ڈاکٹر اس کا حل صرف آپریشن بتا رہے تھے۔ میری بہن اور میرے والدین اس وجہ سے کافی پریشان تھے کیونکہ گھر کے حالات بھی کچھ ٹھیک نہ تھے آج ہم خوش اور مطمئن ہیں کہ جس علاج پر ہزاروں روپے خرچ ہونا تھا وہ صرف چند روپوں میں ہو گیا۔ (ب۔ ت، واہ کینٹ)

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

صاف شفاف اور چمکدار آنکھیں

آنکھوں کو صاف شفاف اور چمکدار بنانے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔ میں نے کسی رسالے میں پڑھا تھا کہ نیم گرم پانی میں نمک ڈال کر آنکھیں دھونے سے صاف ہوجاتی ہیں۔ کیا میں لینز لگا سکتی ہوں۔ (نازنین، لاہور)

نازنین بی بی! پانچ وقت وضو کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ آپ آنکھوں میں عرق گلاب دن میں دو یا تین مرتبہ ڈال سکتی ہیں۔ پانچ وقت وضو کرنے سے آنکھیں صاف رہتی ہیں۔ رہی بات لینز لگانے کی تو آج کل یہ فیشن میں شامل ہے۔ لڑکیاں لینز لگاتی ہیں۔ مگر اکثر اس کے سائیڈ ایفکٹ بھی سامنے آرہے ہیں' اگر آپ کی نظر بالکل ٹھیک ہے تو اس سے پرہیز ہی کیجئے۔

جوتا خریدنے کے اصول

میں جب بھی جوتا خریدتی ہوں دو تین روز بعد تنگ کرتا ہے اور پاؤں پر دباؤ پڑتا ہے۔ پہنے رہوں تو جوتا کاٹتا ہے اور نشان پڑجاتے ہیں۔ اونچی ایڑی کی سینڈل پہنوں تو پاؤں میں سوجن ہوجاتی ہے۔ لگتا ہے میرے پاؤں کی ساخت ایسی ہے کہ جوتے مجھے تنگ کرتے ہیں۔ آپ اس بارے میں ضرور بتائیے۔ (رعنا امیر، راولپنڈی)

رعنا بی بی! جوتے خریدتے وقت بہت ساری باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ کبھی تنگ جوتا نہ لیں۔ جوتا پہن کر چل کر دیکھیے کہ کہیں آپ کے پاؤں پر دباؤ تو نہیں۔ سب سے بڑی بات یہ کہ کبھی صبح کے وقت جوتا نہ خریدے اصل میں پاؤں بھی شام کے وقت پھیلتا ہے۔ آپ صبح جوتا خریدیں گی تو وہ شام کو تنگ لگے گا اور بعد میں آپ کو پریشان کرے گا جوتا بالکل صحیح ناپ کا لینا چاہیے۔ رہی بات اونچی ایڑی کے سینڈل کی تو جو لڑکیاں بہت اونچی ایڑھی کے سینڈل پہنتی ہیں عموماً ان کی پنڈلیوں میں درد رہتا ہے اور زیادہ پہننے سے رات کو پاؤں سوج بھی جاتے ہیں۔ اتنی اونچی ایڑی نہ پہنیں جس سے بعد میں تکلیف ہو۔ پاؤں میں سوجن ہوجائے تو رات کو پاؤں کے نیچے تکیہ رکھ کر سوئیں اس سے سکون ملے گا جوتی ہمیشہ ایسی خریدیں جس سے پاؤں کو آرام ملے۔

کھانے کی اشیاء کو پھپھوندی لگ جائے تو کیا کریں

گھر میں اکثر ڈبل روٹی پر پھپھوندی لگ جاتی ہے تو عجیب سا لگتا ہے اس کا کیا کرنا چاہیے؟ کیا یہ صحت کے لیے بہت نقصان دہ ہے؟ اسی طرح فریج میں رکھی اشیاء مثلاً ٹماٹر، سیب، گاجر، گوبھی وغیرہ پر بھی سفید پھپھوندی کی تہہ نظر آنے لگے تو کیا کرنا چاہیے؟ (سویرا، پشاور)

مشورہ: پھپھوندی لگی چیزیں صحت کے لیے سخت مضر ہیں۔ اگر ذرا سی لگی ہے تو آپ باقی کے توس نکال کر دیکھیے کہ بقایا ڈبل روٹی ٹھیک ہے یا نہیں۔ زیادہ دیر آپ ایسی چیزیں نہ رکھیں صحت مقدم ہے۔ ٹماٹر وغیرہ پر تھوڑی سی نظر آئے تو آپ اسے آدھا کاٹ دیں۔ گوبھی کا پھول خراب ہونے لگے، تو پھینک دیں۔ گاجر پر بھی سفید مٹیالی تہہ لگے تو ضائع کردیں۔ دہی کے برتن میں پھپھوندی لگے تو فوراً پھینک دیں۔ اسی طرح بالائی، پھلوں کا رس، پنیر متاثر ہونے لگیں تو استعمال نہ کریں۔ سیب گل کر خراب ہونے لگیں تو انہیں بھی ضائع کردیں۔ بالائی، دہی وغیرہ پلاسٹک کے برتن میں ڈھکنا لگا کر رکھیے۔ زیادہ دیر رکھنا ہو تو جمادیں۔ آج کل بہت مہنگائی ہے کھانے پینے کی چیزوں کو احتیاط سے استعمال کریں۔ بڑی ڈبل روٹی نہ خریدیے چھوٹی لائیے تاکہ بچوں کو روزانہ تازہ ڈبل روٹی ملے اور ان کی صحت ٹھیک رہے۔ فریج کی صفائی پابندی سے کریں تاکہ اس میں کھانے پینے کی چیزوں کی خوشبو نہ رہے۔ کھانا ہمیشہ ڈھانپ کر رکھیں۔ ایک چھوٹے شیشے کے پیالے میں اگر تین چمچے کھانے کا سوڈا ڈال کر فریج میں رکھ دیں تو بو پیدا نہیں ہوگی۔ آپ کی تھوڑی سی احتیاط پورے گھرانے کو صحت مند رکھ سکتی ہے۔ پھپھوندی صحت کے لیے مضر ہے اس کا خیال کریں کھانا بھی آپ اتنا بنائیے جو کنبے کی ضرورت پوری کرسکے۔ تازہ کھانا اچھا لگتا ہے خواہ دال ہی کیوں نہ ہو۔

موسم سرما آگیا؟ کثرت پیشاب! رات کو میرا کیا حشر ہوتا ہے؟ کچھ نہ پوچھیے!

میری عمر اٹھارہ سال ہے۔ چند ہفتوں سے مجھے رات کو بار بار پیشاب کرنے جانا پڑتا ہے۔ نیند بھی خراب ہوجاتی ہے۔ پیشاب کا معائنہ بھی کرایا دوا سے کوئی آرام نہیں آیا۔ اب سردی کا موسم ہے۔ میں یہ سوچ کر پریشان ہورہی ہوں کہ رات کو میرا کیا حشر ہوگا۔ بتائیے مجھے کیا کرنا چاہیے جس سے یہ تکلیف ٹھیک ہوجائے۔ (جمیلہ، لاہور)

جمیلہ بی بی! آپ مغرب کے بعد چائے، پانی یا دودھ نہ لیں۔ اگر آپ چائے کی عادی ہیں تو شام کو بالکل نہ پئیں۔ جن لوگوں کو زیادہ پیشاب آتا ہے، انہیں چاہیے کہ وہ چائے کم کردیں۔ کئی وجوہات کی بنا پر پیشاب آتا ہے۔ بعض دفعہ بخار کے بعد کئی دن تک پیشاب کی زیادتی تنگ کرتی ہے۔ ایک بہت پرانا ٹوٹکا ہے۔ چھٹانک بھر بھنے ہوئے چنے کھا کر تھوڑا سا گڑ کھالیں۔ بارہ تیرہ دن کھانے سے پیشاب کی زیادتی کم ہوجاتی ہے۔ اسی طرح برابر وزن کے تل اور گڑ ملا کر لڈو بنا کر کھانے سے بھی فرق پڑتا ہے۔ تلوں اور گڑ ملا کر لڈو بنا کر کھانے سے بھی فرق پڑتا ہے۔ تلوں کے اندر عجیب خاصیت ہے انہیں کھانے سے پیشاب کم ہوجاتا ہے۔ سردیوں کے موسم میں سوجی یا آٹا بھون کر اس میں تل اور گڑ ملا کر لڈو بنا کر کھائے جاتے ہیں بعض دفعہ اس میں تھوڑی سی اجوائن بھی ملا لیتے ہیں۔ بوڑھے لوگوں کو چاہیے کہ وہ چھوارے کھایا کریں۔ اس سے سردی کم لگے گی اور پیشاب بھی کم آئے گا۔

میرے گاؤں سے ڈھیر ساری مونگ پھلی آئی ہے؟ بتائیے کیا کروں؟

گاؤں سے ڈھیر ساری مونگ پھلی آئی ہے مجھے سمجھ نہیں آرہی اس کا کیا کیا جائے؟ (شکیلہ، ملتان)

مشورہ: مونگ پھلی غریبوں کے لیے بادام کی طرح مفید ہوتی ہے۔ آپ پڑھ کر حیران ہوں گی کہ آدھ پاؤ مونگ پھلی کھانے سے ایک روٹی کے برابر غذائیت حاصل ہوتی ہے جن لوگوں کا مزاج گرم ہو انہیں اسے کھانے میں احتیاط کرنی چاہیے کیونکہ اسے زیادہ کھانے سے جسم میں گرمی کا احساس ہوتا ہے بعض دفعہ پیشاب میں جلن بھی ہوجاتی ہے۔ جن کا معدہ کمزور ہو، وہ بھی اسے زیادہ نہیں کھا سکتے۔ جو لوگ چلتے پھرتے ہوں، ان کے لیے مونگ پھلی بہت مفید ہے۔ یہ قبض کشا ہوتی ہے۔ جوڑوں کے درد اور اعصاب درد میں مونگ پھلی کے تیل کی مالش کرنے سے سکون ملتا ہے۔

ہونٹوں کا رنگ سیاہ ہے اور خشک ہیں!

میری عمر اکیس سال ہے۔ میرے ہونٹ سیاہ رنگ کے ہیں اور بہت زیادہ روکھے ہیں۔ نفسیاتی طور پر بہت پریشان رہتی ہوں یہی لگتا ہے کہ آس پاس کے لوگ میرے ہونٹ دیکھ دیکھ کر مسکرا رہے ہیں۔ بعض سمجھتے ہیں میں سگریٹ پیتی ہوں؟ (ا۔ج)

مشورہ: رات کو سوتے وقت ناف میں ذرا سی روئی تیل میں بھگو کر رکھ لیں، صبح نکال دیں۔ روزانہ یہ عمل کریں۔ پٹرولیم جیلی بھی ہونٹوں پر لگائیے، دودھ ایک چمچ لیکر اس میں چند قطرے لیموں ٹپکائیے' دودھ پھٹ جائے گا' یہ دودھ رات کو ہونٹوں پر لگائیے۔

نزلہ زکام بھگانے کے آزمودہ 21 طریقے

مدیحہ بشیر' لاہور

نزلہ وزکام بھگانا ہو تو نیم کے تازہ پتوں کو پانی میں ڈال کر جوش دلائیں اور پھر چھان لیں۔ پھر اس پانی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر اس محلول سے ناک دھوئیں ایسے جیسے وضو کرتے وقت ناک میں پانی ڈالتے ہیں چند دفعہ ایسا کرنے سے یقیناً افاقہ ہوگا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ دس سال سے پڑھ رہی ہوں' لاجواب ٹوٹکے ملتے ہیں اور وظائف سے بے شمار مسائل سے چھٹکارا پاچکی ہوں' میں نے مختلف جگہوں سے نزلہ زکام سے نجات کیلئے آزمودہ ٹوٹکے اکٹھے کیے ہیں۔ یہ اکیس ٹوٹکے بے شمار کے آزمودہ ہیں۔ یقیناً قارئین بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔

شہد اور لیموں زکام کا علاج: (1) اگر آپ کو زکام ہو جائے تو شہد میں لیموں کا رس شامل کر کے دن میں تین چار بار چاٹیں۔ یہ عمل دو تین دن تک کریں زکام ختم ہوجائے گا۔

نیم کے پتوں سے زکام بھگایئے: (2) نزلہ وزکام بھگانا ہو تو نیم کے تازہ پتوں کو پانی میں ڈال کر جوش دلائیں اور پھر چھان لیں۔ پھر اس پانی میں تھوڑا سا نمک ڈال کر اس محلول سے ناک دھوئیں ایسے جیسے وضو کرتے وقت ناک میں پانی ڈالتے ہیں چند دفعہ ایسا کرنے سے یقیناً افاقہ ہوگا۔

روئی ناک پر رکھیں' زکام ختم: (3) پیاز کے عرق کو روئی میں ڈبو کر کچھ دیر ناک پر رکھیں اور زور زور سے سانس لیں تو زکام ختم ہوجاتا ہے۔

چھینکیں آرہی ہوں تو سر پر پانی ڈالیں: (4) اگر مسلسل چھینکیں آرہی ہوں تو سر پر پانی ڈالیں' یہ ٹوٹکہ آزمودہ ہے' چھینکیں رک جاتی ہیں۔

قہوہ پئیں' آرام آجائے گا: (5) اگر چھینکیں نہ رک رہی ہوں تو چھ گرام میٹھی دانہ کوٹ کر اس کو پانی میں پکا کر دس پندرہ دن صبح سویرے پئیں آرام آجائے گا۔

سات کالی مرچیں اور زکام ختم: (6) زکام سے بچنے کے لیے رات کو سونے سے پہلے چھ سات کالی مرچیں ثابت پانی سے نگل لیں۔

لہسن کے تین جوئے اور زکام ختم: (7) روزانہ صبح سویرے لہسن کے دو تین جوئے چبا کر کھانے سے زکام نہیں ہوتا۔

ادرک کا رس اور زکام ختم: (8) اگر زکام سردی سے ہوا ہو تو ادرک کا رس شہد میں ملا کر چاٹیں افاقہ ہوجائے گا۔

بیسن کا حلوہ کھائیں' زکام نہ ہوگا: (9) زکام روکنے کے لیے بیسن کا حلوہ' بیسن کے پکوڑے یا سادہ چپاتی کھائیں۔

ابلا انڈا اور زکام: (10) زکام کے دوران ہمیشہ ابلا ہوا انڈا کھانے کی کوشش کریں۔

ایک گلاس پانی اور زکام نہ ہوگا: (11) ایک چمچ شہد اور ایک چمچ ادرک کا رس ایک گلاس میں سادہ پانی ملا کر دن میں دو تین مرتبہ پئیں افاقہ ہوگا۔

کالے چنے کا شوربہ پیجئے زکام بھگایئے: (12) کالے چنے کا شوربہ زکام روکنے میں بڑی مدد دیتا ہے۔

لیموں پیجئے زکام بھگایئے: (13) فلو کے دوران لیموں کا رس بکثرت پئیں۔

کلونجی بھونیے' سونگھیے زکام ختم: (14) زکام کی شدت کو کم کرنا ہو تو کلونجی کو بھون کر سونگھیں۔

روغن کدو شیریں اور زکام ختم: (15) نزلہ بند کرنا ہو تو نیم گرم دودھ میں ایک چمچ روغن کدو شیریں ملا کر صبح وشام پئیں۔

زکام کی شدت ختم: (16) اینٹ کے ٹکڑے کو گرم کر کے ''سرکے'' میں بجھا کر سونگھنے سے زکام کی شدت میں کمی آجاتی ہے۔

زکام سے بچنا ہے تو پاؤں دھولیجئے: (17) زکام سے بچنے کیلئے جب بھی نہا کر غسل خانے سے نکلیں تو پاؤں ضرور دھولیں۔

دہکتے کوئلوں سے زکام بھگایئے: (18) دہکتے کوئلوں پر چینی ڈال کر اسکا دھواں سونگھیں زکام کی شدت میں کمی آجائے گی۔

خشخاش کھایئے زکام بھگایئے: (19) خشخاش میں شکر ملا کر سوتے وقت کھائیں یہ زکام کو رفع کردے گا۔

آٹے کا چھان زکام کا علاج: (20) گندم کے آٹے کا چھان پانی میں پکائیں اور تین چار ابال آنے کے بعد اس میں چینی ڈال کر اسے پئیں زکام رک جائے گا۔

لہسن کو ابالیں' زکام کھانسی ختم: (21) لہسن کو پانی میں ابال کر سردی، زکام اور کھانسی کے مریضوں کو پلائیں سب کے لیے مفید ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم جو دل میں خواہش ہو پوری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کے روحانی دم میں شرکت کی اور بہت زیادہ دعا مانگی جس کے ذریعے میری تمام روحانی و جسمانی اور گھریلو الجھنیں ختم ہوگئیں ہیں اور کئی مسائل حل ہوئے ہیں درس میں باقاعدگی سے حاضری دینے سے اور میرا پہلے مسئلہ تھا کہ تسبیح پڑھنے کو دل نہیں کرتا تھا لیکن ایک دفعہ آپ سے دم کروایا اور مسئلہ حل ہوگیا۔ (ب۔ب' پوشیدہ)

زبان میٹھی ہوجاتی ہے: محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں آپ کے اسم اعظم کے روحانی دم میں ہر ماہ شرکت کرتی ہوں' میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں کہ روحانی دم کی وجہ سے میرے گھر میں بہت برکت آگئی ہے' روحانی وجسمانی روگ ختم ہورہے ہیں' دوران دم جو دعا دل سے مانگتی ہوں اللہ کریم پوری فرما دیتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ عبقری رسالہ میں ایک چھوٹا سا وظیفہ پڑھا تھا کہ جو کہ صرف اتنا تھا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ سارا دن کھلا پڑھتی ہوں' اب جس وقت میں یہ ورد کرتی ہوں تو میری زبان میٹھی ہوجاتی ہے۔ اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور آپ کا سایہ ہم جیسے گنہگاروں پر سلامت رہے۔ آمین ثم آمین! (ز۔ب' شیخوپورہ)

یکم دسمبر 2019 بروز اتوار صبح 6 بجے تسبیح خانہ میں شفائیہ دعا اور اس کے بعد اسم اعظم کا روحانی دم نماز فجر سے دو گھنٹے بعد تک تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' درس' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ تسبیح خانہ لاہور میں ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' فائدہ ہوا ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

میرے آزمودہ نسخہ جات قارئین آپ کے کام آئیں گے	شوگر اور کولیسٹرول کا علاج آسان ترین ٹوٹکہ اور شوگر ختم	دکان پر یہ پڑھتا ہوں تو بہت سیل ہوتی ہے
ٹوٹی ہڈی! اس سے کامیاب نسخہ نہیں	بیماریوں کا علاج اس وظیفہ میں	بالچر کا نایاب ٹوٹکہ!

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

شوگر، پتھری اور ٹوٹی ہڈی کیلئے میرے آزمودہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے کچھ آزمودہ نسخہ جات ہیں، قارئین کے کام آئیں گے۔

شوگر کیلئے میتھی کا استعمال: میتھی دانہ بیس گرام پیس کر چائے کا چھوٹا چمچ پانی سے کھانے سے دس دن کے اندر پیشاب میں، خون میں شکر کی کمی ہوجاتی ہے مگر ساتھ میٹھی اشیاء، آلو، چاول، گوبھی، اروی، کیلا سے پرہیز بھی کرنا ضروری ہے۔ میتھی پھیپھڑوں کے لیس دار بلغم کو صاف کرتی ہے۔ یوٹرس کے درد کیلئے مفید ہے۔ گنٹھیا کیلئے 9 گرام پانی سے لینا بہت فائدہ بخش ہے۔ میتھی کے ساگ کے استعمال سے پیشاب زیادہ آتا ہے۔ سردی کی بیماریوں کمر درد، تلی کے ورم کیلئے مفید ہے۔ پیٹ کے چھوٹے چھوٹے کیڑوں کو مارتی ہے ہاضمہ بڑھتا ہے۔

ناریل کا تیل خارش کیلئے انتہائی مفید

اگر زخم ہو جائے تو ناریل کے تیل میں لونگ جلا کر زخم پر لگائیں۔ چوٹ یا موچ آجائے تو پرانے ناریل کی گری باریک پیس کر اس میں ½ حصہ ہلدی ملا کر پوٹلی بنا کر گرم گرم سینک دیں پھر موچ پر باندھ دیں، آرام آئیگا۔

پتھری کیلئے بکھڑا مفید ہے!

پتھری کے لیے بکھڑا بہت مفید ہے بیس گرام بکھڑا لے کر 250 گرام پانی میں ابال لیں جب آدھا رہ جائے چھان کر دو تین بار پلائیں درد گردہ، پراسٹیٹ کیلئے بہت مفید ہے پتھری نکل جاتی ہے۔ اپنڈے سائیٹس میں بھی اسی طرح یہ پانی پلائیں۔ پیشاب میں خون آنا یا گدلا گاڑھا آنا اس سے آرام ملتا ہے۔

ٹوٹی ہڈی کیلئے اس سے کامیاب نسخہ نہیں

250 گرام موٹی موٹی کوٹی ہوئی گندم کو دیسی گھی میں بھون لیں اور اتنا ہی گڑ ڈال کر چاشنی تیار کریں پھر آہستہ آہستہ آٹا گندم جو بھونا ہے وہ گڑ کی چاشنی میں ڈال کر ملائیں جب حرارت کم ہو جائے تو 250 گرام بکھڑا اور 250 گرام کمرکس صاف ہو اور 50 گرام سونٹھ یہ سب پہلے پیس کر رکھیں پھر چھان کر مکس کر کے پنجیری سی بنا کر روزانہ صبح وشام کھانے سے بالکل آرام آجاتا ہے۔

بالوں کو گرنے سے بچانے کیلئے

بکھڑا کوٹ کر رات کو بھگو دیں پھر دو تین کلو پانی ڈال کر پریشر ککر میں ہیٹ دیں، پانی جب تھوڑا رہ جائے چھان کر رکھیں اس پانی کو سرسوں کے تیل میں پکائیں جب پانی بالکل خشک ہو جائے صرف تیل رہ جائے یہ ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں اور استعمال کریں ان شاء اللہ بال مضبوط، لمبے اور چمکدار ہوجائیں گے۔

چہرے کے داغ، دانے، پھوڑوں کیلئے مصفی خون

گل عباسی یہ سدا بہار پودا تقریباً ہر جگہ لگایا جاتا ہے، پھول اسکے گلابی، پیلے سرخ اور سفید ہوتے ہیں اسکی طبیعت تیسرے درجے میں گرم اور خشک ہے اس کی جڑ گرم تر اور بیج سرد خشک، اس کی خوراک جڑ 5 گرام سے 10 گرام بیج اور پھول 5 سے 7 گرام ہے۔ ایک سے 5 گرام تک مصفی خون ہے، بیرونی استعمال کیلئے اور پھوڑے کیلئے بہترین ہے۔ جس پھوڑے کو گرھ بولا جاتا ہے 7 پردے ہوتے ہیں اس پر گل عباسی کے پتوں کو گرم کر کے آگ پر سینک کر چار پانچ پتے اکٹھے لیں، تیل زیتون، تل یا سرسوں لگا کر پھوڑے پر باندھیں پھوڑا جلد پک کر پھوٹ جائے گا اور سارا گند نکل جاتا ہے۔

مہروں اور جوڑوں کے مسائل کیلئے

ریڑھ کے مہرے، عضلات کے سخت ہونے سے آدمی کی کمر کو بہت تکلیف ہوتی ہے جھک کر چلنا پڑتا ہے اس کے لیے گل عباسی کی جڑ جو کہ 9 انچ تک لمبی ہوتی ہے رنگ اس کا بینگنی اور تلخ ذائقہ ہوتا ہے جڑ نکال کر اچھی طرح دھو کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے سکھا لیں پھر کوٹ کر چھان لیں یہ سفوف 6 گرام سے 14 گرام تک صبح دودھ یا چائے کے ساتھ چند روز کھانے سے کمر کا درد اور جوڑ بند، مہرے ہلنا، کمر کے مہروں کی چربی کا کم ہونا یہ سب دور ہوجائے گا بعض اوقات تازہ جڑ 15 گرام بھون کر دو ہفتہ کھانے سے یہ تمام تکالیف دور ہو جاتی ہیں۔ (مسز سیّد اعجاز شبیر بخاری ایڈووکیٹ، حلہ گنگ)

دکان پر یہ پڑھتا ہوں تو بہت سیل ہوتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے وظائف سے میں نے بہت کچھ پایا ہے، آپ کی شہرۂ آفاق کتاب ''مجھے شفاء کیسی ملی؟'' کے صفحہ نمبر 143 پر تعویذ محبت کو میں نے بہت آزمایا اور بہت زبردست پایا۔ میں دکان پر جب سورۂ کوثر پڑھتا ہوں تو بہت اچھی سیل ہوتی ہے۔ میاں بیوی کے محبت کیلئے یَالَطِیۡفُ یَاوَدُوۡدُ کا عمل بہت لاجواب ہے ہمارے ہمسائے ہیں ان کی میاں، بیوی میں ہر وقت جھگڑے ہوتے تھے یہ عمل کیا بہت زبردست پایا اللہ عبقری کو تا قیامت شاد و آباد رکھیں حضرت صاحب اللہ آپ کو آپ کی نسلوں کو زمانے کی ہر قسم شر آفات و بلیات سے تا قیامت محفوظ رکھے۔ آمین! بندہ ناچیز آپ کی دعاؤں کا ہمیشہ احسان مند رہے گا۔ (علی منور خان، مردان)

شوگر اور کولیسٹرول کا علاج زیتون میں

زیتون کا مکہ مکرمہ میں خطیب حرم مولانا مکی حجازی صاحب نے ابھی کچھ دن پہلے ایک نسخہ بتایا جس پر بہت سارے لوگوں نے عمل کیا وہ نسخہ یہ ہے رات کو سونے سے پہلے دو چمچ اصلی زیتون کے تیل سے اور صبح نہار منہ کلی کرنے سے بھی پہلے دو چمچ اصلی زیتون استعمال کریں۔ پندرہ دن کے بعد چیک کرائیں کہاں ہے شوگر؟ کونسی شوگر؟ کس کی شوگر؟ اتا پتہ ہی نہیں ہوگا اور ابھی آپ کو ایک وظیفے کے ساتھ ایک

بات بتاتا ہوں۔ آغا خان ہسپتال میں ڈاکٹروں کی ابھی ایک ورک شاپ ہوئی جس میں لندن کا ایک انگریز ڈاکٹر آیا۔ اس نے کہا میں آپ کو ایک بریکنگ نیوز دے رہا ہوں اور وہاں پر ورک شاپ میں جو ڈاکٹرز موجود تھے انہوں نے بتایا کہ بریکنگ نیوز یہ ہے کہ شوگر کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کا علاج زیتون کا تیل رات کو سوتے وقت پینا ہے۔ یہ انگریز ڈاکٹر نے آغا خان ہسپتال میں جا کر بتایا ہے۔ مولانا مکی صاحب نے حرم شریف میں جو شوگر کا نسخہ بتایا لوگ اس پر عمل کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ کولیسٹرول کا ایک وظیفہ بھی بتایا جو یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاقَادِرُ يَاقَادِرُ يَاقَادِرُ گیارہ مرتبہ پڑھنا ہے اور پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر يَاقَوِيُّ يَاقَوِيُّ يَاقَوِيُّ گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا ہے اور سینہ پر زور سے پھونک مارنا ہے کولیسٹرول کا زندگی بھر مسئلہ نہیں ہوگا انشاء اللہ۔ (ابراہیم پاریکھ، کراچی)

چند بیجوں سے پتھری کا علاج

تخم گاجر، تخم شلجم ہم وزن لیں اور مولی کو اندر سے کھوکھلا کر کے اس میں بھر دیں پھر مولی کا منہ بند کر کے بھوبل میں دبا دیں۔ جب بھرتہ ہوجائے تو بیجوں کو نکال کر خشک کر کے محفوظ رکھیں یہ بیج بند شدہ پیشاب کو کھولتے ہیں، پتھری کو گلا کر باہر نکال دیتے ہیں۔

کمزور ہوتے بچوں کیلئے لاجواب ٹوٹکہ

جن بچوں کی کمزوری کا سبب معلوم نہ ہوسکے ان کو گاجر کا رس چار ماشہ سے ایک تولہ تک ہموزن پانی ملا کر دن میں دو تین دفعہ پلا دیا کریں ساتھ ہی اس کی ماں بھی گاجریں کھائے یا گاجروں کا رس پئے۔ اس عمل سے تھوڑے ہی عرصہ کے اندر ماں اور بچے کی صحت نمایاں طور پر ترقی کرے گی۔ گاجر کا رس جن بچوں کو بغیر شکایت کے بھی پلایا جائے ان کی صحت دوسرے بچوں کی نسبت اچھی رہتی ہے۔ (حکیم فاروق، مظفر گڑھ)

تمام بیماریوں کا علاج اس وظیفہ میں ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کی عمر دراز کرے اور دگنی عزت اور ترقی عطا فرمائے۔ عبقری بھی ہر روز ترقی کرے اللہ تعالیٰ اس ذریعے سے سب کو عطا کرے (آمین)۔ سب سے پہلے تو میں آپ کو یہ بتاؤں گی کہ اللہ تعالیٰ نے میری تیس سال پرانی بیماری ختم کردی ہے آپ کا وظیفہ پڑھنے سے جو آپ نے بتایا تھا۔ میری ٹانگیں بہت زیادہ درد کرتیں تھیں اور ان پر ریشے والے لال دانے نکلتے تھے پاؤں بھی بہت خراب ہوگئے تھے اتنے دانے نکلتے تھے کہ پاؤں کے ناخن بھی ختم ہوجاتے تھے اور بے حد تکلیف اور درد ہوتا تھا اور جس کی وجہ سے ہر وقت بخار رہتا تھا اور میں نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ پڑھا 'يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ' اور میری تمام بیماری ختم ہوگئی اور یہ عبقری میگزین میں چھپوا دیں تاکہ لوگ بھی اس سے فائدہ حاصل کریں اللہ آپ کو جزا دیں۔ (ب۔ش، پوشیدہ)

بالچر کا نایاب ٹوٹکہ! قارئین عبقری کے نام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا جتنا شکریہ ادا کروں کم ہے آپ کے رسالہ عبقری کی وجہ سے میری کافی سال پرانی بالچر کی بیماری اب الحمد اللہ عزوجل ٹھیک ہو رہی ہے میں تقریباً ایک سال سے عبقری کی قاریہ ہوں۔ میری عمر 24 سال ہے اور تقریباً 13 سال سے مجھے بالچر کی بیماری ہے بہت علاج کروائے بال مکمل تو کبھی آئے ہی نہیں۔ میں نے عبقری میں ایک نسخہ پڑھا اور اس کو آزمایا خدا کا شکر ہے میری بالچر کی بیماری ختم ہونے کو ہے۔ نسخہ یہ تھا کہ بالچر کی جگہ ادرک کا ایک ٹکڑا پانچ منٹ تک رگڑنا ہے اور ایک جگہ استعمال ہوا ٹکڑا دوسری جگہ استعمال نہیں کرنا اور ایک گھنٹہ بعد آدھے لیموں کے رس میں زیتون کا تیل ملا کر وہ لگانا تھا میں یہ عمل تقریباً 9 ماہ کرتی رہی اور مجھے کافی افاقہ ہوا ہے۔ آپ کے رسالہ عبقری کی وجہ سے مجھے میری بیماری کا علاج مل گیا اللہ پاک آپ کا بھلا کرے اور آپ کو بہت کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین! آپ کو عرشوں کے بھاگ لگائے آپ دکھی انسانیت کے لیے بہت بڑی نعمت ہیں۔ (ایک بہن، واہ کینٹ)

گلاب کی پنکھڑیوں کے فوائد

ضعف جگر و دل کیلئے: گلاب کے تازہ پھولوں کی پنکھڑیاں 10 گرام لیں 100 گرام پانی میں ان کو رگڑ کر چھان کر مصری ملا کر صبح و شام پلائیں اس سے ضعف جگر و دل دور ہوگا۔ **گرمی کے سر درد کیلئے:** گرمی کے سر درد میں پھولوں کو پیس کر ماتھے پر لیپ کریں بہت مفید ہے۔ **کانوں کے درد کیلئے:** نیم گرم پانی میں رگڑ کر استعمال کرنا کانوں کے درد میں مفید ہے۔ **بہرہ پن کیلئے:** بہرہ پن کے لیے سایہ میں خشک کر کے سفوف 6 گرام صبح و شام گائے دودھ نیم گرم سے آرام آئیگا۔ **نکسیر کے لیے:** پتی گلاب یعنی پھول رگڑ کر ماتھے پر لیپ کریں رگڑ کر چھان کر پلانا بھی خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔ **قبض کشا:** تازہ پھولوں کی گل قند قبض دور کرتی ہے۔ **دل کی گھبراہٹ کیلئے:** پھولوں کے رس میں ایک رتی کافور ملا کر کھانا، دل کی گھبراہٹ دور ہوتی ہے۔ **آنکھوں کی جملہ بیماریوں کیلئے:** عرق گلاب کے استعمال سے آنکھ کی سوجن دور ہوتی ہے۔ دکھتی آنکھوں کیلئے گلاب کے خشک پھولوں کی پوٹلی باندھ کر عرق گلاب میں تر کر کے آنکھوں پر پھیریں۔ **چھپاکی میں مفید:** چھپاکی میں دس گرام گلاب اور دو گرام سیاہ مرچ رگڑ کر پانی ڈال کر رگڑیں چھان کر پلائیں۔ **چہرے کے سیاہ داغ دھبے دور:** چہرے کے سیاہ داغ یا بعض دفعہ بچوں کے منہ پر سفید سے دھبے پڑجاتے ہیں لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ (م۔س، حلہ گنگ)

جریان جیسے نامراد مرض کا بالکل مفت علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی محنت کوشش اور جستجو کو قبول فرمائے اور جو آپ نے مخلوق خدا کی خدمت میں دن رات ایک کیا ہوا ہے اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا آخرت میں کامیابی عطا کرے (آمین)۔ میری عمر 26 سال ہے جب سے بالغ ہوا ہوں مجھے جریان کی بیماری ہے بہت سے ڈاکٹروں حکیموں سے علاج کرایا لیکن افاقہ نہ ہوا ایک دفعہ ماہنامہ عبقری میں مضمون پڑھا جس میں جریان کا تعلق نظر بد سے لکھا ہوا تھا تو پھر میں نے اپنی نظر کی حفاظت کرنا شروع کی تو اللہ کے فضل سے 80 فیصد بیماری پر کنٹرول ہوگیا ہے۔ میں اپنا یہ آزمودہ تجربہ قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں کہ ایک چھوٹے سے روحانی ٹوٹکے نے مجھے روگوں بھری زندگی سے نجات دلا دی۔ میرے اس ٹوٹکہ کو عبقری ٹوٹکہ سیکشن میں ضرور جگہ دیجئے گا۔ (حافظ محمد علی، لیہ)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں، عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔**

ریٹھا کو معمولی نہ سمجھئے! ہر ضدی بیماری کا علاج

سائرہ عنصر، کراچی

اس کے بعض فوائد ایسے ہیں جن میں کوئی دوا اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہ ہمارے ملک میں عام، سستا اور نہایت آسانی سے دستیاب ہوجانے والا پھل ہے۔ اس کی تاثیر گرم و خشک ہے۔ ریٹھا مقوی ہونے کے ساتھ ساتھ بیشتر زہروں کے تریاق کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔

ریٹھا بظاہر معمولی سی چیز ہے لیکن اپنے اندر ہزار ہا کرشماتی فوائد و اثرات رکھتا ہے۔ بیشتر دیسی ادویات میں اسے بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا چھلکا شکن دار (جھری دار) اور سیاہی مائل پیلا ہوتا ہے۔ ریٹھے ثابت چھالیہ کے برابر یا کسی قدر چھوٹے ہوتے ہیں۔ اسے توڑنے سے کالے رنگ کی گٹھلی نکلتی ہے اور اس کے اندر سے زردی مائل سفید دانہ نکلتا ہے۔

ریٹھا کا کسی دوا سے کوئی مقابلہ نہیں

(فوائد) ریٹھا نہایت مفید پھل ہے کوئی شخص اگر اس کی صحیح تاثیر اور اس کے فوائد سے واقف ہو جائے تو بہت سی بیماریوں کا اس سے علاج کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعض فوائد ایسے ہیں جن میں کوئی دوا اس کا مقابلہ نہیں کرسکتی۔ یہ ہمارے ملک میں عام، سستا اور نہایت آسانی سے دستیاب ہوجانے والا پھل ہے۔ اس کی تاثیر گرم و خشک ہے۔ ریٹھا مقوی ہونے کے ساتھ ساتھ بیشتر زہروں کے تریاق کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اس کے چھلکوں کا سفوف چھ گرام پانی میں گھول کر پلانے سے قے اور دستوں کے ذریعے سانپ کے زہر کا اثر جاتا رہتا ہے۔ اگر سفوف تیار نہ ہو تو پیس کر چٹائیں اس سے بھی فائدہ ہوگا۔ بعض لوگ صرف 2 رتی سفوف پانی میں گھول کر پلانے کو کافی سمجھتے ہیں بچھو اور کن کھجورے کا زہر بھی اس کو پلانے اور کاٹی ہوئی جگہ پر لگانے سے دور ہو جاتا ہے۔ اس سے درد اور سوزش کو بھی آرام ملتا ہے۔ بے ہوشی اور غشی کی حالت میں ایک رتی باریک سفوف کاغذ کی نلکی بنا کر ناک میں پھونکنے سے مریض ہوش میں آجاتا ہے۔

داغ دھبے اور چھائیاں ختم! چہرہ نکھر جائے

اس کا ایک رتی باریک سفوف کسی شربت میں ملا کر پلانے سے درد قولنج دور ہو جاتا ہے۔ چہرے کے داغ دھبے، مہاسے اور چھائیاں اس کے چھلکے کو پانی میں پیس کر لگانے سے دور ہوجاتی ہیں اور چہرہ نکھر آتا ہے۔ ہر قسم کی خارش کو دور کرنے کے لیے ریٹھا بہترین چیز ہے۔ اس کو پیس کر گولیاں بنا کر ایک ایک گولی صبح شام کھائیں اس کے چھلکے کے بھی تقریباً وہی فائدے ہیں جو اس کی چھال کے ہیں۔ دمے کی حالت میں چھال کا سفوف کھلانے سے پھیپھڑوں کا بلغم خارج ہوجاتا ہے۔ چھال کو جوش دے کر استعمال کرنے سے خون کی کمی دور ہوجاتی ہے۔ چھال کو پیس کر آنکھوں میں لگانے سے دکھتی ہوئی آنکھ کو فائدہ ہوتا ہے۔ دو رتی سفوف کو پانی کے ایک دو گھونٹ سے نگل لیں۔ آنتوں کے کیڑے ہلاک ہو کر خارج ہوجائیں گے۔

مختلف امراض اور ریٹھا کے آزمودہ نسخے

بواسیر سے نجات: سفید کتھا ایک تولہ اور پوست ریٹھا سوختہ ایک تولہ (ریٹھے کے بیجوں کو جلا کر کوئلہ کرلیں۔ جل کر راکھ نہ بننے دیں) کو باہم پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت بقدر ایک رتی سے دو رتی لے کر مکھن یا بالائی میں ملا کر نگل لیں اور اسی طرح ایک ہفتہ کھاتے رہیں۔ ہر چھ ماہ بعد ایک ہفتہ استعمال کرلیا کریں اور مضر اشیاء سے پرہیز جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ "ضماد" کے ذریعے بھی اس مرض کو افاقہ پہنچایا جاسکتا ہے۔ ضماد بنانے کے لیے پوست ریٹھا باریک پیس کر پانی کے ذریعہ لیپ سا بنالیں اور مسّوں پر دونوں وقت لگاتے رہیں۔ مسّے چند روز میں آہستہ آہستہ ختم ہوجائیں گے۔

روغن ریٹھا نزلہ و زکام کے لیے مفید

پوست ریٹھا (ریٹھے کے بیج) دو تولہ، نمک دو تولہ، آدھ کلو پانی میں بھگو رکھیں اور صبح جوش دیں جب آدھا پاؤ پانی رہ جائے تو آدھ پاؤ روغن سرسوں ملا کر پھر جوش دیں۔ جب صرف تیل باقی رہ جائے اور پانی بالکل جل جائے تو اتار لیں اور دو تین قطرے سونگھتے رہیں، بہت جلد اثر دکھائے گا اور اس کے علاوہ لونگ، پوست ریٹھا ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور نسوار لیں۔ یہ بھی بہت مفید نسخہ ہے۔

فالج، لقوہ، شقیقہ وغیرہ

پوست ریٹھا، مرچ سیاہ ہم وزن لے کر باریک پیس لیں اور مریض کو روزانہ تھوڑی سی سنگھایا کریں۔ علاوہ ازیں جس شخص کی قوت شامہ زائل ہوچکی ہو یعنی اس کو کوئی بو نہ آتی ہو تو اس کو بھی فائدہ ہوگا۔ نیز ایسے افراد جن کو ہروقت نیند سی آتی رہتی ہو اور آنکھیں خمار آلود رہیں ان کے لیے بھی موثر ثابت ہوگا۔

مرگی کے لیے بطور نسوار سنگھائیں

ریٹھا کو روغن کدو یا روغن بادام میں پیس کر مرگی کے مریض کو بطور نسوار سنگھائیں بہت فائدہ ہوگا۔

شب کوری (رات کو نظر نہ آنا)

بعض افراد کی نظر دن میں بالکل ٹھیک ہوتی ہے۔ لیکن رات ہوتے ہی ان کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے اور انہیں کچھ نظر نہیں آتا۔ یہ صورتحال انتہائی پریشان کن ہوتی ہے۔ اس کے لیے بہترین نسخہ یہ ہے کہ پوست ریٹھا کو پانی میں تر رکھیں اور صبح جوش دے کر خوب مل چھان کر کسی کاک والی بوتل میں محفوظ رکھیں اور سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھ میں ڈال لیں چند دنوں میں شب کوری کا مرض جاتا رہے گا۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ریٹھے کے چھلکوں کو سونف کے تازہ پانی یا آب پیاز میں کھرل کریں اور آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں۔

دانت کا درد، بہترین نسخہ

اکثر لوگ ہر وقت دانت کے درد کی شکایت کرتے رہتے ہیں، ٹھنڈا پانی پینے سے نہایت تکلیف ہوتی ہے۔ ایسے لوگوں کے لیے عرض ہے کہ وہ سالم ریٹھے کا بذریعہ تپال جنتر روغن نکالیں اور روئی سے دانتوں پر لگائیں بہت جلد تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

ریٹھا کے غرارے خناق ختم

پوست ریٹھا ایک تولہ گھوٹ کر یا جوش دے کر مریض کو غرغرے کرائیں اگر مریض حلق کے تنگ پڑنے (جو خناق کی علامت ہے) سے بیہوش ہوگیا ہے تو ریٹھا سے بنا ہوا پانی مریض کے منہ میں ڈالیں اور سر کو ہلائیں تین چار منٹ بعد مریض اٹھ جائے گا یہ طریقہ خناق کی کسی بھی علامت میں بہت مفید ہے۔

دو بار ایسا کریں قبض، معدے کا درد، سوزش ختم

عبقری میں لکھا ہوا ایک نسخہ کہ کلونجی کے بیجوں کو لیموں کے رس میں ڈبو دیں، سائے میں خشک ہونے دیں، جب خشک ہوجائیں دوبارہ لیموں کے رس میں ڈبو دیں، دوسری مرتبہ خشک ہونے پر پیس لیں، کھانے کے بعد ایک چٹکی کھائی ہے۔ پرانی قبض، معدے کا درد، سوزش ختم ہوجاتی ہے، میری بھابھی نے یہی نسخہ بنایا بالکل ٹھیک ہوگئیں اب تو دوسروں کو بھی بنا کر دیتی ہیں، بہت سے لوگوں کا معدہ اسی پھکی سے ٹھیک ہوگیا۔ (ع۔ ڈ)

دم شدہ پانی میں شفاء کیسے آتی ہے؟ سائنسی تحقیق

محمد راشد شمسی، لاہور

ایک بار پھر نتیجہ یہ نکلا کہ برے الفاظ والا کیک پیس اپنے نارمل وقت سے بھی بہت پہلے خراب ہو گیا جبکہ اچھے الفاظ والا کیک پیس اپنے نارمل وقت سے کافی زیادہ وقت تک تازہ اور ذائقہ دار رہا۔ مطلب کھانے پینے کی ہر چیز الفاظ اور سوچ کا اثر لیتی ہے

پانی کے عجائبات

پانی کا اپنا نہ کوئی رنگ ہے نہ بو اور نہ ہی کوئی ٹھوس ماہیت! بلکہ پانی ہر چیز کے اثرات کو اپنے اندر جذب کر لیتا ہے اور جس چیز میں ڈالو وہی ماہیت اختیار کر لیتا ہے۔ ایک جاپانی سائنس دان Dr.Masaru Emoto نے پانی پر مختلف تجربے کیے جس کا احوال ان کی کتاب The hidden message in water میں بیان کیا گیا ہے۔ جس کا اردو ترجمہ ''پانی کے عجائبات' کے نام سے بڑے دلچسپ انداز میں کیا گیا ہے جسے پڑھ کر ہمیں شکر اور ناشکری کے الفاظ کے حیران کن اثرات کا اندازہ ہوتا ہے۔ اس جاپانی سائنس دان نے پانی کو اپنی لیبارٹری میں برف کے ذرات یعنی کرسٹلز کی شکل میں جمانے کا کام شروع کیا۔ اس مقصد کے لیے اس نے ڈسٹلڈ واٹر، نلکے کے پانی اور دریا اور جھیل کے پانیوں کے نمونے لیے اور انہیں برف کے ذرات یعنی Crystals کی شکل میں جمایا۔ اس تجربے سے اسے معلوم ہوا کہ پانی، اگر بالکل خالص ہو تو اس کے کرسٹل بہت خوبصورت بنتے ہیں لیکن اگر خالص نہ ہو تو کرسٹل سرے سے بنتے ہی نہیں یا بہت بدشکل بنتے ہیں۔ اس نے دیکھا کہ ڈسٹلڈ واٹر سے (جو انجکشن میں استعمال ہوتا ہے) خوبصورت کرسٹل بنے، صاف پانی والی جھیل کے پانی سے بھی کرسٹل بنے لیکن نلکے کے پانی سے کرسٹل بالکل ہی نہیں بنے کیوں کہ اس میں کلورین اور دوسرے جراثیم کش اجزا شامل تھے۔ اس نے ایک اور تجربہ یہ کیا کہ ایک ہی پانی کو مختلف بوتلوں میں جمع کیا اور ہر بوتل کے سامنے مختلف قسم کی موسیقی بجائی۔

تھینک یو اور ''یو فول'' کے الفاظ کا اثر

موسیقی کی ہر قسم سے کرسٹلز کی ایک نئی شکل بنتی گئی۔ مطلب پانی ہر موسیقی کا مختلف اثر لیتا گیا۔ اس کے بعد اس نے ایک اور تجربہ کیا جس کے نتائج حیران کر دینے والے تھے۔ اس نے شیشے کی سفید بوتلوں میں مختلف اقسام کے پانیوں کے نمونے جمع کیے۔ ڈسٹلڈ واٹر والی بوتل پر اس نے لکھا "You_Fool" اور نلکے کے پانی والی بوتل پر لکھا "Thank_You" یعنی خالص پانی کو حقارت آمیز جملے سے مخاطب کیا اور نلکے کے پانی کو شکر گزاری کے الفاظ سے اور ان دو بوتلوں کو لیبارٹری میں مختلف مقامات پر رکھ دیا۔ لیبارٹری کے تمام ملازمین سے کہا گیا جب اس بوتل کے پاس سے گزرو تو You Fool والی بوتل کے پانی کو دیکھ کر کہو "You Fool" اور "Thank You" والی بوتل کے پاس ٹھہر کر سینے پر ہاتھ رکھ کر جھک جاؤ اور بڑی شکر گزاری کے ساتھ اس سے کہو Thank You۔ یہ عمل 25 دن جاری رہا۔ 25 ویں دن دونوں بوتلوں کے پانیوں کو برف بنانے کے عمل سے گزارا گیا۔ نتائج حیران کن تھے۔ ڈسٹلڈ واٹر سے (جو خالص پانی تھا اور اس سے پہلے اسی پانی سے بہت خوبصورت کرسٹل بنے تھے) کرسٹل تو بن گئے لیکن انتہائی بدشکل۔

پانی کی بوتل پر شیطان لکھنے کے اثرات

ڈاکٹر اموٹو کے کہنے کے مطابق یہ کرسٹل اس پانی کے کرسٹل سے ملتے جلتے تھے جن پر ایک مرتبہ انہوں نے SATAN یعنی شیطان لکھ کر رکھ دیا تھا۔ نلکے والا پانی جس سے پہلے کرسٹل نہیں بنے تھے اس مرتبہ اس پر ''تھینک یو'' لکھا ہوا تھا اور کئی لوگ 25 دن تک اس پانی کو دیکھ کر ''تھینک یو'' کہتے رہے تھے اس پانی سے بہترین اور خوب صورت کرسٹل بن گئے تھے۔ اس کا واضح مطلب یہ تھا کہ پانی باتوں کا بھی اثر لیتا ہے اور ویسی ہی ماہیت اپنا لیتا ہے۔

اچھی باتوں سے اچھی ماہیت اور بری باتوں سے بری Thank you اور You Fool والا تجربہ کھانے کی چیزوں کے ساتھ بھی کیا گیا۔ ایک کیک کے دو پیس کاٹے گئے اور ایک کو Thank You کہا گیا اور دوسرے کو You Fool۔ ایک بار پھر نتیجہ یہ نکلا کہ برے الفاظ والا کیک پیس اپنے نارمل وقت سے بھی بہت پہلے خراب ہو گیا جبکہ اچھے الفاظ والا کیک پیس اپنے نارمل وقت سے کافی زیادہ وقت تک تازہ اور ذائقہ دار رہا۔ مطلب کھانے پینے کی ہر چیز الفاظ اور سوچ کا اثر لیتی ہے، ان تجربات سے ہمیں یہ بات سمجھ آئی کہ جب ہم پانی پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھتے ہیں تو اس میں کس طرح برکت پیدا ہوتی ہے۔ کھانے پینے کی چیزوں پر سورۂ فاتحہ یا کوئی بھی کلام پاک پڑھتے ہیں۔ تو پانی کی ماہیت کس طرح تبدیل ہو کر پینے والے کو شفا دیتی ہے۔

کھانے کے دوران جو بولتے اور سوچتے ہیں اثر رکھتا ہے

جب ہم روٹی کے ہر لقمے پر اللہ کا نام یَا وَاجِدُ پڑھ کر کھاتے ہیں تو وہ کس طرح ہمارے اندر نور پیدا کرتا ہے۔ سبحان اللہ لیکن یہاں ایک اور تجزیہ بھی سامنے آتا ہے کہ ہم کھانے پینے کی اشیاء سامنے رکھ کر جو جو بولتے ہیں اور جو جو سوچتے ہیں۔ ہمارے کھانے اس کا بھی اثر لیتے ہیں۔ منفی سوچ اور منفی باتوں کا برا اثر اور اچھی باتوں کا اچھا اثر۔ کھانے کے دوران لوگوں کی غیبت کریں گے تو کھانا برا اثر لے کر ہمارے پیٹ میں جائے گا اگر ٹی وی ڈرامے یا فلمیں دیکھتے ہوئے کھانا کھائیں گے تو وہ کھانا ہمارے پیٹ میں جا کر بھی ویسا ہی اثر دکھائے گا۔ قارئین! یہ مضمون پڑھ کر حیرت کے ساتھ ساتھ فخر اور ایک عجیب سی خوشی کا احساس ہوا، ہمارا دین، ہمارا رب اور ہمارے مہربان نبی رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے 1400 سال پہلے ہی ہمیں ایسی عظیم نعمتوں سے نواز دیا تھا۔ سبحان اللہ۔

(بقیہ: ذائقہ کیلئے مچھلی کی غذائیت قربان نہ کریں)

اس کو آگ پر زیادہ دیر رکھا جائے تو اس میں موجود قدرتی عرقیات خشک ہو جاتے ہیں۔ جس حصے پر گوشت زیادہ ہے وہاں چھری سے دو شگاف ڈال دیں تا کہ آگ کی تپش اس میں جذب ہوتی رہے۔

ذائقے کے لیے مچھلی کی غذائیت قربان نہ کریں: مجموعی اعتبار سے دیکھا جائے تو ظاہری طور پر مچھلی ایک ہمہ گیر خوراک ہے جسے مختلف رسم و رواج اور روایات کے ساتھ بخوبی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں مصالحوں کی بھرمار کے ساتھ تیار کردہ کوئی ہانڈی ہو یا کوریا میں لہسن اور ہرے مصالحوں کے ساتھ بنائی ہوئی ترکیب یا جاپان میں پکائی ہوئی روکھی پھیکی سی ڈش مگر ہر ایک کا الگ ذائقہ ہے اور لطف کی بات یہ ہے کہ کسی طرح بھی پکانے پر اس میں موجود وٹامنز اور منرلز پر کوئی فرق نہیں پڑتا سوائے ایسے حالات کے جب اسے درستگی سے نہ پکایا جائے یا پھر یہ حد سے زیادہ پک جائے۔ بیشتر لوگ اس بات سے قطعی واقف نہیں ہیں کہ مچھلی میں ذائقہ پیدا کرنے کے لیے اسے ڈیپ فرائی کرنا ضروری نہیں ہے بلکہ یہ جان لینا زیادہ اہم ہے کہ مچھلی قدرتی طور پر رسیلی اور تراوٹ بخش ہوتی ہے اور یہ اسی طرح رہے تو زیادہ بہتر ہے۔ اگر آپ اسے حد سے زیادہ تلنے یا پکانے کی کوشش کریں گی تو اس میں موجود عرق یا رسیلا پن ضائع ہو جائے گا اور ساتھ ہی وٹامنز اور منرلز بھی اور آپ کے ہاتھ غذائیت سے پاک گوشت اور کھال کے سوا کچھ نہیں آسکے گا۔ مثال کے طور پر مچھلی سے تیار کردہ اسٹیو یا ایسی کوئی دوسری ترکیب نہ صرف ہانڈی میں مچھلی کے رس کو برقرار رکھتی ہے بلکہ اس میں وٹامنز بھی ضائع نہیں ہوتے۔

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 119

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے‘اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے

عبدالسلام جن کی واپسی

کل کی بات ہے میرا ایک پرانا دوست جس کا بہت عرصہ پہلے میں نے تذکرہ کیا تھا عبدالسلام جن۔ نہایت نیک‘ مخلص شریف‘ عامل‘ تسبیح کرنے والا ذکر کرنے والا اور اللہ کے خزانوں سے ہروقت مانگنے اور گڑگڑانے والا دوست آیا۔ میں نے دیکھا تو بہت پریشان حال تھا‘ حالات پوچھے‘ پتہ چلا کہ اس کے گھر پر جادو ہوگیا؟ مجھے حیرت اس لیے نہ ہوئی کہ جنات‘ جنات پر جادو بہت کرتے ہیں اور جنات‘ جنات پر حملے بہت کرتے ہیں کیونکہ جنات آگ سے ہیں‘ انسان مٹی سے ہیں‘ مٹی میں ٹھہراؤ ہے اور آگ میں ہمیشہ جلن‘ کینہ حسد‘ بغض اور انتقام ہے۔ اس لیے جنات کا غصہ اور جنات کا انتقام بہت زیادہ ہوتا ہے اور جنات غصہ اور انتقام میں ہمیشہ ایک دوسرے کو بہت زیادہ ذلیل‘ خوار‘ رسوا پریشان اور جادو کا ہر حیلہ اختیار کرتے ہیں۔ میں نے پوچھا ہوا کیا ہے‘ کہنے لگے: گھر میں ہروقت بیماری ہے‘ ہر فرد بیمار‘ ہر فرد کو تکلیف‘ پریشانی اور مشکل ہے۔ گھر کا کوئی فرد ایسا نہیں جس کو سکون ہو‘ چین ہو‘ راحت ہو‘ بس مشکل ہی مشکل پریشانی ہی پریشانی اور مسلسل تکالیف ہیں‘ گھر کے اندر کھانا ہروقت خراب ہوجاتا ہے‘ چیزیں پڑی پڑی ٹوٹ جاتی ہیں‘ ہر فرد نیند سے محروم‘ چین‘ سکون سے دور چلا گیا۔ راحت نام کی چیز ان کے قریب کبھی نہیں آئی‘ مسلسل بے برکتی‘ پریشانی حتیٰ کہ اب تو جھگڑے بھی بہت زیادہ ہونا شروع ہوگئے ہیں‘ بس یہی کیفیات مسلسل ہیں اور انہی کیفیات سے میں تھک گیا ہوں دل میں آیا کہ اب اس کا حل آپ ہی کریں تو اس لیے میں آج آپ کے پاس چلا آیا۔

عبدالسلام جن واقعہ سناتے ہوئے رو پڑا

مجھے عبدالسلام کا آج وہ دن یاد آیا جس کو بہت سال ہوگئے جس دن عبدالسلام سے میری پہلی ملاقات ہوئی اور عبدالسلام جن نے اس پہلی ملاقات میں ایک واقعہ سنایا تھا آج میں نے وہی واقعہ خود عبدالسلام جن کو سنایا۔ عبدالسلام جن اس واقعہ کو سن کر رو دیا‘ عبدالسلام جن کا کہنا تھا کہ ایک دفعہ اس کے دل‘ میں خیال آیا کہ میں کیوں نہ وادی برہوت میں جاؤں‘ واضح رہے کہ وادی برہوت اور برہوت کنواں یہ دو منفرد چیزیں ہیں۔

عاملین‘ جادوگر اور غیبی علوم رکھنے والوں کا میلہ

کہنے لگے: میں وادی برہوت کے سفر پر چل پڑا اور سفر پر چلتے ہوئے میرے ساتھ دو جنات اور بھی تھے ایک بہت بوڑھے جن تھے‘ صدیوں ان کی عمر تھی‘ ایک وہ تھے جو جوان تھے‘ ہم برہوت کا سفر بڑے ذوق شوق سے کررہے تھے‘ ہماری طلب تھی اور سچا جذبہ تھا کیونکہ وادی برہوت وہ وادی ہے جہاں ہر سال جنات کا ایک میلہ لگتا ہے اور پوری دنیا سے جنات وہاں جمع ہوتے ہیں‘ لاکھوں کے قریب اور پوری دنیا سے جنات وہاں ایک عمل کرتے ہیں لیکن وہ میلہ ہماری طرح کا میلہ نہیں ہوتا جیسے ہمارے ہاں میلہ ہوتا ہے بلکہ وہ میلہ وہ میلہ ہوتا ہے کہ جس میں پوری دنیا کے عامل‘ جادوگر‘ کامل‘ شعبدہ گر اور مختلف غیبی علوم رکھنے والے تمام جنات اکٹھے ہوتے ہیں اور پھر انوکھے انوکھے کمالات اور کرشمات دکھاتے ہیں یہ میلہ صرف جنات کا ہی ہوتا ہے انسان نہ اس کو دیکھ سکتے ہیں نہ جاتے ہیں۔

شاہ جنات کو دیکھنے کا شوق

عبدالسلام جن کہنے لگا کہ مجھے اصل میں وادی برہوت اس جگہ کو دیکھنے کا شوق تھا جس جگہ میلے کے دوران شاہ جنات کا تخت سجتا ہے اور شاہ جنات اس تخت پر براجمان ہوتے ہیں کہنے لگے: ایک جگہ مجھے رات پڑگئی اور ہمارے ہاں جنات کے رات دن کا کوئی مسئلہ نہیں ہم رات دن میں سفر کرتے ہیں میرے جی میں آیا یہاں کسی مسجد میں رات کا قیام کرلوں میں کسی گاؤں کی پرانی ویران مسجد میں گیا دو ساتھی میرے ساتھ تھے‘ ہم نے جاکر وہاں عشاء کی نماز پڑھی‘ معلوم یہ ہوتا تھا کہ ہمارے جانے سے پہلے وہاں عشاء کی نماز ہوچکی تھی‘ وہاں کچھ ذکر کیا‘ تسبیحات کیں‘ اس کے بعد ہم نے ابھی سونے کی ترتیب بنائی ہی تھی تو اچانک ایک بابا جی مسجد میں آئے‘ دروازہ کھولا اور یااللہ زور سے کہہ کر ایک چٹائی پر کھڑے ہوئے اور نماز میں قرآن پڑھنا شروع کردیا‘ وہ قرآن ہلکی اونچی آواز میں پڑھ رہے تھے ایسے محسوس ہورہا تھا کہ وہ قرآن اپنے لفظوں جوڑوں اور حرفوں کے ساتھ جدا جدا ہوگیا ہے اور ہر حرف‘ ہر جوڑ‘ ہر لفظ‘ ہر زیر‘ ہر زبر‘ ہر جزم‘ ہر پیش اور ہر مد کے اندر سے حتیٰ کہ ہر نقطے کے اندر سے نور ہی نور نکل رہا ہے اور خیر ہی خیر نکل رہی ہے۔

کیا قرآن اس طرح بھی کوئی پڑھ سکتا ہے؟

ہمیں اپنا سونا بھول گیا‘ سونے کی ساری ترتیب ہم کھو بیٹھے بلکہ ہم نے ایک کونے میں لگ کر باباجی کا قرآن سننا شروع کردیا‘ قرآن ایسی طرز ایسی کیفیت اور وہ باباجی ایسے درد کے ساتھ پڑھ رہے تھے کہ میں خود قرآن پڑھتا ہوں میں خود قرآن جانتا ہوں‘ میں نے قرآن کی تفسیر پڑھی ہے لیکن وہ قرآن پڑھنے کا انداز کوئی اور تھا‘ اس کا انداز‘ اس کا لہجہ اس کا درد‘ اس کا سوز وہ ایسا تھا کہ میرے گمان‘ خیال اور احساس میں نہیں تھا کہ ویسا قرآن کبھی کوئی پڑھ بھی سکتا ہے اور ویسا قرآن کبھی کوئی سن بھی سکتا ہے بس انہی سوچوں اور انہی کیفیات کے ساتھ ہم نے قرآن سننا شروع کیا اور قرآن سنتے سنتے حتیٰ کہ ہمارے آنسو بہنا شروع ہوگئے‘ ہم بمشکل اپنی سسکیاں اور ہچکیاں روک سکے‘ پہلا پارہ گیا‘ تیسرہ پارہ گیا‘ دس پارے ہوگئے۔ ہم نے سمجھا کہ شاید ابھی باباجی قیام میں جائیں گے‘ پندرہ پارے ہوگئے حتیٰ کہ اکیس پارے جب ہوئے تو اکیسویں پارے پر باباجی خود رونا شروع ہوگئے اور ان کی اکیسویں پارے پر ہچکی بندھ گئی اور ایسی ہچکی بندھی کہ کیفیات بے خود ہوگئیں‘ حتیٰ کہ باباجی اس روتے روتے کیفیات کے ساتھ قرآن پڑھتے گئے۔

یہ انسان ہے یا کوئی فرشتہ؟

ہم جنات حیران! ہم نے جنات کا قرآن سنا ان کا قرآن کا ذوق بہت زیادہ ہے لیکن آج تک کسی انسان کا ایسا قرآن نہیں سنا یہ انسان ہے یا کوئی فرشتہ ہے؟ اس کا اتنا جذبہ اتنا ذوق اور اتنا درد کہ عقل حیران‘ جذبے اپنی پوری وجدانی کیفیات کے ساتھ قرآن کی طرف متوجہ تھے حتیٰ کہ عین تہجد کے وقت باباجی نے قرآن ختم کیا اور رکوع میں چلے گئے بہت لمبا رکوع پھر لمبے سجدے پھر دوسری رکعت میں صرف سورۂ اخلاص پڑھ کر وہ اپنی نماز کو ختم کر بیٹھے اور انہوں نے

سلام پھیرا' اور پھر دعا میں مشغول ہوگئے اور اتنی درد کی دعا اور اتنے غم کی دعا اور اس درد اور کیفیت کی دعا کہ وہ بھی روتے رہے ہم بھی روتے رہے' اسی اثناء میں مؤذن آیا۔ اس نے باہر اذان دی' باباجی نے دعا ختم کی اور پھر سنتیں پڑھیں اور ہم نے بھی فجر کی نماز پڑھی' نماز کے بعد وہ درویش مسلسل ذکر کرتے رہے اور دل ہی دل میں ذکر کرتے رہے' ان کے ساتھ کوئی محبت اور وابستگی ایسی ہوگئی کہ ہمیں وقت گزرنے کا احساس نہ رہا' یوں ساری رات گزر گئی اور حتیٰ کہ دن چڑھ گیا۔

انسانوں کے روپ میں آ کر ان سے بات کی

انہوں نے اشراق پڑھی پھر ذکر کرتے رہے' پھر کرتے کرتے بہت دیر کے بعد انہوں نے چاشت کے نفل پڑھے اب ہمیں احساس ہوا کہ کیا یہ کھاتے نہیں پیتے نہیں' کیا ان کے اندر دل ہے جسم ہے روح ہے آخر یہ کون ہیں؟ ہمارے دل میں آیا کہ اب یہ مسجد سے باہر جائیں ہم انسانوں کے روپ میں آ کر ان سے باتیں کریں اب دل ہی دل میں دعا کرنے لگے کہ یااللہ اب ان کی عبادت کو ختم کر' ان کو شدت کی بھوک لگے اور یہ یہاں سے نکلیں' ہماری دعا نکلی اچانک آہ بھر کر وہ اٹھے اور مسجد سے باہر نکلے ہم تین انسانوں کی شکل میں دور سے راستے میں آتے نظر آئے' ہم نے انہیں کہا کہ ہم پردیسی ہیں' یہاں آئے ہیں اور ہم آپ کے مہمان بننا چاہتے ہیں' انہوں نے غور سے دیکھا اور کہنے لگے ٹھیک ہے مجھے خوشی ہے آپ میرے مہمان بنے' وہ ہمیں گھر لے گئے' ایک سادہ سا گھر تھا جس میں ان کی بہو' بیٹے' بچے اور ایک بڑا سا گھرانہ لیکن سادہ سا ہمیں ایک پرانے کمرے میں چٹائی پر بٹھا دیا' ہم بیٹھ گئے' کچھ ہی دیر میں کچھ سادہ سا کھانا' دودھ' روٹی اور سالن ہمارے سامنے لا کر انہوں نے رکھ دیا' خود بھی ہمارے پاس بیٹھے اور کھانا شروع کردیا' ہم بھی کھاتے رہے کھانا مختصر مگر سادہ لیکن اس میں لذت سکون اور سرور اتنا کہ شاید ہم نہ کھاتے ہوئے بھی بہت کھا گئے۔

میں ایک چھوٹا سا کاشتکار ہوں!

کھانے کے بعد دعا مانگی اور ہمارے جی میں آیا کہ ان سے باتیں کریں کھانے کے دوران بھی میں نے باتیں شروع کر رہی دی تھیں' ان سے میں نے سوال کیا کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ کہنے لگے: میں کاشت کاری کرتا ہوں ایک چھوٹا سا کاشت کار ہوں اور ایک چھوٹا سا سفید پوش غریب انسان ہوں تو میں نے پوچھا کہ آپ اپنی زندگی کی ترتیب کیسے چلاتے ہیں؟

27 سال پہلے مالدار مگر عیاش اور رئیس تھا

کہنے لگے: آج سے پورے ستائیس سال پہلے میں اپنے گاؤں کا ایک بہت بڑا مالدار لیکن عیاش اور بدمعاش انسان تھا مگر میں اپنی بوڑھی ماں کی خدمت کرتا تھا اور ان کو کبھی دکھ نہیں دیتا تھا۔ مگر کوئی زمانے کا ایسا شخص نہیں تھا جس کو میں نے دکھ نہ دیا ہو' میرے دکھ اور تکالیف سے میری اولاد اور میرے بچے بھی بچے ہوئے نہیں تھے۔ وہ بھی میرے دکھ اور تکالیف کے ستائے ہوئے تھے' ایک دن میں نے دیکھا کہ میری والدہ بیٹھی ہیں ہاتھ میں مٹی کا ایک کٹورہ لیے اور پانی پی رہی ہیں میں دروازہ سے گھر کے اندر آیا میرا بہت بڑا گھر تھا میری والدہ کٹورہ منہ تک لے جاتے جاتے رک گئیں اور بیٹھ کر مجھے اشارہ کیا میں انہی کی چارپائی پر ان کے پاؤں کی طرف بیٹھ گیا مجھ سے کہنے لگیں: دیکھ بیٹا میرا جانے کا وقت آ گیا ہے اور میری بات کو توجہ سے سننا'۔

دو باتیں مان لے! بخت ہمیشہ تیرا اچھا کرے گا

میں تجھے دو باتوں کی نصیحت کرتی ہوں اگر کرلے گا دولت' دنیا' زندگی' عروج' کمال اور بخت سدا تیرے پیچھے اور تیری جھولی ہمیشہ بھری رہے گی' ایک اپنی بیوی کو سکون دے' اس سے پیار کر' اس سے محبت کر' اس سے سخت اور کڑوے بول نہ بول' ہمیشہ میٹھے بول بول۔ دوسرا: اپنی اس زندگی سے باز آ جا اور اگر نہیں بھی آ سکتا تو رات کی تنہائی میں گاؤں کی مسجد میں جا کر محراب کو دونوں ہاتھوں سے تھام کر اور اللہ تعالیٰ سے فریاد کرنا' رونا اور اللہ تعالیٰ سے کہنا کہ مولا میں اپنی گناہوں بھری زندگی میں اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہوں' میں گناہوں کی زندگی نہیں چاہتا' میری ماں نے مجھے کہہ دیا ہے اور میں بھی نہیں چاہتا اور میری ماں بھی نہیں چاہتی مولا تو بھی نہیں چاہتا۔ اے اللہ! جب میں میری ماں اور تو نہیں چاہتا تو پھر میرے بے بس دل کو تو اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور اپنے فضل سے متوجہ کردے۔ ماں نے مزید کہا: بیٹا روز جانا' اور آدھی رات میں جب سارا عالم سو رہا ہو اور ساری زندگی لیٹی ہوئی ہو اور انہیں کسی چیز کی سدھ بدھ خبر نہ ہو' بس اس وقت جا کر مسجد کے محراب میں اللہ تعالیٰ کے سامنے گڑگڑانا اور اللہ کے سامنے اپنے بے تاب اور مجبور دل کی فریادیں انہی لفظوں میں بیان کرنا' میں حیران اپنی ماں کو دیکھ رہا تھا وہ پیالہ مٹی والا جس کا شاید ابھی پہلا گھونٹ ہی نہیں بھرا گیا تھا' ماں کے ہاتھ میں تھا اور ماں مجھے بس دو باتوں کی نصیحت کر رہی تھی' میں نے اماں کی نصیحت سن کر ماں کے پاؤں چوم لیے اور ماں کو کہا اماں آپ کا سایہ ہم پر سلامت رہے' ماں فوراً بولی: بیٹا نہیں' ماؤں کے سائے ہمیشہ نہیں رہتے۔ ایک وقت آتا ہے یہ سر سے ہٹ جاتا ہے' اور بیٹا یہ میرا پیالہ پکڑ' یہ پانی تو پی لے' یہ پانی اب میرے نصیب میں نہیں کیونکہ مجھے اب شاید کوئی ایک گھونٹ ایک نوالہ' ایک قطرہ' ایک ذرہ نصیب نہیں ہوگا۔ رب چاہے گا تو آخرت کی نعمتیں میرے نصیب میں کردے گا۔ میں نے ماں سے پیالہ لیا تو ماں چارپائی پر ایسے ایک پل میں لیٹ گئی اور میں نے پیالہ ایک طرف کرکے ماں کو تھاما تو ماں کے منہ پر میں نے لفظ صرف اللہ سنا اور ماں اس دنیا سے چلی گئی۔

کیا یہی انسان پہلے بدکار اور ڈاکو تھا

وہ باباجی جو اس درد بھری کہانی کو بیان کر رہے تھے' میں آنکھوں سے ٹکٹکی باندھے ان کی اس آواز کو سن رہا تھا اور حیران تھا وہ کیا کہہ رہے ہیں اور ان کے اندر کی کیفیات کیا ہیں' مجھے حیرت ہوئی کہ میں ان سے کیا سن رہا ہوں؟ مجھے ایک انوکھا احساس ہوا' کیا یہ انسان اب سے پہلے ایک بدکار اور ڈاکو تھا جس نے اتنا اچھا قرآن پڑھا' لیکن میری ابھی سوچیں اور لفظ زبان پر ہی تھے اور دل ہی میں تھے کہ وہ باباجی بولے: پھر کیا تھا بس میری زندگی میں انقلاب آیا' میرا لہجہ میرے لفظ' میرے بول اور میری کیفیات میری بیوی کے بارے میں بدلنا شروع ہوگئیں میں نے اس کو جتنا دکھ دیا تھا اتنا سکھ دیا' جتنا ستایا تھا اتنی اس کو خوشیاں دیں' جتنے کڑوے بول بولے تھے اب میٹھے بول بول رہا ہوں' اب میرے دن اور رات بدل رہے تھے پھر اسی رات میں ماں کو دفن کرنے کے بعد محراب میں گیا' میں نے دونوں ہاتھوں سے محراب کو تھاما' مجھے ایک ایسا احساس ہوا کہ ان دونوں ہاتھوں کے اوپر میری ماں کے (باقی صفحہ نمبر 50 پر)

چھوٹے سے وظیفہ نے فاقے ختم کردیئے

فاقے ختم، دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

عبقری! زندگی میں مثبت تبدیلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے عبقری پڑھتے ہوئے چھ سے سات ماہ ہوگئے' عبقری پڑھنے سے میری زندگی میں بہت سی مثبت تبدیلیاں آئی ہیں۔ نمازوں میں بے قاعدگی تھی وہ اب باقاعدہ اہتمام سے پڑھنے لگی ہوں۔ اس کے علاوہ ذکراذکار اور سورۂ واقعہ' سورۂ مزمل' سورۂ یٰسین شریف ہر روز پڑھتی ہوں' وظائف بھی جہاں تک اللہ پاک توفیق دیتے ہیں کرتی ہوں صدقہ وخیرات بھی کرتی ہوں۔ میں خود کو غائبانہ طور پر آپ کا مرید تصور کرتی ہوں اور آپ کے لیے بہت عقیدت محسوس کرتی ہوں درس کا اقتباس جو رسالے میں چھپتا ہے اس کا ایک ایک لفظ دل پر اثر کرتا ہے۔ اب آتی ہوں میں اپنی زندگی کی طرف حکیم صاحب بچپن میں والدہ کا انتقال ہوگیا تھا چھوٹے بہن بھائی تھے اسی طرح وقت گزرتا گیا اور میں نے بی اے کرلیا پھر شادی ہوگئی زندگی میں کچھ گناہ بھی سرزد ہوگئے جن کے لیے اللہ کے حضور سچے دل سے معافی کی طلبگار رہوں۔

شادی کے بعد مسائل شروع

شادی کے بعد زندگی میں بہت طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا گھر والوں کی طرف سے شوہر کی طرف سے بھی، معاشی مسائل کا شکار بھی ہوگئے شادی کے ایک سال بعد اللہ نے اپنی رحمت یعنی بیٹی سے نوازا اور ساتھ ہی میں نے بڑی مشکل سے ایم اے کرلیا۔ دو سال بعد اللہ نے بیٹا بھی دیا مگر زندگی کے مسائل برقرار رہے جن سے تنگ آکر میں نے پرائیویٹ سکول میں ٹیچنگ شروع کردی جن سے میں اپنا اور اپنے بچوں کا خرچہ کرنے لگی۔ جوائنٹ فیملی تھی تو میں اپنی تنخواہ سے اپنے بچوں کا خرچہ ہی پورا کرتی تھی۔ دو تین سال نوکری کی ساتھ شوہر بھی کماتے تھے مگر وہ ماں باپ کو دیتے اور باقی اپنے پاس رکھ لیتے کبھی کبھار مجھے بھی کچھ دے دیتے اس طرح وقت گزرتا گیا۔

عبقری پڑھ کر اللہ کی ذات پر یقین بڑھا

اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر کرم کیا اور میں ایک اور بیٹے کی ماں بن گئی۔ اس وقت میں نے سکول سے چھٹی لے لی مگر بعد میں سکول والوں نے مجھے رکھنے سے انکار کردیا۔ اس کے بعد کافی جگہوں پر کوشش کی مگر میری مرضی کی نوکری نہ ملی میں بہت پریشان ہوئی کہ پہلے تو ایسا کبھی نہیں ہوا ان حالات میں ماہنامہ عبقری ملا' یقین جانیے! عبقری پڑھنے سے اللہ کی ذات پر یقین میں اضافہ ہوا عبقری سے پڑھ کر میں نے اذکار اور وظائف کا معمول بنایا۔ عبقری رسالہ میں ایک وظیفہ آیا تھا کہ چاشت کی نماز پڑھ کر تین بار سورۂ یٰسین پڑھیں اور اپنے مقصد کے لیے دعا مانگیں' میں نے یہ وظیفہ شروع کردیا مجھے ایک ملٹی نیشنل کمپنی میں نوکری مل گئی۔ گھر کے حالات بہتر ہونا شروع ہوگئے اور الحمدللہ بہت اچھی سیلری اور باعزت روزگار ملا ہے۔ ایک چھوٹے سے وظیفہ نے ہمارے فاقے ختم کردیئے۔ اکثر سوچتی ہوں کہ اگر عبقری نہ ملتا تو نجانے ہمارا کیا بنتا؟ عبقری جب سے ملا ہے میں نے اس کو ہر ممکن طریقے سے آگے پھیلانے کی کوشش کی ہے۔ اللہ پاک آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سلامتی، خیر اور بھلائی عطا فرمائے اور عبقری پڑھنے والوں اور تمام امت مسلمہ کو بھی خیر، بھلائی اور عافیت عطا فرمائے (آمین)۔ (ط۔ن، شیخوپورہ)

(بقیہ: کسی خبر کو آگے بڑھانے سے پہلے تحقیق کریں)

نفرت، تعصب اور ظلم کا علاج کرنے کے بجائے ان بیماریوں کو پھیلانے والے بن جاتے ہیں۔ انسانیت دشمنوں کی ظالمانہ اور احمقانہ حرکتوں کی فلمیں اور ویڈیوز بغیر تحقیق کے لاتعداد لوگوں تک پوسٹ کرتے ہیں ان میں اکثر نہ جانے کتنے پرانے ویڈیوز ہوتے ہیں اور کچھ ایک نشانہ کے تحت دہشت پھیلانے کیلئے فرضی بنائی گئی ویڈیوز ہوتی ہیں جو خود جھوٹی ہیں' اگر وہ حقیقت میں سچی بھی ہوں تو بھی ان کا پھیلانا اور شیئر کرنا آخری درجہ کی نادانی ہے' اس لیے بھی کہ وہ لوگ جن کی فطرت میں شر اور ظلم ہوتا ہے اگرچہ وہ تعداد میں کم ہوتے ہیں مگر ایک طرح کی حرکتوں سے جی بھر جانے کے بعد کسی نئے طریقہ ستم کو تلاش کرتے ہیں اور ایسا واقعہ اگر کسی جگہ ہوجاتا ہے تو اس کو اس کا سرا ہاتھ لگ جاتا ہے۔ بڑی تعداد میں ''جے شری رام اور گائے ہماری ماتا ہے'' کا نعرہ لگوانے کی ویڈیوز کی اشاعت کے بعد دیہاتوں میں شرابی اور جواری لڑکے اس کو جشن سمجھ کر مذاق مذاق میں یہ نعرے لگوانے لگے ہیں' دوسرے اس طرح کی ویڈیوز شیئر کرنے سے ملت میں خوف وہراس مایوسی اور اس کے نتیجہ میں غصہ اور انفعال کا جذبہ پیدا ہوتا ہے جو کسی داعی قوم کے ہرگز شایان شان نہیں۔ کاش ہم کسی بھی خبر واقعہ اور حادثہ کو آگے پہنچانے سے پہلے اس سلسلہ میں دین رحمت کی رہنمائی کا خیال کرتے!!!

احساس پریشاں سے گریز کیجئے!

حکیم یار اسلم، گوجرانوالہ

آج کے مشکل زمانے میں اکثر لوگ تشویش انگیز زندگی بسر کررہے ہیں۔ آپ ان کے چہروں سے ان کی پریشانیاں پڑھ سکتے ہیں اور ان کے وضع قطع اور زندگی کے متعلق روش سے ان کی زبوں حالی کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ تشویش ایک اندرونی جذبہ ہے جو بے حد نقصان پہنچاتا ہے بظاہر اتنا ضرر رساں دکھائی نہیں دیتا۔ تشویش میں مبتلا انسان اپنی زندگی سے فائدہ نہیں اٹھاتا کیونکہ اس نے اپنی زندگی اور اپنے دماغ کو بند رکھا ہے جس کی وجہ سے اعصاب میں تناؤ پیدا ہوجاتا ہے۔

پریشانیوں کا علاج: پریشانیوں کا علاج یہ ہے کہ ان کا سامنا کیا جائے اور یہ دیکھا جائے کہ ہمیں جس چیز کا اندیشہ ہے' اس کے وقوع پر ہمیں کیا نقصان ہوگا اور کتنا ہوگا اور اس کی کوئی حقیقت بھی ہے؟ پریشان حال آدمی کو چاہیے کہ وہ ہر دن ہر لمحہ اچھی طرح گزارنے کی عادت ڈالے کل اپنی فکر آپ کرے گی آنے والی کل اس وقت ہماری نہیں تو خواہ مخواہ کیوں پریشان رہا جائے۔ وہ خطرات جو غیر واضح ہیں' ان کے بارے میں ہمارا طرز عمل منفی کے بجائے مثبت ہونا چاہیے ہوتا یہ ہے کہ جب کوئی چیز ہمارے سامنے آتی ہے تو ہم بلاوجہ کسی ناخوشگوار تجربے یا واقعے کو اس کے ساتھ ملا دیتے ہیں اور یہ سوچنے لگتے ہیں کہ آئندہ وہی ناخوشگوار واقعہ ظہور پذیر ہونے والا ہے۔

خبریں سننا ہرگز ضروری نہیں: اس طرح ہمارے اعصاب پر ایک انجانا سا احساس طاری ہوجاتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں۔ پریشانیوں سے جلد متاثر ہونے والے شخص کیلئے سب سے مناسب راستہ یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو پریشان خیالات سے محفوظ رکھے۔ وہ خبریں نہ پڑھے اور وہ باتیں نہ سنے جو اسے تشویش میں مبتلا کردیتی ہوں۔ اخبارات کے ہولناک واقعات پڑھنا اور کسی ریڈیو اسٹیشن سے خوفناک خبریں سننا ہرگز ضروری نہیں۔ آپ خود سکون حاصل کرنے کے راستے دریافت کرسکتے ہیں۔

8 بوتلیں خون لگوانے کے بعد بھی طبیعت نہ سنبھلی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پچھلے چار سالوں سے میرے مطالعے میں ہے۔ آپ کا یہ منفرد جریدہ میرے لیے نئی زندگی، امنگ اور امید کا محور رہا ہے۔ عبقری رسالہ میں بغیر آپریشن ڈیلیوری کیلئے سورۂ الم نشرح کے ورد کے بارے میں پڑھا' میں نے حمل کے ساتویں ماہ کے آخر سے روزانہ ایک تسبیح باوضو اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردی' آٹھویں ماہ میری طبیعت بہت خراب ہوگئی' کمزوری اتنی کہ آٹھویں ماہ میں خون کی بوتلیں لگوائی گئیں لیکن میں نے اس سورۃ کو پڑھنا نہ چھوڑا' الحمدللہ! نویں مہینے نارمل ڈیلیوری کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجھے صحت مند بیٹے سے نوازا۔ ڈیلیوری کے بعد میری طبیعت بہت خراب ہوگئی تھی پھر میں نے ہمت کی اور اپنے لیے سورۂ فاتحہ شفاء کی نیت سے پڑھنا شروع کردی اللہ پاک نے مجھے سوا ماہ میں ہی تندرست کردیا۔ مجھے دیکھنے والے یقین ہی نہیں کرتے کہ یہ وہی ایک ماہ پہلے والی ہے۔ الحمدللہ! اعمال سے بننے' پلنے اور بچنے کا یقین مضبوط ہوا ہے۔ (مسز خان، کینٹ)

انوکھی ورزش! بڑھتی عمر کے اثرات ختم

چہرے کی ورزش کے چند طریقے

مختلف ماہرین کی کتب میں چہرے کے عضلات کی ورزش کے جو طریقے بیان کیے ہیں ان میں سے چند ذیل میں دیئے جارہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ان ورزشوں کو دن میں دو بار دس دس منٹ تک کرنے سے آپ اپنی بڑھتی ہوئی عمر کے چہرے پر نظر آنے والے اثرات کو روک اور ختم کرسکتی ہیں۔ یہ طریقے آپ بھی اپنے چہرے کو دلکش اور جھریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے استعمال کرسکتی ہیں۔

آئیں بھینگے بن جائیں!

آنکھوں کی ورزش کیلئے ڈیلوں کو دونوں جانب اور اوپر نیچے آہستہ آہستہ کئی بار گھمائیں اور انہیں گھماتے ہوئے اس پوزیشن پر لے جائیں جیسا کہ بھینگا پن کے باعث آنکھیں نظر آتی ہیں۔ اس ورزش سے آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے بننے سے رک جاتے ہیں اور آنکھ کے نچلے پپوٹے کے ساتھ کھال میں تناؤ آجاتا ہے جبکہ اس ورزش میں پپوٹوں کو بار بار کھولنے اور بند کرنے سے ڈھلتی عمر میں بھنویں آنکھ پر ڈھلکنے کی بھی شکایت ختم ہوجاتی ہے۔

آنکھوں اور بھنوؤں کا مساج

اکثر دونوں بھنویں کے درمیان واقع جگہ پر کھڑی شکنیں پڑجاتی ہیں جن سے آنکھیں' بھنویں اور پیشانی کی جاذبیت متاثر ہوتی ہے۔ اس شکایت کے خاتمے کیلئے انگشت شہادت اور انگوٹھے کی مدد سے ان کا اس طرح مساج کریں کہ جب آپ انگلی اور انگوٹھے کو پھیلائیں تو دونوں بھنویں دور ہٹتے ہوئی محسوس ہوں۔

چہرے کی جھریاں اس مساج سے ختم

منہ کے دہانے پر اکثر بیضوی شکل کی جھریاں پڑجاتی ہیں ان سے بچنے کیلئے انگشت شہادت سے ان کا ہلکا ہلکا مساج کریں۔ یہ مساج اس طرح کریں کہ انگلیاں دہانے کے کنارے سے شروع ہوکر گالوں کی جانب جائیں۔ کچھ دیر تک یہ مساج کرنے کے بعد مسکرانے کا انداز اختیار کریں اور پھر منہ بند کرلیں۔ ایسا تین چار بار کریں۔ اس سے لبوں کے دونوں انتہائی کناروں پر جھریوں کو نمودار ہونے سے روکا جاسکتا ہے۔

ہونٹوں کو خوبصورت اور جاذب نظر بنائیں

ہونٹوں کو خوبصورت' جاذب نظر اور خصوصاً بالائی لب پر پڑنے والی بدنما شکنوں کو ختم کرنے کے لیے دونوں لبوں کو ایک ساتھ ملالیں اور پھر انگشت شہادت سے لبوں کے دونوں حصوں کا آہستگی سے مساج کریں۔

چہرے کی دلکشی کا راز اس ورزش میں چھپا ہے

چہرے کی دلکشی دوران خون اور سانسوں کی درست آمدورفت سے بھی مشروط ہے۔ ناک کے دونوں نتھنوں کی ورزش چہرے کے عضلات تک گردش خون کی آمدورفت کو درست رکھتی ہے اور چہرے کی جلد کے اندرونی خلیوں کو بھی آکسیجن فراہم ہوتی رہتی ہے۔ اس مقصد کیلئے پرسکون ہوکر بیٹھ جائیں اور آنکھیں موند کر گہری گہری سانسیں لیں اور آکسیجن کو پھیپھڑوں تک لے جائیں اور چند سیکنڈ کے وقفے کے بعد منہ کو تھوڑا سا کھول کر اور بالائی لب سکیڑ کر یہ ہوا پھیپھڑوں سے خارج کردیں۔

گردن پر پڑنے والی شکنوں کو دور کیجئے

چہرے کے نیچے، گردن کے سامنے والے حصے پر پڑنے والی شکنوں کو دور کرنے کیلئے اپنی ہنسلی کی ہڈی سے اوپر سیدھے ہاتھ کو تھوڑا سا خم دے کر حلق کے اوپر رکھیں اور پھر چہرے کے نیچے گردن والے حصے کا آہستہ آہستہ مساج کریں کہ انگلیاں اور انگوٹھا کھال کو گردن کے پچھلے حصے کی طرف دھکیلے۔ اس دوران اپنے سر کو پیچھے کی جانب موڑیں اور تین تک گنتی گنیں اور واپس نارمل حالت میں سر کو لے آئیں۔

ٹھوڑی کا قدرتی تناؤ برقرار رہے! انوکھی ورزش

ٹھوڑی کی کھال کے قدرتی تناؤ کو برقرار رکھنے کیلئے منہ کو پورا کھولیں۔ یہ عمل اس طرح کریں کہ دونوں لب گولائی کی شکل میں کھلیں اور پھر منہ آہستہ آہستہ بند کرلیں۔ اس کے بعد دونوں جبڑوں کو کانوں کی سمت جس قدر با آسانی سے پھیلا سکتے ہیں' پھیلالیں اور پھر آہستہ آہستہ لبوں کو نارمل پوزیشن پر اس طرح لے آئیں جیسے کہ مسکراتے وقت لبوں کی پوزیشن ہوتی ہے اس ورزش کی مدد سے ٹھوڑی کے نچلے حصے کی جلد کو لٹکنے سے بچایا جاسکتا ہے۔

چہرے کی ورزش سے پہلے یہ کام ضرور کیجئے

چہرہ ہماری شخصیت کیلئے استقبالیہ کاؤنٹر کی حیثیت رکھتا ہے' لہٰذا پورے چہرے کی ورزش کیلئے سب سے پہلے اپنی انگلیوں کو مساج کرتے ہوئے ناک کے اوپری حصے سے بھنوؤں تک لے جائیں۔ تقریباً دس پندرہ بار یہ عمل کریں۔ اس کے بعد انگلیوں کے پوروں سے گالوں کی ہڈیوں کے اوپر سے مساج شروع کرتے ہوئے آنکھوں کے گرد تک چلے جائیں۔ پھر اسی طرح انگلیوں کے پوروں کے ذریعے ٹھوڑی سے لے کر کانوں تک کا مساج کریں۔ یہ مساج چہرے کی جلد کے مردہ خلیات کے خارج کرنے اور نئے خلیوں کے پیدا ہونے میں مدد دینے کے علاوہ چہرے کی تھکن کو بھی ختم کردیتا ہے۔ اور خون کی گردش کو بھی بہتر بناتا ہے۔

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

کسی خبر کو آگے بڑھانے سے پہلے تحقیق کریں

حج، ولایت کا مختصر ترین راستہ

حج کے تمام ارکان سے فارغ ہوکر ہم لوگ خوشی اور اطمینان کے ماحول میں حرم شریف میں بیٹھے تھے، حافظ عبدالوہاب صاحب مرحوم اس حقیر سے فرمانے لگے کہ آپ یہاں پر اپنے اثر ورسوخ کا استعمال کرکے کسی طرح ایسا نظم کروادیں کہ عورتوں اور مردوں کے طواف کرنے کا نظم الگ الگ ہوجائے ایک ساتھ بھیڑ میں دھینگا مشتی ہوتی ہے اس حقیر نے عرض کیا حج، ولایت کا مختصر ترین رستہ ہے اور کسی کو اپنا دوست اور ولی بنانے سے پہلے اس کو پرکھ کر دیکھا جاتا ہے بادشاہ کسی کو مالیات کا ناظم بنانے سے پہلے مال پر آزادی دے کر امانت کو پرکھ کر معتمد مال بناتا ہے شکاری کتے کو اس کے سامنے گوشت رکھ کر پرکھا جاتا ہے، یہاں پر اکثر لوگ مہینوں اپنی بیویوں سے بچھڑے ہوئے ہوتے ہیں اور عورتوں کا احرام یہ رکھا کہ وہ اپنا چہرہ کھول لیں، ساری دنیا کی ایک سے بڑھ کر ایک حسینائیں اور ان کا حسن و جمال گویا پھیلا دیا جاتا ہے ایسے میں اگر حاجی اپنے آپ کو ثابت قدم رکھ لے تو اس کو ولایت کے منصب سے نواز دیا جاتا ہے کسی اللہ والے کو طواف کرتے ہوئے ایک حاجی نے ذرا کرخت لہجے میں یہ کہا کہ بڑے میاں دیکھتے نہیں میری بیوی ساتھ میں ہے مرد ہوکر ملے چلے جارہے ہو۔

ساری دنیا کی حسینائیں یہاں جمع ہیں!

اس نے بڑی معصومیت سے جواب دیا میرے پیارے! کیا رب کائنات کے حسن و جمال کے اس مرکز میں بھی مجھے اتنا ہوش ہے کہ طواف کرنے والے مرد ہیں یا عورتیں؟ اس حقیر نے کہا ساری دنیا کی حسینائیں یہاں جمع ہیں اور اکثر مرد کب سے اپنی بیویوں سے الگ ہیں، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اتنے پروپیگنڈہ کے دور میں آج تک کسی اخبار میں الحمدللہ جھوٹی خبر بھی نہ سنی، نہ پڑھی کہ حرمین میں کسی مرد یا عورت نے ایسا کوئی جرم کیا، عشاء کے بعد مجھے ایک عزیز حاجی کی خیر خبر لینے عزیز یہ جانا تھا، ٹیکسی سے ان کی بلڈنگ پر پہنچے تو لابی میں کچھ معمر حاجی آپس میں بڑے غم کے ساتھ ایک حادثہ کا تذکرہ کررہے تھے واقعہ ایک ماں بیٹی کا تھا، جو حرم سے ایک ٹیکسی میں سوار ہوئیں وہ اپنے ہوٹل پہنچیں تو ٹیکسی والے نے ماں کو اتارا اور بیٹی کو لے کر فرار ہوگیا اس حقیر کو لگا یہ بے تحقیق بات ہے، اس خیال سے بھی کہ اگر واقعہ سچا ہے تو کچھ مدد کرنا چاہیے، میں نے پوچھا یہ بات کہاں کی ہے؟ میرے ساتھ چلیں بے چاری ماں کی مدد کرتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔ ایک صاحب بولے اوپر 601 نمبر کمرہ کے ایک حاجی صاحب نے بتایا تھا، ان کو لے کر یہ حقیر 601 روم پر پہنچا تو حاجی صاحب نے بتایا کہ 458 نمبر بلڈنگ میں ہمارے ایک جاننے والے بتارہے تھے، حاجی صاحب کی خوشامد کرکے ہم چار لوگ 458 نمبر بلڈنگ پہنچے ان سے بھی تحقیق کی کہ اس بہن کا پتہ بتادیں وہ بولے کہ 407 نمبر بلڈنگ میں ایک حاجی صاحب بتارہے تھے ان کی بھی بہت خوشامد کرکے 407 بلڈنگ کے کمرہ نمبر 326 میں پہنچے انہوں نے ایک اور بلڈنگ کے حاجی صاحب کا نام بتایا کہ وہ ذکر کررہے تھے ہم لوگ ان کے پاس پہنچے تو انہوں نے بتایا کہ میں کئی سال پرانی بات سنا رہا تھا کہ دہلی میں کوئی صاحب کہہ رہے تھے کہ وہاں پر ایسا ہوتا ہے اس لیے ہوشیار رہنا۔

نیکی برباد، گناہ لازم

کیسے پیارے اور رحمت بھرے دین کے ماننے والے ہم مسلمان جن کو ان کے نبی رحمت ﷺ نے خبردار کیا ہے" آدمی کے جھوٹ کیلئے یہی بات کافی ہے کہ جو سنے اسے نقل کردے" لاکھوں روپے خرچ کرکے، گھر بار چھوڑ کر صرف اپنے اللہ سے ولایت کا رشتہ جوڑنے اور اپنی زندگی بھر کی خطاؤں کی معافی کے لالچ میں جانے والے کچھ حاجی ایسی بے سند باتوں اور خبروں کو پھیلانے میں اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں جس سے نیکی برباد، گناہ لازم کے علاوہ کچھ ملنے والا نہیں۔ اسلام کے اس اصول کو نظر انداز کرکے آدمی کے جھوٹا ہونے کیلئے یہی کافی ہے کہ جو سنے اسے نقل کردے۔ آج خود ہم اپنے ملک میں (باقی صفحہ نمبر 41 پر)

صحت ہسپتال سے نہیں دس روپے کے ہدیہ سے ملی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ سے تعارف ایک چھوٹے سے کتابچہ کی وجہ سے ہوا، میں گزشتہ دس سال سے بیمار تھا، ہر ٹیسٹ کلیئر آتا، میری بیماری کسی ڈاکٹر، کسی حکیم کو سمجھ نہ آرہی تھی، ادویات کھا کھا کر اور ٹیسٹ کروا کروا کر تنگ آچکا تھا، ایک مرتبہ ہسپتال میں لیٹا آہیں بھر رہا تھا کہ ایک چھوٹا سا بچہ آیا اور مجھے ایک کتابچہ پکڑا گیا جس کا نام " آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل"، میں نے پکڑا اور پڑھنا شروع کردیا، اس میں موجود بتیس وظائف پڑھے، ان میں سے ایک وظیفہ مجھے ایسے لگا جیسے اللہ کریم نے مجھے لیے چھپوایا اور مجھ تک پہنچا دیا۔ میں نے وہ پڑھنا شروع کردیا۔ میں نے کثرت سے یَاقَھَّارُ پڑھنا شروع کردیا۔ چند ہفتوں بعد ہی میری تمام ادویات چھوٹ گئیں، الحمدللہ آج میں صحت یاب ہوں۔ مجھے اب سمجھ آیا میرا علاج ڈاکٹروں کے پاس کیوں نہیں تھا، کیونکہ مسئلہ روحانی تھا اور میں چکر ہسپتالوں کے لگا رہا تھا، ایک چھوٹے سے ہدیہ نے میری جان بچالی۔ شکریہ اور احسان جس نے یہ کتابچہ تقسیم کیا۔ (فیصل، اوکاڑہ)

شوہر کی بے راہ روی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شوہر بے راہ روی کے شکار تھے۔ میں اللہ سے رو رو کر اپنا گھر بچانے اور شوہر کو راہ راست پر لانے کیلئے دعائیں مانگتی، عبقری میں " آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل" کتابچہ کے متعلق پڑھا، میں نے سو عدد منگوائے اور محلے میں تقسیم کردیئے اور اس میں سے ایک وظیفہ اَحَدٌ سَصْطَعٌ کَلْمُوْ پڑھنا شروع کردیا، کچھ عرصہ میں ہی شوہر کو اللہ نے ہدایت سے نوازا اور میرا گھر بچ گیا۔ ہر ماہ یہ کتابچہ ضرور تقسیم کرتی ہوں۔ (ماریہ، لاہور)

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں، ہسپتالوں، کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے، تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)

آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل

سربراہ شعبہ دماغ و نفسیات کا آزمودہ وظیفہ

میں نے اس دن بیٹھے بیٹھے صرف تین مرتبہ پڑھا اس کے ساتھ دوسرا وظیفہ جو میں نے عبقری ہی میں پڑھا تھا سورۂ طلاق کی آیت نمبر دو اور تین بھی پڑھی۔ مجھے ایک جگہ بہترین نوکری مل گئی۔ اب مجھے پارٹ ٹائم نوکری کی ضرورت تھی

فل ٹائم نوکری ملی، وظیفہ پڑھا تو پارٹ ٹائم بھی مل گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے صرف تین مرتبہ ''افحسبتم اور اذان'' کا عمل پڑھا، مجھے پہلے سے بہتر نوکری مل گئی۔ عبقری رسالہ سے تعلق زیادہ پرانا نہیں ہے، کچھ عرصہ ہی ہوا ہے اس رسالہ سے آشنائی ہوئی ہے، میں نے عبقری رسالہ پہلی مرتبہ اپنی ہمسائی کے گھر پڑھا تھا، پیشہ کے لحاظ سے میں ایک ڈاکٹر ہوں، میں اپنی سیلری سے مطمئن نہ تھی اور اسے بڑھانے کیلئے کافی کوشش کی مگر ہسپتال والے بڑھانے پر رضامند نہ تھے۔ عبقری رسالہ سے افحسبتم اور اذان والے عمل کا معلوم ہوا۔ میں نے اس دن بیٹھے بیٹھے صرف تین مرتبہ پڑھا اس کے ساتھ دوسرا وظیفہ جو میں نے عبقری ہی میں پڑھا تھا سورۂ طلاق کی آیت نمبر دو اور تین بھی پڑھی۔ مجھے ایک جگہ بہترین نوکری مل گئی۔ اب مجھے پارٹ ٹائم نوکری کی ضرورت تھی، چند دن یہی درج بالا وظیفہ پڑھا، الحمدللہ مجھے ایک اور چھوٹی سی نوکری مل گئی ہے جس سے اب میں بجٹ کے علاوہ بھی بہترین بچت کرسکتی ہوں۔

ان وظائف کی برکات ہیں کہ اب میں اپنی دوست ڈاکٹر کی گاڑی میں کالج جاتی ہوں اور ان کے پٹرول میں حصہ ڈالتی ہوں، اس سے ہم دونوں کی بچت ہوتی ہے۔

پنشن کے مسائل آزمودہ عمل سے حل

میری اسی دوست ڈاکٹر کی پنشن کے کام پھنسے ہوئے تھے جب بھی ہم ان کی پنشن کا کام کرنے جاتے تھے میں سارے راستے افحسبتم اور اذان والا عمل پڑھتی تھی، اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ان کو پنشن مل گئی جبکہ پنشن سرکاری دفتروں سے نکلوانا جان جوکھوں کا کام ہے خاص طور پر جس کے پاس کوئی سفارش اور رشوت نہ ہو۔ **افحسبتم اور اذان کا عمل کا طریقہ یہ ہے:** سورۂ مؤمنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کرلیں، کسی دوسرے کیلئے بھی عمل کرسکتے ہیں، تصور میں کسی کو دم بھی کرسکتے ہیں۔ انتہائی تیر بہدف عمل ہے۔ زندگی کے ہر شعبہ کے مسائل کیلئے پڑھ سکتے ہیں، خاص طور پر جادو جنات کے معاملے میں بہت سے لوگ اس عمل کی برکت سے شفاء پا چکے ہیں۔ جتنا زیادہ پڑھیں اتنا زیادہ فائدہ۔ (ڈاکٹر سیدہ غزالہ موسیٰ، اسلام آباد)

حادثات اور نقصانات سے حفاظت کیلئے میرا آزمودہ

گھر میں ایک جار (یا باکس، ڈبہ) رکھیں اور اس میں روزانہ صدقہ کی نیت سے کم از کم ایک نوٹ ضرور ڈالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا یہ روزانہ کا معمول ہے کہ میں اپنے گھر، میکے اور سسرال کے تمام افراد کی اور ان کی تمام مادی چیزوں کی بھی نیت سے روزانہ 313 مرتبہ یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ ضرور پڑھتی ہوں اور اللہ تعالیٰ کے کرم سے ہر طرح کے حادثات اور نقصانات سے حفاظت رہتی ہے اور اپنی آمدنی کا اڑھائی فیصد ضرور نکالتی ہوں جو پیسہ ہم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے وہ نقصانات اور بیماریوں کی صورت میں نکلتا ہے اور ساتھ تکلیف اور ذہنی اذیت اور کوفت ہوتی ہے، اڑھائی فیصد نکالنا زندگی کا معمول بنالیں (نوٹ: یہ اڑھائی فیصد زکوٰۃ کے علاوہ ہے) اور 313 مرتبہ یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ کو بھی زندگی کا حصہ بنالیں، ہمیشہ ہی اللہ رب العزت کی امان میں رہیں گے، ان شاء اللہ میرا اپنا آزمودہ اور جس جس کو بتایا سب نے فائدہ پایا ہے۔ (خواتین ہر حالت میں یہ عمل کرسکتی ہیں)

مالی، جسمانی، روحانی لاعلاج مسائل کا حل

میرا ایک اور آزمودہ عمل قارئین کی خدمت میں: میرا روزانہ کا معمول ہے اور جس جس کو بھی بتایا اس نے فائدہ پایا ہے، گھر میں ایک جار (یا باکس، ڈبہ) رکھیں اور اس میں روزانہ صدقہ کی نیت سے کم از کم ایک نوٹ ضرور ڈالیں (وہ نوٹ حسب توفیق ہو یعنی دس روپے، بیس روپے، پچاس روپے، سو روپے، پانچ سو یا ہزار) جتنی آپ کو آسانی اور سہولت ہو۔ جب جار بھر جائے تو کسی ضرورت مند کو دے دیں۔ کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو، روزگار کا، رشتوں کا، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، رزق میں کمی، نظر بد، جادو و جنات، حاسدین اور دشمنوں کے شر، لاعلاج بیماری، کوئی بھی مسئلہ ہو تو اس کی نیت سے بھی روزانہ ایک نوٹ ضرور ڈالیں، زیادہ مسائل ہوں تو ہر مسئلے کی نیت سے ایک ایک نوٹ ڈالیں، فوراً فائدہ ملنا شروع ہوجاتا ہے مگر مکمل حل تک جاری رکھیں اور ساری زندگی کا معمول بنالیں تو ہر مشکل و مصیبت آنے سے پہلے دور ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ (اگر فائدہ کم مل رہا ہو تو نوٹ کی تعداد یا قیمت بڑھالیں)۔ (پوشیدہ، لاہور)

یَاقَادِرُ یَانَافِعُ ہر پریشانی میں موثر اور کارآمد

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آج میں قارئین عبقری سے یا قادر یا نافع کا روحانی فیض شیئر کرنا چاہتی ہوں۔ ایک مرتبہ یوں ہوا کہ میری امی نے کہیں جانا تھا تو انہوں نے مجھے بولا کہ میرے ساتھ چلنا ہے، میرا گھر تلہ گنگ میں ہی ہے مگر امی کے گھر سے ذرا فاصلے پر ہے، میں نے ان سے کہا کہ آپ ادھر سے آجائیں اور سٹاپ پر اتر جانا، جہاں سے پھر ہمیں دوسری گاڑی لینی تھی مگر امی نے نہیں سمجھا اور امی دوسرے سٹاپ پر اتر گئیں جو درمیان میں تھا۔ اب میں وہاں دوسرے سٹاپ پر انتظار کرتے کرتے حیران پریشان کافی وقت گزر گیا اب میں نے یَاقَادِرُ یَانَافِعُ پڑھنا شروع کردیا۔ اب جہاں میری امی کھڑی تھیں وہاں وہ میرے لیے پریشان تھیں، میری امی کے پاس فون بھی نہیں تھا، گھر رابطہ کرنے پر گھر والوں نے بتایا کہ وہ تو کافی دیر ہوئی، نکل چکی ہیں، اب سب کو پریشانی لاحق ہوگئی۔

شوہر اتفاقاً مدد کو آگئے

اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ میرے شوہر صاحب پودوں کیلئے مٹی لینے (جو ان کی امی کے گھر لگے ہیں) نرسری پر جارہے تھے لیکن انہیں قدرتاً اس نرسری سے مٹی نہیں ملی تو وہ بولے کہ ایک آگے اور نرسری ہے اس سے لے آتا ہوں، رکشہ لے کر دوسری نرسری پر جارہے تھے کہ آگے امی جان کھڑی تھیں، انہوں نے پہچان لیا اور بولے کہ آپ یہاں کیوں کھڑی ہیں، پھر میرا بتایا کہ ہم دونوں نے جانا تھا۔ میرے میاں نے مجھے فون کیا اور میں نے بتایا کہ میں دوسرے سٹاپ پر پریشان کھڑی ہوئی تھی پھر میری امی کو رکشے پر بٹھا کر وہاں میرے پاس لے آئے اور حیران ہو رہے تھے کہ ہم نے اس نرسری پر جانا ہی نہیں تھا لیکن مجھے اتفاقاً وہاں جانا پڑ گیا۔ میں نے بتایا کہ میں یا قادر یا نافع پڑھ رہی تھی سب نے کہا کہ یہ اسی کا کمال ہے۔ (شگفتہ جبین، تلہ گنگ)

کوئی گم گیا یا بھاگ گیا! الٹے پاؤں واپس | دماغ کو کمپیوٹر اور جسم کو لوہا بنانے کا آزمودہ راز! | موٹی تھی! اس ٹوٹکہ سے وزن اب 65 کلو ہے | نیند میں بستر پر پیشاب! اب نہیں

آسان عمل سے شوہر کی جان بچ گئی! | سفید بال کالے آزمودہ علاج | گلا خراب! آزمودہ روحانی ٹوٹکہ | کالے چنے سے گنٹھیا کا علاج

کوئی گم گیا یا بھاگ گیا! الٹے پاؤں واپس

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دفتر کے ایک ساتھی کا جواں سالہ بیٹا جو کہ میٹرک کا طالب علم تھا گھر سے اچانک غائب ہوگیا۔ لڑکے کا نام سفیان تھا' سفیان نے نویں جماعت کا امتحان دیا ہوا تھا رزلٹ آیا تو دو پیپرز میں فیل تھا 'والد نے ہلکی سی زبانی ڈانٹ ڈپٹ کی' اگلے روز صبح کو بچہ گھر سے غائب ہوگیا۔ والدین نے سوچا کہ بچہ سکول گیا ہوا ہے لیکن شام کو جب واپس نہ آیا تو والدین نے بچے کی تلاش شروع کردی پورا خاندان بچے کی تلاش میں لگا رہا۔ بالآخر انہیں پتا چلا کہ کہوٹہ حویلی شہر میں سردار سہراب جو کہ کہوٹہ شہر میں پنساری کی دکان کررہا ہے' اس کی دکان پر بچے کو دیکھا گیا ہے جب بچے کے والد آکر پنساری سے ملے تو پنساری نے انہیں کہا کہ بچہ واقعی دو دن میرے پاس رہا ہے لیکن دو دن کے بعد مجھ سے 200 روپے لے کر واپس چلا گیا تھا۔ بچے کے والدین اور پورے خاندان نے پورا کہوٹہ شہر تلاش کیا لیکن بچہ نہ ملا' بچے کے والد نے پنساری کے خلاف کہوٹہ حویلی تھانہ میں ایف آئی آر درج کروائی۔ پنساری نے انہیں حلفاً کہا کہ مجھے آپ کے بچے کا کوئی علم نہ ہے میں بے گناہ ہوں پولیس نے بھی پنساری کے بیان لیے لیکن بچے کا کوئی پتا نہ چلا۔ اس دوران بچے نے نہ ہی گھر فون کیا۔ ایک دن میں کہوٹہ حویلی اپنے آفس میں کام کررہا تھا کہ اتنے میں عبدالمجید میرے دفتر آئے بہت پریشان تھے میں نے پریشانی کی وجہ پوچھی تو انہوں نے بتایا کہ میرا لڑکا چھ سات دن سے غائب ہے' جملہ رشتہ دار عزیز واقارب سے پتہ کیا لیکن بچہ نہیں مل رہا ہے۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ اللہ تعالیٰ کی ذات پر پورا بھروسہ رکھیں اور میں آپ کو ایک وظیفہ دے رہا ہوں اس کو پاگل ہوکر پڑھیں' ان شاء اللہ آپ کا بچہ مل جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آپ مجھے وظیفہ کاغذ پر لکھ کردے دیں میں نے ان کو یہ وظیفہ کاغذ پر لکھ کردیا اور زبانی بھی ان کو پڑھ کر سنایا یَارَبِّ مُوسٰی یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یہ وظیفہ میں نے ان کو 16 اگست کو دن کے تقریباً بارہ بجے دیا انہوں نے اسی وقت سے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کردیا۔ میں نے ان کو کہا کہ وضو بے وضو پاگل ہوکر پڑھیں۔ انہوں نے وظیفہ بھی پڑھنا شروع کیا اور بچے کی تلاش بھی شروع کردی' ٹھیک سات گھنٹے کے بعد وہ بچے کو تلاش کرتے کرتے عباس پور پہنچے تو اچانک سڑک کے اوپر ہی بچہ ان کے سامنے آگیا اور انہوں نے بچے کو دیکھ کر اللہ کا شکر ادا کیا اور تھانے میں آکر ایف آئی آر ختم کرائی اور پورے خاندان کو بتایا کہ مجھے بچہ اس وظیفہ کی برکت سے ملا ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ اس دوران سات گھنٹے میں لگاتار یہی وظیفہ کرتا رہا۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے اور آپ کو مزید دکھی انسانیت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (راجہ خالد محمود خان، باغ)

کمپیوٹر حلوہ کے کمالات جاری! آپ بھی بنائیے! دماغ کو کمپیوٹر اور جسم کو لوہا بنانے کا آزمودہ راز

عبقری میں کمپیوٹر حلوے کے بارے میں پڑھا میں نے اپنی بھتیجی کو بنا کر کھلایا وہ ابھی ساڑھے تین سال کی ہے اتنی تیز اور چالاک ہے بڑی بڑی باتیں کرتی ہے ہم سب گھر والے حیران ہیں۔ نسخہ درج ذیل ہے۔ ھوالشافی: نمبر 1۔ دیسی مرغی کے انڈے (یاد رہے کہ عموماً دکانوں سے لیے ہوئے دیسی مرغی کے انڈے دیسی نہیں ہوتے' اپنی نگرانی میں دیہاتی مرغی کے دیسی انڈے لیے جائیں) 24 عدد' 2۔ کالے چنے بھنے ہوئے 250 گرام' 3۔ الائچی چھوٹی سبز 10 گرام' 4۔ میٹھے باداموں کی گریاں 250 گرام' 5۔ پستہ 100 گرام' 6۔ چاروں مغز 100 گرام' 7۔ چینی ایک کلو اگر دیسی شکر ہوجائے تو اس سے بہتر ہے۔ 8۔ گوند پھلائی 250 گرام (پنساری کو یہی چیز بتائیں تو وہ یہی گوند دے دے گا)' 9۔ دودھ کا کھویا 500 گرام' 10۔ دیسی گھی ایک کلو۔

بنانے کا طریقہ: نمبر دو تا نمبر سات اشیاء کو خوب باریک پیس لیں اب ایک بڑے برتن میں انڈے توڑ کر پھینٹ لیں جب انڈے اچھی طرح پھینٹ لیے جائیں تو نمبر دو تا نمبر سات کا سفوف انڈوں میں ڈال کر اچھی طرح پھینٹیں۔ گوند پھلائی کو علیحدہ پیس لیں۔ اب کسی بڑے برتن میں گھی کو آگ پر رکھیں۔ گھی جب سرخ ہو تو گوند پھلائی کو ڈال دیں جب گوند پھلائی کا رنگ سرخ ہو تو انڈوں والا مکسچر ڈال کر چمچ سے ہلاتے رہیں جب گھی علیحدہ ہونا شروع ہوجائے اور ہر چیز ریزہ ریزہ ہوکر علیحدہ نظر آنے لگے تو دودھ کا کھویا ٹکڑے ٹکڑے کرکے ڈال دیں اور اس کھوئے کو حلوے میں حل کریں حتیٰ کہ اتنا حل کریں کہ کھوئے کی سفیدی ختم ہوجائے اور اس کے اندر کی نمی گھی میں جذب ہوکر کھویا بھی حلوے کی شکل اختیار کرلے۔ تب اتار لیں' حلوہ تیار ہے۔ ٹھنڈا کرکے صرف اور صرف شیشے کے مرتبانوں میں چاہے بڑے ہوں یا چھوٹے ڈال کر محفوظ رکھیں صرف ناشتے کے وقت ایک چمچ رائس اسپون یعنی چاول والا گرم قہوہ یا دودھ پتی سے کھالیں' انشاء اللہ بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آجائیں گی جو پڑھا وہ بھی نہیں بھولے گا اور دماغ کو کمپیوٹر کردے گا۔ نوٹ: یہ کمپیوٹر حلوہ اگر سردیوں میں کھائیں تو اس کا اثر عمر بھر رہے گا اس کو تالے میں رکھیں جس نے کھایا وہ چٹ کر جائے گا۔ قارئین! یہ نسخہ چھ سال پہلے شیخ الوظائف نے اپنی طبی آرٹیکل میں بتایا ہے۔ بے شمار نے بنایا' پھر اپنے تجربات عبقری میں لکھے' آپ بھی بنائیے اور اس کے کمالات سے بھرپور فائدہ اٹھائیے۔ انتہائی لذیذ اور بے شمار فوائد کی حامل غذا۔ ہر بچے بڑے مرد عورت کیلئے غذا' دوا اور بہترین دماغی ٹانک ہے۔

ہمارے مزید آزمودہ ٹوٹکے بھی پڑھیے!

بال گھنے لمبے کرنے کا ٹوٹکہ

عبقری میں بالوں کو گھنے کرنے کے تیل کا ٹوٹکہ پڑھا تھا میں نے وہ ٹوٹکے آزمایا میرے بال گھنے اور لمبے سیاہ ہوگئے ہیں ٹوٹکہ یہ تھا کہ ایک کلو بنولے کے تیل میں مولی کے پتے دو کلو جلا لیں پھر بوتل بھر لیں اور روزانہ استعمال کریں۔ بال گرنا بند: محترم جناب حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری

رسالہ میں بال گرنے کا ایک ٹوٹکہ پڑھا استعمال کیا فائدہ ہوا ٹوٹکہ یہ ہے ایک کلو چقندر میں ایک کلو سرسوں کا تیل جلانا ہے جب چقندر جل جائے تو تیل بوتلوں میں بھر لیں اور روزانہ استعمال کریں' چند ہفتوں میں بال گرنا بند ہوجائیں گے۔

خراب گلے کے لیے آزمودہ ٹوٹکہ

میرا جب بھی گلا خراب ہوتا میں ایک گلاس پانی میں سٹیل کی چھری ڈبو کر سات دفعہ کٹ کا نشان لگا کر سات دفعہ ''اللہ شافی' اللہ کافی' اللہ معافی'' پڑھتی ہو اور پھر چھری نکال کر سارا دن یہی پانی پیتی ہوں گلہ ٹھیک ہوجاتا ہے۔

موٹاپے کے لیے

میں بہت ہی موٹی تھی میرا وزن تقریباً 75 کلو تھا جس وجہ سے میں کافی پریشان تھی میں نے عبقری رسالہ میں ایک ٹوٹکہ پڑھا جو کسی بھائی نے لکھا تھا کہ نبی پاک ﷺ کی حدیث ہے کہ پانی کھانے کے فوراً بند پینا زہر ہے میں نے کھانے کے بعد فوراً پانی پینا بند کردیا اور میرا وزن 65 کلو ہوگیا ہے سب حیران ہیں۔ (عائشہ، ڈاہرانوالہ)

آسان عمل سے شوہر کی جان بچ گئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کی مستقل قاری ہوں اللہ آپ اور آپ کی تمام ٹیم جو عبقری کے لیے کام کررہی ہے بہترین جزا دے۔ حکیم صاحب عبقری میں آنے والے وظائف کی برکت سے ہم لوگوں کو بہت فائدہ ہورہا ہے آپ کے بتائے ہوئے وظیفے ''یاحفیظ یا سلام'' کے عمل کی برکت سے میرے شوہر کی جان بچ گئی۔ میرے خاوند مستریوں کا کام کرتے ہیں اور گھروں، کوٹھیوں کے ٹھیکے بھی لیتے ہیں' دن اچھے گزر رہے ہیں۔ میرے شوہر خود بھی یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ گیارہ بار اوّل آخر درود شریف تین بار جب بھی گھر سے کام کے لیے نکلتے ہیں پڑھتے ہیں اور میں بھی پڑھ کر ان پر دم کردیتی ہوں۔ انہوں نے ایک گھر کا ٹھیکہ لیا ہوا تھا' ایک منزل مکمل ہوگئی دوسری منزل شروع کرنی تھی لینٹر میں ایک حصہ خالی چھوڑا ہوا تھا جو مگ کیلئے تھا' میرے خاوند خود ہی اینٹیں اٹھا اٹھا کر نیچے گرا رہے تھے ساتھ یاحفیظ یاسلام پڑھ رہے تھے' نیچے ہر طرف اینٹیں پڑی ہوئی تھیں میرے خاوند چھت کی صفائی کرتے کرتے خود ہی نیچے اینٹوں کے اوپر گر گئے' اللہ کی مدد ایسی ہوئی کہ ان کو خراش تک نہ آئی اور یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ کی برکت سے اللہ نے ان کو بچا لیا اور وہ دوبارہ چھت پر گئے اور کام کرنے لگے میں اب بھی اور میرے خاوند بھی یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ کا عمل پڑھتے ہیں۔ (ق۔سیالکوٹ)

سفید بال کالے آزمودہ علاج

وقت سے پہلے بال سفید ہونا عام مرض ہے یہ بچوں اور نوجوانوں کا عام مسئلہ ہے جس کی بہت سی وجوہات ہیں غیر متوازن غذا ایک اہم سبب ہے جس کی وجہ سے بال وقت سے پہلے سفید ہوجاتے ہیں اس کے لیے درج ذیل نسخہ استعمال کریں ایک کلو آڑو کے بیج لے کر صاف پانی میں تین دن کے لیے بھگو دیں پھر اس کا مغز نکال کر خول کو پھینک دیں پھر مناسب مقدار میں شکر لے کر اسے کسی BAKING PAN میں ڈال کر اوون میں رکھ دیں جب شکر پگھل جائے تو اس میں مغز ڈال دیں اور اچھی طرح ملالیں روزانہ دس مغز شکر کے ساتھ دو مرتبہ کھائیں تین ماہ کے مسلسل استعمال سے یہ مرض ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائے گا۔

نیند میں بستر پر پیشاب! اب نہیں

یہ بیماری عموماً بچوں کی ہوتی ہے اسکے علاج کے لیے ایک دیسی انڈا اور سات عدد سفید مرچ اور سات عدد کالی مرچ کے دانے لیں پھر احتیاط سے انڈے میں ایک چھوٹا سا سوراخ کریں اور پھر اس سوراخ کے ذریعے سفید اور کالی مرچ داخل کریں پھر اس سوراخ پر ٹیپ چپکا کر سوراخ بند کردیں اور انڈے پر کوئی باریک تھیلی چڑھا دیں اور دھاگے سے باندھ دیں تاکہ ٹیپ نہ پھٹے اب اس انڈے کو ابال لیں بڑے لوگوں کے لیے دو انڈے اور بچوں کے لیے ایک انڈہ رات کو سوتے وقت کھلائیں اس کے بعد نہ کچھ کھانا ہے نہ پینا ہے دس سے پندرہ دن یہ عمل کریں بیماری سے مکمل نجات مل جائے گی۔ (پوشیدہ، گجرات)

کراچی سے لایا ہوں آزمودہ ٹوٹکے!

کلونجی سے وزن کم! صحت بھرپور

100 گرام کلونجی لیں اور دو لیموں کے رس میں بھگو کر خشک کرلیں اس کو پیس کر صبح و شام ایک چمچ کھالیں انشاء اللہ وزن کم ہوگا۔ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے کریں۔

پیٹ میں گیس کی پریشانی ختم

بیہ دانہ انار کے چھلکے ایک پاؤ، طباشیر ایک تولہ، چھلکوں کو سکھالیں اور دونوں اجزاء کو باریک پیس لیں روزانہ رات کو ایک چمچ کھائیں۔ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے کھائیں۔

دانتوں سے خون آنا، مسوڑھوں کا پھول جانا بند

امرود کے چھوٹے پتے جن کو کوپل بھی کہتے ہیں دو سے تین پتے اور دو لونگ، ایک پاؤ پانی میں پکائیں اور پھر ایک پیالے میں نکال لیں اور جب پانی ٹھنڈا ہوجائے تو اس میں ہلدی اور پھٹکڑی گھول لیں اور غرارے کریں' اللہ کے حکم سے ہلتے ہوئے دانت بھی جم جائیں گے۔

مولی کدوکش کریں اور شوگر کنٹرول

آدھا کلو دودھ میں ایک پاؤ مولی کدوکش کرکے دودھ میں پکائیں رات کو چھان کر پی لیں ان شاء اللہ افاقہ ہوگا آزمودہ ہے۔ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

کالے چنے سے گنٹھیا کا علاج

گنٹھیا کے درد سے ہاتھ پاؤں کا چھوٹا ہونے سے روکتا ہے اور درد کو ہمیشہ کے لیے ختم کردیتا ہے یہ ایک درویش نے ہماری بہن کو بتایا تھا اور سب کے لیے اجازت ہے دس سے بارہ دانے کالے چنے مٹی کے پیالے میں رات کو بھگو دیں صبح نہار منہ اسکا پانی پی لیں۔ اور اس کو چبا کر کھالیں آدھا گھنٹے بعد ناشتہ کرلیں تقریباً ایک ماہ کرکے دیکھیں اللہ کے حکم سے فائدہ ہوگا۔ چند ہفتے ضرور کیجئے۔ چند دن کرکے چھوڑ نہ دیجئے۔

بچے کے نظام ہضم کیلئے

چند پودینے کے پتے لیکر تھوڑے سے پانی میں پکائیں چھوٹے بچے کے لیے اس سے نظام ہضم صحیح رہتا ہے، بچہ تندرست رہتا ہے اور رنگ صاف ہوتا ہے۔ (طارق ٹیلر، کراچی)

پریشانیوں کا حل یوں بھی مل جاتا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ پڑھتے ہوئے تین سال ہوگئے ہیں' آپ سے بہت روحانی فیض حاصل کیا۔ بہت سی گھریلو پریشانی حل ہوئی ہیں' کوئی ذرا سی بھی پریشانی آئے تو فوراً رسالہ میں چھپے چھوٹے چھوٹے وظائف اور ٹوٹکے ذہن میں آجاتے ہیں اور مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ ابھی چند دن پہلے ہی کی بات ہے کہ کچن میں کام کرتے ہوئے چھری سے انگلی پر کٹ لگ گیا' خون نکل رہا تھا اور کافی درد بھی تھا' میں نے نہانا بھی تھا' کپڑے بھی دھونے تھے' میں نے زخم پر گیارہ مرتبہ یَاحَفِیۡظُ یَاسَلَامُ پڑھا' یقین جانئیں زخم کا منہ دوبارہ بالکل نہ کھلا۔ میں نے سب کام کیے اور حتیٰ کہ زخم اسی طرح بند نہ کے ساتھ مکمل طور پر ٹھیک ہوگیا۔ (ف۔ل، کراچی)

عبقری روحانی سالانہ اجتماع

عبقری روحانی چلہ اور دعا میں شرکت جادو کالی چیزیں اور بے برکتی ختم

اس کی کمپنی گزشتہ کئی سال سے اس کی تنخواہ نہیں بڑھا رہی تھی' مگر روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع) میں شرکت کی برکت سے اس کے اگلے ماہ ہی اس کی اچانک تنخواہ بڑھادی گئی' گھر کے راشن میں زبردست برکت ہورہی ہے۔ کبھی سوچا بھی نہ تھا کہ روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع) میں صرف شرکت کرکے دعا مانگنے سے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

روحانی چلہ (اجتماع) میں شرکت اور زندگی میں سکون

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ سال اللہ تعالیٰ نے ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'' (عبقری روحانی اجتماع) میں شرکت کی توفیق عطا فرمائی۔ عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع) میں شرکت کی برکات ایسے ملیں کہ میں حیران رہ گیا۔ ہمارے گھر میں بڑی تبدیلی آرہی ہے' جس گھر میں سکون نام کی کوئی چیز نہیں تھی وہاں ہر طرف اب سکون ہی سکون ہے' گھر میں برکت ہی برکت ہے' میں جب بھی گھر میں داخل ہوتا تو گھر میں کسی نہ کسی بات پر لڑائی جھگڑا چل رہا ہوتا' مگر جب سے ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'' (عبقری روحانی اجتماع) میں شرکت کی ہے گھر سے لڑائی جھگڑے ختم ہوگئے ہیں۔ جس دن ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'': (عبقری روحانی اجتماع) سے واپس گھر پہنچا' رات کو سویا' خواب دیکھا کہ میں اپنے گھر سے بڑے بڑے سانپ نکال رہا ہوں' ان میں کچھ چھوٹے سانپ بھی تھے' اب تک روحانیت محسوس ہوتی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ کوئی حصار ہے جو میری حفاظت کررہی ہے۔ جب نفل پڑھنے کھڑا ہوتا ہوں تو مصلے سے نیچے اترنے کو دل نہیں کرتا' دل کرتا ہے کہ بس اللہ کریم سے مانگتا چلا جاؤں۔ اللہ پاک دل کو سکون کی دولت سے مالا مال کرتے ہیں۔

عبقری روحانی چلہ سے برکت کا خزانہ لے آیا!

عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) سے میں دم شدہ برکت والی تھیلی لیکر آیا' میں نے اس تھیلی میں پیسے رکھنا شروع کردیئے' میری بیوی روزانہ 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کو دم کرتی ہے' اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت فائدہ ہورہا ہے' جس دکاندار نے میرا مال ادھار لیا ہوتا ہے جب اس کے پاس جاتا ہوں تو گیارہ مرتبہ یَارَبِّ مُوْسٰی یَارَبِّ کَلِیْمٍ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر جاتا ہوں' وہ میرے پیسے فوراً دے دیتا ہے۔ میں نے اپنے ایک دوست جو کہ عالم دین ان کو بتایا کہ میں نے ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'' (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) ایک عمل سنا کہ کھانا کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھنے سے انسان ہر قسم کی پیٹ کی بیماریاں ختم ہوجاتی ہیں انہوں نے آزمایا تو مجھے چند دن بعد فون کرکے بتایا کہ میرا پیٹ کافی عرصہ سے خراب تھا اس عمل کی بدولت بالکل ٹھیک ہوگیا ہے۔ اس مرتبہ وہ بھی میرے ساتھ عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) میں شرکت کیلئے آنا چاہتے ہیں۔ ایک مرتبہ موٹرسائیکل میں پٹرول ختم ہوگیا' میں انمول خزانہ نمبر دو پڑھ رہا تھا (اس عمل کا بھی مجھے عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) میں معلوم ہوا) اتنے میں دوسری سڑک پر ایک آدمی نے آواز دی اور اپنے موٹرسائیکل سے پٹرول نکال کردیا اور اس نے کہا آپ کو پٹرول پمپ پر پہنچادے گا۔ میں نے اس آدمی کا شکریہ ادا کیا۔ یہ خزانہ نمبر 2 کی برکت ہے۔ عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) میں ایک ساتھی نے مجھے بتایا کہ جو آدمی روزانہ سورۂ فجر تلاوت کرتا ہے اس کی بینائی کبھی بھی ختم نہیں ہوتی' موت تک اس کی نظر ٹھیک رہتی ہے۔ اس کے علاوہ روحانی غسل والا عمل بہت بہترین ہے' مجھے اس سے بھی بہت فائدہ ہورہا ہے' زبان پکڑ کر یاحفیظ یاسلام والا عمل بھی بہت مؤثر ہے' جب سے عمل شروع کیا ہے زبان سے گالی وغیرہ نہیں نکلی' ہر نماز کے بعد اَلْمَلِکُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ والا عمل بڑا فائدہ دیتا ہے۔ قصہ مختصر یہ کہ مجھے ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'' (عبقری روحانی اجتماع سالانہ) شرکت کی وجہ سے بہت فائدہ ہوا ہے' میری زندگی میں سکون آگیا ہے' گھر سے جادو' کالی چیزیں بھاگ گئی ہیں۔ (صفدر حسین' گجرات)

نافرمان اولاد فرمانبردار ہوگئی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھر کے حالات ٹھیک نہیں تھے اور بیٹا بھی نافرمانی کرتا تھا۔ جب سے میں نے عبقری روحانی اجتماع میں شمولیت کی اور وہاں دعا کی میرے گھر کے حالات بدل گئے ہیں۔ بیٹا انتہا درجے کا نافرمان تھا' مگر اس کے لہجے' رویے اور بولنے کے انداز میں دن بدن تبدیلی (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی سالانہ اجتماع)! غربت ختم' اپنا گھر مل گیا

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں نے عبقری روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) میں گزشتہ سال شرکت کی' تین دن تسبیح خانہ میں رہا۔ اعمال کیے' دعائیں مانگیں' اسم اعظم کی دعاؤں میں رورو کر اللہ کریم سے مانگا۔ اللہ نے مجھے اتنا نوازا کہ میں زندگی میں پہلی مرتبہ خط لکھنے پر مجبور ہوگیا۔ حضرت! میں پہلے بہت ہی غریب آدمی تھا' کوئی بندہ سو روپے ادھار دینے کیلئے آمادہ نہ تھا' میں مزدوری کرتا تھا اور جو مزدوری ملتی اس میں سے اڑھائی فیصد اسی دن اللہ تعالیٰ کی راہ میں دے دیتا' اس عمل کا پتہ بھی مجھے تسبیح خانہ سے دوران روحانی چلہ (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) ہی لگا۔ جب سے اللہ کی راہ میں دینا شروع کیا ہے' اس دن سے اللہ تبارک وتعالیٰ نے بہت کچھ دیا ہے' مجھے تو گمان بھی نہیں ہے۔ الحمدللہ! دیہاڑی دار مزدور تھا اب اپنی دکان کا مالک ہوں' اس سے میرا بہترین گزارا ہورہا ہے' اب شادی کرنی تھی' گھر نہیں تھا' روحانی چلہ اور دعا (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) میں خوب اللہ سے مانگا' اس کی راہ میں اڑھائی فیصد دیا' چند مہینوں نے رب کریم نے گھر دے دیا' اتنا بڑا گھر کے میری سوچ نہیں تھی' یہ واقعی ہی مجھے ''عبقری روحانی چلہ اور دعا'' (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) کی دعا لگی ہے ورنہ اتنا بڑا گھر تو میرے گمان میں بھی نہ تھا۔ الحمدللہ! جب سے ہم عبقری روحانی چلہ (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) میں شریک ہوئے ہیں' اس دن سے ماشاء اللہ جو وظائف آپ نے بتائے ہیں وہ سب ہم تمام گھر والے کرتے ہیں' اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے غیب کے خزانہ سے ہماری مدد فرمائی' ہمیں اس بات پر سب سے زیادہ خوشی ہوتی ہے کہ اللہ پاک ہماری ہر اس کام میں مدد فرماتے ہیں جس کام میں ہمیں کامیابی کی امید نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ روحانی سے واپسی پر ''ستر شفائیں'' دوا لیکر آیا تھا' میں جب بھی کھاتا ہوں لگتا ہے دوبارہ سے جوان ہوگیا ہوں۔ بہت ہی لاجواب چیز ہے۔ روحانی چلہ (عبقری روحانی سالانہ اجتماع) میں شرکت کی وجہ سے گناہوں سے چھٹکارا مل گیا۔ اس دن سے تہجد بھی نصیب ہوتی ہے۔ **(محمد اشفاق' کوٹ ادو)**

خواتین کی روزمرہ کی پریشانیاں اور ٹوٹکوں کی برسات

قالین کی صفائی کے لیے ایک سوتی کپڑے یا روئی کے پھائے کو تارپین کے روغن اور گرم پانی میں بھگو کر قالین صاف کیا جاسکتا ہے اس کے بعد برش پھیرنا چاہیے تاکہ روئی اور کپڑے کے ریشے اتر جائیں۔

سبزی کو اصلی رنگت کے ساتھ پکانا

سبزیوں کو پکاتے وقت ہمیشہ آنچ دھیمی رکھا کریں اور اگر آپ سبزیوں کو بالکل اصلی رنگ کے ساتھ پکانا چاہتی ہیں تو ہمیشہ ڈھکن کھول کر پکائیں کیونکہ ڈھکنا ڈھک کر سبزیاں پکانے سے سبزیاں نہ صرف پانی چھوڑ دیتی ہیں بلکہ ان کی اصلی رنگت بھی تبدیل ہوجاتی ہے۔

پینٹ کی خوشبو سے نجات

بعض لوگوں کو پینٹ کی خوشبو ناگوار گزرتی ہے اور گھر میں جب پینٹ ہوتا ہے تو وہ لوگ بہت پریشان ہوتے ہیں۔ اس کا حل یہ ہے کہ جس کمرے میں پینٹ ہو رہا ہو وہاں پر ایک پانی سے بھری ہوئی بالٹی یا ٹب رکھیں اور اس میں سبز چارہ کاٹ کر ڈال دیں پینٹ کی خوشبو کمرے میں نہیں پھیلے گی۔

سفید کپڑوں پر لگے دھبے اتارنا

اکثر کپڑے دھوتے ہوئے رنگین کپڑوں کا رنگ نکل کر سفید کپڑوں پر لگ جاتا ہے ایسے میں جہاں رنگ لگا ہو اس حصے پر ٹوتھ پیسٹ لگا کر پانچ منٹ تک ملنے پھر کپڑے دھونے والے صابن سے دھو ڈالئے داغ فوراً نکل جائے گا۔

چائے کے داغ

اگر کسی کپڑے پر چائے کے داغ ہوں تو اس پر گلیسرین لگائیں پھر تھوڑی دیر بعد گرم پانی سے دھولیں اور اگر سفید سوتی دھاگے کے کپڑے پر ہو تو کپڑے پر کھولتا ہوا پانی ڈالیں داغ دور ہوجائے گا۔

صوفے کے نشانات مٹانا

اکثر گھروں میں سیٹنگ چینج کرنے کا رواج ہے جب سیٹنگ چینج کی جاتی ہے تو قالین پر صوفے کے نشان پڑ جاتے ہیں جو انتہائی بدنما دکھائی دیتے ہیں ان نشانوں کو ہٹانے کی فوری اور موثر ترکیب یہ ہے کہ ان نشانوں کے اوپر ایک ایک آئس کیوب رکھ دیں۔ آئس کیوب رکھنے سے یہ نشان غائب ہوجائیں گے اور قالین بالکل ایک سا دکھائی دے گا۔

قالین کی صفائی

قالین کی صفائی کے لیے ایک سوتی کپڑے یا روئی کے پھائے کو تارپین کے روغن اور گرم پانی میں بھگو کر قالین صاف کیا جاسکتا ہے اس کے بعد برش پھیرنا چاہیے تاکہ روئی اور کپڑے کے ریشے اتر جائیں۔

دہی کھٹا ہونے سے بچائیں

فریج میں رکھا ہوا دہی بھی ایک دو روز بعد کھٹا ہوجاتا ہے۔ اگر دہی کو زیادہ دن رکھنا ہو تو اس میں کچے ناریل کے دو تین ٹکڑے ڈال دیں اور دہی کو ہفتہ بھر استعمال کریں۔ کھٹا نہیں ہوگا اور نہ ذائقہ میں کوئی فرق آئے گا۔ (عائشہ، کراچی)

بھنی ہوئی پیاز کا جلد چورا کرنا: پیاز سرخ کرکے پیپر پر نکال لیں۔ اب اس کو کسی تھال یا بڑی پلیٹ میں پھیلا کر ڈالیں اور فریزر میں رکھ دیں۔ تھوڑی دیر بعد نکالیں اور ہاتھ سے چورا کرلیں۔ اس طرح پیاز کا چورا جلد بھی ہوجاتا ہے اور بہت اچھا ہوتا ہے۔

ٹماٹر ہینڈ لوشن

پکے ہوئے ایک ٹماٹر کا رس ایک چائے کا چمچ گلیسرین اور ایک چائے کا چمچ لیموں کا رس لیں۔ ان تمام اجزاء کو اچھی طرح آپس میں پھینٹ کر بوتل میں رکھ لیں۔ دن میں دو بار ہاتھوں پر اس کا مساج کرکے دھو ڈالیں۔ اس آمیزے کو دو یا تین دن کے اندر ہی استعمال کرلیں۔ یہ خشک اور کھردرے ہاتھوں کو ملائم بناتا ہے۔

سالن میں تیز مرچیں کم کرنا

سالن میں اگر مرچیں زیادہ ہوجائیں تو اس میں دو عدد لیموں کا رس ڈال دیں مرچیں کافی حد تک کم ہوجائیں گی۔

کھانسی سے نجات

اگر کسی کو کھانسی ہو تو رات کو سوتے وقت منقیٰ کے پانچ دانے لے کر ہر دانے میں ایک ایک کالی مرچ رکھ کر توے پر سینک کر کھانے سے کھانسی کو آرام آجاتا ہے (نوٹ) تین دن تک استعمال کریں اور اس کے کھانے کے بعد کچھ نہ کھائیں۔

کپڑوں کی بدبو دور کرنا

خوشبودار ٹائلٹ سوپ کا ریپر صابن نکالنے کے بعد کپڑوں میں رکھ دیں۔ کپڑوں میں مخصوص قسم کی بو ختم ہوجائے گی اور کپڑے مہکنے لگیں گے۔

بال صحت مند بنائیں

تھوڑی سی پسی ہوئی مہندی میں ½ چمچ کلونجی پیس کر مکس کرلیں۔ اس میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل ملا کر پانی سے گھول لیں۔ اس آمیزے کو بالوں میں اچھی طرح لگا کر خشک کرلیں۔ پھر اچھی طرح دھولیں۔ اس سے بال گھنے اور صحت مند ہوں گے۔ (صدف، لاہور)

فریز شدہ مٹر منٹوں میں گلائیں

فریز شدہ مٹر کافی دیر سے گلتے ہیں لیکن اگر پکاتے وقت مٹروں میں پودینے کے چند پتے شامل کردیے جائیں تو مٹر منٹوں میں گل جائیں گے۔ (عائفہ، شیخوپورہ)

موٹاپا کم کریں

صبح سویرے ناشتہ سے پہلے اتنا پانی گرم کریں جتنا آپ پی سکیں پھر اس میں لیموں کا رس ملالیں یہ عمل روزانہ کریں اس سے آپ کی چربی پگھلے گی اور آپ اسمارٹ اور خوبصورت نظر آئیں گے۔ (رابعہ نور، اسلام آباد)

بھنڈی کا ذائقہ بڑھائیں

بھنڈیاں پکاتے وقت مصالحہ میں تھوڑی سی کلونجی اور ایک چائے کا چمچ سونف ملانے سے بھنڈیوں کی غذائیت اور ذائقہ بہترین ہوجاتا ہے۔ (مسز تصور، لاہور)

پسی لال مرچیں محفوظ بنائیں

پسی ہوئی مرچیں اکثر ڈبے میں پڑی پڑی خراب ہوجاتی ہیں۔ اگر ان میں ہینگ کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا رکھ دیا جائے تو مرچیں مہینوں خراب نہیں ہوں گی اور نہ ذائقے میں کوئی فرق آئے گا۔ (مریم، کراچی)

چاول خراب پکیں تو

اکثر چاول پکاتے وقت وہ آپس میں جڑ جاتے ہیں اور صحیح نہیں پکتے اگر چاول ڈالنے کے دو تین منٹ بعد لیموں کے چند قطرے شامل کردیے جائیں تو چاول کھڑے کھڑے اور نکھرے ہوئے بنیں گے۔

منہ کے چھالے: ہرا دھنیا لے کر اس کا عرق نکال لیں۔ دن میں تین چار بار چھالوں پر لگائیں آرام آجائے گا۔ (کلثوم حنیف، کراچی)

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام

بیٹی کے معدے میں بہت پرابلم تھی، تھوڑی سی پیپسی بھی پیتی تو معدہ خراب ہوجاتا لیکن آج وہ جو مرضی کھا پی لے اب معدے میں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

ہاضم خاص واقعی خاص ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پچھلے 20 سال سے بیمار ہوں تقریباً 15 بیماریوں نے مجھے جکڑ رکھا ہے اور انگریزی ادویات کے استعمال سے میرا معدہ خراب رہتا تھا لیکن جب سے عبقری کی دوا ''ہاضم خاص'' استعمال کرنا شروع کی ہے معدے کی بیماری سے نجات مل گئی ہے اس کے علاوہ مجھے قبض کی شکایت رہتی تھی وہ بھی ٹھیک ہوگئی ہے۔ عبقری کی ادویات اتنی سستی ہیں کہ ہر غریب کی پہنچ میں ہیں۔ الحمدللہ! کھاتے ہی معلوم پڑجاتا ہے کہ کوئی خالص چیز کھائی ہے۔ فوری اثر ہوتا ہے۔ (فرح، حیدرآباد)

معجون مراد اور قوتی گولیوں سے جوانی لوٹ آئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو تین ماہ ہوگئے تھے لیکن میں حق زوجیت ادا کرنے سے قاصر تھا اور مجھے شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا تھا انگریزی ادویات کا استعمال کیا لیکن وقتی طور پر سکون ملتا پھر وہی حالت ہوجاتی۔ میں نے عبقری رسالہ سے معجون مراد اور قوتی گولیوں کے بارے میں پڑھا اور عبقری دواخانہ سے دونوں ادویات خرید لیں اور ان کا استعمال شروع کیا۔ اللہ کے فضل سے میں اب بالکل فٹ ہوں اہلیہ مطمئن ہے۔ (عثمان بٹ، لاہور)

طب نبوی ہیئر آئل سے بال گرنا بند ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے سر کے بال بہت اترتے تھے کافی شیمپو اور تیل استعمال کیے لیکن ایک فیصد بھی فرق نہیں پڑا۔ میں نے عبقری رسالہ سے طب نبوی ہیئر آئل بارے پڑھا اور منگوا کر استعمال کیا۔ چند ہفتوں کے استعمال سے میرے بال 60 فیصد گرنا بند ہوگئے ہیں میں ابھی استعمال کررہی ہوں انشاء اللہ جلد ہی مکمل بال گرنا بند ہو جائینگے۔ یہ تو تھا طبی فائدہ اب اس رسالے کا ایک روحانی فائدہ بھی قارئین عبقری کو بتانا چاہتی ہوں۔ بے شک میرے پاس الفاظ کم ہیں کہ اس رسالہ کی تعریف جتنی کروں الفاظ کم پڑجائیں گے۔ لاکھوں لوگوں کے مسائل کا حل اس میں ہوتا ہے اللہ پاک آپ سب کو ہمت اور توفیق دے آپ سب اسی طرح ہمارے مسائل کا حل تلاش کرتے رہے اور آپ کا عبقری اسی طرح دن دگنی ترقی کرتا رہے میں ہر دفعہ لوگوں کے جوابی خطوط پڑھتی تھی اور میرے لیے یقین کرنا مشکل ہوجاتا تھا کہ سب مسائل اتنی جلدی حل ہوجاتے ہیں۔ میں شادی شدہ ہوں ماشاء اللہ میرا ایک بیٹا ہے۔ سسرال میں مجھے کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میرے شوہر ملک سے باہر ہوتے ہیں ساس اور نندوں سے اکثر اختلافات رہتے ہیں لیکن جب سے عبقری رسالہ میں دیئے گئے وظائف پڑھنا شروع کیے ہیں اب کوئی پریشانی پریشانی نہیں لگتی دل مطمئن اور سکون رہتا ہے۔ (ش، ساہیوال)

کراماتی تیل کی کرامت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو سدا شاد آباد رکھے اور دنیا و آخرت کی تمام نعمتوں سے نوازے۔ آمین! میں ہر نماز کے بعد دو انمول خزانہ ضرور پڑھتی ہوں کلمہ کا نصاب بھی پڑھتی ہوں اللہ کے فضل سے بہت سے فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خیر عطا کرے آپ دکھی انسانیت کی خدمت کے لیے دن رات کام کررہے ہیں اللہ تعالیٰ عبقری کی پوری ٹیم اور تسبیح خانے کو شاد و آباد رکھے۔ آمین۔

میرے خاوند کو تین سال قبل فالج کا اٹیک ہوا تھا جس کے اثرات اب تک ہیں۔ ادویات کا استعمال تو روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے جو اندرونی طور پر ان کو صحت یاب کررہا ہے لیکن بیرونی طور پر میں کسی ایسی چیز، مرہم یا تیل کی تلاش میں تھی کہ جس سے میں ان کی مالش کروں تاکہ وہ جلد سے جلد موٹر سائیکل وغیرہ چلانے کے قابل ہوجائیں کیونکہ وہ ایک ایسی کمپنی میں ملازمت کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کو مختلف جگہ جانا ہوتا ہے تو پبلک ٹرانسپورٹ کے استعمال سے ان کا وقت بہت ضائع ہوتا ہے تو میں نے عبقری رسالہ میں ''کراماتی تیل'' کے بارے میں پڑھا اور فوری منگوایا۔ لکھی گئی ترکیب کے مطابق اپنے خاوند کی اس تیل سے مالش کرتی رہی۔ صرف چند ہفتے ہی میں نے اس تیل کی صبح و شام مالش کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آج وہ موٹر سائیکل چلانے کے قابل ہیں اور بالکل تندرست ہیں۔ یہ تیل واقعی ہی کراماتی ہے۔ (نصرت قدوس، لاہور)

ہارمونز شفاء سے ماہواری کے مسئلہ حل ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو پانچ ماہ ہی ہوئے تھے کہ مجھے ماہواری کا مسئلہ ہوگیا جس وجہ سے میں اور میرا خاوند بہت پریشان تھے لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے پندرہ دن کی دوائی دی لیکن اس سے بھی کوئی فرق نہیں پڑا۔ میں عبقری کی گزشتہ دو سال سے قاریہ ہوں پھر اچانک میں نے عبقری رسالہ میں ''ہارمونز شفاء'' بارے مکمل پڑھا اور خاوند کو اس بارے بتایا وہ اگلے روز عبقری دواخانہ سے ''ہارمونز شفاء'' لے آئے اور میں نے باقاعدگی سے استعمال کرنا شروع کی اللہ کے کرم سے ایک کورس سے ہی ماہواری کا مسئلہ حل ہوگیا اور اب میں حمل سے ہوں۔ (سمیرا زوجہ حافظ محمد آصف، لاہور)

ہارمونز شفاء سے ماہواری ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ہارمونز بہت زیادہ خراب تھے، مجھے ہر وقت ماہواری رہتی تھی، جس کی وجہ سے میں چلنے پھرنے سے بھی قاصر ہوچکی تھی، لیڈی ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے کہا کہ جلد از جلد لیزر کرواؤں ورنہ تم نہیں بچ سکوگی، تم میں خون کی انتہائی کمی ہوچکی ہے، تمہاری زندگی کو سخت خطرہ ہے۔ ہمارے گھر عبقری رسالہ کافی عرصہ سے آرہا ہے، میری والدہ نے جب لیڈی ڈاکٹر کی یہ بات سنی تو فوراً عبقری دواخانہ میں فون کیا، اسسٹنٹ صاحب سے بات کی اور انہیں میری مکمل حالت سے آگاہ کیا، انہوں نے میرے لیے ''ہارمونز شفاء'' ''خون افزا ٹانک'' اور ''فقفس فولاد ٹانک'' تجویز کیا۔ میری والدہ نے اسی دن عبقری دواخانہ لاہور سے یہ تمام ادویات بذریعہ پارسل منگوالیں، صرف چند ہفتے استعمال کرنے سے میری ماہواری بالکل نارمل ہوگئی اور میرے چہرے پر رونق لوٹ آئی، آج میں بالکل صحت مند اور تمام گھر کے کام کرتی ہوں۔ (ز۔ع، راولپنڈی)

چند دنوں میں سالہا پرانا خراب معدہ بالکل ٹھیک!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کے متعلق میرے دوست نے مجھے بتایا اس کے پڑھنے سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ عبقری مجھے کیسے ملا اور کیسے میں مجھے سالہا سال پرانی بیماری سے نجات ملی' پڑھیے: ہر دو ماہ بعد میرا منہ سے پک جاتا تھا کھانا کھانے میں انتہائی تنگی ہوتی تھی' میں کافی پریشان تھا کہ کہیں خون میں خرابی تو نہیں؟ ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے دو چار گولیاں لکھ کر دی میں نے استعمال کیں ایک ہفتہ فرق رہا پر پھر دوبارہ منہ پکنا شروع ہو گیا۔ پھر میرے ایک دوست نے مجھے عبقری رسالہ کے بارے بتایا میں نے عبقری رسالہ خریدا اور اس میں موجود ادویات جو ہر شفاء مدینہ، ٹھنڈی مراد، ستر شفائیں بذریعہ ڈاک منگوائی اور تین ماہ مسلسل استعمال کیا جس سے میرے منہ میں چھالے بننا اور منہ پکنا بند ہو گیا۔ اس کے علاوہ ''اصلاح معدہ جگر پیکیج'' چار مہینے استعمال کیا جس سے میرا معدہ بھی ٹھیک ہو گیا ہے (صفی اللہ گوما نگ، بھمبر)

جادو شکن پانی بیٹے کو پلایا! جادو ٹوٹ گیا' بیٹا بالکل ٹھیک!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العالمین کی بارگاہ عالیہ میں آپ کی درازی عمر کی التجائیہ دعائیں بہت دعائیں پروردگار آپ کا سایہ شفقت ہم سب پر سدا سلامت رکھے۔ آمین۔ میرے تین بیٹے ہیں' سب سے بڑے بیٹے کی شادی کی تو چند مہینوں بعد ہی میرے بیٹے کا رویہ میرے ساتھ بالکل تبدیل ہو گیا' گھر میں سب سے لڑائی جھگڑا کرتا مجھ سے تو انتہائی بدتمیزی کرتا' میں پریشان تھی کہ یہ ہو کیا رہا ہے؟ پھر ایک دن میں اپنے بیٹے کے کمرے میں داخل ہو رہی تھی تو اچانک مجھے دھواں سا محسوس ہوا میں نے دروازہ کھولا تو میری بہو کچھ کاغذ جلا رہی تھی یعنی کہ وہ کاغذ تعویذ جیسے تھے اور سامنے میرے بیٹے کی تصویر تھی میں سمجھ گئی کہ بہو میرے بیٹے پر تعویذ کروا رہی ہے' فوراً تو میری سمجھ میں کچھ نہیں آیا' میں نے عبقری دواخانہ سے ''جادو شکن پانی'' کی بوتل منگوائی اور بیٹے پر چھڑکا اور پلایا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور آپ کی دعا سے اب وہ بالکل ٹھیک ہے۔ پانچ وقت کی نماز پڑھنا شروع ہو گیا اس کے کام میں رکاوٹیں تھیں وہ بھی دور ہو گئیں ہیں اس کا رویہ سب سے اچھا ہو گیا ہے۔ (ک۔ب، کراچی)

جادو شکن پانی' تیل' روحانی عطر اور برکت والی تھیلی کی کرامات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عمر دے اور اپنی رحمتیں اور برکتیں آپ پر نازل فرمائے میں گزشتہ دو سال سے عبقری کی قاری ہوں۔ عبقری رسالہ میں بہت اچھے اور شاندار وظائف ہوتے ہیں۔ عبقری کی ادویات، روحانی اگربتی، جادو شکن پانی، صابن، جادو شکن تیل، روحانی عطر اور برکت والی تھیلی میرے گھر کی ضرورت ہے اور یہ چیزیں میرے گھر میں ہر وقت موجود رہتی ہیں جس سے میں اور میری فیملی استعمال کرتے ہیں اور آپ کو دعائیں دیتے ہیں۔ ان چیزوں کی برکت سے ہم ہر قسم کے جادو' وہم' بندش' گھریلو جھگڑوں اور بے چینی سے محفوظ رہتے ہیں۔ ہر وقت ایک روحانی حصار ہمیں گھیرے رکھتا ہے۔ برکت والی تھیلی کی برکت سے رزق میں واقعی برکت ہوتی ہے۔ (پوشیدہ، کراچی)

عبقری کی ادویات نے ازدواجی زندگی پرسکون کر دی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو آٹھ ماہ ہو گئے ہیں پہلے تین ماہ تو حقوق زوجیت کے حقوق بہترین ادا کرتا رہا کوئی مشکل نہ تھی لیکن تین ماہ بعد مجھے مختلف بیماریوں نے گھیر لیا جس کی وجہ سے حقوق زوجیت بالکل بھی ادا نہیں کر پا رہا تھا۔ بہت پریشان تھا' ساری ساری رات جاگ کر پریشانی میں گزارتا' سارا دن اسی وجہ سے پریشان رہتا۔ میں عبقری کا مستقل قاری ہوں میں نے رسالہ میں سے پڑھ کر عبقری دواخانہ کی نیو طاقتی، معجون مراد اور کرنٹ مالش کے متعلق پڑھا اور بذریعہ ڈاک منگوایا ایک ماہ کے استعمال سے ہی میں دوبارہ زوجیت کے حقوق ادا کرنے کے قابل ہو گیا۔ ماشاء اللہ ادویات کا بہت اچھا رزلٹ ہے۔ (پوشیدہ)

اکسیر البدن کے استعمال سے بیماریاں دور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے یورک ایسڈ کی شکایت تھی جس کی وجہ سے پاؤں کے درمیان کا حصہ اور ایڑھی پر سوجن آ جاتی اور چلنا پھرنا مشکل ہو جاتا تھا' پٹھے بھی بہت کمزور ہو گئے تھے' کھانا کھانے کے بعد حلق میں لیس دار مادہ اکٹھا ہو جاتا جس سے بولنے اور سانس لینے میں بھی تکلیف ہوتی۔ میں نے عبقری دواخانہ سے ''اکسیر البدن'' دوائی منگوا کر استعمال کی اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ (عائشہ، قائم پور)

پوشیدہ کورس! اب بہت بہتر ہوں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے جب بھی ماہواری ہوتی' میری حالت بہت خراب ہو جاتی' چار چار ماہ تک ماہواری نہیں رکتی تھی' بہت سی اسپیشلسٹ ڈاکٹروں سے علاج کروایا لیکن خاطر خواہ استفادہ نہ ہو سکا۔ دوست نے عبقری رسالہ کا بتایا' اس میں سے پڑھ کر عبقری دواخانہ سے ''پوشیدہ کورس'' منگوا کر استعمال کیا۔ پہلے ہی کورس میں مجھے فرق پڑ گیا اب میں پہلے سے بہت بہتر ہوں۔ (س۔ج، پشاور)

(بقیہ: جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار))

بوڑھے ہاتھ ہیں' ان ہاتھوں کی نرمی اور خلوص میں محسوس کر رہا تھا اور وہ ہاتھ پکار پکار کر کہہ رہے تھے اے اللہ! اب تیرے در پر آیا' ان ہاتھوں کی لاج رکھ لے' اس کو خالی نہ لوٹا' میں مسلسل رو رہا تھا اور ابل ابل کر میرے آنسو نکل رہے تھے' میں زندگی میں اتنا نہیں رویا' خود ماں کی موت پر اتنا نہیں رویا تھا' جتنا اللہ کے گھر اور محراب کو تھام کر رویا تھا' مجھے کسی چیز کی خبر نہیں تھی' میں روتا رہا اور وہی بات اللہ سے کہتا رہا جو میری ماں نے مجھے کہی تھی اور یہی کہتے کہتے میں وہی گر گیا' بہت دیر تک بے سکت ہو کر گرا پڑا رہا اور اللہ تعالیٰ سے یہی فریاد یں کرتا رہا' پھر اٹھا' اپنے آنسو صاف کر کے گھر آیا' دوسرے دن لوگ آ رہے تھے ماں کی تعزیت کیلئے میرے دل کی دنیا ہی بدل گئی تھی' ماں ہی کیا گئی میرا تو سب کچھ بدل گیا' جہاں میرے سر سے وہ سرسبز سایہ ہٹ گیا وہاں میرے اوپر ایک چادر تن گئی اسے میں نور کی چادر کہوں' رحمت کی چادر کہوں یا برکت کا ابر کہوں بس! اب مجھے پھر رات کا انتظار تھا وہ رات آئے اور میں پھر جاؤں اور اللہ سے پھر وہی باتیں کروں جو میری ماں نے مجھے پیغام دیا تھا۔ اب اس رات پھر گیا اور پھر وہی رونا پھر وہی فریاد پھر وہی درد بھری باتیں پھر وہی غم کا افسانہ پھر اچانک میرے دل میں خیال آیا میں قرآن یاد کروں' پھر میرا شغف قرآن' تسبیح' نماز' جن لوگوں کو میں نے ستایا تھا جن کا حق کھایا تھا ان کا حق میں نے واپس لوٹایا ایک ایک بندے سے معافی مانگی اس کا حق ادا کیا۔ عبدالسلام جن کہنے لگا: میں بابا جی کی بات سن رہا تھا مجھے حیرت ہو رہی تھی کہ میں نے رات کیا دیکھا اور اس سے پہلے کیا تھا اسے ماں کی دعا کہوں' یا مسجد کے محراب کی کرامت کہوں' میں عبدالسلام جن کا کہا واقعہ سنا رہا تھا جو اس نے سالہا سال پہلے مجھے سنایا تھا آج وہ جادو میں مبتلا پریشان حال تھا۔ (جاری ہے)

ذائقہ کیلئے مچھلی کی غذائیت قربان نہ کریں

مصطفیٰ جمال، کراچی

جانیے! اپنی مچھلی کو کیسے پکائیں!

غذائیت چاہیے تو مچھلی ہانڈی میں پکائیں

مچھلی فرائی یا تندوری فیصلہ آپ کا!

ایسے لوگوں کے لیے جو کہ مچھلی کھانے میں رغبت محسوس کرتے ہیں سب سے اہم چیز نت نئے تجربات ہیں۔ اگر آپ کسی خاص ذائقے یا پکانے کے انداز کو ترجیح دیتی ہیں تو پھر اس کے لیے مناسب مچھلی تلاش کریں جو کہ آپ کے لیے موزوں ثابت ہوسکتی ہو اور پھر کوشش کرکے دیکھیں، یقینی طور پر نتیجہ اچھا ہوگا۔ مثال کے طور پر پامفریٹ جسے عرف عام میں پاپلیٹ بھی کہا جاتا ہے اس وقت بہت مزہ دیتی ہے جب اسے روایتی مصالحوں کے ساتھ فرائی کیا جائے یا پھر اسے تندوری انداز سے دم پخت کرلیا جائے جبکہ اس کو چائنیز انداز سے بھاپ پر پکایا اور عام طریقے سے بھونا بھی جاسکتا ہے تاہم سب سے بہتر یہی ہے کہ اسے فرائی کیا جائے تب ہی اس کا ذائقہ پوری طرح محسوس کیا جاسکتا ہے۔ دوسری تمام مچھلیاں سیخوں پر سینکنے کے علاوہ شوربے کے ساتھ اور سوپ تیار کرنے کے لیے موزوں ہوتی ہیں۔

کیا مچھلی واقعی مہنگی ہے یا ہمارا خیال

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ مچھلی پکانے میں خاصی مہنگی پڑتی ہے مگر گوشت یا چکن سے اس کا تقابل کیا جائے تو بہت معمولی سا فرق سامنے آئے گا اور کسی بھی بجٹ میں اسے بڑی آسانی سے فٹ کیا جاسکتا ہے۔ یہ خیال بھی درست نہیں ہے کہ کم قیمت مچھلی زیادہ اچھی نہیں ہوتی بلکہ حقیقت صرف یہ ہے کہ بازار میں دستیاب سول، رہو، دھوتر یا گھیسر کم وبیش اتنی ہی لاگت میں خریدی جاسکتی ہیں جتنی کہ گائے، بکرے یا چکن کے گوشت پر آسکتی ہے۔ یہ بات بالکل درست ہے کہ مچھلیوں کی بعض اقسام خاصی مہنگی ہیں خصوصاً سردیوں میں مگر ایک درمیانے درجے کے بجٹ میں ان کی جگہ بھی بنائی جاسکتی ہے۔

مچھلی اور دوسری اقسام کے گوشت پکانے میں فرق

مچھلی اور دوسری اقسام کے گوشت پکانے کے مابین سب سے اہم اور فطری فرق ذائقہ یا مزہ ہے۔ اگرچہ کہ گوشت کی زیادہ تر قسمیں اس لیے پکائی جاتی ہیں کہ یہ گل جائیں مگر مچھلی قدرتی طور پر گلی ہوئی یا نرم ہوتی ہے اور اسے آگ دکھانے کا مقصد محض یہ ہوتا ہے کہ اس کی حقیقی مہک و ذائقہ ابھارا جاسکے۔ حد سے زیادہ پکی ہوئی مچھلی یا تو بھرتہ بن جاتی ہے یا خشک اور سخت ہوجاتی ہے۔ جب آپ یہ فیصلہ کرلیں کہ مچھلی کو کس طرح پکانے کی خواہش رکھتی ہیں تو اس کی مضبوطی، ٹھوس پن اور ذائقے کو قابل غور سمجھیں۔ ٹھوس مچھلی خاصی ہمہ گیر ہوتی ہے جسے آپ خواہ شوربے میں ڈال دیں، سیخوں پر بھون لیں، بھاپ پر پکالیں یا دم پخت کریں یہ بڑی آسانی سے ہر امتحان پر پوری اترے گی جبکہ ایسی مچھلی جس کا گوشت بکھرنے اور منتشر ہونے والا ہو پکاتے وقت انتہائی حساس صورتحال اختیار کرجاتی ہے تاوقتیکہ اسے انڈے یا ڈبل روٹی کے چورے میں لپیٹ کر نہ تلا جائے اور یا ایسی ہی کوئی دوسری کارگر ترکیب نہ لڑائی جائے۔ مچھلی کے ذائقے کا بہت زیادہ انحصار مصالحوں کی ورائٹی پر بھی ہوتا ہے مگر یہ بات بھی اپنی جگہ ہے کہ کچھ مچھلیاں ان مصالحوں کے ساتھ بہت اچھی پکتی ہیں جبکہ کچھ اقسام کو مصالحوں کی از حد ضرورت ہوتی ہے مگر بعض ایسی بھی ہیں جن کا جداگانہ اور اپنا ایک ذائقہ ہوتا ہے جن پر کسی بھی مصالحے کی تہہ چڑھانا ضروری نہیں ہوتا بلکہ انتہائی تازہ مچھلی پر محض نمک کا استعمال بھی اس کی مہک و لذت کو دوآتشہ کردیتا ہے۔

مچھلی کا بار بی کیو کیسا رہے گا؟

گوشت پر مصالحوں کا آمیزہ لگانے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ذائقہ مچھلی میں جذب ہوجائے جس کے لیے چھری سے گوشت پر کٹ لگانا پڑتا ہے مگر مچھلی کے ساتھ ایسا کچھ نہیں کرنا پڑتا بلکہ مضبوط ذائقے والی مچھلی پر بہت کم مصالحہ لگانے کی ضرورت پیش آتی ہے جبکہ یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ دو یا تین گھنٹے سے زیادہ مصالحہ لگا کر رکھنے سے حتیٰ الامکان گریز کریں کیونکہ ایسی صورت میں مچھلی اندر موجود تیزابیت اپنا ردعمل دکھانا شروع کردیتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس بات کا خیال بھی رکھیں کہ مچھلی پر مصالحہ لگا کر شیشے یا کسی سرامک پیالے میں رکھا جائے کیونکہ دھات سے تیار کردہ برتنوں میں بھی تیزابیت کا عمل شروع ہوجاتا ہے اور ایسی مچھلی کھانے سے معدے کی خرابی کا خطرہ ہوتا ہے۔ بار بی کیو کرنے سے قبل گرل یا سیخوں کو اچھی طرح صاف کرکے ان پر تیل لگالیں تاکہ مچھلی کو چپکنے سے محفوظ رکھا جاسکے جبکہ کوئلوں کو اس حد تک دہکالیں کہ ان پر سفید راکھ کی تہہ نمایاں ہوجائے کیونکہ آپ کو درمیانی قسم کی گرمی درکار ہوگی اگر آگ کی شدت بہت زیادہ ہوگی تو مچھلی جلنے کا خدشہ رہے گا۔

بھاپ پر مچھلی کا پکانا بھی ایک فن ہے

اسٹیمر باسکٹ میں لگے ریک پر مچھلی کو رکھ دیں یا حد سے زیادہ ابلتے ہوئے پانی کے اوپر جالی رکھ کر اس برتن کو ڈھانپ دیں تاکہ اندر ہی رہے۔ بھاپ پر مچھلی پکانا دراصل ابلنے یا ابلتے ہوئے پانی میں پکانے سے کہیں بہتر ہے خاص طور پر اس وقت جب مچھلی کا ذائقہ بھی برقرار رکھنا ہو اس کی ظاہری حالت میں بھی تبدیلی پیدا نہ ہو اس کا رنگ اور اس میں موجود منرلز اور وٹامنز بھی ضائع نہ ہوں۔ یہ طریقہ کسی بھی قسم کی تازہ مچھلی کے لیے انتہائی موزوں ہے جسے بہت زیادہ مصالحوں کے بجائے محض ہرے مصالحے، نمک اور کالی مرچ کے استعمال سے بھی خوش ذائقہ بنایا جاسکتا ہے۔

ابلتے ہوئے پانی میں مچھلی پکائیے!

ہلکی آنچ پر شوربے میں مچھلی کو اس طرح پکائیں کہ یہ بری طرح ابل نہ رہا ہو بلکہ محض کھد بھد ہورہی ہو اور تیز آنچ مصالحے استعمال کریں مگر اتنے زیادہ نہیں کہ مچھلی کا اصل ذائقہ ان میں گم ہوجائے۔

آئیے مچھلی کو دم پخت کریں!

جب دم پخت یا بیکنگ کے لیے مچھلی اوون میں رکھی ہو تو یاد رکھیں کہ تپش بالکل خشک ہو جبکہ یہ بات بھی انتہائی اہم ہے کہ مچھلی اتنی زیادہ نہ پک جائے کہ اس میں موجود نمی بالکل خشک ہوجائے۔ اپنے اوون کو گرم کرنے کے بعد مچھلی کو فوائل یا کاغذ میں لپیٹ دیں اور اس سے قبل مصالحہ لگانا ہرگز نہ بھولیں۔ بہت زیادہ رطوبت کی حامل یعنی نم آلود مچھلی کو بیک کرتے وقت اس کا سر اور دم علیحدہ نہ کریں۔

مچھلی آگ پر بھونیے! مگر احتیاط کے ساتھ

براہ راست آگ پر یا آگ کے کسی ذریعے پر کھانا پکانا جیسے کہ اوون یا گرل پر کوئی آسان کام نہیں ہے بلکہ اسے ایک فن بھی کہا جاسکتا ہے۔ آگ پر بھوننے کے لیے برائلر کو پہلے سے گرم کرلیں کیونکہ مچھلی بہت جلدی گلنا شروع کردیتی ہے اور فوری طور پر پک جاتی ہے (باقی صفحہ نمبر 38 پر)

شوہر کے دل میں محبت! 1000 کا تعویذ خریدا

یالطیف — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یاودود

یحبونهم کحب اللہ یاغفار	والذین آمنوا اشد حبا للہ یاکریم	والقیت علیک محبۃ منی یاکریم	انہ لحب الخیر لشدید یاودود
انہ لحب الخیر لشدید یاودود	والقیت علیک محبۃ منی یاکریم	والذین آمنوا اشد حبا للہ یارحیم	یحبونهم کحب اللہ یالطیف
والذین آمنوا اشد حبا للہ یالطیف	یحبونهم کحب اللہ یارحمن	انہ لحب الخیر لشدید یارحیم	والقیت علیک محبۃ منی یارحمن
والقیت علیک محبۃ منی یارحمن	انہ لحب الخیر لشدید یارحیم	یحبونهم کحب اللہ یاکریم	والذین آمنوا اشد حبا للہ یارحیم

یالطیف — بسم اللہ الرحمن الرحیم — یاودود

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو آپ کے ادارے میں کام کرنے والے ہر شخص کو خوش رکھے (آمین) عبقری بہت اچھا رسالہ ہے اس میں بہت اچھے اور بہت کارآمد ٹوٹکے ہیں۔ میں عبقری کا جتنا شکر کروں کم ہے عبقری میں جو وظائف ہوتے ہیں ان کی تو مثال ہی نہیں ملتی عبقری کی کتاب ''مجھے شفاء کیسے ملی'' میں میاں بیوی کے بارے پیار و محبت کا جو تعویذ لکھا ہوا تھا اس کی تو میں جتنی تعریف کروں کم ہے۔ اس تعویذ نے مجھے کیا فائدہ پہنچایا اور میری زندگی کیسے کانٹوں سے نکل کر گل و گلزار ہوگئی اس سے پہلے میں ایک واقعہ بتانا چاہوں گی کہ لوگ چھوٹی چھوٹی باتوں سے کیسے لوگوں کو لوٹ لیتے ہیں' میں جھولیاں اٹھا اٹھا کر شیخ الوظائف کو دعائیں دیتی ہوں کہ انہوں نے بخل کو توڑا اور اپنے تمام راز لاکھوں قارئین تک پہنچائے جس کی وجہ سے بے شمار گھر اجڑتے اجڑتے بس گئے۔ مگر اب بھی معاشرے میں کچھ بخیل اور منافع بخش سوچ رکھنے والے لوگ ہیں جو کسی کی بھلائی کرنے کی بھی قیمت وصول کرتے ہیں۔

وہ عورت تعویذ لکھنے کا ایک ہزار لیتی ہے

ہوا کچھ یوں کہ کچھ سال پہلے جب میرے میاں پر کسی نے جادو کروا دیا تھا جس کی وجہ چوبیس گھنٹے میرے گھر میں لڑائی جھگڑے کی فضا قائم رہتی۔ روز روز کے جھگڑوں کے چرچے محلے دار رشتہ داروں میں ہونے لگے۔ ایک مرتبہ میری ایک انتہائی قریبی رشتہ دار میرے گھر آئی۔ اس نے مجھ سے گھر کے حالات پوچھے تو میں نے کھل کر سب بتادیا کہ بغیر کسی وجہ کے ہم میاں بیوی آپس میں الجھتے رہتے ہیں' وہ باہر ٹھیک ہوتے ہیں جیسے گھر آتے ہیں کبھی میری طرف سے اور کبھی ان کی طرف ایسی بات ہوتی ہے کہ تین تین دن ہم ایک دوسرے کی طرف منہ بھی نہیں کرتے۔ اس نے کہا کہ میری ایک جاننے والی ہے وہ ایک تعویذ لکھ کر دیتی ہے لیکن 1000 روپے لیتی ہے' میں انتہائی دکھی تھی' اس وقت میرے پاس ایک روپیہ بھی نہیں تھا' میں نے اس سے کہا: اتنے پیسے تو میرے پاس نہیں ہیں' تم مجھے وہ تعویذ لے دو' میں تمہیں ساتھ ساتھ دیتی رہوں گی۔ اس نے اگلے ہی دن مجھے تعویذ لا دیا' چند دنوں میں تعویذ نے اپنا اثر دکھایا اور میرے گھر میں سکون ہونا شروع ہوگیا۔ اس دوران میں نے اس رشتہ دار کو ایک ہزار روپے لوٹا دیا۔

ارے وہ تعویذ تو شیخ الوظائف کی کتاب میں ہے

کچھ عرصہ بعد میں اسی کزن کے گھر گئی تو ایک کتاب ''مجھے شفاء کیسے ملی؟'' عبقری پبلی کیشنز کی مجھے نظر آئی' عبقری میں پہلے ہی پڑھتی تھی' میں نے اس رشتہ دار کی والدہ سے وہ کتاب ادھار لی کہ پڑھ کر واپس کردوں گی۔ جب میں پڑھنے بیٹھی تو میری نظر اسی تعویذ پر پڑی جو میری رشتہ دار نے مجھے لکھ کر دیا' پھر مجھے اتنا افسوس ہوا کہ میں آپ کو بتا نہیں سکتی۔ اگلے ہی دن میں نے وہ کتاب واپس کردی۔ چند دنوں کے بعد وہ تعویذ مجھ سے گم ہوگیا' کتاب بھی واپس دیدی' میں نے پھر اس سے بات کی تعویذ لکھوادو تو اس نے فوراً انکار کردیا کہ وہ عورت پیسے زیادہ مانگتی ہے ایک ہزار روپے میں لکھ کر نہیں دیتی' میں خاموش ہوگئی۔ میں نے ''مجھے شفاء کیسے ملی'' کتاب دفتر ماہنامہ عبقری سے منگوائی اور وہ تعویذ استعمال کررہی ہوں' واقعی لاجواب ہے۔ میرے گھر میں اب سکون ہے۔ شوہر بھی گھر آتے ہیں تو موڈ خوشگوار ہوتا ہے۔ ویسی ہی محبت قائم ہوگئی ہے جیسی شادی کے پہلے دنوں میں ہم دونوں کے درمیان تھی۔ مگر مجھے دکھ اب بھی ہے کہ اگر وہ رشتہ دار مجھے اس کتاب کا بتا دیتی یا کتاب ہی لاکر دے دیتی کہ تعویذ لکھ لو تو اس کا مرنے تک اور مرنے کے بعد تک ثواب ملتا رہتا کہ کسی مسلمان کی مدد کی ہے۔ مگر اس نے ذرا سی لالچ میں اپنی نیکی اور اعتبار دونوں ختم کروالیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بخیل بننے سے بچائیں اور شیخ الوظائف کی طرح بخل شکن بنائے۔ قارئین! میں نے تو ایک ہزار روپے میں تعویذ خریدا مگر میں یہ تعویذ آپ کیلئے خاص طور پر لکھ رہی ہوں' رسالہ سے دیکھ کر لکھ لیں اور گھر میں سکون پائیں۔ (انیلہ' کھوئیاں)

بچہ سر کے یقینی آپریشن سے بچ گیا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! الحمدللہ! اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ مجھے عبقری کی وجہ سے بہت فائدہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو صحت و عافیت اور ایمان کی بلندیاں نصیب فرمائے اور آپ کے اس کام میں بے پناہ برکات عطا فرمائے اور ہمیں بھی اسے آگے پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے اور باعمل بنائے۔ اب میں بیان کرتی ہوں کہ میرا بیٹا جس کا نام ہاشم ہے پیدا ہوا تو اس کی کمر میں دانہ جو گیند کی طرح کا تھا اس کا آپریشن ہوا جس کی وجہ سے اس کے سر میں پانی بننا شروع ہوگیا اس وقت مجھے عبقری رسالہ ملا' میں نے ادارہ عبقری فون کیا انہوں نے مجھے چند ادویات بتائیں جو میں نے بذریعہ وی پی منگوالیں اس کے ساتھ اسسٹنٹ حکیم صاحب نے مجھے اذان اور افحسبتم والا عمل بتایا۔ عمل یہ تھا: سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات سات مرتبہ پڑھ کر بچے کو دم کرنا ہے۔ مجھے دوائی سے زیادہ عمل پر یقین ہے کہ اس سے میرا بیٹا ٹھیک ہوگیا اور سر کے آپریشن سے بچ گیا۔ مجھے اس عمل سے بہت فائدہ ہوا۔ اس کے بعد میں نے اس عمل کی فوٹو کاپی کروا کر بہت لوگوں میں تقسیم کیں اور لوگوں نے مجھے اس کے بہت فوائد بتائے۔ میرا ایک مسئلہ یہ بھی تھا کہ میرے بیٹے کے پاؤں ٹیڑھے ہیں بے جان ہیں اس کے لیے مجھے اسسٹنٹ صاحب ادویات بتائیں جو کہ معجون شفاء یابی اور جو ہر شفاء مدینہ ہیں۔ یہ دوائی دیتے ہوئے مجھے دو سال ہوگئے ہیں اس دوائی کے استعمال سے میرا بیٹا چلنا شروع ہوگیا ہے۔ (ماریہ خورشید' پنڈ جھاٹلہ)

اب کافی بہتر ہے! محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے آپ کا سایہ ہمارے سروں پر قائم رہے۔ میرے نواسے کی پیٹھ پر گوشت لٹک رہا تھا' بائیس دن کی عمر میں اس کا آپریشن کروایا آپ نے اس کے لیے **افحسبتم** اور اذان والا عمل دیا جس سے وہ ٹھیک ہوگیا آپ کو دکھایا تو آپ نے میری بیٹی کو دو انمول خزانے والا عمل دیا یہ پڑھنا اور تقسیم بھی کرنا ہے اس سے اب کافی بہتر ہے۔ (حمیدہ اعوان' پنڈ جھاٹلہ)

عبقری تقسیم کرنے کی کہانی میری زبانی! انوکھے فوائد اور کمالات

اس بار میڈیکل سٹور پر عبقری دے رہے تھے تو انہوں نے دوتین اور عبقری لے کر رکھے' آنے والوں میں بانٹنے کے لیے ہیں جب امی ان کو بتا رہی تھیں کہ اس میں دنیا کی ہر مشکل کا حل ہے تو ایک شخص وہاں دوائی لینے ہی آیا ہوگا کہ اس نے خود سے عبقری مانگا اس کو بھی ایک سندھی اور ایک اردو عبقری دیا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ نے عبقری کے ذریعے ہدایت پھیلانا کتنا آسان کردیا ہے' کسی کی مدد کرنا کتنا آسان کردیا ہے اور مجھ گنہگار کے لیے کسی سے بھلائی کرنا اور نیکی کمانا کتنا آسان کردیا ہے۔ مارچ کے ایک درس میں آپ نے عبقری بانٹنے کا عمل بتایا تھا' ہر درس مبارک ہے مگر اس درس کی کیفیت مجھ پر اب تک غالب ہے۔ میرا بس نہیں چلتا کہ ہر وقت، ہر جگہ، ہر شہر عبقری بانٹوں چھوٹے چھوٹے گاؤں جہاں اسلامی تعلیم نایاب ہے' وہاں عبقری بانٹوں، تعلیمی نصاب میں عبقری شامل کردوں روز کم از کم ہزار کے عبقری تو ضرور بانٹوں مگر میرا بس نہیں چلتا۔ مجھے جس قدر سکون عبقری بانٹنے سے ملتا ہے وہ اور کس طرح حاصل کروں؟ وہ سکون اتنا نایاب ہے' اپریل میں امی اور میں نے ایک ہزار روپے کے عبقری رسالے سکھر میں بانٹے۔ پہلے ایک مسجد میں دیئے تو سیڑھیوں پر بیٹھے ایک بزرگ نے ہمیں بہت سی دعائیں دیں جس سے ہمارا حوصلہ اور بڑھا' سامنے ہی ایک شربت کے ٹھیلے والا تھا اس کو دیا تو وہ بہت خوش ہوا۔ پھر سول ہسپتال ڈھونڈتے ہوئے شہر کے دور کے علاقوں سے گزرے' وہاں ایک دکاندار کو عبقری دیا وہ بھی بہت خوش ہوا پھر آخر ہسپتال مل گیا۔ ایسا محسوس ہوا اللہ خود ہمیں چلا رہا تھا جہاں جہاں وہ لے جانا چاہتا تھا اس دکاندار کے نصیب میں عبقری تھا اور وہ ضرورت مند محسوس ہوا' اسی لیے ہمیں اتنی دور تک چکر لگانا پڑا۔ اس کے بعد ڈرائیور کو خود بخود ہسپتال کا راستہ یاد آگیا۔ ہسپتال میں پولیومہم کے ورکر خواتین اور آس پاس بیٹھے لوگوں کو عبقری دے کر ہم وارڈز کی طرف جارہے تھے کہ ان میں سے ایک شخص نے طنزیہ انداز میں عبقری کے ٹائٹل پر پڑھا ''مجھے آنکھیں بند کرکے پڑھیں'' اور کہنے لگا کہ ''آنکھیں بند کریں گے تو پڑھیں گے کیسے؟'' میں نے امی سے کہا اس سے عبقری واپس لے لیتے ہیں تو امی نے کہا کہ پڑھنے دو۔ جب پڑھیں گے تو خود ہی قدر کریں گے اور واقعی جب ہم ہسپتال سے واپسی پر تھے تو وہ ہی شخص تھا کہ بیاد میں شیخ حضرت ہجویریؒ کا نام مبارک پڑھ کر کہہ اٹھا کہ یہ تو بہت بڑے پائے کے بزرگ ہیں۔ وارڈز میں مریضوں کو دیئے' نرس کو دیا اور باقی ٹھیلے والوں میں تقسیم کیے' کیونکہ ان کے پاس لینے کی قدر بہت ہوتی ہے اور پیسہ کم ہوتا ہے اس لیے عبقری کے ذریعے وہ خود ہی اپنی ہر تکلیف کا علاج کرسکتے ہیں۔ وہ پڑھتے تھے مگر مجبور بھی تھے۔ اس دن مجھے بہت سکون ملا اور وہ اطمینان بھی ملا جو نماز کے بعد دعا مانگنے سے ملتا ہے۔ میری امی کو سب سے زیادہ خوشی فوجی اہلکاروں کو عبقری دے کر ہوئی جو سکھر بیراج پر شہر کی سکیورٹی پر تعینات ہیں اور دن رات سردی گرمی وہاں کھڑے ہماری حفاظت کرتے ہیں اور مجھے سب سے زیادہ خوشی مسجد کے ساتھ کھڑے اس شربت کے ٹھیلے والے کو عبقری دینے سے ملی' اس کے بعد پھر سے جون میں پانچ سو روپے کے عبقری بانٹے' اس بار میڈیکل سٹور پر عبقری دے رہے تھے تو انہوں نے دوتین اور عبقری لے کر رکھے' آنے والوں میں بانٹنے کے لیے ہیں جب امی ان کو بتا رہی تھیں کہ اس میں دنیا کی ہر مشکل کا حل ہے تو ایک شخص وہاں دوائی لینے ہی آیا ہوگا کہ اس نے خود سے عبقری مانگا اس کو بھی ایک سندھی اور ایک اردو عبقری دیا۔ ایک ہارٹ سپیشلسٹ کو بھی عبقری اور وضو کے تین گھونٹ کے کرشمات والی کتاب دی۔ آئندہ رمضان میں میرا دل چاہ رہا ہے کہ میں ''رمضان المبارک کے روحانی اور جسمانی ٹوٹکے'' والی کتاب بھی بانٹوں۔ (رافعہ حسین، خیرپور سندھ)

عبقری رسالہ پھیلایا! خیر جھولیاں بھر بھر کر ملی!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! امید کرتی ہوں کہ آپ خیریت سے ہوں گے محترم حکیم صاحب آج سے تین ماہ پہلے میں نے آپ کو ایک خط لکھا تھا جس میں میں نے آپ کو اپنے مسائل لکھے تھے آپ نے خط پڑھ کر جواب میں وظیفہ بھیجا تھا اللہ کا شکر ہے چار یا پانچ دن سے وہ وظیفہ میں نے شروع کیا ہے پہلا خط میں نے بہت جلدی میں اور الجھن میں لکھا تھا پتہ نہیں میرا جواب آئے گا یا نہیں لیکن جب جواب ملا تو بہت خوشی ہوئی کہ آپ بغیر رنگ ونسل، امیر وغریب کا فرق کیے بغیر دکھی انسانیت کی خدمت کررہے ہیں۔ مجھے عبقری سے بہت پیار ہے جب بھی آتا ہے میں رسالہ پڑھ کر چوم لیتی ہوں اور بار بار پرانے رسالے نکال کر دیکھتی ہوں جب سے عبقری رسالہ پڑھتی ہوں زندگی اعمال پر آگئی۔ نماز روزہ تو پہلے بھی کرتی تھی لیکن اب صحیح طریقے سے اللہ کا ذکر کرنا آگیا ہے۔ میرا وظیفہ جو آپ نے بھیجا تھا سورۃ القصص کی آیت نمبر 24 ہے وہ میں روزانہ کرتی ہوں۔ جب میں نے اللہ سے رو رو کر اپنے حالات کے لیے دعائیں کیں تو اللہ نے مجھے عبقری سے ملا دیا۔ میری بے شمار پریشانیاں اور مشکلات صرف اس عبقری رسالہ کو پڑھنے سے دور ہوئیں ہیں' میں تو ہر کسی کو عبقری رسالہ پڑھنے اور پھیلانے کا مشورہ دیتی ہوں' اس کے پھیلانے سے خیر پھیلتی ہے اور جو خیر پھیلاتا ہے اس کے ساتھ خیر والے معاملے ہوتے ہیں۔ الحمدللہ! وظائف جاری ہیں۔ (صبورہ یوسف، آزاد کشمیر)

کمزور نظر ایک نسخہ سے بالکل ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بندہ آپ کے عبقری رسالہ سے دوتین نسخے آزما چکا ہے میری بچی جو کہ دسویں کلاس میں پڑھتی ہے اس کی نظر کمزور تھی عبقری ماہنامہ جون 2018ء سے نسخہ لیا اب ماشاء اللہ کافی بہتر ہے۔ اس نسخہ کا عنوان یہ تھا ''میری بیٹی کا موٹا چشمہ ایک ٹوٹکہ سے اتر گیا'' میں نے بھی یہی نسخہ اپنی بچی کو استعمال کروایا۔ چند دن کے استعمال سے میری بچی کی نظر بہتر ہونا شروع ہوگئی۔ میں تو اب یہ نسخہ مزید لوگوں کو بھی بتاتا ہوں۔ وہ نسخہ درج ذیل ہے:۔ ھوالشافی: دکنی مرچ پانچ عدد' بادام پانچ عدد' رات کو پانی میں بھگو دیں' صبح نہار منہ بادام اور دکنی مرچ چبا کر کھائیں' یہ عمل چند ہفتے کریں' چشمے کی ضرورت نہیں ہوگی' نظر کی کمزوری کیلئے آزمودہ ہے۔ (راؤ محمد فاروق، ڈونگہ بونگہ)

ٹینشن ڈیپریشن پٹھوں کا کھچاؤ! لمحات میں ختم

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

آپ نے عبقری دواخانہ کی جوہر شفاء مدینہ، شفاء حیرت، بنفشی قہوہ، ستر شفائیں اور روحانی پھکی لکھ کر دی ہمارا سارا گھر یہ ادویات استعمال کرتا ہے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی ان ادویات سے فائدہ ہی حاصل ہوتا ہے۔

ایک ماہ میں تمام بیماریاں سے چھٹکارا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں چند ماہ سے زیر ناف بیماریوں میں مبتلا تھا معدہ میں گرمی کی وجہ سے قطرے آتے تھے۔ حکماء حضرات کے پاس جا جا کر تھک چکا تھا' پھر میں نے انگریزی ادویات کا استعمال شروع کردیا' مگر اس سے بھی صرف وقتی فائدہ ہوتا' کچھ عرصہ بعد میری طبیعت مزید خراب ہونا شروع ہوگئی' پھر میں نے انگریزی ادویات کا استعمال بھی چھوڑ دیا اور مایوسی بھری زندگی گزارنا شروع کردی۔ ایک مرتبہ بک سٹال پر عبقری دیکھا' ٹائٹل پر لکھی ہیڈنگز پڑھ کر رسالہ خرید لیا۔ جیسے جیسے پڑھتا گیا میری زندگی بدلتی تھی۔ اس کے آخری صفحات پر لکھی ادویات کا تعارف پڑھا اور اپنی لیے عبقری دواخانہ کی دوا ''ٹھنڈی مراد'' اور ''نوجوان شفاء'' منگوالی' میں حیران رہ گیا صرف ایک ماہ میں نے یہ دونوں ادویات لکھی گئی ترکیب سے استعمال کیں اور اس کے بعد استعمال چھوڑ دیا۔ آج میں مکمل تندرست ہوں۔ میرے معدہ کی گرمی ختم ہوچکی ہے' ہر چیز ہضم ہوتی ہے' قطروں کی بیماری سے نجات پاچکا ہوں۔ (احمد ابرار سلیم، لاہور)

بیماری نے معذور بنادیا تھا! چند دنوں میں صحت یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے جسم کے دائیں طرف پٹھوں میں تکلیف تھی' مجھے یوں لگتا تھا جیسے میں معذور ہورہا ہوں حتیٰ کہ موٹر سائیکل چلانے سے عاجز آچکا تھا۔ عبقری رسالہ چند سال سے مسلسل ہمارے گھر آرہا ہے' میں نے عبقری رسالہ سے پڑھ کر عبقری دواخانہ کی ''ستر شفائیں'' دوائی بذریعہ پارسل منگوائی اور اس کا استعمال شروع کردیا۔ صرف چند ہفتوں کے استعمال سے میری پٹھوں کی بیماری بالکل ختم ہوگئی۔ (محمد سلیم جاوید، لاہور)

ڈیپریشن لمحات میں ختم کرنے کا آزمودہ راز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کا تیار کردہ روحانی عطر میں ایک عجیب سی روحانیت ہے۔ مجھے جتنی مرضی پریشانی' ٹینشن ہو' میں صرف تھوڑا سا عطر کپڑوں پر لگاتا ہوں اس کی صرف مہک سونگھتا ہوں میری ساری ٹینشن ختم ہوجاتی ہے' دماغ بالکل فریش ہوجاتا ہے۔ ایک عجیب سا احساس ہے روحانی عطر میں جو میں لفظوں میں بیان کرنا چاہوں بھی تو نہیں کرسکتا۔ (عمران سعید، گوجرانوالہ)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم سب گھر والے آپ کی مختلف دوائیاں بھی مختلف امراض کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ عبقری دواخانہ کی ادویات ''ہارمونز شفاء، عبقری خالص شہد، روحانی پھکی، کراماتی تیل اور کھانسی کا سیرپ شفائے حیرت ہمارے استعمال میں ہے۔ ہم نے ان ادویات سے بہت فائدہ پایا ہے۔ اہلیہ ہارمونز کی خرابی کی وجہ سے پوشیدہ امراض کا شکار تھی' اسپیشلسٹ ڈاکٹرز سے ادویات لا لا کر میں خود بھی تھک چکا تھا' مگر عبقری دواخانہ کی ''ہارمونز شفاء'' صرف چند ہفتے استعمال کی' آج میری اہلیہ بالکل ٹھیک ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ عبقری دواخانہ کی خالص ادویات بہت فائدہ مند اور ہر قسم کے سائیڈ ایفکیٹ سے پاک ہوتی ہیں۔ (ش۔ا، لاہور)

''آپریشن ہی ہوگا'' عبقری نے بچالیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری امی کے گردے میں پتھری تھی اور ڈاکٹروں نے آپریشن بتایا کہ اس کا ہر حال میں آپریشن ہی ہوگا پر میری امی آپریشن کروانے سے ڈرتی تھیں میں بہت پریشان تھی کہ کیا کیا جائے' پھر میں نے عبقری رسالہ میں ''گردے ڈائیلائسز کورس'' بارے پڑھا اور منگوا کر امی کو استعمال کروایا' ہم تمام گھر والے حیران رہ گئے کہ ایک ہی کورس میں گردہ کی پتھری نکل گئی۔ اس کے علاوہ میرے سر کے بال بہت گرتے تھے میں کافی پریشان تھی اس کا حل بھی عبقری رسالہ میں مل گیا' عبقری دواخانہ سے بذریعہ وی پی پارسل ''طب نبوی ہیئر آئل'' منگوایا۔ ایک بوتل کے استعمال سے ہی کافی فرق پڑ گیا۔ ابھی مزید کا آرڈر بھی دے دیا ہے۔ (نسیم صدیقہ، سرگودھا)

عبقری دواخانہ ہمارا فیملی فزیشن ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال قبل میری بیٹی اور میرا بھائی آپ کے پاس لاہور آئے تھے' آپ نے جوہر شفائے مدینہ، شفاء حیرت، بنفشی قہوہ، ستر شفائیں اور روحانی پھکی لکھ کر دی' ہمارا سارا گھر یہ ادویات استعمال کرتا ہے ڈاکٹر کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی ان ادویات سے فائدہ ہی حاصل ہوتا ہے۔ (والدہ عنبرین، جہانیاں)

کراماتی تیل، ستر شفائیں کمال کی چیز

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی تمام ادویات ہمارے لیے تحفہ ہے۔ خاص کر کراماتی تیل کیا بات ہے کراماتی تیل کی جب بھی کمر یا پٹھوں میں درد ہوتا ہے اس کا استعمال کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے اس سے فوراً افاقہ ہوجاتا اس کے علاوہ ستر شفائیں بھی کافی سودمند ہے کافی عرصے سے استعمال کررہے ہوں۔ ستر شفائیں ہر وقت میری جیب میں رہتی ہے میں اس کو نسوار کی طرح استعمال کرتا ہوں لاجواب چیز ہے۔ (غلام جیلانی، لاہور)

ایسا ہرگز نہیں! احتیاط کیجئے گا

ادارہ عبقری نے پورے ملک میں اپنی ادویات و رسالہ کی ایجنسی دی ہوئی ہیں' ادارہ کی سو فیصد کوشش ہوتی ہے کہ اپنی ادویات' کتب اور رسالہ کی ایجنسی بااعتماد اور ایماندار لوگوں کو دی جائے۔ اس سب کے باوجود اگر کوئی ایجنسی ہولڈر کسی کو یہ کہہ کر کہ ''ادارہ عبقری میں آپ کی سرمایہ کاری کروا رہا ہوں'' اور آپ سے پیسے لے لے' یا کوئی بھی بات کہہ کر آپ سے پیسے لینے کی کوشش کرے تو جان لیجئے ادارہ عبقری کی ایسی کوئی پالیسی نہیں ہے۔ ادارہ عبقری کے نام پر کسی کو کسی قسم کی رقم ہرگز نہ دیجئے۔۔ ہاں اگر کوئی ایجنسی ہولڈر آپ کے ساتھ اپنی سرمایہ کاری کرنا چاہ رہا ہو تو وہ خود ذمہ دار ہے۔ قانوناً اخلاقاً ادارہ اس کا ذمہ دار نہیں ہے۔

پریشان کن حادثہ سے آپ کی حفاظت ہوگی

میں نے ایک رات دیکھا کہ میں کسی کے گھر میں ہوں اور سڑھیوں سے اس کی چھت پر جاتی ہوں۔ چھت کی ٹینکی سے میں اس گھر کو پہچان جاتی ہوں یہ ہمارے گھر سے تھوڑے فاصلے پر ہے۔ چھت پر بہت سے مزدور کام کررہے ہیں اور ایک آدمی ان سے کام کروا رہا ہے۔ وہ مجھے دیکھتا ہے اور کہتا ہے یہ لڑکی کہاں سے آئی ہے؟ وہ مجھ سے پوچھتا ہے کہ یہ کام کیسا ہو رہا ہے تو میں کہتی ہوں بہت اچھا! میں نروس ہوں۔ اتنے میں مجھے آواز آتی ہے کہ اس لڑکی کو پکڑو۔ میں چھپ جاتی ہوں۔ (ا۔ف، نامعلوم)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ پریشان کن حادثے سے آپ کی حفاظت ہوگی تاہم آپ ہر نماز کے بعد یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کریں۔

سفاکانہ قتل

میں نے دیکھا کہ میرے والد ایک شخص کو گھر پر لاتے ہیں اور اس شخص کو میرے والد ذبح کرکے مار دیتے ہیں اور اس شخص کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتے ہیں۔ (صباء، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے والد کو جو بیماری لاحق ہے وہ انشاء اللہ اس سے شفایاب ہوجائینگے۔ کچھ گوشت بطور صدقہ جانوروں یا پرندوں کو کھلادیں اور "سورۂ فاتحہ" 125 مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

ٹوٹے مکان کی فروخت

میں نے دیکھا کہ میرے گھر کے برابر والے مکان کی اونچی دیوار میر گھر کے ایک کمرے کی چھت کے اوپر گرتی ہے جس کی وجہ سے اس کمرے کی چھت گرکر ملبے میں بدل جاتی ہے۔ میرے والد گھر فروخت کردینا چاہتے ہیں جبکہ کوئی بھی ٹوٹے ہوئے مکان کو لینے کے لیے تیار نہیں لیکن ایک امیر آدمی اس مکان کو اٹھ لاکھ روپے میں خریدنے کے لیے تیار ہوتا ہے اور بطور ایڈوانس دوہزار روپے میرے والد کو دیتا ہے اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔ بنت عمر، بنوں)

اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے والد صاحب کو جلد ہی ایک سفر پیش آنے والا ہے جو کہ فائدہ مند اور بابرکت ثابت ہوگا۔ واللہ اعلم۔

کالی چالیں

یہ تین خواب ایک ہی رات میں وقفے وقفے سے آئے ہیں میں نے دیکھا کہ گرد آلود آندھی چل رہی ہے اور آندھی میں چھوٹے چھوٹے سانپ اُڑ رہے ہیں۔ میں اپنی چھوٹی بیٹی کو بتاتی ہوں کہ سانپ ہیں، کہیں سانپ اوپر نہ گر پڑیں تو وہ کہتی ہیں کہ دشمن خوار ہو رہا ہے۔ (ن لاہور)

مشورہ: آپ کے دشمن اپنی چالوں میں خود پھنس کر پریشان ہو رہے ہیں۔ آپ ہر نماز کے بعد انیس بار یاحفیظ اور ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے گھر والوں کی حفاظت کی دعا کرلیا کریں۔

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

آپ کی دلی مراد جلد پوری ہوگی

میں نے دیکھا کہ میرے آباؤ اجداد کا گاؤں والا گھر ہے۔ ایک آدمی پیچھے والے دروازے سے ہمارے گھر میں آتا ہے، سیدھا میری امی کے کمرے میں جاتا ہے کمرے کے اندر کھڑا ہے اور دروازے کی طرف دیکھ رہا دونوں ہاتھ اوپر اٹھائے ہیں جیسے کہ ہتھیار ڈالتے وقت ہاتھ اٹھاتے ہیں۔ (ج، ٹوبہ ٹیک سنگھ)

تعبیر: آپ کا خوب ماشاء اللہ مبارک ہے اور اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کی دلی مراد جلد پوری ہونے والی ہے۔ آپ پنچ وقت نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد 100 بار یَاخَبِیْرُ یَابَشِیْرُ، اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا کرلیا کریں۔

نہر کے پانی میں موٹرسائیکل غائب ہوگئی

میں نے دیکھا کہ میں موٹرسائیکل پر جارہا ہوں سامنے ایک نہر آجاتی ہے میں موٹرسائیکل سمیت اس نہر میں گر جاتا ہوں۔ نہر کے پانی میں میری موٹرسائیکل غائب ہوجاتی ہے میں اسے تلاش کرنے لگتا ہوں اتنے میں چند آدمی وہاں آجاتے ہیں اور مجھے کہتے ہیں کہ ہم آپ کی مدد کرتے ہیں۔ میں دیکھتا ہوں کہ نہر کا پانی آہستہ آہستہ کم ہونے لگتا ہے اور بالکل ختم ہوجاتا ہے۔ میں سوچتا ہوں کہ کہ ان آدمیوں نے یہ پانی ختم کیا ہے یہ یہاں ملازم لگتے ہیں مجھے سامنے اپنی موٹرسائیکل نظر آجاتی ہے اس پر روٹی کا ڈبہ بھی ہوتا ہے میں اسے صاف کرنے لگتا ہوں جب نہر خالی ہوتی ہے تو وہاں اور بھی گھریلو سامان پڑا نظر آتا ہے۔ (قاسم، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں بندش کی وجہ سے جو رکاوٹیں آرہی ہیں انشاء اللہ جلد دور ہوجائیں گی اور سارے اہم کام آسانی سے انجام پاجائیں گے۔ آپ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ 450 مرتبہ بعد نماز عشاء روزانہ چالیس دن تک پڑھ لیا کریں۔ واللہ اعلم۔

آپ پر جادو کروادیا گیا ہے

خواب: میں ہمیشہ خواب میں دیکھتی ہوں کہ مجھے پیپر نہیں آتا اور ٹائم ختم ہورہا ہے کبھی میرا پین نہیں چلتا اور کبھی ٹیچر پیپر لے لیتا ہے اور میرا پیپر مکمل نہیں ہوا ہوتا اور کبھی میرے نمبر کم آتے ہیں اور کبھی کبھی میں خواب میں بہت ڈر جاتی ہوں جیسے میرا دم گھٹ رہا ہے اور مجھے سانس نہیں آرہا۔ میں جب بیدار ہوتی ہوں تو بہت دیر تک یہ کیفیت رہتی ہے جسم کپکپاتا ہے اور دل کی دھڑکن تیز ہوتی ہے۔ میں ہمیشہ اس گمان میں رہتی ہوں کہ کچھ گم ہوگیا ہے اور مجھے مل نہیں رہا۔ خواب میں بھی وہ چیزیں ڈھونڈ رہی ہوتی ہوں جو مجھے نہیں ملتی ہیں۔ (نازیہ، کراچی)

تعبیر: آپ کے خوابوں کی تعبیر کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ پر جادو کرایا گیا ہے جس کی وجہ سے آپ کے تمام اہم کاموں میں بندش لگی ہوئی ہے آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور "سورۂ فلق اور سورۂ ناس" 313 مرتبہ روزانہ 40 دن تک مسلسل پڑھ لیں۔ ناغے کے دن بعد میں پورے کرسکتی ہیں۔

غلط مشورے

میں نے دیکھا کہ کوئی جگہ ہے جہاں شاید امتحان ہو رہے ہیں۔ میں کلاس روم میں ہوں کہ میری چپل گم ہوجاتی ہے۔ میں پریشان ہوتی ہوں کہ اب میں کیا پہنوں گی۔ پھر دیکھا کہ میری دادی کے پاس تین چار نیکلیس ہیں پھر میری آنکھ کھل جاتی ہیں۔ (ر۔ح، حیدرآباد)

آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کو کسی اہم کام میں کسی قریبی رشتے دار خاتون کے غلط مشورے پر عمل کرنے سے نقصان ہوگا تاہم آپ ہر نماز کے بعد یَاھَادِیُ اکیس مرتبہ پڑھ کر بہتری کی دعا کرلیا کریں۔

بیمار شوہر کا چہرہ چند دنوں میں سرخ و سپید معدہ تندرست

عبقری ادویات آزمانے کے بعد سچے کھرے نتائج لاکھوں قارئین کے نام۔ دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول

جوہر شفائے مدینہ اور ہاضمہ کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے ہاضمہ کی بہت زیادہ پرابلم تھی جب بھی مرغن غذا کھاتی ہاضمہ فوری خراب ہو جاتا‘ میں بہت پریشان تھی۔ عبقری رسالہ سے میں نے ”جوہر شفائے مدینہ“ کے بارے میں پڑھا اور فوراً بذریعہ پارسل منگوائی اور استعمال کرنا شروع کی۔ تقریباً ایک ماہ کے استعمال سے میرا ہاضمہ کا مسئلہ حل ہوگیا‘ اب میں جو مرضی کھاؤں میرا ہاضمہ خراب نہیں ہوتا۔ (پوشیدہ، کہوٹہ راولپنڈی)

ستر شفائیں اور خون صفاء گولیوں کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر دن بدن کمزور ہوتے جارہے تھے حالانکہ کھانا پینا ٹھیک تھا لیکن کھانا پینا لگتا نہیں تھا کئی ڈاکٹروں سے مشورہ کیا انہوں نے کہا کہ معدہ ٹھیک نہیں ہے اور انگریزی ادویات دے دیتے جس کو کھانے سے معدہ اور خراب ہو جاتا پھر ہمارے گھر ماہنامہ عبقری آنا شروع ہوا تو میں نے رسالے میں لکھی ادویات ستر شفائیں اور خون صفاء گولیاں بذریعہ وی پی منگوا کر اپنے شوہر کو استعمال کروائیں۔ ایک ماہ کے اندر اندر میرے شوہر صحت مند ہونا شروع ہو گئے‘ الحمدللہ اب تو ان کا رنگ بھی سرخ و سپید ہوگیا ہے جیسے خون کی بوتلیں لگوائیں ہوں۔ (نسیم بشیر‘ کبیر والا)

کمزوری کا آخری علاج عبقری عروسی سہاگ کورس

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ایک گجرات کا دوست ہے اس کی شادی کو چند مہینے رہ گئے تھے اس کا مجھے ایک دن فون آیا کہ میں بہت پریشان ہوں‘ میں نے خود کو خود ہی برباد کرلیا ہے۔ اب میں کمزور ہوں کیا کروں میری شادی بھی دو ماہ بعد ہے‘ میں نے اسے کہا کے گھبرانے کی کوئی بات نہیں تم ایسا کرو‘ عبقری رسالہ پڑھو‘ اس نے عبقری رسالہ پڑھا اس میں ”عروسی سہاگ کورس“ کے بارے میں بھی لکھا تھا اس نے مجھ سے مشورہ کیا میں نے کہا کہ آنکھ بند کر کے منگوالو‘ عبقری کی ادویات جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ ہے اس نے بذریعہ ڈاک کورس منگوایا اور شادی سے پہلے کورس مکمل کرلیا۔ شادی کے بعد میں نے اس کو فون کیا کہ کیا حال ہے اس نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے اگر عبقری دواخانے کا عروسی سہاگ کورس نہ ہوتا تو پتہ نہیں میں کیا کرتا۔ کورس کے استعمال سے میں بھی فٹ ہوں اور حکیم صاحب کو دعائیں دیتا ہے۔ میرا شکریہ بھی ادا کرتا رہتا ہے کہ تم نے ہی عبقری سے میرا تعارف کروایا۔

ستر شفائیں کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک دوست کا بھائی مجھ سے ملنے سرگودھا آیا اس سے کھانے میں کوئی بے احتیاطی ہوگئی اور وہ اس کو پیچش لگ گئے ایک ہفتہ گزر گیا پیچش روکنے کا نام نہیں لے رہے تھے انگریزی اور دیسی ادویات کھا کھا کر وہ تنگ آگیا اس نے کہا کہ میں اپنے بڑے بھائی کے پاس پشاور جارہا ہوں شاید مجھے یہاں کا پانی راس نہیں آیا۔ وہ پشاور چلا گیا وہاں جا کر بھی اس کو آرام نہ دیا پھر میں نے اس کو فون پر کہا کہ پشاور میں عبقری ادویات کی ایجنسی ہوگی تم وہاں جاؤ اور ”ستر شفائیں“ دوائی کا نام ہے وہ لے آؤ اور استعمال کرو‘ وہ گیا اور دوائی لایا اور استعمال شروع کردیا۔ ایک ہی دن میں اس کے پیچش رک گئے اور دوسرے دن اس کو مکمل آرام آگیا اور میرا شکریہ ادا کرنے لگا۔ (محمد اکمل فاروق ایڈووکیٹ، سرگودھا)

عبقری روحانی چلہ اور دعا کی برکت سے منگنی کیسے ہوئی؟

